اگرچہ الفاظ آیت کا صریح مدلول مملوک لونڈی اور غلام ہیں لیکن اشتراک علت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی بنا پر یہ احکام نوکروں اور ملازموں پر بھی حاوی ہیں کہ ان کا بھی یہی حق ہے کہ مقررہ تنخواہ اور کھانا وغیرہ دینے میں بخل اور دیر نہ کریں اور ان کی طاقت سے زیادہ ان پر کام نہ ڈالیں۔

مذمت تکبر:

عن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة من كان في قلبه مثقال ذرة من كبر فقال رجل إن الرجل يحب أن يكون ثوبه حسنا ونعله حسنا قال إن الله تعالى جميل يحب الجمال الكبر بطر الحق وغمط الناس (رواہ مسلم، مشکوٰۃ)

"حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ذرہ برابر تکبر ہو، حاضرین میں سے ایک آدمی نے سوال کیا کہ لوگ چاہتے ہیں کہ ان کے کپڑے اچھے ہوں، ان کے جوتے اچھے ہوں (تو کیا یہ بھی تکبر میں داخل ہے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تکبر تو حق کا انکار کرنا اور لوگوں کو ذلیل سمجھنا ہے۔"

الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ
وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اور سکھاتے ہیں لوگوں کو
بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ
بخل اور چھپاتے ہیں جو ان کو دیا اللہ نے
فَضْلِهِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا
اپنے فضل سے اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کے لئے عذاب
مُهِينًا
ذلت کا

علم اور مال میں بخل کی مذمت:

یعنی اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا خود پسند اور تکبر کرنے والوں کو جو کہ بخل کرتے ہیں اور چھپاتے ہیں علم اور مال کو لوگوں سے چھپاتے ہیں، کسی کو نفع نہیں پہنچاتے اور قول اور عمل سے دوسروں کو بھی بخل کی ترغیب دلاتے ہیں اور ان کافروں کے لئے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

یہودیوں کا علم و مال میں بخل:

فائدہ: یہ آیت یہودیوں کے بارے میں نازل ہوئی جو فی سبیل اللہ خرچ کرنے میں تو بخل کرتے ہی تھے اور مسلمانوں کو بھی روکنا چاہتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف جو توریت میں مذکور تھے اور تعلیمات حقہ کی باتیں جو موجود تھیں ان کو چھپاتے تھے۔ مومنوں کو اس سے بچنا ضروری ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مسلمانوں کو بخل کے مشورے:

ویأمرون الناس بالبخل اور لوگوں کو بھی کنجوسی کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس اور ابن زید نے کہا ہے اس آیت کا نزول مدینہ کے یہودیوں کے متعلق ہوا۔ کردم بن زید حیی بن اخطب، رفاعہ بن زید بن تابوت، اسامہ بن حبیب، نافع بن ابی نافع، بحری بن عمرو۔ یہ لوگ انصار کے پاس ان سے گھل مل کر کہتے تھے کہ (راہ خدا میں) اپنے مال خرچ نہ کرو۔ ہم کو تمہارے مفلس ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ تم کو نہیں معلوم کہ آئندہ کیا ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

دو بری خصلتیں:

حضرت ابوسعید خدری کی مرفوع حدیث ہے کہ مومن کے اندر دو (بری) خصلتیں یعنی بخل اور بداخلاقی جمع نہیں ہوتیں۔ (رواہ ترمذی)

حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا جنت میں داخل نہ ہوگا مکار اور بخیل اور احسان جتانے والا۔ (رواہ الترمذی)

فرشتوں کی دعاء:

انفاق کی فضیلت اور بخل کی مذمت کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ ما من یوم یصبح العباد فیہ الا ملکان ینزلان فیقول احدھما اللھم اعط منفقا خلفا ویقول الاخر اللھم اعط ممسکا تلفا۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دن کہ صبح کو دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ان میں سے ایک یہ کہتا ہے اے اللہ! جو لوگ نیکی میں خرچ کرتے ہیں ان کو اچھا عوض عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ! بخیل کو (اس کے مال کی) تباہی و بربادی عطا کر۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت:

عن اسماء قالت قال رسول اللہ ﷺ انفقی ولا تحصی فیحصی اللہ علیک ولا توعی فیوعی اللہ علیک وارضخی ما استطعت۔ (بخاری و مسلم)

"حضرت اسماء سے روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اسماء! فقیر کے واسطے خرچ کیا کرو اور مت گن گن کر رکھ ورنہ اللہ بھی تمہارے حق میں گن گن کر دیا کرے گا اور مال کو مت بچا کر رکھ ورنہ زیادہ حفاظت کرو گی تو اللہ تعالیٰ بھی حفاظت کرے گا اپنی رحمت کو اور تم پر کم دیا کرے گا۔ جو تھوڑا دے سکو دیتی رہو۔"

سخی کی فضیلت:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم السخی قریب من اللہ قریب من الجنۃ قریب من الناس بعید من النار والبخیل بعید من اللہ بعید من الجنۃ بعید من الناس قریب من النار ولجاھل سخی احب الی اللہ من عابد بخیل۔ (ترمذی)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی اللہ سے بھی قریب ہے جنت سے بھی قریب ہے اور لوگوں کے قریب ہے اور جہنم کی آگ سے دور ہے اور بخیل اللہ سے بھی دور ہے جنت سے بھی دور ہے اور لوگوں سے بھی دور ہے اور آگ سے قریب ہے اور جاہل آدمی جو سخاوت کرتا ہو (اور زائد کو خرچ کرنے والا اور قرابت سے بچنے والا) کا اہتمام کرتا ہو اللہ کو اس عابد سے بہت پیارا ہے جو بخیل ہو۔

وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ

اور وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال لوگوں کے دکھانے کو

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ

اور ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور نہ قیامت کے

الْاٰخِرِ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا

دن پر اور شیطان کا ساتھی ہو اس کا شیطان تو وہ بہت برا

فَسَآءَ قَرِيْنًا

ساتھی ہے

ریا کاری۔ اور وہ خود پسند متکبر ہوتے ہیں کہ اپنے ان لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرتے ہیں۔ یعنی اللہ کے لئے خرچ کرنے میں تو بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کی ترغیب دیتے ہیں لیکن لوگوں کے دکھانے کو اپنا مال خرچ کر دیتے ہیں اور ان کو نہ اللہ پر ایمان ہے نہ قیامت کے دن پر کہ حصول رضائے حق تعالیٰ اور حصول ثواب آخرت ان کا مقصود ہو۔ رضائے الٰہی کے بجائے مقصود ان کا یہ ہے کہ ان کا ذکر ہو اور جس کام سے اللہ کی خوشنودی اور آخرت کا ثواب ملتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی رضا کے بجائے محض لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرنا ہے اور ایسا کام وہی کرتے ہیں جن کا شیطان ساتھی ہے ان کا یہ کام برا ہے۔

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُوا بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
اور کیا نقصان تھا ان کا اگر ایمان لاتے اللہ پر اور قیامت کے
الْآخِرِ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللَّهُ ۚ وَكَانَ
دن پر اور خرچ کرتے اللہ کے دیئے ہوئے میں سے اور
اللَّهُ بِهِمْ عَلِيمًا (۳۹)
اللہ ان کو خوب جانتا ہے

ایمان و اخلاص کی دعوت:

یعنی ان کافروں کو کیا نقصان پہنچ رہا تھا کہ اگر اللہ اور روز قیامت پر ایمان لاتے اور بجائے بخل و ریا کے اللہ کی راہ میں مال کو خرچ کرتے بلکہ ان کا سراسر نفع تھا ضرر تو اس میں ہے جو وہ اختیار کر رہے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ وہ کیا اور کس نیت سے دے رہے ہیں اسی کا عوض ان کو دے گا۔ پہلی آیت میں (يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ) فرمایا تھا مال کی نسبت ان کی طرف منسوب کیا تھا۔

لطیف اشارہ:

اب (أَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللَّهُ) فرمایا اس میں لطیف اشارہ ہے کہ وہ لوگ اپنا مال سمجھ کر جس طرح بخل کیا جاتا ہے خرچ کرتے ہیں ان لوگوں کو سمجھانا ہے کہ اپنا نہیں اللہ کا عطا سمجھ کے حق خرچ کرتے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۖ وَإِنْ تَكُ
بیشک اللہ حق نہیں رکھتا کسی کا ایک ذرہ برابر اور اگر
حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَدُنْهُ
نیکی ہو تو اس کو دونا کر دیتا ہے اور دیتا ہے اپنے پاس سے
أَجْرًا عَظِيمًا (۴۰)
بڑا ثواب

نیکی کتنا اجر:

یعنی اللہ تعالیٰ کسی کا حق ایک ذرہ برابر بھی ضائع نہیں فرماتا جو عذاب ہوگا وہ اس کے جرم کے برابر ہوگا اور نیکی کا بدلہ زیادہ کر دیتا ہے اگر ذرہ برابر بھی کسی کی نیکی ہوگی تو اس کو دوچند کر دے گا اور اپنی طرف سے اجر عظیم عنایت کرے گا۔

اللہ کا کوئی فعل ظلم نہیں ہو سکتا:

اللہ تعالیٰ مالک الملک ہے اگر تمام جہان کو عذاب دے تب بھی ظلم نہ ہوگا لیکن کسی کا حق ضائع کرنا ظلم کی صورت ہے اس لئے فرمایا کہ وہ ظلم نہیں کرتا مقصد یہ ہے کہ کوئی ادنیٰ سی نیکی بھی ضائع نہ ہوگی کہ اللہ کی طاعت اور ثواب میں کمی نہیں کرے گا اور نیکی کا کئی گنا بدلہ دے گا۔

مومن و کافر کی نیکی:

حضرت انس کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی کی نیکی کا اجر کم نہیں کرے گا۔ مومن کو دنیا میں بھی اس کا بدلہ ملتا ہے اور آخرت میں بھی اجر ملے گا اور کافر کی نیکی کا بدلہ اس کو دنیا ہی میں دے دیا جاتا ہے آخرت میں اس کی کوئی نیکی نہ ہوگی۔

مومنین کی دوزخ سے رہائی:

حضرت ابو سعید خدری کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مومن دوزخ سے نجات پا کر امن میں ہو جائیں گے تو اپنے ان بھائیوں کے متعلق جو دوزخ میں ہوں گے اللہ سے جھگڑا کریں گے کہ یہ ہمارے ساتھ نماز پڑھتے تھے روزے رکھتے تھے حج کرتے تھے۔ اللہ فرمائے گا جاؤ

اور جنکو بچا تے ہوئے دوزخ میں سے نکلیں وہ مومن جو اپنے چہروں سے پہچان لئیے کیونکہ چہروں کو آگ نے نہ کھایا ہوگا۔ کسی کے نصف پنڈلیوں تک آگ نے کھایا ہوگا اور کسی کے ٹخنوں تک۔ یہ ان کو نکال لیجئے اور عرض کریں گے پروردگار تو نے جن کو نکالنے کا حکم دیا تھا ہم سب ان کو نکال لیا۔ اللہ تعالی فرمائے گا (پھر جاؤ) اور جس کے دل میں دینار کے برابر ایمان ہو اس کو بھی نکال لو (مومن تعمیل حکم کریں گے) پھر حکم ہوگا جس کے دل میں نصف دینار کے برابر ایمان ہو اس کو بھی نکال لو۔ مومن تعمیل کریں گے (پھر یہ (حکم ہوگا کہ) جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو اس کو بھی نکال لو)۔

راوی نے کہا اگر کوئی اس بات کو سچ نہ مانتا ہو تو یہ آیت پڑھ لے۔

(إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ

مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا)

مومن عرض کریں گے پروردگار تو نے جن کو نکال لینے کا حکم دیا تھا ان کو ہم نے نکال لیا ہے اب دوزخ میں کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہا جس کے (دل) کے اندر کوئی بھی نیکی ہو۔ اللہ تعالی فرمائے گا ملائکہ نے شفاعت کر لی انبیاء نے شفاعت کر لی مومن سفارش کر چکے، ارحم الراحمین باقی رہ گیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر دوزخ سے ایک مٹھی بھر لے گا جس میں ایسے لوگوں کو نکالے گا جنہوں نے اللہ کے لیے کبھی کوئی نیکی نہ کی ہوگی اور جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ ان کو نہر حیات میں ڈال دیا جائے گا جس کی وجہ سے وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کی جگہ میں دانہ اگتا ہے ہار دانے کی طرح ان کے جسم چمکتے نکلیں گے۔ ان کی گردنوں پر مہر لگی ہوگی کہ یہ اللہ تعالی کے آزاد کردہ ہیں (جن کو) بغیر کسی عمل یا نیکی کے (جنت میں داخل کیا) [illegible] جنت میں داخل ہو جاؤ تمہارے لئے وہ ہے جو تمہاری نظر پڑے۔ وہ عرض کریں گے پروردگار تو نے ہم کو ایسی چیز عطا فرمائی ہے جو کسی کو جہان میں نہیں دی۔ اللہ تعالی فرمائے گا میرے پاس تمہارے لئے اس سے بھی بڑھ کر (نعمت) ہے۔ وہ عرض کریں گے پروردگار وہ کیا ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا میری خوشنودی۔ آج کے بعد کبھی میں تم سے ناراض نہ ہوں گا۔ رواہ البغوی۔ بخاری و مسلم نے بھی اسی طرح یہ حدیث نقل کی ہے۔ لیکن اس میں حضرت ابو سعید کا یہ قول نہیں ہے کہ اگر کوئی اس بات کو سچ نہ مانتا ہو تو یہ آیت پڑھ لے۔

اللہ تعالی کے نام کا وزن

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت کے ایک شخص کو اللہ تعالی ساری مخلوق کے سامنے الگ بلائے گا اور اس کے سامنے ننانوے دفتر کھول دیئے جائیں گے۔ ہر دفتر اتنا لمبا ہوگا جتنی دور نظر پہنچتی ہے۔ پھر اللہ فرمائے گا کیا تو ان میں سے کسی چیز کا انکار کرتا ہے کیا میرے محافظ کاتبوں نے تیری کوئی حق تلفی کی ہے۔ بندہ عرض کرے گا نہیں میرے مالک (کوئی حق تلفی نہیں کی)۔ نہ مجھے اس کا انکار ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا کیا (تیرے پاس) میرے پاس کوئی عذر۔ یا تیری کوئی نیکی اس حساب کے سوا ہے۔ وہ آدمی ہکا بکا رہ جائے گا بندہ جواب دے گا پس بہت ہو عرض کرے گا نہیں پروردگار۔ اللہ فرمائے گا کیوں نہیں ہمارے پاس تیری ایک نیکی ہے۔ آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا۔ اس کے بعد ایک چھوٹا سا پرچہ نکالا جائے گا جس میں اشہد ان لا الہ الا اللہ وان محمد عبدہ ورسولہ لکھا ہوگا۔ اللہ فرمائے گا وزن کے وقت تو موجود رہنا۔ بندہ عرض کرے گا میرے مالک یہ چھوٹا سا پرچہ ان لمبے دفتروں کے مقابلہ میں کیا حیثیت رکھتا ہے۔ اللہ تعالی فرمائے گا تیری حق تلفی نہیں ہوگی۔ اس کے بعد تمام دفتروں کو ایک پلڑے میں اور پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھ دیا جائے گا۔ تو دفتروں والا پلڑا اوپر کو اٹھ جائے گا اور پرچہ والا پلڑا بھاری نکلے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز وزنی نہیں ہوتی۔ رواہ ابن ماجہ ابن حبان و الحاکم۔ حاکم نے اس روایت کو صحیح کہا ہے۔

ایک سے ہزاروں

حضرت ابو ہریرہ سے جو روایت بیان کی گئی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ کوئی شک نہیں کہ اللہ ایک نیکی کو بڑھا کر بیس لاکھ نیکیاں کر دے گا۔ رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم۔

حضرت ابن مسعود نے فرمایا قیامت کے دن ہر شخص کو اگلے پچھلوں کے سامنے لایا جائے گا اور اعلان کیا جائے گا کہ جس کا اس کے ذمے کوئی حق ہو وہ اپنا حق لینے آجائے۔ اس وقت آدمی خوش ہوگا کہ باپ یا بیٹا یا بیوی پر اس کا حق نکلتا ہو اس کو ملے گا۔ اللہ تعالی اپنی کتاب میں فرماتا ہے [illegible] آیت میں موجود ہے۔ (فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ) الآیۃ۔

خوش بخت و بد بخت

اور (پھر) ہر شخص کو طلب کیا جائے گا اور پہلے اس کو اگلے پچھلوں کے سامنے لایا جائے گا اور اعلان کیا جائے گا جس کا اس پر حق ہو وہ اپنا حق لینے آجائے۔ پھر اس شخص سے کہا جائے گا ان کے حقوق ادا کر۔ وہ شخص کہے گا میرے رب دنیا تو ختم ہو گئی اب کہاں سے دوں۔ اللہ فرشتوں سے فرمائے گا اس کے اعمال دیکھو اور ان میں سے ان لوگوں کے حقوق دے دو [illegible]

اگر ذرہ برابر نیکی رہ جائے گی تو فرشتے عرض کریں گے اے اللہ ... [illegible] ایک ذرہ برابر نیکی باقی رہ گئی ہے ... اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے بندے کی اس نیکی کو بڑھا کر ... [illegible] ... جنت میں داخل کر دو ... اس کا ثبوت اس آیت میں موجود ہے۔

(وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا) ... [illegible] بندہ جنت میں ... فرشتے کہیں گے اے ہمارے رب ... [illegible] ... ختم ہو گئیں ... اللہ فرمائے گا ... [illegible] ... دوزخ ... [illegible]

[illegible]

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ

پھر کیا حال ہوگا جب بلائیں گے ہم ہر امت میں سے احوال کہنے والا

وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا

اور بلائیں گے تجھ کو ان لوگوں پر احوال بتانے والا

ہر امت اور تمام انبیاء کے گواہ

[illegible]

کافروں کا کیا حال ہوگا

[illegible]

... اللہ کسی پر ظلم نہیں کرے گا ... [illegible]

... [illegible] ... بندوں کے۔

(وَإِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ) ... [illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت

ابن مبارک ... [illegible] ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کی امت ... [illegible] ... آپ صلی اللہ علیہ وسلم ... [illegible] ... امت کے متعلق شہادت دیں گے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسو

بخاری نے حضرت ابن مسعودؓ کا بیان نقل کیا ہے ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ... مجھے قرآن پڑھ کر سناؤ ... [illegible] ... جب آیت (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا) پر پہنچا تو فرمایا بس ... [illegible] ... آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ (تفسیر مظہری)

آیت کے ... [illegible]

[illegible]

يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ

اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ جو کافر ہوئے اور رسول کی نافرمانی کی

لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا

کاش ان کو زمین میں دبا کر برابر کر دی جائے اور نہ چھپا سکیں گے اللہ سے کوئی بات

حل لغات
الفرقان کی آیات

کافروں کی ناکام تمنا:

یعنی جس دن بڑا سخت ہے ان کے حالات بیان کرنے والا بنایا جائے گا۔ اس دن کافر اور نافرمان لوگ اس بات کی تمنا کریں گے کہ کاش ہم زمین میں دبا دیئے جاتے اور مٹی میں مل کر نیست و نابود ہو جاتے۔ آج پیدا ہوتے اور ہم سے حساب و کتاب نہ ہوتا اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے کسی بات کا اخفا نہ کر سکیں گے اور نہ روز حساب ہوگا۔

ربط: شروع شروع سورت سے مسلمانوں کو اقارب اور یتامیٰ وغیرہ کے ادائے حقوق کی تاکید اور کسی کی حق تلفی کرنے اور جانی مالی نقصان پہنچانے کی ممانعت اور معاصی کی قباحت پر مطلع کر کے اس کے بعد واعبدوا اللہ ولا تشرکوا بہ شیئا فرما کر قرابت اور یتامیٰ اور مساکین اور مسافروں وغیرہ کے ساتھ احسان و سلوک کرنے کا ارشاد فرما کر اس کے ذیل میں تکبر اور خود پسندی اور بخل وغیرہ سے منع فرمایا تھا کہ جب یہ لوگ دوسروں کے حق ادا کرنے اور کسی کے ساتھ سلوک کرنے سے روکتے بھی ہیں اور روپیہ پیسہ دینے والوں اور دوسروں کے ساتھ سلوک کرنے والوں کی نصیحت میں خود پڑ جاتے ہیں۔

نماز کیلئے خصوصی خطاب:

اب ان تمام مضمون سے آخر میں پھر مسلمانوں کو صریح خطاب فرما کر خاص نماز کی بات جو سب عبادتوں میں اعلیٰ اور افضل ہے اور شریعت مقدسہ نے جس قدر اس کا اہتمام کیا ہے اور اس کے ارکان و شرائط و آداب وغیرہ مفصل بتلایا ہے کسی عبادت کا اس قدر اہتمام نہیں کیا۔

دو اہم باتیں:

دو باتوں کی تاکید فرمائی جو امور متعلقہ صلوٰۃ میں سب سے اہم اور شریف ہیں اور ارکان صلوٰۃ کی صحت اور خوبی کے لئے جسم اور جان ہیں۔ اول یہ کہ نشہ کی حالت میں نماز کے پاس مت جاؤ تاکہ نشہ دور ہو جائے اور اس کو سمجھ کر نماز ادا کرو اور جنابت میں بھی نماز مت پڑھو یہاں تک کہ غسل کر کے تمام بدن کو خوب پاک کر لو۔ نماز میں دو امر مہتم بالشان ہیں ایک حضور اور خشوع، دوسرے طہارت اور نظافت اور جملہ امور متعلقہ صلوٰۃ میں یہی دو امر نفس پر شاق بھی ہیں اور نشہ خشوع اور حضور کے مخالف ہے تو جنابت طہارت اور نظافت کے منافی ہے مگر نشہ چونکہ عقل تو اور غفلتی پیدا کرتا ہے تو اس سے طہارت کے بھی مخالف ہے تو مطلب یہ ہوا کہ نماز کو پورے اہتمام سے پڑھو اور جملہ امور ظاہری اور باطنی کا لحاظ رکھو گو نفس پر شاق ہو۔

اس خصوصی خطاب کا نفع:

باقی اس خاص موقع پر اس تاکید اور تنبیہ کے ارشاد فرمانے سے دو نفع معلوم ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ احکام گذشتہ مذکورہ بالا جن میں حقوق اور معاملات باہمی اور عبادات جانی و مالی کا ذکر تھا ان سب کو بجا لانے کے ساتھ بخل اور ریا اور خود پسندی اور جہالت سے بھی مجتنب رہنا جو نفس پر شاق ہے اور نشے والوں کو غلبان کا موقع ہے تو اس میں دشواری اور غلبان کا علاج جاننا منظور ہے یعنی نماز اس کی شرائط و آداب ظاہری و باطنی کے ساتھ ادا کرو گے تو جملہ امور مذکورہ بالا کی تعمیل تم پر سہل ہو جائے گی۔ کیونکہ نماز کی ادا سے جملہ امور دینی و دنیا میں سہولت اور رغبت اور تمام منہیات اور معاصی سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ بعض آیات و احادیث میں مذکور ہے اور علمائے محققین نے تصریح فرمائی ہے۔ دوسرے یہ کہ احکام گذشتہ سابقہ کو سن کر جیسے ہی ذکر اس فہرست سے آپ کو بعید خیال کرتے وقت بلند ہیں اور اس کامل کا اثر نماز میں بھی ظاہر ہونے لگے جس کے شرائط و آداب بہت کچھ ہیں اور جو ہر وقت موجود ہے اس لئے نماز کا اہتمام مناسب ہوا۔

اور اس پر اولیٰ اقامت صلوٰۃ کا اہتمام اور التزام رکھے گا اس کو دیگر احکام جانی و مالی میں بھی آسانی اور سہولت ہوگی اور بد اولی احکام میں کاہلی اور بے پروائی کرتا ہے اس سے اقامت صلوٰۃ میں بھی کوتاہی کرنا بعید نہیں۔ واللہ اعلم۔ چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ
اے ایمان والو نزدیک نہ جاؤ نماز کے
وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ
جس وقت کہ تم نشہ میں ہو یہاں تک کہ سمجھنے لگو جو کہتے ہو
وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا
اور نہ اس وقت کہ غسل کی حاجت ہو مگر راہ چلتے ہوئے یہاں تک کہ غسل کر لو

ربط: اہل کتاب و کفار کی دو بڑی خرابیاں:

پہلی آیات میں مسلمانوں کو خطاب فرما کر واعبدوا اللہ ولا تشرکوا

ربط آیات: اس آیت سے پہلی آیات میں کفار کی مذمت بیان فرمائی تھی جو کہ اسراف کرتے اور ماسبق کی مخالفت کرتے تھے۔ اب اس کے بعد پھر مسلمانوں کو نماز اور صلوٰۃ سے متعلق خاص ہدایتیں کی جاتی ہیں اور ان ہدایات کو ماقبل کے ساتھ یہ مناسبت ہے کہ اس سے پہلے کفار اور اہل کتاب کی دو خرابیوں کا خاص طور پر ذکر تھا۔ ایک اللہ پر ایمان نہ لانا، دوسرے اپنا مال اللہ کے لئے خرچ نہ کرنا بلکہ لوگوں کے دکھانے کو اور اپنی عزت بڑھانے کو مال خرچ کرنا اور ظاہر ہے کہ پہلی خرابی کا منشاء علم کا نقصان اور جہل کا غلبہ ہے اور دوسری خرابی کی وجہ ہوائے نفس اور اپنی خواہش ہے کہ جس سے معلوم ہو گیا کہ گمراہی کے بڑے سبب دو ہیں۔ اول جہل جس میں حق و باطل کی تمیز ہی نہیں ہوتی، دوسرے خواہش و شہوت جس سے باوجود تمیز حق و باطل حق کے موافق عمل نہیں کر سکتا۔ کیونکہ شہوات سے قوت ملکی ضعیف اور قوت بہیمی قوی ہو جاتی ہے، جس کا نتیجہ ملائکہ سے بعد اور شیاطین سے قرب ہے، جو بہت سی خرابیوں کی جڑ ہے تو اب اس مناسبت سے حق تعالیٰ شانہ نے مسلمانوں کو نشہ کی حالت میں نماز پڑھنے سے اول منع فرمایا کہ یہ جہل کی حالت ہے۔ اس کے بعد جنابت میں نماز پڑھنے سے روکا کہ یہ حالت ملائکہ سے بعد اور شیاطین سے قرب کی حالت ہے۔ حدیث میں وارد ہے کہ جہاں جنبی ہوتا ہے وہاں ملائکہ نہیں آتے۔ واللہ اعلم۔

آیت کا مطلب:

اب آیت کا مطلب یہ ہوا کہ اے ایمان والو! جب تم کو نماز اور اس کی خوبی معلوم ہو گئی اور اس کے ضروری خوبی واضح ہو گئی تو اس سے نشہ اور جنابت کی حالت میں نماز پڑھنے کی خرابی کو بھی خوب سمجھ لو کہ ان کا منشاء بھی وہی ہے جو کفر میں کا منشاء تھا اس لئے نشہ میں نماز کے نزدیک مت جایا کرو جب تک تم کو اس قدر ہوش نہ آ جائے کہ جو منہ سے کہو اس کو سمجھو بھی سکو اور نہ حالت جنابت میں نماز کے نزدیک جایا کرو تاوقتیکہ غسل نہ کر لو مگر حالت سفر میں اس کا حکم آگے مذکور ہے۔ فائدہ: یہ حکم اس وقت تھا کہ نشہ اس وقت تک حرام نہ ہوا تھا لیکن نشہ کی حالت میں نماز پڑھنے کی ممانعت کر دی گئی تھی۔

شان نزول:

روایات میں منقول ہے کہ ایک جماعت صحابہؓ کی دعوت میں جمع تھی۔ چونکہ شراب اس وقت تک حرام نہ ہوئی تھی اس لئے انہوں نے شراب پی تھی۔ مغرب کا وقت آ گیا تو سب اسی حالت میں نماز کو کھڑے ہو گئے۔ امام نے سورہ (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ) میں (لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ) کی جگہ اعبد ما تعبدون پڑھ دیا جس سے معنی بالکل خلاف اور غلط ہو گئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اب اگر نیند کے غلبہ یا بیماری کی وجہ سے کسی کا ایسا حال ہو جائے کہ اس کی خبر نہ رہے کہ میں نے کیا کہا تو ایسی حالت کی نماز بھی درست نہ ہو گی۔ جب ہوش آئے تو اس کی قضا ضرور کرے۔ (تفسیر حقانی)

ابن ابی حاتم اور ترمذی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول نقل کیا ہے اور ترمذی نے اس کو حسن کہا ہے کہ عبدالرحمن بن عوف نے ہمارے لئے کھانا تیار کرایا اور ہم کو بلایا اور شراب پلائی۔ یہ واقعہ شراب حرام ہونے سے پہلے کا ہے اور شراب کا نشہ ہم کو چڑھا اور نماز کا وقت آ گیا اور لوگوں نے مجھ کو آگے بڑھا دیا۔ میں نے پڑھا (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ) ، (لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ) آخر تک اسی طرح (بغیر لا کے) پڑھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ) یہاں تک کہ جو کچھ منہ سے نکال رہے ہو اس کو سمجھو۔ نشہ جس حد تک مانع نماز ہے اس کی تعیین اس لفظ سے کر دی (یعنی تھوڑا سا نشہ مانع صلوٰۃ نہیں جب تک نشہ اتنا نہ ہو کہ آدمی یہ سمجھ نہ سکے کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں نماز پڑھ سکتا ہے)

بحالت نیند نماز کی ممانعت:

حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز کے اندر اگر کوئی اونگھنے لگے تو سو جائے تاکہ نیند جاتی رہے کیونکہ اونگھنے میں نماز پڑھتا رہے گا تو ممکن ہے کہ استغفار کرنا چاہتا ہو اور اپنے کو گالیاں دینے لگے۔ رواہ ابو داؤد و ترمذی والنسائی۔

غسل کے مسائل:

مسئلہ: چاروں اماموں کا اور عام جمہور اہل اسلام کا اس امر پر اتفاق ہے کہ محض جماع سے غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ انزال ہو یا نہ ہو۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مرد عورت کی چاروں شاخوں کے درمیان بیٹھ گیا اور اس کو مشقت میں ڈال دیا تو غسل واجب ہو گیا۔ بخاری و مسلم۔

حضرت عائشہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مرد چاروں شاخوں (اطراف اربعہ) کے درمیان بیٹھ گیا اور شرم گاہیں مل گئیں تو غسل واجب ہو گیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا کیا پھر ہم نے غسل کیا۔

امام احمد اور مؤلفین سنن نے حضرت سہل بن سعد کی روایت سے لکھا ہے کہ حضرت ابی بن کعبؓ نے فرمایا انصاری کہتے ہیں کہ انما الماء من الماء

کی اکثر اذانیں کے بغیر نماز کے بعد صرف وضو کر لیا ان کا حاجت تھی۔ شرح معانی الآثار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اجازت دے دی تھی۔ جو ہم کو غسل کرنے کا حکم ہے، اس روایت کو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے اور اس میں یہ ہے کہ آپ نے پڑھا جنبی۔

پھر سے تو دیکھ لیجئے کہ تیمم والی حدیث میں صرف پانی نہ ملنے کی صورت کا ذکر ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پانی کا وجود جب پا لیا گیا ہو؟ جب نہیں ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس سے طہارت عارضی ہوتی ہے اور کیونکہ جب پانی مل جائے حدث کا حکم ہو جاتا ہے تو ناپاکی نہیں پیدا ہو جاتی۔

صحیحین میں حضرت عمران بن حصین کی روایت سے ایک حدیث آئی ہے کہ پانی نہ ملنے کی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنابت والے کو تیمم کرنے کا حکم دیا تھا۔ پھر جب پانی مل گیا تو اس کو غسل کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ جب تک پانی نہ ملے تیمم کر کے تم پڑھ لو (یعنی غسل کا حکم حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا)۔

غسل کے واجبات کے مسائل:

ہمارے نزدیک جنابت والے کے لئے مسجد میں ٹھہرنا جائز نہیں۔

مسئلہ: مسجد میں جنابت والے کا ٹھہرنا ہمارے نزدیک اور امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک بھی ناجائز ہے مگر امام احمد کے نزدیک جائز ہے۔ تمام ائمہ کے مسلک کی دلیل یہ حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان گھروں کے رخ مسجد کی طرف سے پھیر دو۔ میں مسجد (میں ٹھہرنے) کو حیض والی کے لئے اور جنابت والے کے لئے حلال نہیں کرتا۔ ابوداؤد، بیہقی، بخاری فی التاریخ الکبیر نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔ ابن ماجہ نے ایک حدیث حضرت ام سلمہ سے بھی ایسی ہی نقل کی ہے۔ ابن خزیمہ نے اس روایت کو صحیح کہا ہے۔

مسئلہ: جنابت والے کے لئے کسی حالت میں بھی مسجد میں ٹھہرنا جائز نہیں۔ جنابت والے کے لئے قرآن پڑھنا بھی جمہور علماء کے نزدیک ناجائز ہے۔ امام مالک کے نزدیک تھوڑے سے چند آیات کی تلاوت جائز ہے۔ داؤد کے نزدیک تمام قرآن کی تلاوت جائز ہے۔ دلیل ہماری یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حائضہ اور جنابت والا قرآن کا کچھ حصہ بھی نہ پڑھے۔ سورۂ بقرہ کی آیت (وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ) کی تفسیر میں اس کی تحقیق گزر چکی ہے۔ جنابت والے کے لئے قرآن پڑھنا جائز ہو تو ہے۔ آیت (لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ) کی تفسیر میں اس کی تفصیل آئے گی۔ اور قرآن کو چھونا جائز ہے تو قرآن کے خاص زبان پڑھنا کس طرح درست ہو سکتا ہے؟

شیعہ کے نزدیک آیت (لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ) سے حکم کے مطابق قرآن کو چھونا جائز نہیں مگر آیات قرآنی کو زبان سے پڑھنا جائز ہے!

انزال سے غسل کے واجب ہونے کا اثر ظاہر ہوتا ہے۔ منی کے اندر کا نکلنا اور حاجت کا ترک کرنے کے اندر ہوتا ہے اس کے طہارت ہونے میں یہ فرق ہے کہ جب وضو ہوتا ہے تو پوری طرح پاکی ہوتی ہے اور جنابت کی حالت کل بدن کی ہوتی ہے۔ اس لئے وضو کے آیات کو پڑھنا قرار دیا جاتا ہے کیا ظاہری ہو جاتی ہے۔ جنابت کی حالت میں آیات قرآنی کی تلاوت سے کوئی مشابہت پیدا نہیں ہوتی۔

تمام حدیث میں آتا ہے کہ جنابت سے اور ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأت قرآن سے کسی چیز سے نہیں روکتے تھے، سوائے جنابت کے۔ اس حدیث کو ابو داؤد، ابن حبان، ابن ماجہ، الترمذی، نسائی، حاکم نے روایت کیا ہے اور ترمذی اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ

اور اگر ہو تم بیمار یا اوپر سفر کے یا آوے

أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ

کوئی شخص تم میں سے جائے ضرور سے یا پاس گئے ہو تم عورتوں کے

فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا

پھر نہ پاؤ تم پانی تو ارادہ کرو زمین

طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ

پاک کا پس مسح کرو اپنے منہ اور ہاتھوں کا

معذوری اور اس کی صورتیں:

جس وقت جنابت کی نماز و شرع حالت میں تیمم کا حکم جب ہے کہ کوئی عذر ہو اور کوئی ایسی شدت آئے جس کی وجہ سے معذوری ہو اور طہارت کا حاصل کرنا ناممکن ہو تو پھر تیمم

بھی ممکن ہے تجھ کو زمین کافی ہے۔ اب پانی کے استعمال سے معذوری کی تین صورتیں بتاتے ہیں۔ ایک یہ کہ آدمی [illegible] اس میں پانی ضرر کرتا ہے۔ دوسری یہ کہ سفر درپیش ہے اور پانی کا موجود ہے کہ وضو کرنے سے پیاس سے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے اور تک پانی نہ ملے گا۔ تیسری یہ کہ پانی بالکل موجود ہی نہیں۔ اس پانی موجود نہ ہونے کی صورت کے ساتھ [illegible] تین طہارت کے ضروری ہونے کی بیان فرمائیں۔ ایک یہ کہ کوئی پاخانے ضرورت سے فارغ ہو کر آیا اس کو وضو کی ضرورت ہے دوسری یہ عورت سے ہم بستری ہو اس کو غسل کی ضرورت ہے۔

تیمم کا طریقہ:

فائدہ: تیمم کی صورت یہ ہے کہ پاک زمین پر دونوں ہاتھ مارے پھر منہ پر اچھی طرح مل لے۔ پھر دوسری بار ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک مل لے۔

[illegible] ہے اور بعض چیزوں سے [illegible] غسل پانی کے معنی میں ہے۔ مثلاً [illegible] زمین پر رگڑ کر صاف ہو جاتی ہے وہ بھی پاک ہو جاتی ہے [illegible] اور چہرہ پر مل لینے میں تذلل اور عجز کا پورا ہے جو گناہوں سے معافی مانگنے کی اچھی صورت ہے۔ مٹی جسم کی ظاہری اور باطنی دونوں طرح کی نجاست کو زائل کرتی ہے [illegible] پانی کی قائم مقامی کرے گی۔

آسانی کی رعایت:

[illegible] پانی کی قائم مقام ایسی چیز کی جائے جو [illegible] الوصول ہو [illegible] زمین کا [illegible] جو ہر جگہ موجود ہے [illegible] اصل ہے اور [illegible] اصل کی طرف رجوع کرنے میں گناہوں اور خرابی سے بچانے کا قرینہ [illegible] آیت میں مذکور ہوا [illegible]

نجاست متدرکی تیمم کب جائز ہے:

اگر کوئی تندرست [illegible] جہاں [illegible] پانی [illegible] (حنفی) [illegible] اور پانی نہ ملے تو تیمم کر کے نماز پڑھ لے۔ اگر پانی [illegible] جائے تو [illegible] حضرت ابوذر [illegible] تیمم [illegible] آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تیرے لیے مٹی کافی ہے اگرچہ دس برس تجھے پانی نہ ملے [illegible] تیرے پاس [illegible] مسلمان کا [illegible] احمد، ابو داؤد نے اس روایت کو صحیح کہا ہے۔

نکتہ: [illegible] پانی [illegible] استعمال کرنے سے مجبور ہو اور پانی نہ ملنے کا [illegible] ہے۔

(أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ) یا تم میں سے کوئی پاخانے سے آیا ہو۔ غائط [illegible] زمین، گڑھا۔ غائط سے آنے سے [illegible] بول و براز سے فارغ ہونا [illegible] (حدیث میں) [illegible] لوگ [illegible] کی طرف [illegible] مطلب یہ کہ اگر کوئی بول و براز کر کے آیا ہو [illegible]

وضو توڑنے والی چیزیں:

امام اعظم کا قول ہے کہ جو نجس چیز کسی مقام سے خارج ہو [illegible] وضو [illegible] خون [illegible] وضو [illegible] نجاست [illegible] خارج ہو۔

امام اعظم کے [illegible] مطلب [illegible] تیمم [illegible]

وضو کے ساتھ بیوی کو چھونے کا مسئلہ:

حضرت عائشہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (رات کو) نماز پڑھتے تھے اور میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جنازہ کی طرح پڑی ہوتی تھی۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے [illegible] میرا پاؤں [illegible] کہ گھروں میں ان دنوں چراغ نہیں ہوتے تھے [illegible]

حضرت عائشہ [illegible] میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] تو میرا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ

وسلم کے قدم پر لگا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں تھے اور کہہ رہے تھے اے اللہ! میں تیرے غضب سے تیری رضامندی کی اور تیرے عذاب سے تیری معافی کی اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری حمد پوری پوری نہیں کر سکتا تو ایسا ہی ہے جیسی تو نے اپنی تعریف کی ہے۔ رواہ النسائی۔ طبرانی کی روایت میں (حضرت عائشہؓ کا قول) ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں اپنا ہاتھ ڈالا تاکہ یہ معلوم کروں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا ہے کہ نہیں۔ حافظ نے کہا بظاہر یہ دونوں واقعے جدا جدا ہیں۔ اگرچہ ان میں تطبیق بھی ممکن ہے۔

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کی حالت میں ہوتے تھے اور میں آپ کے بالوں میں کنگھا کرتی تھی۔ رواہ النسائی۔ ظاہر ہے کہ مسجد کے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اعتکاف کی حالت میں ہونا بغیر وضو کے نہ ہوگا۔

حضرت عائشہؓ، حضرت میمونہؓ اور حضرت ام سلمہؓ کا بیان ہے کہ ان میں سے ہر ایک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہاتھ (ایک برتن) میں ڈال کر ایک برتن سے پانی لے کر غسل کرتی تھی۔

میں کہتا ہوں غسل سے پہلے وضو کرنا سنت ہے اور ظاہر ہے کہ یہی صورت ممکن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ بیبیوں کے ہاتھ سے لگتے تھے۔

حضرت ابو داؤد کی روایت ہے کہ حضرت زینب کی صاحبزادی امامہ کو (پشت) پر اٹھائے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں مشغول ہوتے تھے۔ صحیحین۔ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری گود میں سر رکھتے اور اسی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پڑھتے تھے۔ صحیحین۔

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ میری گود میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی اور حضرت حسن کا قول ہے کہ وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے وضو نہیں ہوئے۔

میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث ضعیف ہے اور بہت سے ساتھیوں نے آیت میں مذکورہ شرط بیان کی ہے کہ عورت کو چھونا اس وقت ناقض وضو ہے جب شہوت کے ساتھ ہو۔

امام احمد نے حضرت عائشہؓ کا قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرنے کے بعد بوسہ لیتے تھے پھر بغیر (جدید) وضو کے نماز پڑھ لیتے تھے۔ اس روایت کو [illegible] ہے۔ امام ابوحنیفہ [illegible] لمس کے معنی [illegible] ہے۔

میں کہتا ہوں اگر یہ سب حدیثیں صحیح بھی ہیں تب بھی اس کی روایت محتمل ہے کیونکہ وہ [illegible] ہے۔

حافظ ابن حجر کا بیان ہے کہ امام شافعی نے فرمایا ہم سے معبد بن نباتہ نے بحوالہ محمد بن عمرو بن عطاء بیان کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے اور (پھر) وضو نہیں کرتے تھے۔ امام شافعی نے فرمایا مجھے معبد کا حال معلوم نہیں اگر وہ ثقہ ہے تو یہ حدیث قابل حجت ہے۔ دارقطنی نے [illegible] یہ حدیث [illegible] سے ضعیف قرار دیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ حدیث کی دو سندیں [illegible] حسن کے درجہ تک [illegible] ان میں سے کوئی بھی متہم بالکذب نہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ حدیث حسن ہے۔ حضرت ابو امامہؓ کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی آدمی نماز کا وضو کرنے کے بعد اپنی بیوی کا بوسہ لیتا ہے یا اس سے مس کرتا ہے کیا اس کو وضو کرنا چاہئے؟ فرمایا نہیں۔ رواہ الدارقطنی۔ اس روایت کے سلسلہ میں ایک راوی [illegible] ہے جو متروک الحدیث ہے۔

جب اس حدیث کے متعدد طرق سب کے سب حسن تک پہنچ کر ایک دوسرے کو قوی کرتے ہیں اور کل صحیح ہیں تو یہ ماننا پڑے گا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے (جدید) وضو نہیں کرتے تھے۔ معلوم ہوا کہ عورت کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اگر ٹوٹتا ہوتا تو [illegible] ایک صحابی کی بھی روایت ہوتی۔ خصوصاً ازواج مطہرات [illegible] بیان کرتیں [illegible] کی تعداد کثیر تھی [illegible] شریعت کی غیر معمولی رغبت تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان سے اختلاط اور ملاقات بکثرت ہوتی تھی۔ [illegible] روایت میں آیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کوئی بات [illegible] تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آکر بوسہ لیتے ہوں اور مس نہ کرتے ہوں [illegible] اس سے صاف ظاہر ہے کہ آیت میں لمس سے مراد جماع ہے۔

نماز کے کسی رکن میں سو جانا:

امام ابوحنیفہ کے نزدیک نماز کے اندر کسی حالت اور کسی رکن میں سو جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا (بشرطیکہ سہارے کے [illegible] نہ ہو) کیونکہ حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سجدہ میں جو شخص سو جائے اس پر (جدید) وضو نہیں جب تک لیٹ نہ جائے جب لیٹ جائے گا تو اس کے جوڑ ڈھیلے پڑ جائیں گے۔ رواہ [illegible]۔

شرمگاہ کو چھونا:

امام ابو حنیفہؒ نے استدلال میں حضرت طلق بن علیؓ کی حدیث پیش کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو چھو لے تو کیا وضو کرے۔ فرمایا وہ تو تیرے بدن ہی کا ایک ٹکڑا ہے (اسکو چھونے سے وضو کیسے ٹوٹ جائے گا) یہ حدیث اصحاب سنن اور امام احمدؒ نے نقل کی ہے اور عمرو بن علی فلاس اور ابن المدینی اور ابن حبان اور طبرانی اور ابن حزم نے اس کو صحیح کہا ہے لیکن امام شافعی ابو زرعہ، ابو حاتم دارقطنی اور بیہقی نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

شان نزول:

ابن ابی حاتم نے مجاہد کا بیان نقل کیا ہے کہ ایک انصاری بیمار تھے نہ خود اٹھ کر وضو کرنے کی طاقت تھی نہ کوئی خادم تھا کہ پانی لے کر وضو کرا دیتا۔ اس کا تذکرہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کیا گیا اس پر اللہ نے آیت (وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ) آخر تک نازل فرمائی۔ ابن جریر نے ابراہیم نخعی کا بیان نقل کیا ہے کہ صحابہ کچھ زخمی ہو گئے تھے جس سے وہ بے ہوش ہو گئے اور اسی دوران میں جنابت میں بھی مبتلا ہو گئے۔ لوگوں نے یہ شکایت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی اس پر آیات (وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ) الی آخرہ نازل ہوئی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیتیں:

بیہقی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت ابو امامہؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ مجھے چار چیزوں کی وجہ سے فضیلت عطا کی گئی ہے۔ تمام زمین کو میرے اور میری امت کے لئے مسجد اور طہور بنا دیا گیا۔ اب میری امت کا جو شخص نماز پڑھنا چاہے اور کوئی پانی نہ ملے تو وہ زمین کو اپنے سامنے مسجد اور طہور پائے گا۔ اس حدیث میں تمام انسانوں کے لئے بعثت کا ہونا اور مہینے کی راہ سے دشمن پر رعب پڑنا اور مال غنیمت کے حلال کئے جانے کا ذکر ہے۔ حضرت عمرو بن شعیبؓ کی روایت میں ہے جہاں بھی مجھے نماز پہنچے گی وہیں تیمم کر لوں گا۔

صحیحین میں حضرت جابرؓ کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں ایسی دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پانچ چیزوں میں سے ایک بات یہ بھی ارشاد فرمائی کہ زمین کو میرے لئے مسجد اور طہور بنا دیا گیا ہے۔

زمین کو پاک کرنا:

امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اگر زمین نجس ہو جائے پھر خشک ہو جائے تو اس سے پاک ہو جائے تو اس پر نماز جائز ہے مگر اس سے تیمم ناجائز ہے کیونکہ خشک ہو جانے سے زمین کا پاک ہو جانا حدیث آثار سے ثابت ہے۔

تیمم کی اجازت کا نزول:

حضرت عمار بن یاسرؓ راوی ہیں کہ رات کو جیش میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری شب پڑاؤ کیا۔ بی بی عائشہؓ بھی ساتھ تھیں۔ بی بی کا یمنی کا ایک ہار (پٹی) ہار ٹوٹ کر گر گیا۔ ہار کی تلاش کے لئے لوگ روانگی سے رک گئے صبح ہوئی تو لوگوں کے پاس (وضو کے لئے) پانی نہیں تھا۔ اس پر اللہ نے پاک مٹی سے تطہیر کی اجازت نازل فرما دی۔ مسلمان فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور زمین پر (تیمم کے لئے) ہاتھ مارے۔ پھر ہاتھ اٹھائے اور ان پر کچھ مٹی نہیں لگی تھی۔ پھر چہرہ پر اور ہاتھوں کے اندرونی حصے سے کندھوں اور بغلوں تک مسح کیا۔ یہ روایت بروایت امام احمد ابن جوزی نے نقل کی ہے۔

ایک اور روایت میں آیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین پر دست مبارک سے ایک تھپکی دی اور اس سے چہرہ مبارک کا مسح کیا پھر دونوں ہاتھوں سے ایک تھپکی ماری اور کہنیوں تک دونوں ہاتھوں پر پھیر لیا۔ رواہ الحاکم۔ حاکم نے اس روایت کو صحیح الاسناد کہا ہے اور دارقطنی کا بیان ہے کہ اس کے تمام راوی ثقہ ہیں مگر شیخین نے یہ روایت نہیں بیان کی۔

حضرت ابن الصمہ کا بیان ہے میرا گذر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پیشاب کر رہے تھے میں نے سلام کیا آپ نے جواب نہیں دیا۔ پیشاب سے فراغت کے بعد جب کھڑے ہو گئے تو اس لاٹھی سے جو آپ کے پاس موجود تھی ایک دیوار کو کھرچا پھر دست مبارک دیوار پر مارا (یعنی تھپکی دی) پھر چہرہ کا اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا۔ رواہ الشافعی والبغوی۔ بغوی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔

مسئلہ: اگر ایسی نماز کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو جس کا کوئی بدل ممکن نہ ہو تو ایسے وقت میں تیمم کر لینا جائز ہے جیسے عیدین کی نماز کے فوت کا اندیشہ خواہ ابتداء ہو یا بناء کے طور پر۔ اور جیسے ولی کے علاوہ دوسرے لوگوں کے لئے جنازہ کی نماز فوت ہو جانے کا اندیشہ (دونوں صورتوں میں تیمم کر کے نماز میں شریک ہو جانا جائز ہے) لیکن (نماز کا) وقت یا نماز جمعہ فوت ہو جانے کا اندیشہ ہونے کی صورت میں تیمم جائز نہیں (کیونکہ وقت نکلنے کے بعد قضاء صلوٰۃ ممکن ہے اور جمعہ ہونے کے بعد ظہر کی نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

امام ابو حنیفہؒ کا استدلال یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دینے کے لئے بھی تیمم کیا تھا۔ یہ حدیث اوپر گزر چکی ہے۔ (حالانکہ

[illegible]

مسئلہ [illegible]

[illegible] ہونے کی صورت میں تیمم

[illegible]

امام ابوحنیفہ [illegible]

جمہور کی دلیل:

[illegible]

دوسری دلیل

[illegible]

[illegible]

خاندان صدیق ؓ کی برکتیں

حضرت عائشہ [illegible]

> **اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا**
>
> [illegible]

معاف کرنے والا اور بخشنے والا

[illegible]

حضرت سعد کی فضیلت

[illegible]

لوگوں کی دعوت کی۔ ہم سب نے خوب کھایا پیا، پھر شراب پی لی اور نشہ ہو گئے، پھر آپس میں فخر جتانے لگے۔ ایک شخص نے اونٹ کے جبڑے کی ہڈی اٹھا کر حضرت سعد کو ماری، جس سے ناک پر زخم آیا اور اس کا نشان باقی رہ گیا۔ اس وقت شراب کو اسلام نے حرام نہیں کیا تھا۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ حدیث صحیح مسلم شریف میں بھی پوری مروی ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت:

بخاری کی حدیث سے بھی یہ بات صاف طور پر ثابت ہوتی ہے کہ لوگوں کے گھروں کے دروازے مسجد میں تھے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخری مرض الموت میں فرمایا تھا کہ مسجد میں جن جن لوگوں کے دروازے پڑتے ہیں سب کو بند کر دو صرف ابوبکر کا دروازہ رہنے دو۔

بخاری میں ہے کہ حضرت صدیقہ فرماتی ہیں جب ہم اپنے کسی سفر میں تھے، بیداء یا ذات الجیش میں میرا ہار ٹوٹ کر کہیں گر پڑا، جس کے ڈھونڈنے کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع قافلہ ٹھہر گئے۔ اب نہ تو ہمارے پاس پانی تھا نہ وہاں اس میدان میں کہیں پانی تھا۔ لوگ میرے والد حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس میری شکایتیں کرنے لگے کہ دیکھو ہم ان کی وجہ سے کیسی مصیبت میں پڑ گئے۔ چنانچہ میرے والد صاحب میرے پاس آئے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ران پر اپنا سر مبارک رکھ کر سو گئے تھے۔ آتے ہی مجھے کہنے لگے تو نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اور لوگوں کو روک دیا۔ اب نہ تو ان کے پاس پانی ہے نہ یہیں اور کہیں پانی نظر آتا ہے۔ الغرض مجھے خوب ڈانٹا ڈپٹا اور خدا جانے کیا کیا کہا اور میرے پہلو میں اپنے ہاتھ سے کچوکے بھی مارے۔ پھر تیمم کی آیت نازل ہوئی۔

ابن جریر کی روایت میں ہے کہ اس سے پہلے تو حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت عائشہؓ پر سخت غصہ ہو کر گئے تھے لیکن تیمم کی رخصت کے حکم کو سن کر خوشی خوشی اپنی صاحبزادی صاحبہ کے پاس آئے اور کہنے لگے تم بڑی مبارک ہو، مسلمانوں کو اتنی بڑی رخصت ملی۔ پھر مسلمانوں نے ایک ضرب سے چہرے اور دوسری ضرب سے کہنیوں اور بغلوں تک ہاتھ۔

حضرت اسلعؓ کا واقعہ:

ابن مردویہ میں روایت ہے حضرت اسلع بن شریک فرماتے ہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی چلایا کرتا تھا، اتفاقاً میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سوار کئے ہوئے جا رہا تھا جو سخت جاڑوں کی رات تھی، سردی بہت پڑ رہی تھی اور مجھے جنبی ہو گیا۔ ادھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوچ کا ارادہ کیا تو میں نے اپنی اس حالت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی چلانا پسند نہ کیا۔ ساتھ ہی یہ خیال آیا کہ اگر سرد پانی سے نہاؤں گا تو مر جاؤں گا یا بیمار پڑ جاؤں گا۔ میں نے چپکے سے ایک انصاری کو کہا کہ آپ اونٹنی کی نکیل تھام لیجئے، وہ چلاتے رہے اور میں نے آگ سلگا کر پانی گرم کر کے غسل کیا، پھر دوڑ بھاگ کر قافلہ میں پہنچ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اسلع کیا بات ہے اونٹنی کی چال کیسے بگڑی ہوئی ہے؟ میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نہیں چلا رہا بلکہ فلاں انصاری صاحب چلا رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں؟ میں نے سارا واقعہ کہہ سنایا۔ اس پر اللہ عزوجل نے آیت (لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى) سے (غَفُوْرًا) تک نازل فرمائی۔ یہ روایت دوسری سند سے بھی مروی ہے۔ تفسیر ابن کثیر۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ

کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جن کو ملا ہے کچھ حصہ

الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ

کتاب سے خرید کرتے ہیں گمراہی اور چاہتے ہیں کہ

اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ۞ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

تم بھی بہک جاؤ راہ سے اور اللہ خوب جانتا ہے

بِاَعْدَآئِكُمْ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى

تمہارے دشمنوں کو اور اللہ کافی ہے حمایتی اور اللہ

بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۞

کافی ہے مددگار

یہودیوں کی بعض بداعمالیاں:

ان آیات میں یہود کی بعض قبائح ارشاد فرما کر وعید کا بیان ہے اور ان کی غلط روش پر تنبیہ کی گئی ہے تاکہ ان سے علیحدہ رہیں۔ چنانچہ (اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا) سے لے کر (يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ) تک یہود کے قبائح مذکور ہو چکے ہیں۔ بیچ میں ایک خاص مناسبت سے شراب و جنابت کی حالت میں نماز سے ممانعت فرما کر پھر یہود کے قبائح کا بیان ہے۔ یہود کو کتاب کا کچھ حصہ ملا یعنی

[illegible]

مسلمانوں سے خطاب

[illegible]

مِنَ الَّذِينَ هَادُوا يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ

وہ لوگ جو یہودی ہیں پھیرتے ہیں بات کو اس کے

عَن مَّوَاضِعِهِ

ٹھکانے سے

یہودی اہل علم کی خیانت

[illegible]

یہود و نصاریٰ کو چیلنج

[illegible]

وَيَقُولُونَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ

اور کہتے ہیں ہم نے سنا اور نہ مانا اور کہتے ہیں کہ

غَيْرَ مُسْمَعٍ وَرَاعِنَا لَيًّا بِأَلْسِنَتِهِمْ

سن نہ سنایا جائیو اور کہتے ہیں راعنا موڑ کر اپنی زبان کو

وَطَعْنًا فِي الدِّينِ

اور عیب لگانے کو دین میں

یہودیوں کی منافقت

[illegible]

[illegible]

عین حضرت کی خدمت میں آئے تو یہودی ... [illegible]

[illegible]

... ہی گمراہ ہو جاتے ہیں۔ (مجموعہ ...)

[illegible]

وَلَوْ أَنَّهُمْ قَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاسْمَعْ
[illegible]
وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ وَأَقْوَمَ وَلَٰكِنْ
... ان کے حق میں اور درست لیکن
لَعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ
[illegible]
إِلَّا قَلِيلًا
[illegible]

یہود کی بیہودگی پر تبصرہ

[illegible]

[illegible]

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا
[illegible]
مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ
[illegible]
وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ
[illegible]
كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ
[illegible]
مَفْعُولًا
[illegible]

یہود سے خطاب

[illegible]

اصحاب سبت کا قصہ سورہ اعراف میں مذکور ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عبداللہ بن سلام:

روایت میں آیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے جب یہ آیت سنی تو گھر جانے سے پہلے ہی خدمت گرامی میں حاضر ہو گئے اور ان کا یہ حال تھا کہ کہیں چہرہ بگڑ نہ جائے چہرہ پر ہاتھ رکھے ہوئے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے امید نہ تھی کہ (صحیح سالم) گدی کی طرف منہ پلٹ جانے سے پہلے میں یہاں تک پہنچ سکوں گا۔ پھر مسلمان ہو گئے۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ
بیشک اللہ نہیں بخشتا اس کو جو اس کا شریک کرے اور بخشتا ہے
مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ
اس سے نیچے کے گناہ جس کے چاہے اور جس نے شریک ٹھہرایا
بِاللَّهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا عَظِيمًا
اللہ کا اس نے بڑا طوفان باندھا

مشرک یعنی مشرک کبھی نہیں بخشا جاتا بلکہ اس کی سزا دائمی ہے علاوہ شرک سے نیچے جو گناہ ہیں صغیرہ ہوں یا کبیرہ وہ قابل مغفرت ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کی مغفرت چاہے اس کے صغیرہ کبیرہ گناہ بخش دیتا ہے یا کچھ عذاب دے کر یا بلا عذاب دیئے۔ اشارہ اس کی طرف ہے کہ یہود چونکہ کفر اور شرک میں مبتلا ہیں وہ مغفرت کی توقع نہ رکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

دین کی خریداری:

طبرانی اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ ایک شخص نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرا ایک بھتیجا ہے جو ارتکاب محرمات سے باز نہیں آتا۔ فرمایا اس کا دین کیا ہے اس نے عرض کیا نماز پڑھتا ہے توحید کا قائل ہے۔ فرمایا (اس کے دین کا اس سے سودا کرو۔ اول اس سے ہبہ کی درخواست کرو کہ وہ اپنا دین تم کو بطور ہبہ دے دے اگر انکار کرے تو اس سے اس کا دین خریدو یعنی اس سے کہو کہ وہ اپنی دینداری تم کو بیچ دے یا تمہارے ہاتھ فروخت کر دے۔ اگر وہ بیچنے سے بھی انکار کرے تو معلوم ہو جائے گا کہ اس کو اپنا دین دنیا سے زیادہ پیارا ہے) اس شخص نے جا کر کہا مگر اس نے اپنی دینداری کا سودا کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے معاملہ میں تو میں نے اس کو بڑا حریص پایا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

شرک کی صورتیں:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ﴾ اللہ تعالیٰ شرک کو معاف نہیں کرے گا۔ خواہ شرک کسی طرح کا ہو کہ کسی دوسرے کو واجب الوجود (ازلی ابدی لاثانی) مانا جائے یا معبود قرار دیا جائے۔ لیکن شرک کی عدم مغفرت اس شرط پر ہے کہ مرتے دم تک مشرک شرک پر قائم رہا ہو۔ لیکن اگر شرک سے توبہ کر لی ہو اور ایمان لے آیا ہو تو گزشتہ شرک و معصیت کو محو کر دیا جائے گا اور اس پر علماء کا اجماع بھی ہے۔

گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہو جاتا ہے گویا اس نے کبھی گناہ ہی نہ کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ يَنْتَهُوا يُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ﴾

کافروں سے کہہ دو کہ اگر وہ کفر سے باز آ جائیں گے تو گزشتہ کفر ان کا معاف کر دیا جائے گا۔

﴿وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ اور شرک کے علاوہ (صغیرہ و کبیرہ گناہ) جس کے چاہے گا بخش دے گا۔ خواہ گناہ کبیرہ توبہ کے بعد بخشے یا بغیر توبہ کے۔ گناہ کا مرتکب اگر بغیر توبہ کے مر جائے تو اس کی مغفرت اللہ کی مشیت پر موقوف ہے۔ معتزلہ کے قول کی غلطی ثابت ہوتی ہے کہ مومن کا ہر گناہ جب بلا مغفرت رہ جاتا ہے تو ایمان ختم ہو جاتا ہے۔ کوئی گناہ خواہ کتنا ہی بڑا ہو جیسے قتل ناحق وغیرہ اس سے نیک عمل باطل نہیں ہو جاتے۔

وحشی بن حرب کا قصہ:

بغوی نے کلبی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ آیت وحشی بن حرب اور اس کے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی تھی۔ وحشی نے حضرت حمزہؓ کو شہید کر دیا۔ حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے پر اس سے آزادی کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن یہ وعدہ پورا نہیں کیا گیا۔ جب وہ لوٹ کر مکہ پہنچا تو اس کو اور اس کے ساتھیوں کو حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے پر بڑی پشیمانی ہوئی اور ان لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا کہ ہم کو اپنی کی ہوئی حرکت پر پشیمانی ہے اور مسلمان ہونے سے ہم کو صرف یہ امر مانع ہے کہ جب آپ مکہ میں تھے تو یہ (آیت) پڑھتے تھے۔ ﴿وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ﴾ الخ۔ ہم نے دوسروں کو بھی معبود بنایا اور ناحق قتل بھی کیا ہے اور زنا بھی کیا ہے۔ اگر یہ

بات ہو گئی تو ہم آپ کے پیچھے ہو جانے والے ہیں۔

(الا من تاب وامن وعمل عملا صالحا) ۔ یہ آیت نازل ہوئی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں آیات وحشی اور اس کے ساتھیوں کو لکھ بھیجیں۔ ان لوگوں نے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا کہ یہ شرط بہت سخت ہے، ہم ڈرتے ہیں کہ ہم سے عمل صالح نہ ہو سکے گا۔ اس پر یہ آیت (ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ) الخ نازل ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ان کو لکھ بھیجی۔ اس پر انہوں نے کہا اس آیت میں تو مغفرت مشیت کے ساتھ وابستہ کر دی گئی ہے، ہم کو اندیشہ ہے کہ ہم ان لوگوں میں سے نہ ہوں جن کی مغفرت کی مشیت ہوئی۔ اس پر آیت (قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم) الخ نازل ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ان لوگوں کو لکھ بھیجی تو وہ لوگ مطمئن ہو گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا اسلام قبول کر لیا۔ پھر وحشی سے دریافت فرمایا کہ حمزہ کو کس طرح قتل کیا۔ وحشی نے کیفیت بیان کی، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اپنی صورت نہ دکھانا۔ چنانچہ وحشی شام کو چلا گیا اور مرتے دم تک وہیں رہا۔

آیت (ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء) وحشی کے حق میں نازل ہوئی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وحشی ہی ان لوگوں میں سے ہے جن کی مغفرت کی مشیت ہو چکی ہے۔

شرک کے علاوہ سب گناہ معاف ہو سکتے ہیں۔

بغوی نے بحوالہ کلبی حضرت ابن عمرؓ کا قول نقل کیا ہے جب آیت قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم الخ نازل ہوئی تو ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا اور شرک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ حضور نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس نے پھر دو یا تین بار کہا۔ اس وقت یہ آیت (ان اللہ لا یغفر) الخ نازل ہوئی۔ بغوی نے مسند احمد بن حنبل کی روایت سے حضرت ابن عمرؓ کا قول نقل کیا ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کسی کبیرہ گناہ کرنے والے کی حالت میں (بغیر توبہ کے) مر جاتا تو ہم یہ کہتے تھے یہ دوزخی ہے۔ یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ اس کے بعد ہم (مرتکب کبیرہ کے متعلق قطعی فیصلہ کی) شہادت دینے سے رک گئے۔

سب سے زیادہ امید آیت

بغوی نے یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول روایت میں آیا ہے کہ قرآن مجید میں سب سے زیادہ امید والی آیت یہ ہے [illegible]

حدیث قدسی

حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے بندے تو جب تک میری عبادت کرتا رہے گا اور مجھ سے امید رکھے گا میں بھی تیرے گناہ بخشتا رہوں گا اور مجھے کچھ پرواہ نہیں ہوگی۔ اے میرے بندے اگر تو ساری زمین بھرکر خطائیں لے کر میرے پاس آئے گا تو میں زمین بھر کر مغفرت سے تجھ سے ملوں گا بشرطیکہ تو نے میرے ساتھ شرک نہ کیا ہو۔ [illegible]

شرک کی تعریف اور چند صورتیں۔

شرک کی تعریف اور اس کی چند صورتیں۔

قولہ تعالیٰ (ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ) اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے بارے میں جو عقائد ہیں اس طرح کا کوئی عقیدہ کسی مخلوق کے لئے رکھنا شرک ہے۔ اس کی چند تفصیلات یہ ہیں۔

علم میں شریک ٹھہرانا۔

کسی بزرگ یا پیر کے ساتھ یہ اعتقاد رکھنا کہ ہمارے سب حال کی اس کو ہر وقت خبر ہے۔ نجومی، پنڈت سے غیب کی خبریں دریافت کرنا یا کسی بزرگ کے کلام میں فال دیکھ کر اس کو یقینی سمجھنا یا کسی کو دور سے پکارنا اور یہ سمجھنا کہ اس کو خبر ہو گئی یا کسی کے نام کا روزہ رکھنا۔

اشراک فی التصرف۔

کسی کو نفع یا نقصان کا مختار سمجھنا، کسی سے مرادیں مانگنا، روزی اور اولاد مانگنا۔

عبادت میں شریک ٹھہرانا۔

کسی کو سجدہ کرنا، کسی کے نام کا جانور چھوڑنا، چڑھاوا چڑھانا، کسی کے نام کی منت ماننا، کسی کی قبر یا مکان کا طواف کرنا، خدا کے حکم کے مقابلہ میں کسی دوسرے کے قول یا رسم کو ترجیح دینا، کسی کے روبرو رکوع کی طرح جھکنا، کسی کے نام پر جانور ذبح کرنا، دنیا کے کاروبار وغیرہ کی تاثیر کسی کی طرف منسوب کرنا [illegible]

خوشخبری:

امام ترمذی، ابو حنیفہ وغیرہ نے یہ بھی روایت کی ہے کہ حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ میں رات کو نکلا، دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنہا تشریف لے جا رہے ہیں تو مجھے خیال ہوا کہ شاید اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو ساتھ لے جانا نہیں

[illegible]

لاعلم مرنے والے

[illegible]

[illegible]

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ أَنفُسَهُم بَلِ

[illegible]

اللَّهُ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا

[illegible]

یہودیوں کی ڈھٹائی

[illegible]

سببِ نزول

[illegible]

انظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ

[illegible]

وَكَفَىٰ بِهِ إِثْمًا مُّبِينًا

[illegible]

اللہ پر تہمت کا وبال

[illegible]

ہونے کے لئے بالکل کافی ہے۔ (تفسیر مظہری)

یہودیوں کا دعویٰ:

بغوی نے تفسیر کلبی کا قول نقل کیا ہے کہ چند یہودی جن میں بحری بن عمرو، نعمان بن اوفیٰ اور مرحب بن زید بھی تھے، اپنے بچوں کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا ان پر کوئی گناہ ہو سکتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ کہنے لگے تو ہم بھی انہی کی طرح ہیں، دن میں ہم جو گناہ کرتے ہیں ان کو رات میں معاف کر دیا جاتا ہے اور رات کو جو کرتے ہیں دن میں ان کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔

یعنی اس آیت کا سبب نزول اگرچہ خاص ہے مگر حکم عام ہے۔

خوشامد:

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ تم میں سے کبھی آدمی اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کا دین اس کے ساتھ ہوتا ہے، اور وہ دوسرے کے گناہوں سے پاک ہوتا ہے، چنانچہ طبرانی کی روایت میں حضرت ابن مسعودؓ کا قول آیا ہے کہ کوئی شخص صبح کو اپنے گھر سے نکلتا ہے اور کسی ایسے شخص سے ملتا ہے جس کے ہاتھ میں نہ نفع ہے نہ نقصان، اور وہ اس کی تعریف کرتے ہوئے قسم کھا کر کہتا ہے کہ خدا کی قسم آپ تو ایسے ہیں ایسے ہیں، حالانکہ وہ اس کی کسی حاجت کو پورا نہیں کر سکتا، پھر جب گھر لوٹتا ہے تو اس کے دین کا کوئی حصہ اس کے پاس باقی نہیں رہتا۔ یہ فرمانے کے بعد حضرت ابن مسعودؓ نے آیت (أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ أَنفُسَهُم) تلاوت فرمائی۔

مسئلہ: کسی کے پاکیزگی بیان کرنا سوائے پیغمبروں کے یا جن کی پاکیزگی کا ثبوت نصوص سے ہو، جائز نہیں، کیونکہ بغیر علم کے کوئی فیصلہ درست نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ، یعنی جس بات کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ۔ ہاں اپنی طرف سے کسی کے متعلق حسن ظن رکھنا اور کہہ دینا دوسری بات ہے، کسی کے پاک ہونے کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے نہ کسی کو اپنے منہ سے پاک کہنے سے تو اس کے اندر غرور اور پندار پیدا ہو جاتا ہے، اس لئے اس بات کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ ہاں یہ بات الگ ہے کہ کسی نے اللہ کا قرب اور اس کی طرف سے ثواب حاصل کیا ہو، ممانعت اس کی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے ہی اس کا ذکر کیا جائے۔

(بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّي) بلکہ اللہ جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے، یعنی گناہوں سے پاک کر دیتا ہے اور صلاحیت عطا کرتا ہے۔

(فَتِيلًا) جس دھاگے کو کہا جاتا ہے جو کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں ہوتا ہے اور انسان کے اندرونی حالات سے بھی اللہ پوری طرح واقف ہے۔

اپنی خصوصیت کے ذکر کی جائز صورت:

(وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ) اور اگر وہ اس خبر کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان لوگوں میں ایسے امور کو سمجھتے ہیں ان کے حوالہ پر رکھتے۔ یعنی اکابر صحابہ جیسے حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ وغیرہم کی طرف رجوع کرتے۔ چونکہ یہ حضرات جو بصیرت رکھتے تھے اس لئے اس کو اولی الامر فرمایا۔ (مظہری)

میں سے ایسی باتیں نکالنے جانتے تھے یا یوں کہا جائے کہ لوگوں کو کوئی حکم اپنے سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے مشورہ لیا کرتے تھے یا اولی الامر کے بیان سے مراد یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ان کی تعداد کرنے کا حکم دے رکھا تھا ایک مرتبہ دیا تھا کہ (زمین والوں میں سے) تیر ... ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں۔ روایت کیا حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں کی اقتدا کرو جو میرے بعد ہوں گے یعنی ابوبکرؓ و عمرؓ۔ رواہ الترمذی۔ (تفسیر مظہری)

قیاس واجتہاد اور تقلید ائمہ کا ثبوت:

اس آیت سے معلوم ہوا کہ جن مسائل میں کوئی نص نہ ہو ان کے احکام اجتہاد و قیاس کے اصول پر قرآنی حیثیت سے نکالے جائیں، کیونکہ اس آیت میں اس بات کا حکم دیا گیا کہ مسائل جدیدہ کے حل میں اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں تو ان کی جانب رجوع کرو اور اگر وہ موجود نہ ہوں تو علماء اور فقہاء کی طرف رجوع کرو، کیونکہ وہ احکام کو مستنبط کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

اس بیان سے چند امور مستفاد ہوتے ہیں

ایک یہ کہ فقہاء اور علماء کی جانب عدم نص کی صورت میں رجوع کیا جائیگا۔

دوسرے یہ کہ احکام الٰہی کی دو قسمیں ہیں۔ بعض وہ ہیں جو منصوص اور صریح ہیں اور بعض وہ ہیں جو غیر صریح اور مبہم ہیں۔ جن کو آیات کی گہرائیوں میں اللہ تعالیٰ نے ودیعت کر رکھا ہے۔

تیسرے یہ کہ علماء کا یہ فریضہ ہے کہ وہ ایسے معانی کو اجتہاد و قیاس کے ذریعہ مستنبط کریں۔

چوتھے یہ کہ عوام کے لئے ضروری ہے کہ وہ ان مسائل میں علماء کی تقلید کریں۔ (معارف القرآن للکاندھلویؒ)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی استنباط واستدلال کے مکلف تھے

(یَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ) اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی دلائل کے ذریعہ احکام کے استنباط کے مکلف تھے اس لئے کہ پہلے آیت میں دو آدمیوں کی طرف رجوع کرنے کا حکم دیا گیا۔ ایک رسول کریمؐ کی طرف اور دوسرے اولی الامر کی طرف اس کے بعد فرمایا (لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ) اور یہ حکم عام ہے، جس میں مذکورہ فریقین میں سے کسی کی تخصیص نہیں ہے۔ لہٰذا اس سے ثابت ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بھی استنباط احکام کی مکلف تھی۔ (احکام القرآن للجصاص)

فائدہ: اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ اس آیت سے معروف استنباط مراد ہے نہ کہ دشمن سے امن اور خوف کے بارے میں ہم خود تحقیق نہیں کرتے بلکہ جو اہل علم اور رائے ہیں ان کی طرف رجوع کرتے ہیں وہ جو حکم دیں اس پر عمل کرو، ظاہر ہے کہ مسائل شرعیہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف)

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اس کی مہربانی
لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝
تو البتہ تم پیچھے ہو لیتے شیطان کے مگر تھوڑے

احکام الٰہی پر شکر کرو:

یعنی اگر اپنے فضل سے تمہاری اصلاح اور تربیت کے لئے رسول نہ بھیجتا اور تم کو قرآن نہ دیتا جو سب سے بہتر ہدایت اور تنبیہ کرنے والا ہے اگر اس موقع پر رسول اور صاحب الامر کی طرف رجوع کرنے کو نہ فرمایا تو تم گمراہ ہو جاتے مگر چند خواص جو کامل العقل اور کامل الایمان ہیں ان تعلیمات کو اللہ تعالیٰ کا انعام سمجھ کر شکر کرو اور پوری تعمیل کرو۔ (تفسیر عثمانی)

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا
سو تو لڑ اللہ کی راہ میں تو ذمہ دار نہیں مگر
نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ
اپنی جان کا اور تاکید کر مسلمانوں کو قریب ہے کہ
اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
اللہ بند کر دے لڑائی کافروں کی

جہاد کی تاکید:

یعنی اگر کافروں کی لڑائی سے یہ منافق اور کچے مسلمان جن کا ذکر اوپر گزر رہا ہے ڈرتے ہیں تو اے رسول تو تنہا اپنی ذات سے جہاد کرنے میں توقف مت کر اللہ تعالیٰ تیرا مددگار ہے اور مسلمانوں کو جہاد کی تاکید کر دے جو ساتھ دے اس کی پرواہ مت کر۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کی لڑائی کو روک دے گا۔

غزوۂ بدر دوم

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عزم:

شانِ نزول

جب غزوہ احد شوال میں ہو چکا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

قرآنی احکام کا حسنِ اسلوب:

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا

اللہ تعالیٰ کا عذاب بہت سخت ہے

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ

مِنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ
ایک حصہ اور جو کوئی سفارش کرے بری بات میں اس پر بھی ہے
لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ
ایک بوجھ اس میں سے

سفارش

یعنی اگر کوئی شخص کسی کی جائز سفارش کرے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی [illegible] فرمایا کرتے تھے، [illegible] سے مسلمانوں کا جو [illegible] صورت میں ثواب اور دوسری صورت میں [illegible] اگر کوئی [illegible] کی سفارش کرے [illegible] سے بھی [illegible] کوئی [illegible] کی سفارش کر کے [illegible] حقوق [illegible] [illegible]

[illegible] سفارش کی [illegible] اسی طرح [illegible] سفارش کی [illegible] [illegible] کی [illegible] قرآن میں [illegible] ہے۔

[illegible] مسلمان کی حاجت روائی کے [illegible] شفاعت [illegible] والے کو بھی [illegible] ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ جب کوئی شخص اپنے بھائی مسلمان کے [illegible] ہے تو [illegible] کہتا ہے [illegible] شخص کو بھی اللہ تعالیٰ [illegible] بھی [illegible] فرماتا ہے۔

[illegible] کے اعتبار سے مطلب [illegible] رازی کی تفسیر [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] ہے جتنا [illegible] کے لئے کوشش [illegible] کی سفارش کرنے [illegible] ہو جائے گا [illegible] جائے [illegible] البتہ [illegible] کرنے والے [illegible] میں ثواب [illegible] ہے۔

حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

لَا یَزَالُ اللّٰہُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا دَامَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ

"یعنی اللہ تعالیٰ اس وقت تک اپنے بندہ کی امداد میں لگا رہتا ہے جب تک وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کی امداد میں لگا رہتا ہے"

[illegible]

مومن کو قتل کرنے کی سزا

(یکن لہ کفل منہا) اس کے لئے بری سفارش [illegible] حصہ ہوگا۔ حضرت [illegible] سے [illegible] کسی مسلمان کو [illegible] مدد کی [illegible] میں آدھی بات [illegible] جب [illegible] تو اس کی آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا اللہ کی رحمت سے محروم [illegible]

سفارش پر ثواب ملتا ہے

حضرت ابو موسیٰ اشعری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کوئی شخص سوال کرتا [illegible] تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] سفارش کرو تم کو ثواب ملے گا اور اللہ اپنے نبی کی زبان پر جو چاہتا ہے جاری فرماتا ہے۔ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے [illegible] بتانے والا بھی بھلائی کرنے والے کی طرح ہے۔ (رواہ [illegible]) [illegible] طبرانی نے حضرت ابن مسعود [illegible] [illegible]

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا
اور ہے اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا

[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] ہر چیز کا [illegible]

[illegible] ہر [illegible]

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ
اور جب تم کو دعا دے کوئی تو تم بھی دعا دو اس سے بہتر
اَوْ رُدُّوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا
یا وہی کہو الٹ کر بیشک اللہ ہے ہر چیز کا حساب کرنے والا

اچھی سفارش کی ایک صورت

[illegible] مسلمان [illegible] شفاعت [illegible] ثواب [illegible] کو بھی اس کا ثواب [illegible]

[illegible]

لڑکوں اور عورتوں کو سلام:

[illegible]

گھر والے کا سلام:

[illegible]

خالی گھر کا سلام:

[illegible]

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت [illegible]

[illegible]

کلام سے پہلے سلام

[illegible] السلام قبل الکلام [illegible]

[illegible] پر سلام

[illegible]

رخصت کے وقت سلام:

[illegible]

کسی کا سلام پہنچانا:

[illegible] وعلیہ السلام [illegible]

کافروں کو سلام:

[illegible]

یہودی کے مجمع میں مسلمانوں کو سلام کیا جائے۔ شیخین نے حضرت اسامہ بن زید کی مرفوع حدیث اس مضمون کی نقل کی ہے لیکن سلام کرتے وقت نیت مسلمان کو سلام کرنے کی ہو۔ کافر کو ابتدائی سلام نہ ہو۔

ذمی کافر کا سلام:

ذمی کافروں کے سلام کا جواب دینے میں کوئی حرج نہیں مگر صرف علیک کہے۔ اس سے زیادہ نہ کہے کیونکہ حضرت انسؓ کی روایت سے شیخین نے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم کو اہل کتاب سلام کریں تو وعلیکم کہہ دو۔

نماز اور خطبہ میں سلام:

نماز اور خطبہ کے دوران سلام کا جواب دینا مکروہ ہے۔ اگر دے دیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ بلکہ اسی طرح قرآن پڑھتے وقت، حدیث نقل کرتے وقت، علمی مذاکرہ کے وقت، اذان اور اقامت کہتے وقت سلام کا جواب دینا واجب نہیں بلکہ مکروہ ہے۔

مومن کے چھ حق:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کے مومن پر چھ حق ہیں، جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے، مر جائے تو جنازہ میں شرکت کرے، دعوت کرے تو قبول کرے، ملاقات کے وقت سلام کرے، اس کو چھینک آئے تو یرحمک اللہ کہے، حاضر غائب اس کی خیر خواہی کرے۔ رواہ النسائی۔ ترمذی اور دارمی نے حضرت علیؓ کی روایت سے بھی یہ حدیث نقل کی ہے لیکن اس روایت میں خیر خواہی کرنے کا ذکر نہیں ہے بلکہ چھٹے نمبر پر یہ ہے کہ جو بات اپنے لئے پسند کرے وہی اس کے لئے پسند کرے۔ حاصل دونوں کا ایک ہی ہے۔

راستے کا حق:

حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں پر بیٹھنے سے اجتناب کرو۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم کو بیٹھکوں میں بیٹھنا ہی پڑتا ہے ہم وہاں بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں۔ فرمایا اگر وہاں بیٹھے بغیر نہیں رہ سکتے تو راستہ کا حق ادا کرو۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راستہ کا کیا حق ہے؟ فرمایا نظر نیچی رکھنا، تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹانا، سلام کا جواب دینا، بھلائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔ متفق علیہ۔ اسی قصہ میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں آیا ہے اور راستہ بتانا۔ رواہ ابو داؤد۔

اسی قصہ میں حضرت عمرؓ کی روایت سے آیا ہے اور مظلوم کی مدد کرو اور بھٹکے ہوئے کو راستہ بتاؤ۔ رواہ ابو داؤد۔

سلام کی تکمیل:

سلام کی تکمیل مصافحہ اور معانقہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے باہم سلام کا مکمل ہونا مصافحہ ہے۔ رواہ احمد والترمذی عن ابی امامۃ۔

حضرت ابوذرؓ کا بیان ہے کہ جب بھی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا آپ نے مجھ سے مصافحہ ضرور کیا۔ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلانے کو میرے گھر کسی کو بھیجا۔ میں گھر پر موجود نہ تھا۔ گھر آ کر مجھے اطلاع ملی میں فوراً خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تخت پر تشریف فرما تھے۔ مجھے چمٹا لیا اور یہ معانقہ بہت ہی عمدہ تھا۔ رواہ ابو داؤد۔

شعبی کا بیان ہے کہ جعفر بن ابی طالب (جب حبشہ سے) واپس آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا استقبال کیا اور ان کو چمٹا لیا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان چوما۔ رواہ ابو داؤد والبیہقی فی شعب الایمان مرسلاً لیکن شرح السنۃ میں بیاضی کی روایت سے یہ حدیث متصل آئی ہے۔

شرح السنۃ میں حضرت جعفر بن ابی طالب کا بیان آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا استقبال کیا اور معانقہ فرمایا۔

سعید بن منصور اور ابن ابی حاتم نے حضرت سعد بن عبادہ کی روایت سے بیان کیا کہ (ایک روز) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کو بدکاری کرتے ہوئے اپنی بیوی کے ساتھ پائے تو کیا کرے؟ ہے جو مجھے چار گواہ نہ ملیں تو کیا میں اس کو چھوڑ دوں؟ قبیلہ کے لوگوں نے کہا ہم اس کو قتل کر دیں گے اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیں گے تو ہم حکم کی تعمیل کریں گے۔ یہ سن کر حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ وہ شخص تم میں سے نہیں ہے۔ کسی نے کہا یہ منافق ہے منافق سے مجھے محبت ہے۔ یہ سن کر ایک صحابی نے کھڑے ہو کر کہا تو خاموش ہو جا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہم کو جو حکم ملے ہم اس کی تعمیل کریں گے۔

اس پر یہ مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

آدم کا سلام

[illegible]

سلام اور اسلام

(وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا)

[illegible]

[illegible] سے ان کے لیے بھی [illegible]

[illegible] ایک مسلمان سے [illegible] ملاقات [illegible] سلام [illegible] ملاقات کے وقت سلام کرنا مسنون [illegible] رخصت کے وقت بھی سلام کرنا مسنون اور ثواب ہے [illegible]

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تم کو ضرور جمع کرے گا قیامت
الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَمَنْ اَصْدَقُ
کے دن اس میں کوئی شک نہیں اور اللہ سے بڑھ کر
مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا
کس کی بات

قیامت کا اجتماع یقینی ہے

[illegible]

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ
پھر تم کو کیا ہو گیا کہ منافقوں کے معاملہ میں دو فریق ہو رہے ہو اور اللہ نے
اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا
ان کو الٹ دیا بسبب ان کے اعمال کے کیا تم چاہتے ہو کہ راہ پر لاؤ
مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ
جس کو گمراہ کیا اللہ نے اور جس کو گمراہ کرے اللہ تو ہرگز نہ پائے
تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا
تو اس کے لیے کوئی راہ

منافقوں کی تدبیر اور مسلمانوں کی مختلف آراء

ان منافقوں میں [illegible] حضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] مسلمانوں نے [illegible]

ان کی [illegible] مسلمانوں کی [illegible] جب مسلمانوں [illegible] بعض مسلمانوں [illegible] بعضوں نے [illegible] آیت نازل ہوئی [illegible]

[illegible] مسلمان [illegible] ایمان لائے [illegible]

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ
وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی کافر ہو جاؤ جیسے وہ کافر ہوئے تو تم سب
سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى
ایک جیسے ہو جاؤ سو تم ان میں سے کسی کو دوست مت بناؤ جب تک
يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا
وہ ہجرت نہ کریں اللہ کی راہ میں پھر اگر وہ اس کو قبول نہ کریں تو
فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ
ان کو پکڑو اور مار ڈالو جہاں پاؤ
وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا
اور نہ بناؤ ان میں سے کسی کو دوست اور نہ مددگار

منافقوں کے بارے میں حکم

[illegible]

قبول کریں گے وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ تم بھی ان کی طرح کافر ہو کر ان کے برابر ہو جاؤ۔ سو اب تم کو چاہیے کہ ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ جب تک ایمان قبول کر کے اپنا وطن چھوڑ کر تمہارے پاس نہ چلے آئیں۔ یہاں اس وقت تک ان کو دوست نہ بناؤ اللہ کے دین کے کام میں ان کو شامل رکھو اور ان کی حمایت اور اعانت کرو اور اگر وہ لوگ ایمان اور ہجرت کو قبول نہ کریں تو ان کو قید کرو اور قتل کرو جہاں پاؤ اور ان میں سے کسی کو دوست اور مددگار نہ بناؤ۔

(حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ) کا مطلب (خلاصہ) یہ ہے کہ محض ثواب کی امید پر اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں۔

ہجرت کی قسمیں:

فاضل نے لکھا ہے کہ ہجرت تین طرح کی ہوتی ہے

(۱) وہ ہجرت جو آغاز اسلام میں مسلمانوں نے کی تھی

(۲) مجاہدوں کی ہجرت تھی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف ثواب کی امید سے مدینہ جہاد کے لئے نکلے

(۳) باقی مسلمانوں کا تمام ممنوعات الہیہ کو ترک کرنا۔

سراقہ بن مالک مدلجی کہتے ہیں جب جنگ بدر اور جنگ احد میں مسلمان غالب آگئے اور میرے پاس کے لوگوں تک اسلام کی خبر پہنچ گئی تو مجھے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ ہے کہ خالد بن ولید کو میری قوم بنی مدلج کی سرکوبی کے لئے روانہ فرمائیں۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا میں آپ کو واسطہ دیتا ہوں لوگوں نے مجھے خاموش رہنے کو کہا لیکن حضور نے فرمایا اسے چھوڑ دو کہو کیا کہنا چاہتے ہو۔ میں نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ میری قوم کی طرف لشکر بھیجنے والے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ان سے صلح کر لیں۔ اس بات پر کہ اگر قریش اسلام لے آئیں تو وہ بھی مسلمان ہو جائیں گے اور اگر اسلام نہ لائیں تو ان پر بھی آپ کا حملہ نہ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا ان کے ساتھ جاؤ اور ان کے کہنے کے مطابق ان کی قوم سے صلح کر لو۔ پس یہ صلح ہو گئی کہ وہ حضور کے مخالفوں کی مدد نہ کریں گے اور اگر قریش اسلام لائیں تو یہ بھی مسلمان ہو جائیں گے۔ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ وہ بھی چاہتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو جیسے وہ کفر کرتے ہیں پھر تم اور وہ برابر ہو جاؤ۔

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ
مگر وہ لوگ جو جا ملتے ہیں ایک قوم سے کہ تم میں اور ان میں
وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ
عہد ہے یا آئے ہیں تمہارے پاس کہ تنگ
صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ
ہو گئے ہیں ان کے دل تمہاری لڑائی سے اور اپنی قوم کی لڑائی سے
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ
اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو تم پر زور دے دیتا تو ضرور لڑتے تم سے
فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا
پھر اگر یکسو رہیں وہ تم سے پھر تم سے نہ لڑیں اور ڈالیں
اِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ
تم پر صلح تو اللہ نے نہیں دی تم کو ان پر
سَبِيْلًا ۝
شیخ الہند

منافقوں کیلئے تحفظ جان کی دو صورتیں

یعنی اس حکم سے دو قسم کے لوگ مستثنیٰ ہیں قید اور قتل سے بچا لئے گئے ایک تو وہ کہ جن لوگوں سے تمہاری صلح ہو چکی ہے ان سے ان کا بھی معاہدہ اور صلح ہو، دوسرے وہ جو دل تنگ ہو کر تمہارے پاس آئیں اور دل سے یہ چاہیں کہ نہ تم سے لڑیں نہ اپنی قوم کے طرفدار بن کر تم سے لڑیں ان کو قتل مت کرو اور اللہ کی مصلحت سے ان کو تمہارے مقابلہ پر قائم نہیں کیا ورنہ وہ تم سے بھی لڑتے اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو تم پر مسلط کر دیتا پھر اگر وہ تم سے یکسو رہیں تو اللہ نے تم کو ان پر کوئی راہ نہیں دی۔

[illegible] کا واقعہ

لوگوں نے نقل کیا ہے کہ [illegible] (ان سے بھی یہی بات مروی ہے) ہجرت سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گیا تھا لیکن بعد میں وہ مدینہ ہی آ گیا میرا مسلمان ہو جانا

[illegible]

ستجدون اخرين يريدون ان يامنوكم

[illegible]

ويامنوا قومهم كلما ردوا الى الفتنة

[illegible]

اركسوا فيها فان لم يعتزلوكم ويلقوا

[illegible]

اليكم السلم ويكفوا ايديهم فخذوهم

[illegible]

واقتلوهم حيث ثقفتموهم واولئكم

[illegible]

جعلنا لكم عليهم سلطنا مبينا

[illegible]

بدعہد لوگ:

[illegible]

(تفسیر [illegible])

سبب نزول: [illegible]

[illegible]

[illegible]

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا

[illegible]

قتلِ خطا کے احکام

[illegible]

وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

[illegible]

مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ

[illegible]

اَنْ يَّصَّدَّقُوْا فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ

[illegible]

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ

[illegible]

وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ

[illegible]

فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

[illegible]

مُّؤْمِنَةٍ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ

[illegible]

مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ

[illegible]

عَلِيْمًا حَكِيْمًا

[illegible]

قتلِ خطا [illegible]

[illegible]

خون بہا کی رقم

[illegible]

قتلِ خطا کی دو صورتیں:

[illegible]

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

[illegible]

خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ

پڑا رہے گا اسی میں اور اللہ کا اس پر غضب ہوا اور اس کو لعنت کی

وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا

اور اس کے واسطے تیار کیا بڑا عذاب

جان بوجھ کر مومن کا قتل:

یعنی اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو غلطی سے نہیں بلکہ قصداً اور مسلمان معلوم کرنے کے بعد قتل کرے گا تو اس کے لئے آخرت میں جہنم اور لعنت اور عذاب عظیم ہے کفارہ سے اس کی رہائی نہیں ہوگی۔ باقی رہی دنیوی سزا وہ سورۂ بقرہ میں گزر چکی۔

فائدہ: جمہور علماء کے نزدیک خلود اس کے لئے ہے جو مسلمان کے قتل کو حلال سمجھے کیونکہ اس کے کفر میں شک نہیں یا خلود سے مراد یہ ہے کہ مدت دراز تک جہنم میں رہے گا یا وہ شخص مستحق تو اسی سزا کا ہے آگے اللہ مالک ہے جو چاہے کرے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

مومن کا قتل کب جائز ہوتا ہے:

صحیحین میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کسی مسلمان کا جو اللہ کے ایک ہونے کی اور میرے رسول ہونے کی شہادت دیتا ہو خون بہانا حلال نہیں مگر تین حالتوں میں۔ ایک تو یہ کہ اس نے کسی کو قتل کر دیا، دوسرے شادی شدہ ہو کر زنا کیا، تیسرے دین اسلام کو چھوڑ دینے والا جماعت سے فرقت کرنے والا۔

ایک باندی کا واقعہ:

ایک شخص اپنی سیاہ فام باندی کو لے کر حاضر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہیں اور کہتے ہیں میرے ذمے ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے۔ اگر یہ مسلمان ہو تو میں اسے آزاد کر دوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس باندی سے پوچھا کیا تو گواہی دیتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا اس بات کی بھی گواہی دیتی ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ اس نے کہا ہاں۔ فرمایا کیا مرنے کے بعد جی اٹھنے کی بھی تو قائل ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے آزاد کر دو۔ اس کی اسناد صحیح ہے۔

حضرت خالد بن ولید کا واقعہ:

صحیح بخاری شریف میں ہے بنو جذیمہ کی جنگ کے لئے حضرت خالد بن ولید کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر پر سردار بنا کر بھیجا انہوں نے جا کر انہیں دعوت اسلام دی۔ انہوں نے دعوت تو قبول کر لی لیکن بجائے "اسلمنا" یعنی ہم مسلمان ہوئے کے "صبانا" کہا یعنی ہم صابی ہوئے۔ خالد نے انہیں قتل کرنا شروع کر دیا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھا کر جناب باری تعالیٰ میں عرض کی یا اللہ! خالد کے اس فعل سے میں اپنی بیزاری اور برأت تیرے سامنے ظاہر کرتا ہوں۔ پھر حضرت علی کو بلا کر انہیں بھیجا کہ جاؤ ان کے مقتولوں کی دیت چکاؤ اور جو ان کا مالی نقصان ہوا ہے اس کی بھی کوڑی کوڑی چکا آؤ۔

مومن کے قتل کی مذمت:

مسلم و بخاری میں ہے سب سے پہلے خون کا فیصلہ قیامت کے دن ہوگا۔ ابو داؤد میں ہے ایماندار نیکیوں اور بھلائیوں میں بڑھتا رہتا ہے جب تک کہ خون ناحق نہ کرے۔ اگر ایسا کر لیا تو تباہ ہو جاتا ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ ساری دنیا کا زوال خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک مسلمان کے قتل سے کم درجے کا ہے اور حدیث میں ہے اگر تمام روئے زمین کے اور آسمان کے لوگ کسی ایک مسلمان کے قتل میں شریک ہوں تو اللہ تعالیٰ سب کو اوندھے منہ جہنم میں ڈال دے۔ اور حدیث میں ہے جس شخص نے کسی مسلمان کے قتل پر آدھے کلمے سے بھی اعانت کی وہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ کے سامنے اس حالت میں آئے گا کہ اس کی پیشانی پر لکھا ہوا ہوگا کہ یہ شخص خدا کی رحمت سے محروم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

قتل کی تین قسمیں اور ان کا شرعی حکم:

پہلی قسم: عمد جو بقصد ایسے آلے کے ذریعے سے ہو جس سے گوشت کٹ جائے یا تفریق اجزاء میں آگ کی طرح ہو جیسے دھاردار بانس یا دھاردار پتھر وغیرہ۔

دوسری قسم: شبہ عمد جو قصداً تو ہو مگر ایسے آلے سے نہ ہو جس سے اجزاء میں تفریق ہو سکتی ہو۔

تیسری قسم: خطاء: یا تو قصد میں غلطی کہ دور سے آدمی کو شکاری جانور یا کافر حربی سمجھ کر نشانہ لگا دیا یا فعل میں کہ نشانہ تو جانور ہی کو لگایا لیکن آدمی کو جا لگا۔ اس جگہ خطاء سے مراد غیر عمد ہے۔ پس دوسری تیسری دونوں قسمیں اس میں آگئیں۔ دونوں میں دیت لگتی ہے اور گناہ بھی ہے مگر ان دونوں امر میں دونوں قسمیں متفاوت ہیں۔ دیت دوسری قسم کی سو (۱۰۰) اونٹ ہیں، چار قسم کے یعنی ایک ایک قسم کے پچیس پچیس، اور دیت تیسری قسم کی سو (۱۰۰) اونٹ ہیں، پانچ قسم کے یعنی ایک ایک قسم کے

میں بیں داخل۔ اگر دیت میں نقد روپیہ ہے تو دونوں قسموں میں کوئی فرق نہیں۔ اور جو شرعی ترتیب پر اونٹ ہیں تو دوسری قسم میں زیادہ ہے جو عمد سے ہوتی ہے اور تیسری قسم میں صرف بچاس بچاس کی (کذا فی الہدایہ)

۔ جو تحریر ہوا وہ سب مثلاً ہے ... اس پر دلیل ہے اور یہ حقیقت ہے قیمت کی ... ہونے سے احکام شریعت کے اعتبار سے سب اور ... قدر سے عمد وغیرہ ... اس مقدار کی تصدیق ... کہ اس ... کا ہے وہ قتل کا معلوم ہے جس نے کہا اس اعتبار سے قسم ... جرم ... ہو۔

مسئلہ: یہ مقدار کو دیت ہی سب ہے۔ مقتول مرد ہو یا عورت ہو (اس کا نصف ... ہو)

مسئلہ: دیت مسلمان و ذمی کی برابر ہے۔

مسئلہ: کفارہ ... تحریر ... روزے رکھنا ... ہے اور دیت قاتل کے ... پر ہے ... کی اصطلاح میں ... کہتے ہیں۔ ... ہے۔

قاتل کے ورثاء پر دیت کی حکمت

یہاں یہ شبہ نہ کیا جائے کہ قاتل کے جرم کا بوجھ اس کے اولیاء اور اعزاء پر کیوں ڈالا جاتا ہے کیونکہ وہ تو بے قصور ہیں؟ جواب ... ہے ... قاتل کے اولیاء بھی قصوروار ہوتے ہیں کہ انہوں نے اس ... قسم کی بے احتیاطی کرنے سے ... نہیں روکا اور دیت کے خوف سے آئندہ وہ لوگ اپنے ... میں احتیاط کریں گے۔

مسئلہ: دیت مقتول کی شرعی وراثت میں تقسیم ہوگی اور جو اپنا حصہ معاف کردے گا اس قدر معاف ہو جائے گی اور اگر سب نے معاف کردیا سب معاف ہو جائے گی۔

مسئلہ: کفارہ میں روزوں کی تقسیم ... ہے ... البتہ ... عذر ... معاف ہو سکتے ہیں۔

مسئلہ: جس مقتول کا کوئی وارث شرعی نہ ہو اس کی دیت بیت المال میں داخل ہوگی کیونکہ دیت ترکہ ہے اور ترکہ کا یہی حکم ہے۔ (...)

مسئلہ: اہل میثاق (ذمی و مستامن) سے ... جب ... مراد ... ہے ... اس وقت ہے جب اس ذمی یا مستامن کے ... ہوں اور اگر اس کے اہل ... ہوں ... اور مسلمان کا کوئی وارث ... تو ... اس کی دیت بیت المال میں داخل کی جائے گی ... وارث کا

تو جس میں ... داخل ہے ... کوئی ... ہو (... واجب ... ہو)

مسئلہ: ... اگر ... کی موت ... تو ... ہو

... کے ... عورت کے ... کی ... نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اگر کسی ... عورت ... تو ... یا ... سے

مسئلہ: ... میں ... ہوتا ہے۔

... سے ... ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان:

سالم بن ابی الجعد کہتے ہیں۔ حضرت ابن عباس جب نابینا ہو گئے تھے ایک مرتبہ ہم ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو ایک شخص نے ... آپ کو آواز دے کر پوچھا ... کہ ... آپ کیا فرماتے ہیں اس شخص کے متعلق جو ... کسی مومن کو جان بوجھ کر مار ڈالے۔ آپ نے فرمایا اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ اللہ کا اس پر غضب ہے اس پر خدا کی لعنت ہے اس کے لیے عذاب عظیم تیار ہے۔ اس نے ... پھر پوچھا اگر وہ توبہ کرے نیک عمل کرے اور ہدایت پر جم جائے تو؟ فرمانے لگے اس کی ماں اسے روئے اسے توبہ اور ہدایت کہاں؟ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے اس کی ماں اسے روئے ... جو کسی مومن کو جان بوجھ کر مار ڈالے۔ وہ قیامت کے دن ... اپنے دائیں یا بائیں ہاتھ سے قاتل کو ... رحمان کے عرش کے سامنے آئے گا ... اس کی رگوں سے خون ... اللہ تعالیٰ سے کہے گا کہ خدایا اس سے پوچھ کہ اس نے مجھے کیوں قتل کیا؟ اس اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک ... منسوخ کرنے والی کوئی آیت نہیں اتری۔ اور روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی وحی نہ اترے گی۔

جان بوجھ کر قتل کر دینے کے متعلق احادیث:

حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن سب سے پہلے خون کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ... حضرت ابن مسعود راوی ہیں ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑا گناہ کیا ہے؟ فرمایا کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرانا حالانکہ اللہ ہی نے تجھے پیدا کیا ہے۔ سائل نے عرض کیا اس کے بعد؟ فرمایا اپنی اولاد کو اس اندیشہ سے قتل کرنا کہ وہ تیرے کھانے میں شریک

[illegible]

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ

اے ایمان والو جب سفر کرو اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ

تو تحقیق کیا کرو اور مت کہو اس شخص کو جو تم سے سلام

السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ

علیک کرے کہ تو مسلمان نہیں تم چاہتے ہو اسباب

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ

دنیا کی زندگی کا سو اللہ کے ہاں بہت غنیمتیں ہیں

سبب نزول:

[illegible]

مرداس بن نہیک کا واقعہ:

[illegible]

اس کے ہوتے ہوئے جو مصاحب سب سے اچھا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

مسلمانوں کو تنبیہ

مسلمانوں کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ جب تم جہاد کے لئے نکلو تو تحقیق سے کام لو اور جلد بازی سے کام نہ لو۔ جو تم پر سلام کرے اسے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے، تم دنیا کی زندگی کا سامان چاہتے ہو۔ اللہ کے پاس بہت سی غنیمتیں ہیں۔ پہلے تم بھی ایسے ہی تھے [illegible] (کذلک کنتم من قبل فمن اللہ علیکم) [illegible] کوئی مسلمان ہو جاتا تو اس کا یہی حال تھا۔

مسئلہ: ایک روایت میں امام اعظم کا قول آیا ہے کہ قتل شبہ عمد میں کفارہ واجب نہیں۔ کفارہ صرف خطاء میں ہے [illegible] علماء کا یہی قول ہے [illegible] کفارہ واجب نہیں [illegible] صاحب بھی [illegible] (قاتل) [illegible] پیدا ہوتا ہے اس لئے شبہ کی صورت میں قصاص تو ساقط ہو جاتا ہے لیکن معصیت باقی رہتی ہے کیونکہ معصیت کے گناہ ہونے کا دار و مدار نیت پر ہے [illegible] اگر کوئی ہو جس نے کسی کو مارا تو قصداً مارا اس لئے معصیت کا ہونا ہے [illegible] گناہ کبیرہ ہے جو عمداً قتل کرنے سے کم درجہ کا ہے۔ لہٰذا واجب ہے [illegible] قاتل سے قصاص معاف ہو جاتا ہے (اگر مرنے والے کے) [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل شبہ عمد کا مقتول کے [illegible] دیت مقرر کی ہے [illegible] قتل کرے [illegible] یا پتھر سے [illegible] کے ساتھ [illegible] کی جائے۔ روایت احمد [illegible] اور اصحاب السنن [illegible] حدیث [illegible] ہوا۔

[illegible] اگر [illegible] کتابت [illegible] ہو [illegible] امام ابو حنیفہ کے نزدیک [illegible] آزاد ہو جاتا ہے کیونکہ [illegible] کتابت [illegible] امام شافعی کے نزدیک [illegible] مکاتب کو آزاد کرنا [illegible] کوئی حصہ ادا کر دیا ہو [illegible] پورے [illegible] کے دونوں ہاتھ پاؤں کٹے ہوں یا ایک ہی طرف کا ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کٹا ہو اس کو بھی آزاد کرنا جائز نہیں۔ ایسے لوگ حقیقت میں مردہ کی طرح اور ناکارہ ہوتے ہیں۔ [illegible] ہاتھ اور دوسری جانب کا پاؤں کٹا ہو یا [illegible]

یا ہر ایک یا سب کے [illegible] جیسے لوگ [illegible] کار آمد نہیں [illegible] کام بھی نہیں ہیں۔ [illegible] ہر شخص اس کے [illegible] آزاد کرنا درست ہے کیونکہ اگر چہ وہ [illegible] محروم ہوتے ہیں [illegible] غلاموں سے جو خدمت مقصود ہوتی ہے اس میں [illegible] کوئی خلل نہیں۔ [illegible] اس بات کو [illegible] جائز ہے جو [illegible] خدمت کے کام [illegible] بہر حال ہوتی ہے اگر چہ [illegible] قوت کی [illegible] ہوتی۔

مسئلہ: قرآن [illegible] ہونا ضروری ہے کیونکہ کفارہ عبادت ہے اس لئے عبادت کی [illegible] نیت ضروری ہیں۔ [illegible] صاحب [illegible] باپ یا [illegible] کو خرید لے تو وہ آزاد ہو جائے گا۔ [illegible] کفارہ [illegible] کے نزدیک جب اختیاری [illegible] نیت کا [illegible] ہے (خریدنا سبب آزادی ہے اور خریدنے [illegible]) [illegible] وقت کفارہ کی نیت ہونی ضروری ہے۔

مسئلہ: [illegible] قاتل [illegible] کفارہ [illegible] پر لازم [illegible] بھی ہوگا۔ یہ قول امام [illegible] کا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ [illegible] کی دو عورتوں میں لڑائی ہوئی۔ ایک نے دوسری کے پتھر مارا جو پیٹ میں لگا۔ وہ حاملہ تھی [illegible] بچہ بھی مر گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا کہ بچہ کی دیت ایک غلام یا باندی ہے اور مقتول عورت کی دیت قاتل کے خاندان پر [illegible] حدیث [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتولہ کی دیت قاتلہ کے عصبات پر مقرر فرمائی اور ایک [illegible] بچہ کے [illegible]

بیہقی نے [illegible] کے طریقہ سے نقل کیا ہے کہ [illegible] یا اتفاقی مسئلہ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] کی دیت [illegible] اس کی [illegible] تین سال [illegible] مقرر فرمائی [illegible] ہم نے [illegible] کو پایا کہ ہر سال ایک تہائی ادا کی جاتی۔

بیہقی نے [illegible] کا قول نقل کیا ہے کہ [illegible] تین سال میں دیت وصول کرنا سنت ہے۔

ابن ابی شیبہ اور عبد الرزاق اور بیہقی نے [illegible] شعبی کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت عمر نے پوری دیت کے لئے تین سال اور دو تہائی دیت کے لئے دو سال اور آدھی سے کم کے لئے ایک سال کی مدت مقرر کی تھی [illegible]

یزید بن ابی حبیب کی روایت سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا بھی یہی فیصلہ نقل کیا ہے۔

مسئلہ: قتل عمد میں اگر مقتول کے ورثاء مال پر صلح ہو جائے یا بعض وارثوں نے معاف کر دیا ہے تو قصاص ساقط ہو جائے اور مال ادا کرنا لازم ہو جائے گا یا قتل اور عمد سے قتل عمد شبہ قصاص کی جگہ مالی دیت پڑے تو یہ ادائیگی قاتل کے مال سے ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شبہ عمد کی دیت مغلظ ہی ہوگی۔ جیسے قتل عمد کی مگر شبہ عمد کے قاتل کو قتل نہیں کیا جائے گا اور اس کی صورت یہ ہے کہ لوگوں میں شیطان کود پڑے۔ اور اندھا دھند بغیر عداوت کے قتل ہو جائے مگر یہ قتل بغیر ہتھیار کے استعمال کے ہو۔ (رواہ ابو داؤد)

بیہقی نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ قتل عمد میں دیت مصالحت یا اقرار کی صورت میں اور غلام کے جرم کی صورت میں عاقلہ برداشت نہیں کرے گا۔ موطا میں زہری کا قول منقول ہے کہ سنت (یعنی سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اس بات پر جاری ہے کہ عاقلہ ان صورتوں میں کچھ برداشت نہیں کرے گا۔ بیہقی نے ابو الزناد کی وساطت سے فقہاء اہل مدینہ کی رائے بھی یہی نقل کی ہے۔

ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت عمرو بن شعیب کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قصداً قتل کیا اس کو مقتول کے وارثوں کے سپرد کر دیا جائے گا اگر وہ چاہیں تو اس کو (قصاص میں) قتل کر دیں اور چاہیں تو دیت لے لیں۔

امام ابو حنیفہ، بیہقی اور حدیث ہے امام احمد اور ابو داؤد اور دارقطنی اور بیہقی اور اصحاب السنن نے حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت سے بیان کیا ہے کہ قتل خطا کی دیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (پانچ قسموں کی) بیس بنت مخاض، بیس ابن لبون، بیس بنت لبون، بیس حقہ اور بیس جذعہ [illegible] حدیث کے سلسلہ روایت میں خشف بن مالک کا نام آتا ہے جو حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔

مسئلہ: قتل عمد میں بالاتفاق سو اونٹ کی دیت ہے۔ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کی روایت کردہ حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو نامہ مبارک بھیجا جس میں لکھا تھا کہ جو شخص کسی مومن کو قتل کرے اس کو پکڑ کر (وارثوں کو) قصاص کے لئے دے دیا جائے مگر مقتول کے وارث اگر راضی ہوں (تو دیت دی جائے)۔ مرد کو قتل کر دیا جائے تو سو (۱۰۰) اونٹ دیت ہے۔ [illegible]

زخموں کی دیت:

ناک پوری کاٹ لی جائے تو (پوری) دیت واجب ہے۔ دونوں [illegible] تو دیت پوری دیت ہے۔ زبان کاٹ دینے کی پوری دیت۔ دونوں ہونٹوں (کو کاٹ دینے) کی پوری دیت ہے۔ فوطوں کی (کاٹ دینے کی) پوری دیت ہے۔ پشت (توڑ دینے) کی پوری دیت ہے۔ دونوں آنکھوں (پھوڑ دینے) کی پوری دیت ہے۔ ایک پاؤں (کاٹ دینے) کی آدھی [illegible] اور ایک ہاتھ میں پچاس۔ دونوں پاؤں (توڑ دینے یا کاٹنے) کی پوری دیت ہے اور ایک ٹانگ میں آدھی دیت ہے۔ جو ضرب امّ الدماغ (دماغ کی جھلی) تک پہنچ جائے اس میں تہائی دیت کا ایک تہائی حصہ ہے اور جو ضرب جوف کے اندر تک چلی جائے اس میں ایک تہائی دیت ہے اور ہڈی ٹوٹ جائے اور ہڈی سرکا دینے والی ضرب میں پندرہ اونٹ ہیں۔ ہاتھ یا پاؤں کی ہر انگلی ٹوٹ جانے کی صورت میں دس اونٹ ہیں۔ اور دانت ٹوٹ گیا ہو تو اس میں پانچ اونٹ ہیں (مرد اور عورت کی برابر) کا [illegible] دیت میں اختلاف ہے اور آنکھ پھوٹ جانے کی دیت [illegible] ہڈی کو کھول دینے والی ضرب کی پانچ ہیں۔ اس حدیث کی صحت کے متعلق علماء حدیث کا اختلاف ہے۔ ایک راوی نے مرسل نقل کیا ہے کہ اس حدیث کی سند بیان کی گئی ہے مگر وہ صحیح نہیں ہے۔ حاکم، ابن حبان اور بیہقی نے اس کو صحیح کہا ہے۔ امام احمد نے فرمایا مجھے امید ہے کہ یہ حدیث صحیح ہوگی۔

اور ایک جماعت نے اگرچہ سند کے اعتبار سے اس کو صحیح نہیں مانا ہے مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحریر کی وجہ سے اس کو صحیح مانا اور چونکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خط مشہور ہے۔ یعقوب (بن سفیان) نے فرمایا کہ ہم اس کو صحیح مانتے ہیں۔ امام شافعی نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ علماء نے اس حدیث کو اس وقت تک قبول نہیں کیا جب تک ان کو ثابت نہیں ہو گیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (تحریر کردہ) ہے۔ ابن عبدالبر نے کہا یہ تحریر مشہور ہے اور اس کا مضمون اہل علم خوب جانتے ہیں۔ اس کی شہرت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ سند کی ضرورت ہی نہیں رہی۔ لوگوں نے اس کو قبول کیا اور مان لیا ہے۔ گویا یہ تواتر کے مشابہ ہو گئی (یعنی یہ شہرت کی وجہ سے مجموعہ سند کا قائم مقام ہے) [?]۔ یعقوب نے کہا کہ عمر بن عبدالعزیز اور امام زہری نے اس تحریر کی صحت کی شہادت دی ہے۔

عورت کی دیت:

امام شافعی نے بروایت امام محمد بن حسن، امام ابو حنیفہ از حماد از ابراہیم نخعی بیان کیا کہ حضرت علی نے فرمایا عورت کے قتل ہونے کی ہر ضرب کی [?] دیت مرد کی دیت سے آدھی ہے۔ سعید بن منصور نے ابراہیم کی وساطت

سے شعبی کا قول نقل کیا کہ حضرت علیؓ فرماتے تھے مرتدوں کی جماعت کی دیت مرد کی چوتھائی دیت ہے عورت کی نصف ہے دیت خمس او ربیا ہے۔ حمید بن منصور نے ابو منصور ابو صالح ہشیم بروایت مغیرہ از ابراہیم نقل کیا ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا جنگلی اور مجوسی ہیں اور مرد اور عورت جنت کی شکل اور بڑی کو کھول ہے ان مرتب کی دیت میں برابر ہیں اس کے علاوہ عورت کی نسبت مرد کی دیت سے آدھی ہے۔ شعبی نے بروایت سفیان رجابر شعبی کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت نے کہا مجھے حضرت عمرؓ نے یہی لکھ کر بھیجا تھا۔

امام احمد اور طبرانی نے عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی کی روایت سے اور ابن جریر نے ابن عمرؓ کے قول سے لکھا ہے، حضرت عبداللہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو مسلمانوں کے ایک جماعتی دستے میں تو بھیجا۔ محمد بن محلم ابی قتادہ اور محلم بن جثامہ بن قیس لیثی بھی شامل تھے (اتفاقاً) ہماری طرف سے عامر بن اضبط اشجعی گزرا اور سلام کیا۔ محلم نے اس پر حملہ کر کے قتل کر دیا۔ پھر جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ کی اطلاع دی تو ہمارے متعلق قرآن (یعنی یہی آیت) کا نزول ہوا۔

ابن مندہ نے بیان کیا کہ جزء بن حدرجان نے کہا میرے بھائی مقداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مومن ہوں مگر لوگوں نے اس کے سر کو نہیں مانا اور اس کو قتل کر دیا۔ یہ اطلاع ملی تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا اس کے حاملے میں یہ آیت نازل ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے میرے بھائی کی دیت عطا فرما دی۔

ابن جریرؓ نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محلم بن جثامہ کو کسی جماعت میں بھیجا، راستہ میں ان کی ملاقات عامر بن اضبط سے ہوئی۔ عامر نے محلم کو اسلامی سلام کیا چونکہ محلم اور عامر کے درمیان دور جاہلیت میں کچھ دشمنی تھی اس لئے محلم نے عامر کے تیر مارا اور اس کو قتل کر دیا۔ اس کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچ گئی۔ (محلم جب خدمت گرامی میں حاضر ہوئے تو) انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا مغفرت کرنے کی درخواست کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تجھے اللہ معاف نہ کرے۔ محلم روتے ہوئے کھڑے ہو گئے اور ایک ساعت گزرنے بھی نہ پائی تھی کہ مر گئے۔ لوگوں نے ان کو دفن کر دیا مگر زمین نے ان کی لاش کو اگل دیا۔ صحابہؓ نے حاضر ہو کر اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین تو ایسے لوگوں کو بھی قبول کر لیتی ہے جو تمہارے اس ساتھی سے برے ہوتے ہیں مگر مقصد

عبرت دلانا مقصود ہے۔ تو لوگوں نے اس کو ایک پہاڑ کے کھڈ میں ڈال دیا اور اس پر پتھر رکھ دیئے اور یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر طبری)

حضرت فرمانی کہ تم اس پر بھی نظر ڈالو کہ پہلے تم بھی تو بہت سے حضرات ایسے ہی تھے کہ کفر میں اپنے اسلام و ایمان کا اعلان نہیں کر سکتے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا کہ دشمنوں سے نجات دی اگر اسلام کا اظہار کیا تو کیا ممکن نہیں کہ وہ شخص بھی جس کو اسلام کا کلمہ پڑھ رہا ہے وہ حقیقتاً پہلے سے اسلام کا معتقد ہو مگر کفار کے خوف سے اسلام کا اظہار نہیں کر سکا تھا، اس وقت اسلامی لشکر دیکھ کر اظہار کیا۔

فرض کرلو کہ وہ نماز نہیں پڑھتا، روزہ نہیں رکھتا اور ہر قسم کے گناہوں میں ملوث ہے، پھر بھی اس کو اسلام سے خارج کہنے کا، اس کے ساتھ کافروں کا معاملہ کرنے کا کسی کو حق نہیں، اسی لئے امام اعظمؒ نے فرمایا لا نکفر اهل القبلة بذنب، یعنی ہم اہل قبلہ کو کسی گناہ کی وجہ سے کافر نہیں کہتے، بعض روایات حدیث میں بھی اس قسم کے الفاظ مذکور ہیں کہ اہل قبلہ کو کافر نہ کہو خواہ وہ کتنا ہی گنہگار بدعمل ہو۔

جو شخص اظہار اسلام اور اقرار ایمان کے ساتھ ساتھ کچھ کلمات کفر بکتا ہے یا کسی بت کو سجدہ کرتا ہے یا اسلام کے کسی ایسے حکم کا انکار کرتا ہے جس کا اسلامی حکم ہونا قطعی اور یقینی ہے یا کافروں کے کسی مذہبی شعار کو اختیار کرتا ہے، جیسے گلے میں زنار وغیرہ ڈالنا وغیرہ وہ بلاشبہ اپنے اعمال کفریہ کے سبب کافر قرار دیا جائیگا۔

مسیلمہ کذاب جس کو با اجماع صحابہؓ کافر قرار دے کر قتل کیا گیا وہ تو صرف کلمہ اسلام کا اقرار ہی نہیں بلکہ اسلامی شعار نماز اذان وغیرہ کا بھی پابند تھا، اپنی اذان میں اشهد ان لا اله الا الله کے ساتھ اشهد ان محمدا رسول الله بھی کہلواتا تھا، مگر اس کے ساتھ وہ اپنے آپ کو بھی نبی اور رسول صاحب وحی کہتا تھا جو نصوص قرآن و سنت کا کھلا ہوا انکار تھا۔ اسی کی بناء پر اس کو مرتد قرار دیا گیا اور اس کے خلاف باجماع صحابہ جہاد کیا گیا۔

خلاصہ مسئلہ یہ ہو گیا کہ ہر کلمہ گو اہل قبلہ کو مسلمان سمجھو اس کے باطن اور قلب میں کیا ہے، اس کی تفتیش انسان کا کام نہیں۔ اس کو اللہ تعالیٰ کے حوالہ کرو۔ البتہ اظہار ایمان کے ساتھ خلاف ایمان کوئی بات سرزد ہو تو اس کو مرتد سمجھو بشرطیکہ اس کا خلاف ایمان ہونا قطعی اور یقینی ہو۔

علماء تفسیر نے فرمایا کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ عام حالات میں جہاد فرض کفایہ ہے، بعض لوگ اس کو ترک کر لیں تو باقی مسلمان سبکدوش ہو جاتے ہیں بشرطیکہ جو لوگ جہاد میں مشغول ہیں وہ اس جہاد کے لئے کافی

ہوں اور اگر وہ کافی نہیں تو ان کے قرب وجوار کے مسلمانوں پر فرض عین ہو جائے گا کہ مجاہدین کی مدد کریں۔

عام طور پر وہ احکام جو اجتماعی اور قومی ضروریات سے متعلق ہیں، ان کو شریعت اسلام نے فرض کفایہ ہی قرار دیا ہے تاکہ تقسیم عمل کے اصول پر تمام فرائض کی ادائیگی ہو سکے، کچھ لوگ جہاد کا کام انجام دیں، کچھ تعلیم و تبلیغ کا، کچھ دوسری اسلامی یا انسانی ضروریات مہیا کرنے کا۔ ہاں کسی ملک کی ضرورت ہو تو قرب وجوار کے مسلمانوں پر جہاد فرض عین ہو جاتا ہے، اگر وہ بھی کافی نہ ہوں تو ان کے آس پاس کے لوگوں پر فرض عین ہو جاتا ہے، اگر وہ بھی کافی نہ رہیں تو سارے مسلمانوں پر یہاں تک کہ مشرق و مغرب کے ہر مسلمان کا یہ فرض ہو جاتا ہے کہ اس میں شریک ہو۔ (معارف القرآن مفتی صاحب)

امام اعظم کے قول کی دلیل یہ ہے کہ اللہ نے فرمایا

(وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً) یہ حکم آزاد کو بھی شامل ہے اور غلام کو بھی۔ اسی لئے غلام کو قتل کرنے سے کفارہ واجب ہوتا ہے پس غلام کو غلطی سے قتل کرنے پر دیت اور بحیثیت آدمیت اس کی جان کا عوض لازم ہے۔ لہٰذا حر کی دیت سے زائد یا برابر غلام کی دیت نہ ہونی چاہئے چونکہ غلام کی آدمیت ناقص ہے، بعض حیثیتوں سے وہ مال ہے اور بعض حیثیت سے آدمی، دیکھو آزاد عورت کی دیت باوجود یکہ وہ کامل آدمی ہوتی ہے آزاد مرد کی دیت سے کم ہے۔ لیکن اگر کسی غلام کو جس کی قیمت بیس (۲۰) ہزار ہو کسی نے غصب کر لیا اور غلام غاصب کے قبضہ میں آ کر مر گیا تو پوری قیمت دینی ہوگی خواہ کتنی ہی ہو، غصب کا تاوان مالیت کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری ج۲)

مسئلہ: اگر غلام نے کسی کو غلطی سے قتل کر دیا یا زخمی کر دیا تو آقا سے کہا جائے گا خواہ مجرم کو جرم کے عوض (مضروب یا اولیاء مقتول کو) دیدو یا تاوان ادا کرو۔ امام شافعی نے فرمایا غلام کا جرم اس کی گردن سے وابستہ رہے گا، ہاں اگر اس کا آقا تاوان ادا کر دے تو خیر، اس اختلاف کا حاصل اس وقت نکلے گا کہ آزادی کے بعد (تاوان ادا کرنے سے پہلے) حصول دیت کے لئے غلام کو پکڑا جائے گا یا آقا کو۔ امام شافعی کے نزدیک غلام کو پکڑا جائے گا۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا اگر آقا کو غلام کے جرم کا علم ہو گیا تھا اور علم کے بعد اس نے آزاد کیا تو آقا کو غلام کے جرم کا عوض ادا کرنے کا اختیار ہے اور اگر جرم کا علم حاصل ہونے سے پہلے آزاد کیا ہو تو آقا پر تاوان لازم ہے یا اس کی قیمت جو کم ہو ادا کیا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بھلائی صدقہ ہے۔ بخاری بروایت جابر و مسلم بروایت حذیفہ۔ جو لوگ صدقہ کے مال کو مال کا میل کچیل سمجھتے ہیں اسی لئے صدقہ قبول نہیں کرتے ان کو (بصورت معافی) دینے کی آیت میں ترغیب ہے۔

مسئلہ: امام اعظم کے نزدیک مسلمان اور کافر کی دیت برابر ہے۔ اگر دو ماہ میں ایک دن بھی بلا عذر روزہ رکھنے سے رہ گیا یا نیت کرنا بھول گیا یا کسی دوسرے روزے کی نیت کر لی تو اجماعی فیصلہ ہے کہ اس کو از سر نو روزے رکھنا چاہئے کیونکہ پے در پے مسلسل کے ساتھ روزے رکھنا ضروری ہے لیکن حیض کی وجہ سے اگر عورت کو روزے ناغہ کرنے پڑ جائیں تو باتفاق علماء اس کو از سر نو روزے رکھنے کی ضرورت نہیں۔ (تفسیر مظہری)

كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ
تم بھی تو ایسے ہی تھے اس سے پہلے پھر اللہ نے تم پر فضل کیا سو اب
فَتَبَيَّنُوْا
تحقیق کرو

بلا تحقیق قتل نہ کرو:

تم ایسے ہی تھے اس سے پہلے یعنی اسلام سے پہلے دنیا کی غرض سے نا حق خون کیا کرتے تھے لیکن اب مسلمان ہو کر ہرگز ایسا نہ کرنا چاہئے جس پر مسلمان ہونے کا احتمال بھی ہو تو اس کے قتل سے بچو یا مطلب یہ کہ اس سے پہلے شروع زمانہ اسلام میں تم بھی کافروں کے شہر میں، جیسے تھے تمہاری مستقل حکومت اور مستقل جماعت نہ تھی تو جیسا اس حالت میں تمہارا اسلام معتبر سمجھا گیا اور تمہارے جان و مال کی حفاظت و رعایت کی گئی ایسا ہی اب تم کو بھی اس طرح کے مسلمانوں کی رعایت اور حفاظت لازم ہے، بلا تحقیق ان کو قتل مت کرو، تحمل اور غور سے کام کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

مجبور کا ایمان:

اگر کوئی شخص مجبور ہو کر ایمان کا اظہار کرے تو دنیوی احکام اسلام جاری ہونے کے لئے اس کا ایمان صحیح مانا جائے گا۔

تحقیق و اجتہاد کی غلطی:

مجتہد سے بھی فکری غلطی ہو جاتی ہے لیکن اگر اس نے حق کی جستجو میں کمال کوشش سے دریغ نہیں کیا پھر بھی حق تک نہ پہنچا تو غلطی فیصلہ معاف ہے۔

مجتہد کو انتہائی غور و فکر سے کام لینا چاہئے۔ ابتدائی نظر میں جو بات سامنے آئے اسی پر فیصلہ نہ کر لینا چاہئے۔ غور کرنا واجب ہے۔ غور،

[illegible]

لا الٰہ الا اللہ کا قائل

[illegible]

مجاہدین کیلئے حکم

[illegible]

إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا

[illegible]

[illegible]

ایک قاصد اسامہ کا واقعہ

[illegible]

لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ
[illegible]
غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ فِي
[illegible]
سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فَضَّلَ
اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے اللہ نے
اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ
[illegible] اپنے مال اور جان سے
عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ
بیٹھ رہنے والوں پر درجہ اور ہر ایک سے وعدہ کیا اللہ نے
الْحُسْنَى وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى
بھلائی کا اور زیادہ کیا [illegible] لڑنے والوں کو
الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا دَرَجَاتٍ مِّنْهُ
[illegible]

وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ

اور بخشش سے اور مہربانی ہے

ربط: اس سے پہلے مسلمان کو نادانستگی اور چوک سے قتل کر دینے پر عتاب اور تنبیہ فرمائی تھی اس لئے یہ احتمال تھا کہ کوئی جہاد کرنے سے رک جائے کیونکہ مجاہدین کو ایسی صورت پیش آ ہی جاتی ہے۔ اس لئے مجاہدین کی فضیلت بیان فرما کر جہاد کی رغبت دلائی گئی۔

معذورین کا حکم اور جہاد کی حیثیت:

خلاصہ آیت کا یہ ہے کہ لنگڑے لولے اندھے یعنی معذور لوگوں کو تو جہاد کرنے کا حکم نہیں۔ باقی سب مسلمانوں میں جہاد کرنے والوں کے برابر وہ نہیں جو جہاد نہ کرنے والے ہیں اگرچہ جنتی وہ بھی ہیں جو جہاد نہیں کرتے۔ اس سے معلوم ہو گیا کہ جہاد فرض کفایہ ہے عین نہیں۔ یعنی اگر مسلمانوں کی کافی تعداد اور ضرورت کے موافق جماعت جہاد کرتی رہے تو جہاد نہ کرنے والوں پر کوئی گناہ نہیں ورنہ سب گناہگار ہوں گے مواخذہ ہوگا۔

مجاہد فی سبیل اللہ کی مثال:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وقت واپسی تک مجاہد فی سبیل اللہ کی حالت اس شخص کے جیسی ہوتی ہے جو (ہمیشہ دن کو) روزہ رکھے اور (رات بھر) نماز پڑھے اور اللہ کی آیات سے اس پر خوف طاری ہو جائے۔ متفق علیہ۔

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ اور ہر ایک سے (خواہ مجاہد ہو یا بغیر عذر کے جہاد سے بیٹھ رہنے والا) اللہ نے اچھے ثواب کا وعدہ کیا ہے۔ یعنی ایمان کی وجہ سے جنت دے گا۔

خلیفہ کا فرض:

علماء کا اجماع ہے کہ کفار اگر اپنے ملک میں (ہی) برقرار رہیں (اور مسلمانوں پر حملہ نہ کر رہے ہوں تب بھی) خلیفہ پر واجب ہے کہ کوئی سال بغیر جہاد کے نہ چھوڑے خواہ خود بھی شریک ہو یا اپنی دستوں کو بھیج دے ورنہ جہاد معطل ہو جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین نے ترک جہاد بالکل کبھی نہیں کیا۔

جہاد اور حقوق العباد:

اگر مسلمانوں کا ایک گروہ جہاد کے لئے کھڑا ہو جائے جس کی وجہ سے کافروں کا شر رفع اور اللہ کا بول بالا ہو جائے تو باقی (شریک نہ ہونے والے) لوگوں کے سر سے فرض ساقط ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں آقا کی اجازت کے بغیر غلام۔ شوہر کی اجازت کے بغیر بیوی۔ قرض خواہ کی اجازت کے بغیر قرض دار اور ماں باپ کی اجازت کے بغیر اولاد جہاد کو نہیں جا سکتا۔ شریک ہونے والی جماعت جب کافی ہے تو پھر حقوق العباد کو تلف کرنے کی کیا ضرورت ہے اور اگر جہاد کے لئے کوئی بھی کھڑا نہ ہوگا تو سب گناہگار ہوں گے البتہ معذور لوگ گناہگار نہ ہوں گے۔

اَلْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ:

علماء کا اجماع ہے کہ کفار کی ہر بستی اور ہر شہر سے متصل رہنے والے مسلمانوں پر واجب ہے کہ اپنے متصل کافروں سے جہاد کریں۔ اگر ان کی جماعت کمزور ہو تو جو مسلمان ان سے قریب رہتے ہوں وہ ان کی مدد کریں اور وہ بھی کافی نہ ہوں تو ان سے متصل رہنے والے مدد کریں۔ اسی طرح الاقرب فالاقرب کا سلسلہ چلا جائے گا۔ یہی حالت اس وقت ہوگی جب کفار سے متصل رہنے والے مسلمان سست پڑ جائیں اور جہاد نہ کریں تو ان سے قریب رہنے والوں پر پھر ان سے قریب رہنے والوں پر پھر اسی ترتیب سے مسلسل یہاں تک کہ تمام روئے زمین کے مسلمانوں پر جہاد کرنا واجب ہے۔

مسئلہ: علماء کا اس امر پر بھی اتفاق ہے کہ جب دونوں صفوں کا باہم مقابلہ ہو جائے تو جو مسلمان وہاں موجود ہوں ان کا مقابلہ سے منہ پھیر کر بھاگنا جائز نہیں ہاں لڑائی کرنے کے لئے یا اپنی جماعت میں آ کر شامل ہونے کے لئے مقابلہ سے ہٹ جانا جائز ہے اور اگر کفار کی تعداد مسلمانوں کے دوگنے سے بھی زائد ہو تو مقابلہ سے بھاگ جانا جائز ہے گو ثابت قدمی بھی بہرحال افضل ہے۔

مسئلہ: دوسرے اسباب و آلات کے ساتھ ساتھ جہاد کے لئے سامان اور سواری علاوہ امام مالک کے باقی تینوں اماموں کے نزدیک شرط ہے۔ صرف امام مالک اس شرط کے قائل نہیں۔ اول قول کی دلیل یہ ہے کہ اللہ نے غیر اولی الضرر فرمایا اور جس کے پاس کھانا پینا اور سواری نہ ہو وہ اہل ضرر میں سے ہے۔

مسئلہ: علماء کا اتفاق ہے کہ اگر مسلمانوں کی بستی پر کافر دشمن حملہ کر دے تو اس بستی کے ہر بالغ مرد پر جہاد کرنا فرض عین ہو جاتا ہے (فرض کفایہ نہیں رہتا) آزاد ہو یا غلام، بالغ ہو یا نابالغ۔ اس وقت جہاد کا حکم نماز روزہ کی طرح ہو جاتا ہے۔ آقا کا غلام پر، قرض خواہ کا قرض دار پر اور ماں باپ کا اولاد پر جو حق ہے اس وقت اس کی کوئی پروا نہیں کی جائے گی۔ (اگر آقا غلام کو قرض خواہ قرض دار کو اور ماں باپ اولاد کو جہاد میں نکلنے سے روکیں تو ان کے احکام کی تعمیل نہیں کی جائے گی۔ جیسے فرض نماز روزہ سے

ہر فرد پر فرض نہیں ہوتی ہے البتہ امام ابو حنیفہ کے قول پر ایک نبی سے کہ تمام مسلمانوں کی اجازت کے بغیر بھی جہاد میں جانا جائز ہے جب اس کی ضرورت ہو، اس لئے جہاد کی اس قسم کے علاوہ ہر صورت میں اللہ تعالیٰ نے سب سے اجر کا وعدہ کیا ہے، البتہ جو لوگ کسی عذر کی وجہ سے رہ گئے وہ اس قسم سے مستثنیٰ ہیں۔ یہ تمام حالات میں جہاد کی کوئی فرضیت نہیں ہے۔

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ

اور اللہ نے مجاہدوں کو جہاد سے بیٹھ رہنے والوں پر اجر عظیم کی بنیاد پر بڑی فضیلت دی ہے یعنی اپنے قرب اور جنت کے اعلیٰ درجات۔ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۝ یعنی یہ مرتبے اللہ کی طرف سے اور (دَرَجٰتٍ) اور (مَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً) فرمایا کہ ان کے لئے درجات ہیں اور گناہوں کی مغفرت اور رحمت ہے جو دونوں فرقوں کے لئے ہو سکتی ہے۔

مجاہدین کی فضیلت بیان کرنے کے لئے پہلے مجاہدین کے درجات کا بیان فرمایا ہے۔ اس کے بعد مجاہدین کی صفات بیان کی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ کئی پہلوؤں سے جہاد کی فضیلت کا اظہار کیا گیا ہے اور (دَرَجٰتٍ) فرمایا کہ بڑی فضیلت یہی ہے اور آخر میں (اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً) فرمایا۔

کافروں سے جہاد اور نفس سے جہاد

بعض علماء نے فرمایا کہ کافروں سے جہاد کرنے والوں کے لئے ایک درجہ ہے اور اپنے نفس سے جہاد کرنے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں درجات اور مغفرت و رحمت ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجاہد وہ ہے جو اللہ کی طاعت میں اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے اور مہاجر وہ ہے جو ان کاموں کو چھوڑ دے جن سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان عن فضالہ۔

آیت کا دوسرا مطلب

یہ بھی کہا گیا ہے کہ پہلی آیت میں مسلمانوں کی جماعت سے جہاد میں شرکت نہ کرنے والے مراد ہیں اور دوسری آیت میں ان لوگوں کا بیان ہے جو بغیر عذر کے جہاد میں شرکت نہیں کرتے تھے اور جہاد کی ضرورت کی صورت میں جہاد کرنے والوں کے ساتھ نہیں جاتے تھے۔

یعنی جہاد جہاں واجب ہو وہاں جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر بہت بڑی فضیلت حاصل ہے (اگر کوئی نہیں بیٹھتا تو بھی مجاہد کو بیٹھنے والوں پر فضیلت حاصل ہے) اور دوسری جگہ قاعدین سے مراد وہ لوگ ہیں جو بلا عذر جہاد سے بیٹھ رہتے ہیں (گویا ان کی جہت سے جہاد میں شرکت نہ کرنے والے) ان کے لئے یہ درجات فضیلت اور مغفرت کے قائل نہیں۔

درجات کی بلندی

حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہو اس کے لئے جنت واجب ہو گئی۔ حضرت ابو سعید کو یہ سن کر تعجب ہوا اور درخواست کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ فرمائیں، آپ نے دوبارہ فرمایا پھر فرمایا ایک اور بات بھی ہے جس کی وجہ سے اللہ جنت کے اندر بندے کے سو درجے بلند فرمائے گا اور ہر دو درجوں کے درمیان اتنی اونچائی ہوگی جتنی آسمان کی زمین سے ہے۔ حضرت ابو سعید نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ کیا بات ہے؟ فرمایا جہاد فی سبیل اللہ، جہاد فی سبیل اللہ۔ رواہ مسلم

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا اور نماز قائم کی اور رمضان کے روزے رکھے تو اللہ پر حق ہے کہ اس کو جنت میں داخل کرے، خواہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے یا اپنی جائے پیدائش میں بیٹھا رہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم لوگوں کو اس کی خوشخبری نہ دے دیں؟ فرمایا جنت میں سو (۱۰۰) درجات ہیں جو اللہ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں کے لئے تیار کر رکھے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے درمیان ہے۔ جب تم اللہ سے مانگو تو فردوس مانگو کیونکہ وہ جنت کا وسطی اور اعلیٰ حصہ ہے، اس کے اوپر رحمٰن کا عرش ہے اور اسی سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں۔ رواہ البخاری

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے

رحمت و مغفرت کے وعدے

حق تعالیٰ نے اپنی مغفرت اور رحمت کے وعدے ...

حضرت ابن عباسؓ سے جو روایت ہے فرماتے ہیں وہ مشرکین میں سے فرماتے کہ یہ
کہ مجاہد کے ہاتھ سے ... مسلمانوں کے ہاتھ قتل ہو گئے تو یہ قول
معاف فرمانے والا ہے ... تفسیر ابن کثیر ۞

حضرت ابن ام مکتوم کا واقعہ

صحیح بخاری میں ہے کہ جب اس آیت کے ابتدائی الفاظ اترے کہ بیٹھ رہنے والے اور جہاد کرنے والے برابر نہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید کو بلوا کر لکھوانا شروع کیا کہ حضرت ابن ام مکتوم نابینا آئے اور کہنے لگے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) میں کیا کروں میں تو نابینا ہوں۔ اس پر (غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ) نازل ہوئی یعنی وہ جو کسی عذر سے بیٹھ رہے ہوں۔ اور روایت میں ہے کہ حضرت زید اپنے ساتھ قلم دوات اور شانہ لے کر آئے تھے۔ ایک حدیث میں ہے کہ ابن ام مکتوم نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)، اگر مجھ میں طاقت ہوتی تو میں ضرور جہاد میں شامل ہوتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ران حضرت زید کی ران پر تھی۔ ... بوجھ ان پر پڑا کہ قریب تھا کہ ران ٹوٹ جائے۔ ... حدیث میں ہے ... پس ان الفاظ کی وحی اتری اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بیہوشی تھی۔ خدا کی قسم ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ران کا بوجھ ... کوئی چیز ... پھر وحی ختم ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ) تک لکھوائی اور ... جوڑ دیا۔

بعض معذوروں کا ثواب

بخاری میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ تم جس جہاد کے لئے سفر کرو ... یا کسی وادی میں چلو وہ تمہارے ساتھ اجر میں یکساں ہیں۔ صحابہ نے پوچھا وہ مدینہ میں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں انہیں عذر نے روک رکھا ہے ... روایت میں ہے ... جو خرچ کرتے ہو ... اس کا ثواب بھی ... بھی ملتا ہے۔ اسی مطلب کو ایک شاعر نے ان الفاظ میں نظم کیا ہے

يا راحلين الى البيت العتيق لقد
سرتم جسوما وسرنا نحن ارواحا
انا اقمنا على عذر وعن قدر
ومن اقام على عذر فقد راحا

اور تم ہرگز برابر نہ رکھ سکو گے عورتوں کو

وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ

اگرچہ اس کی حرص کرو سو بالکل پھر بھی نہ جاؤ کہ ڈال

فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ

رکھو ایک عورت کو جیسے ادھر میں لٹکتی

ناانصافی نہ کرو:

یعنی اگر کئی عورتیں نکاح میں ہوں تو یہ تم سے نہ ہو سکے گا کہ محبت قلبی اور ہر امر میں بالکل مساوات رکھو، مگر ایسا ظلم بھی نہ کرو کہ ایک کی طرف تو بالکل جھک جاؤ اور دوسری کو ایسا بیچ میں لٹکا رکھو کہ نہ خاوند والی رہے نہ بالکل بے شوہر کہ دوسری جگہ نکاح کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

(فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ) اور اس کو ادھر میں لٹکی ہوئی کی طرح چھوڑ دو کہ نہ وہ شوہر والی ہے نہ بے شوہر کی۔

بیوی سے ناانصافی کی سزا:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک کی طرف جھک جائے (اور دوسری سے منہ پھیر لے) تو قیامت کے دن وہ ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو جھکا ہوا ہوگا۔ رواہ صاحب السنن الاربعہ والدارمی۔ (تفسیر مظہری)

وَإِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ

اور اگر اصلاح کرتے رہو اور پرہیزگاری کرتے رہو تو اللہ

غَفُورًا رَحِيمًا ۝

بخشنے والا مہربان ہے

حتی المقدور کوشش کرو:

یعنی اگر اصلاح اور مصالحت کا خیال رکھو گے اور تقویٰ اور ظلم سے بچتے رہو گے تو اس کے بعد اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللَّهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ ؕ

اور اگر دونوں جدا ہو جاویں تو اللہ ہر ایک کو بے پروا کر دے گا اپنی کشائش سے

وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ۝

اور اللہ کشائش والا تدبیر جاننے والا ہے

میاں بیوی میں جدائی ہو جائے تو بھی اللہ کارساز ہے

یعنی اگر دونوں جدائی ہی کو پسند کریں اور طلاق کی نوبت آئے تو کچھ حرج نہیں اللہ تعالیٰ ہر ایک کا کارساز ہے اور سب کی حاجات کا پورا کرنے والا ہے، اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ زوجین کو حتی الامکان محبت سے رکھے اور ... اور اس پر قادر نہ ہو تو پھر طلاق دے دینا مناسب ہے ...

ہم۔ تو تقسیم کرتے ہیں

مسئلہ: حسب روایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات کا انتظام یہ تھا کہ تمام بیویوں کی باری (اور مصارف) کی تقسیم میں برابری رکھنا شوہر پر واجب ہے۔ برابری نہ کرنے میں سخت گناہ کی وعید ہے۔ قاضی پر بھی واجب ہے کہ جس عورت کی حق تلفی ہو رہی ہو اس کو اس کا حق دلوائے۔ لیکن تسویہ اور برابری جماع میں ضروری نہیں۔ البتہ جماع بالکل نہ کرے کہ اس سے نسل کے ختم ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہاں شب باشی میں برابری واجب ہے۔

نئی اور پرانی بیوی:

نئی بی بی بھی پرانی بیویوں کی طرح باری کی تقسیم میں امام ابو حنیفہ کے نزدیک برابر ہے کیونکہ حدیث مذکور مطلق ہے۔ باقی تینوں اماموں کے نزدیک نئی بی بی اگر کنواری ہو تو اس کے پاس مسلسل ایک ہفتہ رہے اور اگر ثیبہ ہو تو تین رات مسلسل رہے۔ اس مدت کے بعد سب کی باری برابر کرے۔ نئی بی بی کے پاس جتنی راتیں گزاری ہوں پرانی بیویوں کے لئے ان کی تلافی واجب نہیں۔

ابو قلابہ کی روایت ہے کہ حضرت انسؓ نے فرمایا سنت یہ ہے کہ اگر کسی بی بی پر کسی کنواری سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات رات رہے اور اگر غیر کنواری بیوہ سے نکاح کیا تو اس کے پاس تین رات رہے۔ پھر سات اور تین راتوں کے بعد وہ باری (برابر) تقسیم کرے۔ یہ روایت بیان کرنے کے بعد ابو قلابہ نے کہا اگر میں چاہوں تو کہہ سکتا ہوں کہ حضرت انسؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بیان کیا تھا۔ متفق علیہ

حالت سفر کا حکم:

اگر کوئی شخص سفر کو جائے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک حالت سفر میں کسی بی بی کو باری کا حق نہیں ہے جس کو چاہے ساتھ لے جائے۔ لیکن مستحب یہ ہے کہ قرعہ اندازی کر لے اور جس کا نام نکل آئے اس کو ساتھ لے جائے۔ حالت سفر کی مدت کا کسی عورت کو کوئی حق نہیں۔ دیگر ائمہ کے نزدیک اگر مرد کسی کو ساتھ لے جانا چاہے تو قرعہ اندازی لازم ہے اور جس کا نام نکلے اسی کو ساتھ لے جانے کا حق ہے۔

اپنی باری کسی کو دے دینا:

اگر کسی بی بی نے اپنی باری کسی دوسری کو دے دی تو اس کی باری ساقط ہو جائے گی۔ حضرت عائشہؓ کی حدیث ہے کہ حضرت سودہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اپنی باری عائشہ کو دے دی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہؓ کے دو دن کر دیے تھے۔ ایک دن خود ان کا اور ایک دن حضرت سودہ والا۔ متفق علیہ۔

بغوی نے سلیمان بن یسار کی روایت سے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے آیت فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا الخ کے ذیل میں فرمایا اگر عورت اپنے نفس و مصارف یا باری کو معاف کر دینے پر رضامند ہو گئی ہو تو جب تک رضامند رہے جائز ہے۔ اور اگر رضامندی کے بعد پھر انکار کر دے تو اس کا حق اس کو واپس مل جائے گا۔

مسئلہ: مرض کی حالت میں بھی عورت کی رضامندی کے بغیر اس کی باری ترک کر دینا جائز نہیں، رضامند ہو تو جائز ہے۔ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض الموت کی حالت میں (دریافت) فرماتے تھے کل میں کہاں ہوں گا۔ اس سے آپ کی مراد حضرت عائشہؓ کی باری معلوم کرنا ہوتی تھی۔ (چنانچہ دیگر) بیبیوں نے اجازت دے دی کہ آپ جہاں چاہیں رہیں۔ چنانچہ آپ حضرت عائشہؓ کے گھر رہے تھے۔ اور وہیں وفات پائی۔ متفق علیہ

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں
وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ
اور ہم نے حکم دیا ہے پہلے کتاب والوں کو
قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ۚ وَاِنْ تَكْفُرُوْا
اور تم کو کہ ڈرتے رہو اللہ سے اور اگر نہ مانو گے
فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
تو اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں
وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي
اور اللہ ہے بے پروا سب خوبیوں والا اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں اور اللہ
وَكِيْلًا ۝
کافی ہے کارساز

[illegible] ... ہمارے لئے سیدنا پیدا ... ہمارے بیان ... [illegible]

آیتوں کا خلاصہ

[illegible]

إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ وَيَأْتِ

اگر چاہے تو تم کو دور کر دے اے لوگو اور لے آئے

بِآخَرِينَ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ قَدِيرًا

اور لوگوں کو اور اللہ کو یہ قدرت ہے

اللہ کی بے نیازی

[illegible]

حضرت سلمانؓ کی قوم

[illegible] ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ... حضرت سلمانؓ کی پشت پر ہاتھ رکھ کر فرمایا ... [illegible]

[illegible] ... اس حدیث کی روایت ... (وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا) ... [illegible]

[illegible] ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... سورۂ جمعہ ... (وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ) ... حضرت سلمانؓ ... ایمان ... [illegible]

[illegible] ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت (وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُم) ... [illegible]

مشائخ محدثین ماوراء النہر

[illegible]

امام ابوحنیفہؒ

[illegible] ... شیخ جلال الدین سیوطیؒ ... امام ابوحنیفہؒ ... [illegible]

[illegible]

مَنْ كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ

[illegible]

ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

[illegible]

اطاعت الٰہی سے دنیا و آخرت کا حصول

[illegible]

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًا

اور اللہ سب کچھ سنتا دیکھتا ہے

[illegible]

حضرت عبداللہ بن رواحہ کا تقویٰ

[illegible]

يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ

[illegible]

بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ

[illegible]

اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِينَ

[illegible]

[illegible]

بہترین گواہ

[illegible]

آیت کا دوسرا مطلب

[illegible]

جج کی ذمہ داری

[illegible]

اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا

[illegible]

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوا

[illegible]

گواہی میں کسی کی طرفداری نہ کرو:

یعنی سچی گواہی دینے میں اپنا یا کسی کا نقصان نہ سوچو ... مالدار ہو یا محتاج ... حق ... اللہ تعالیٰ ... ان کے مصالح سے واقف ہے، اس کو یہاں کی کیا پروا ہے۔

وَإِنْ تَلْوُوا أَوْ تُعْرِضُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ
اور اگر تم زبان ملو گے یا بچا جاؤ گے تو اللہ
بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٣٥﴾
تمہارے سب کاموں سے خوب واقف ہے

گواہی سچی اور صاف دو:

زبان ملو یعنی گواہی میں ... کہ سننے والے کو شبہ پڑ جائے ... اور بچا جاؤ یعنی پوری بات نہ کہو ... ان دونوں صورتوں میں ... (تفسیر عثمانی)

پیغمبر بھیجنے اور کتابیں اتارنے کا مقصد:

... کیا ... رسول ... تاکہ لوگوں کو ... حق ... (تفسیر عثمانی)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ
اے ایمان والو یقین لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر
وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ
اور اس کتاب پر جو نازل کی ہے اپنے رسول پر
وَالْكِتَابِ الَّذِي أَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَنْ
اور اس کتاب پر جو نازل کی تھی پہلے اور جو

يَكْفُرْ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ
کوئی یقین نہ رکھے اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور کتابوں پر اور رسولوں پر اور
وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١٣٦﴾
اور قیامت کے دن پر وہ بہک کر دور جا پڑا

تمام احکام پر دل سے یقین لاؤ:

یعنی جو اسلام قبول کر چکے ہو ... دل سے یقین لاؤ ... اگر کسی ایک پر بھی یقین نہ لائے تو ... ایمان نہیں ... (تفسیر عثمانی)

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا
جو لوگ مسلمان ہوئے پھر کافر ہو گئے پھر مسلمان ہوئے
ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَمْ يَكُنِ اللَّهُ
پھر کافر ہو گئے پھر بڑھتے رہے کفر میں تو اللہ ان کو
لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ﴿١٣٧﴾
ہرگز بخشنے والا نہیں اور نہ دکھلاوے ان کو راہ

منافقوں اور یہودیوں کی حالت:

یعنی ظاہر میں تو مسلمان ہوئے ... بے یقین ... کافر ہیں ... مراد منافقین ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ آیت یہودیوں کی شان میں ہے کہ اہل ایمان ... عبادت کر کے کافر ہوئے پھر ... اسلام سے منکر ہو کر ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ... کفر میں ترقی کر گئے۔ (تفسیر عثمانی)

بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣٨﴾
خوشخبری سنا دے منافقوں کو کہ ان کے واسطے ہے عذاب دردناک
الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ
وہ جو بناتے ہیں کافروں کو اپنا رفیق

دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ
مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا ڈھونڈتے ہیں ان کے پاس عزت
فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا
سو عزت تو اللہ ہی کے واسطے ہے ساری

عزت کا مالک فقط اللہ ہے

یعنی منافق لوگ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے۔ ان کا یہ خیال کہ کافروں کے پاس بیٹھ کر ہم کو بھی عزت ملے گی بالکل غلط ہے سب عزت اللہ تعالیٰ کے واسطے ہے جو اس کی اطاعت کرے گا اس کو عزت حاصل ہوگی جیسا کہ مومنین ... دونوں جہاں میں ... (تفسیر عثمانی)

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا
اور حکم اتار چکا تم پر قرآن میں کہ جب
سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا
سنو اللہ کی آیتوں پر انکار ہوتے اور ہنسی ہوتے
فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ
تو نہ بیٹھو ان کے ساتھ یہاں تک کہ مشغول ہوں
حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ اِنَّ اللّٰهَ
کسی دوسری بات میں نہیں تو تم بھی انہی جیسے ہوئے بیشک اللہ
جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا
اکٹھا کرے گا منافقوں کو اور کافروں کو دوزخ میں ایک جگہ

انکار و تمسخر کی مجلس میں نہ بیٹھو

یعنی اے مسلمانو خدا تعالیٰ پہلے قرآن شریف میں تم کو حکم بھیج چکا ہے کہ جس مجلس میں احکام خداوندی کا انکار اور تمسخر کیا جاتا ہو وہاں ہرگز مت بیٹھو ورنہ تم بھی ویسے ہی سمجھے جاؤ گے البتہ جس وقت دوسری باتوں میں مشغول ہوں تو اس وقت ان کے ساتھ بیٹھنے کی رخصت ہے۔

سبب نزول: منافقوں کی مجالس میں آیات اور احکام الٰہی پر انکار و استہزاء ہوتا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور یہ جو فرمایا کہ حکم اتار چکا تم پر یہ اشارہ ہے آیت (وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ) الخ کی طرف جو پہلے نازل ہو چکی تھی۔ فائدہ اس سے معلوم ہو گیا کہ جو شخص مجلس میں اپنے دین پر طعن اور عیب سنے اور پھر اسی مجلس میں بیٹھا رہے اگرچہ آپ تحقیق بھی کرے وہ منافق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول:

حضرت علیؓ اس آیت کی تلاوت فرما کر فرماتے تھے مرتد سے تین بار کہا جائے کہ توبہ کر لے۔ پھر فرمایا یہ منافقوں کا حال ہے کہ آخر زمانہ میں ہر بار ایسا ہوتا ہے پھر وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں سے دوستی کا تعلق رکھتے ہیں۔

فخر کیلئے کافر باپ دادوں سے منسوب ہونا

مسند احمد بن حنبل کی یہ حدیث ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص فخر و عزت اور اپنی عزت ظاہر کرنے کے لئے اپنا نسب اپنے کافر باپ دادوں سے ملائے اور نو تک پہنچے وہ دسواں ان کے ساتھ جہنم میں ہوگا۔

اس آیت سے فقہاء کا استدلال:

امام شافعیؒ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ اگر کوئی کافر مسلمان غلام خریدے تو بیع فاسد ہے۔ امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا بیع صحیح ہے کیونکہ کافر مالک ہے اور مسلمان غلام کی بیع ہے البتہ اس آیت کے زیر اثر (کافر اپنی ملک کی مسلمان غلام کو نہ رکھ سکے گا بلکہ) کافر کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ مسلمان غلام کا مالک ہونے کے بعد فروخت کر دے۔ امام ابو حنیفہؒ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ اگر شوہر مرتد ہو جائے اور بیوی مسلمان رہے تو مرتد ہوتے ہی بیوی کی تفریق ہو جاتی ہے۔ (یعنی نکاح سے خارج ہو جاتی ہے)

ریاکار کی نماز:

بیہقی نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص لوگوں کے سامنے تو نماز اچھی طرح پڑھے اور جب لوگ نہ دیکھتے ہوں تو نماز کو خراب پڑھے تو یہ نماز کو حقیر سمجھنا ہے کیونکہ ایسا شخص اپنے رب کی اہانت کرتا ہے۔

منافق کی حالت:

روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا منافق کی حالت ایسی ہے جیسے ریوڑ سے بچھڑی ہوئی بکری جو دو ریوڑوں کے درمیان کبھی ایک طرف دوڑ کر جاتی ہے کبھی دوسرے کی طرف لوٹتی ہے۔ رواہ مسلم (تفسیر مظہری، جلد ۳)

حضرت عمرؓ کا فرمان:

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا "یعنی جو شخص کفار کے ہاں عزت حاصل کرنا چاہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ذلیل کر دیتے ہیں" مستدرک حاکم میں ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے ملک شام کے عمال (گورنروں) سے فرمایا:

كُنْتُمْ أَذَلَّ النَّاسِ فَأَعَزَّكُمُ اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ وَكُنْتُمْ أَذَلَّ النَّاسِ لَا عِزَّ لَكُمُ اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ فَمَهْمَا تَطْلُبُوا الْعِزَّةَ بِغَيْرِ اللّٰهِ (مستدرک ص ۸۲ ج۱)

"یعنی تم سب لوگوں میں سب سے کم اور سب سے زیادہ ذلیل تھے تم کو محض اسلام کی وجہ سے عزت و شوکت ملی ہے تو خوب سمجھ لو اگر تم اسلام کے سوا کسی دوسری چیز سے عزت حاصل کرنا چاہو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو ذلیل کر دے گا"

جب تک مسلمان صحیح معنی میں مسلمان رہے دنیا نے اس کا آنکھوں سے مشاہدہ کر لیا اور پھر آخر زمانہ میں جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نامت (قیامت) تک مسلمان صحیح مسلمان ہو جائیں گے تو پھر غلبہ انہی کا ہو گا۔ درمیانی ادوار میں مسلمانوں کے ضعف ایمان اور اعمال صالحہ کی وجہ سے ان کا کمزور نظر آنا اس کے منافی نہیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ایک مرتبہ چند لوگوں کو اس جرم میں گرفتار کیا کہ وہ شراب پی رہے تھے ان میں سے ایک شخص کے بارے میں ثابت ہوا کہ وہ روزہ رکھے ہوئے ہے اس نے شراب بھی نہیں پی لیکن ان کی مجلس میں شریک تھا، حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس کو بھی سزا دی کہ وہ ان کی مجلس میں بیٹھا کیوں تھا۔ (معارف القرآن ج ۲ ص ۵۷۲)

شراب نوشی کی مجلس:

تفسیر ابن کثیر میں اس جگہ یہ حدیث نقل فرمائی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلٰى مَائِدَةٍ يُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ"

"یعنی جو شخص اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو" (معارف القرآن ج ۲)

الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ
وہ منافق جو تمہاری تاک میں ہیں پھر اگر تم کو فتح
فَتْحٌ مِنَ اللّٰهِ قَالُوا أَلَمْ نَكُنْ مَعَكُمْ وَإِنْ
اللہ کی طرف سے تو کہیں کیا ہم نہ تھے تمہارے ساتھ اور اگر
كَانَ لِلْكٰفِرِينَ نَصِيبٌ قَالُوا أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ
نصیب ہو کافروں کو تو کہیں کیا ہم نے گھیر نہ لیا تھا
عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ
تم کو اور بچا دیا تم کو مسلمانوں سے

منافقت:

یعنی یہ منافق وہ ہیں جو برابر تمہاری تاک اور انتظار میں لگے رہتے ہیں پھر اگر تمہاری فتح ہو تو تم سے کہتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہیں تھے مال غنیمت میں ہم کو بھی شریک کرو اور اگر کافروں کو لڑائی میں کچھ حصہ مل گیا یعنی وقتی غلبہ ہو گیا تو ان سے کہتے ہیں کہ کیا ہم نے تم کو گھیر نہ لیا تھا اور تمہاری حمایت کر کے ہم نے کیا تم کو مسلمانوں کے ضرر سے نہیں بچایا۔ لوٹ میں ہم کو بھی حصہ دو۔ غرض اس سے معلوم ہوا کہ یہ منافق دو کشتیوں کے سوار ہیں جس طرف کا پلہ بھاری دیکھتے ہیں ادھر ہی ہو جاتے ہیں یہ بھی بڑے رسوا کن نفاق کی بات ہے۔ (تفسیر عثمانی)

منافقت کا عذاب:

بغوی نے حضرت ابوہریرہؓ کا قول لکھا ہے صندوقوں کے اندر منافق بند ہوں گے جن کے اندر منافقوں کو اوپر نیچے سے بند کیا ہوا ہو گا۔

ابن وہب نے کعب احبار کا قول نقل کیا ہے کہ دوزخ میں ایک کنواں ہے جب سے اس کو بند کیا ہے اس کا منہ کبھی نہیں کھولا گیا جب کبھی کھولا جاتا ہے تو اس کی گرمی سے دوزخ پناہ مانگتی ہے۔ دوزخ کے سب سے نیچے کا طبقہ ہے۔ منافق دوزخ کے نچلے طبقے کے مستحق اس لئے قرار دیئے گئے کہ تمام کافروں سے زیادہ خبیث ہیں۔ ان کے اندر کفر کے ساتھ اللہ، رسول اور اسلام کے ساتھ استہزاء ہے اور مسلمانوں کو دھوکہ دینے کی خباثت ہے۔ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ باوجود کافر ہونے کے اہل اسلام کے ظاہری حقوق سے بھی مستفید ہوتے رہے اس لئے عذاب کے بھی زیادہ مستحق قرار دیئے گئے۔

اخلاص اور ریا کے بارے میں ایک قول نقل کیا ہے دو حدیثیں ہیں حضرت سعیدؓ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ اخلاص کیا ہے؟ فرمایا: اللہ کی خوشی کے لئے عمل کرے اور اس عمل پر لوگوں کی تعریف کو پسند نہ کرے۔ حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں حضرت زید بن ارقمؓ کی روایت سے لکھا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اخلاص کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کہا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! اس میں اخلاص کیا ہے؟ فرمایا یہ ہے کہ اس کو حرام کردہ چیزوں سے باز رکھے۔ یہ تفسیر مظہری سے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت:

بیہقی نے شعب الایمان میں اور حاکم نے حضرت معاذ بن جبل کی روایت سے لکھا ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حاکم بنا کر یمن کو بھیجا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے وصیت فرما دیجئے۔ فرمایا اپنے دین کو خالص رکھنا تیرے لئے تھوڑا عمل بھی کافی ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ وَلَنْ يَّجْعَلَ

سو اللہ فیصلہ کرے گا تم میں قیامت کے دن اور ہرگز نہ دے گا

اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا

اللہ کافروں کو مسلمانوں پر غلبہ کی راہ

کافر کبھی کامیاب نہ ہوں گے:

یعنی اللہ تعالیٰ تم میں اور ان میں عملی فیصلہ کرے گا کہ تم کو بہشت دیگا اور ان کو جہنم میں ڈالے گا دنیا میں جو تم ان سے مغلوب ہو جاتے ہو لیکن آخرکار اہل ایمان کو فتح ہی ہوگی جو مومن کی اصل شان ہے۔ (تفسیر جلالین)

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ

بے شک منافق دغابازی کرتے ہیں اللہ سے اور وہی ان کو دغا دیگا

دغا کی سزا:

یعنی دل سے کافر ہیں اور ظاہر میں مسلمان تاکہ دونوں طرف کی مضرت سے محفوظ رہیں اور دونوں سے فائدہ اٹھائیں۔ چونکہ حق تعالیٰ جانتا ہے اس دغابازی کی یہ سزا دی کہ ان کی تمام تدبیریں بے کار ہوگئیں اور ناکام رہے دنیا میں ایسے ذلیل ہوئے کہ ان کا حال سب پر کھل گیا اور سب دغابازی مسلمانوں پر کھل گئی اور آخرت میں جو ان کی سزا ملے گی وہ بھی ظاہر ہے۔ غرض اس دغابازی کے نتیجے میں دنیا و آخرت دونوں خراب ہو گئیں۔

وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ

اور جب کھڑے ہوں نماز کو تو کھڑے ہوں ہارے جی سے

يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

لوگوں کے دکھانے کو اور یاد نہ کریں اللہ کو

اِلَّا قَلِيْلًا ۙ

مگر تھوڑا سا

منافقوں کی نماز:

یعنی نماز جو نہایت ضروری اور خالص عبادت ہے اس کے ادا کرنے میں جو دلی اخلاص کی ضرورت کا بھی اثر نہیں منافق لوگ اس سے بھی جان چراتے ہیں مجبوری لوگوں کے دکھانے کو جو کچھ پڑھتے ہیں تاکہ ان کے کفر کی کسی کو اطلاع نہ ہو اور مسلمان سمجھے جاویں پھر ایسوں سے اور کسی بات کی کیا توقع ہو سکتی ہے وہ کیسے مسلمان ہو سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ

ادھر میں لٹکتے ہیں دونوں کے بیچ نہ ان کی طرف

وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

اور نہ ان کی طرف اور جس کو گمراہ کرے اللہ

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا

تو ہرگز نہ پاوے گا تو اس کے واسطے کہیں راہ

منافقوں کی پریشان حالی:

یعنی منافقین تو بالکل تذبذب اور حیرت میں گرفتار ہیں۔ نہ اسلام پر اطمینان ہے نہ کفر پر سخت پریشانی میں مبتلا ہیں کبھی ایک طرف جھکتے ہیں کبھی دوسری طرف اور اللہ جس کو بھٹکا دے اور گمراہ کر دے پھر اس کو نجات کا راستہ کہاں مل سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

نماز شوق سے پڑھو:

حضرت ابن عباس کہتے ہیں ہارے ہوئے بدن سے کسمسا کر نماز پڑھنا مکروہ جانتے تھے اور فرماتے تھے کہ نمازی کو چاہئے کہ ذوق و شوق سے راضی خوشی پوری رغبت اور انہماک و توجہ کے ساتھ نماز میں کھڑا ہو اور یقین مانے کہ اس کی آواز پر خدا تعالیٰ کے کان ہیں۔ اس کی طلب پوری کرنے کو خدا تیار ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

منافقوں پر بھاری نمازیں:

بخاری و مسلم میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں سب سے زیادہ بوجھل نماز منافقوں پر عشاء اور فجر کی ہے۔ اگر وہ اس کی اور ان نمازوں کے فضائل کے دل سے قائل ہوتے تو گھٹنوں کے بل چل کر بھی پہنچ جاتے۔ میں تو ارادہ کر رہا ہوں کہ تکبیر کہلوا کر کسی کو اپنی امامت کی جگہ کھڑا کر کے نماز شروع کرا دوں اور کچھ لوگوں سے لکڑیاں اٹھوا کر ان کے گھروں میں جاؤں جو جماعت میں نہیں آتے اور ان کے گھروں کو جلا دوں۔ ایک روایت میں ہے خدا کی قسم اگر انہیں ایک چرب ہڈی یا دو اچھے کھر ملنے کی امید ہو تو دوڑے چلے آئیں۔ لیکن آخرت کی اور خدا کے ثوابوں کی انہیں اتنی بھی قدر نہیں۔ اگر بال بچوں اور عورتوں کا جو گھروں میں رہتی ہیں مجھے خیال نہ ہوتا تو قطعاً میں ان کے گھر جلا دیتا۔

منافق کی مثال:

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ منافق کی مثال ایسی ہے جیسے دو ریوڑ کے درمیان کی بکری کہ کبھی تو دوڑ کر اس ریوڑ کی طرف دوڑتی ہے کبھی اس طرف۔ اس کے نزدیک ابھی طے نہیں ہوا کہ اس کے پیچھے جائے یا اس کے پیچھے جائے۔

اور حدیث میں ہے، منافق کی مثال اس بکری جیسی ہے جو ہرے بھرے ٹیلے پر بکریوں کو دیکھ کر آئی اور سونگھ کر چل دی۔ پھر دوسرے ٹیلے پر چڑھی اور سونگھ کر آ گئی۔ پھر فرمایا، جیسے خدا نے اولاً حق سے پھیر دیا [illegible] (تفسیر ابن کثیر)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ
اے ایمان والو نہ بناؤ کافروں کو
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ
اپنا رفیق مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا لیا چاہتے ہو اپنے اوپر
تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ اِنَّ
اللہ کا الزام صریح بیشک
الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ
منافق ہیں سب سے نیچے درجہ میں دوزخ کے

وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝
اور ہرگز نہ پاوے گا تو ان کے واسطے کوئی مددگار

نفاق کی دلیل:

یعنی مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں سے دوستی کرنا دلیل ہے نفاق کی جیسے کہ منافقین کرتے ہیں۔ سو تم اے مسلمانو ہرگز مت کرو ورنہ خداوند تعالیٰ کا صریح الزام اور پوری حجت تم پر قائم ہو جائے گی کہ تم بھی منافق ہو اور منافقوں کے لئے دوزخ کا سب سے نیچا طبقہ مقرر ہے اور کوئی ان کا مددگار نہیں ہو سکتا کہ ان کو اس طبقہ سے نکال لے یا عذاب میں کچھ تخفیف کرا دے۔ مسلمانوں کو اس بات سے ڈرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں سے دوستی کا نقصان:

حق تعالیٰ شانہ جب منافقین کے اعمال قبیحہ کا بیان کر چکے تو مسلمانوں کو حکم دیتے ہیں کہ تم ان کافروں سے دوستی نہ کرو ورنہ تم ان کی سزا کے ساتھی ہو گے جیسا کہ حدیث میں ہے، المرء مع من احب۔ کیونکہ ان کی دوستی سے تمہارے دل سے خدا تعالیٰ کی محبت چلی جائے گی۔ آخرت کو بھول جاؤ گے اور صرف دنیا کے شیدائی و فریفتہ بن جاؤ گے کیونکہ ایک دل میں دو ضد نہیں رہ سکتیں (مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ) الخ یہی معنی ہیں۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ
مگر جنہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کی اور مضبوط پکڑا اللہ کو
وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ
اور خالص کیا اپنے دین کو اللہ کے واسطے سو وہ ہیں ایمان والوں کے
وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝
ساتھ اور جلد دیگا اللہ ایمان والوں کو بڑا ثواب

خالص مسلمان:

یعنی جو منافق نفاق سے توبہ کر کے اپنے عمل کی اصلاح کر لیں اور اللہ کے دین کو مضبوط پکڑیں اور اللہ پر توکل رکھیں اور اپنا دین خواہشوں سے پاک و صاف کر لیں تو وہ خاص مسلمان ہیں۔ [illegible] ایمان والوں کے ساتھ ہوں گے اور ایمان والوں کو بڑا ثواب ملے گا۔ [illegible] (تفسیر عثمانی)

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ
کیا کرے گا اللہ تم کو عذاب کر کے اگر تم حق کو مانو اور یقین رکھو
وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا
اور اللہ قدر دان ہے سب کچھ جاننے والا ہے

اللہ قدر دان ہے:

یعنی اللہ تعالیٰ نیک کاموں کا قدر دان ہے اور بندوں کی سب باتوں کو خوب جانتا ہے۔ سو جو شخص اس کے حکم کی اطاعت اور شکر گزاری کے ساتھ تسلیم کرتا ہے اور اس پر یقین رکھتا ہے تو اللہ عادل رحیم کو ایسے شخص پر عذاب کرنے سے کوئی تعلق نہیں۔ یعنی ایسے شخص کو ہرگز عذاب نہ ہوگا۔ وہ تو منکروں اور نافرمانوں کو عذاب دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شکر گزاروں کا انجام:

اللہ شکر گزار مومن کو عذاب نہیں دے گا۔ کیونکہ بندوں کو عذاب دینے سے نہ اس کے اقتدار میں اضافہ ہوتا ہے نہ عذاب نہ دینے سے حکومت میں کمی آ جاتی ہے۔ کسی فائدہ کو حاصل کرنا یا ضرر کو دفع کرنا تو عذاب دینے کا مقصد ہی نہیں ہے۔

ایمان و شکر سے علاج:

جیسے مزاج کے بگڑنے سے مرض پیدا ہوتا ہے، مگر ایمان اور شکر کی دوا سے آدمی کی قلبی بیماری یعنی نفاق و کفر کو زائل ہو جاتے اور وہ ٹوٹ کر جائے تو آدمی برے نتیجے سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے۔

شکر اور ایمان:

میں کہتا ہوں شاید شکر سے مراد ہے ایمان مجازی یعنی جو ظاہری عمل ہے۔ اور ایمان سے مراد ہے ایمان حقیقی (اور ایمان مجازی ایمان حقیقی کا زینہ ہے۔ ظاہری مجازی ایمان سے ہی ترقی کر کے آدمی ایمان حقیقی تک پہنچتا ہے۔ اس لئے شکر کو ایمان سے پہلے ذکر کیا)۔ (تفسیر مظہری)

﴿پارہ پنجم ختم ہوا﴾

الحمد للہ

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ
اللہ کو پسند نہیں کسی کی بری بات کا ظاہر کرنا مگر
اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا
جس پر ظلم ہوا ہو اور اللہ ہے سننے والا جاننے والا

غیبت کی ممانعت:

یعنی کسی میں دینی یا دنیاوی عیب معلوم ہو تو اس کو مشہور نہ کرنا چاہئے۔ خدا تعالیٰ سب کی بات سنتا ہے اور سب کے کام خوب جانتا ہے۔ ہر ایک کو اس کے موافق جزا دے گا۔ کسی کی غیبت کرنی نہیں چاہئے مگر مظلوم کو رخصت ہے کہ ظالم کا ظلم لوگوں سے بیان کرے۔ ایسے ہی بعض اور صورتوں میں بھی غیبت روا ہے۔ اور یہ حکم بیان فرمایا اس لئے کہ مسلمان کو چاہئے کسی منافق کا نام مشہور نہ کرے، اور بھی اگر جانے اس کو جو... جس میں بگڑ کر شاید بے باک ہو جائے، بلکہ مبہم نصیحت کرے۔ منافق آپ سمجھ لے گا یا تنہائی میں نصیحت کرے اس طرح شاید ہدایت قبول کر لے۔ چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے، کسی کا نام لے کر مشہور نہ فرماتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

سب سے زیادہ عذاب والے:

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب منافقین اور اصحاب مائدہ اور آل فرعون کو ہوگا۔ اور قرآن کریم میں اس کی تصریح موجود ہے۔

نام لے کر عیب بیان کرنا:

اللہ تعالیٰ نے گزشتہ آیات میں منافقین کے عیب بیان کئے مگر نام کسی کا نہیں لیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ اللہ کو یہ پسند ہے کہ کسی کا نام لے کر برائی کا اعلان نہ کیا جائے۔ ہاں اگر مظلوم اپنے ظالم کا نام لے کر اس کا عیب بیان کرے اور اس کی شکایت کرے تو یہ جائز ہے۔ حاکم کی عدالت میں نالش و شکایت کرنا بھی جائز ہے، کیونکہ بغیر ظالم کا نام لئے ہوئے مظلوم اپنا دعویٰ ثابت نہیں کر سکتا۔

مظلوم اگر ظالم کی برائی یا زیادتی کا اظہار کرے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ لیکن اگر معاف کر دے تو اس کے لئے بہتر ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی عادت باوجود قدرت کے خطاکاروں سے معاف کرنے اور درگزر کرنے کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

کہ یہ آیت (اِلَّا مَنْ ظُلِمَ) اس کے بیان کے لئے ہے بلکہ [illegible] کہ [illegible] سے [illegible] جاتا ہے۔ اب [illegible] بیان [illegible] کہ اس کے بعد [illegible] قریب [illegible] کا ذکر ہے یعنی [illegible] کرنا [illegible] بڑا ظلم ہے [illegible] ظالم [illegible] لینا جائز ہے۔ حدیث میں [illegible] صاحب [illegible] کو [illegible] ہے۔ [illegible]

عیب کو ظاہر کرنا کب جائز ہے:

[illegible] کہ عیب کو ظاہر کرنا [illegible] سے احتیاط اور پرہیز کریں۔ مطلب یہ ہے کہ [illegible] ظالم [illegible] کو [illegible] اس کے [illegible] اور [illegible] نہیں۔

مظلوم کو اجازت:

مظلوم کے لئے [illegible] کی اجازت [illegible] ہے کہ مظلوم [illegible] کے ظلم کی [illegible] کے لئے بددعا کر سکتا ہے۔ بعض [illegible] کے نزدیک یہ [illegible] کرنے سے [illegible] گالی دے (تو جائز ہے لیکن) [illegible] ظلم [illegible] زیادتی کرتا ہے۔

([illegible]) الآیۃ

حضرت انس [illegible] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] جو [illegible] کرے [illegible] جب تک کہ مظلوم [illegible] (مسلم)

میزبان کا حق:

[illegible] مجاہد کا قول نقل کیا ہے کہ اس آیت کا نزول مہمان کے حق میں ہوا تھا۔ اگر کوئی شخص کسی قوم کے پاس جا کر اترے اور وہ [illegible] ضیافت [illegible] مہمان کے لئے [illegible] اس [illegible] بیان کرنا جائز ہے۔

مظلوم کو پہلے انتقام لینے کی اجازت دی۔ اس آیت میں [illegible] معاف کر دینے کی ترغیب دی۔ حضرت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] کیا [illegible]

اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا
ترجمہ: اگر تم کوئی بھلائی [illegible] یا اسے چھپاؤ یا معاف کرو

عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا
برائی سے تو اللہ بھی معاف کرنے والا بڑی قدرت والا ہے

مظلوم کو معاف کر دینے کی ترغیب

اس آیت میں مظلوم کو معاف کر دینے کی ترغیب دلائی گئی ہے کہ حق تعالیٰ زبردست اور قدرت والا ہو کر بندوں کی خطاؤں [illegible] معاف کرتا ہے [illegible] دوسروں کا قصور معاف کر دینا چاہئے [illegible] یہ کہ مظلوم [illegible] جواب [illegible] اگر [illegible] ہے [illegible] کی اصلاح [illegible] حقوق کی [illegible] صبر کر [illegible] ظالم کی [illegible]

مسلمان کے لئے بددعا کرنا:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما [illegible] تفسیر [illegible] کسی مسلمان [illegible] کے لئے بددعا کرنی جائز نہیں۔ ہاں جس پر ظلم کیا گیا ہو وہ اپنے ظالم کے لئے بددعا کر سکتا ہے۔ [illegible] صبر و تحمل کرے [illegible] نصیحت [illegible] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی [illegible] چوری کر لے گئے تو آپ ان کے لئے بددعا کرنے لگیں۔ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] حضرت حسن بصری [illegible] کے لئے بددعا [illegible] یہ ہے اللّٰھم اعنی علیہ و استخرج حقی منہ [illegible]

انسداد جرم:

جس شخص پر کوئی ظلم کرے تو مظلوم اس کے ظلم کی شکایت [illegible] کر سکتا ہے۔ [illegible] ظلم کا [illegible] ذریعہ ہے۔

ظلم کے جواب میں [illegible] کی اجازت [illegible] لیا جا سکتا ہے۔ [illegible] معاف کر دیا جائے تو [illegible]

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ
جو لوگ منکر ہیں اللہ سے اور اس کے رسولوں سے

وَيُرِيدُونَ أَن يُفَرِّقُوا بَيْنَ اللَّهِ وَرُسُلِهِ

اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں اللہ میں اور اس کے رسولوں میں

وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ

اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعضوں کو اور نہیں مانتے بعضوں کو

وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُوا بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ﴿١٥٠﴾

اور چاہتے ہیں کہ نکالیں اس کے بیچ میں ایک راہ

أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقًّا ۚ وَأَعْتَدْنَا

ایسے لوگ وہی ہیں اصلی کافر اور ہم نے تیار کر رکھا ہے

لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿١٥١﴾

کافروں کے واسطے ذلت کا عذاب

ربط: یہاں سے ذکر ہے یہود کا، چونکہ یہود کے نفاق کا مضمون بہت تھا اور آپ کے زمانہ میں جو منافق تھے وہ یہود تھے یا یہود سے ربط اور میل رکھنے والے اور ان کے مشورہ پر چلنے والے تھے، اس سے قرآن شریف میں کثرت سے ان دونوں فرقوں کا ذکر ملا ہوا ہے۔

بعض رسولوں کو ماننا اور بعض کا انکار کرنا کفر ہے:

آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جو لوگ اللہ سے اور اس کے رسولوں سے منکر ہیں اور اللہ اور اس کے رسولوں میں فرق کرنا چاہتے ہیں کہ اللہ پر ایمان لائے اور رسولوں پر ایمان نہیں لائے اور بعض رسولوں کو تو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور مطلب یہ ہے کہ اسلام اور کفر کے بیچ میں ایک نیا مذہب اپنے لئے نکالیں ایسے ہی لوگ اصل اور پکے کافر ہیں ان کے لئے خواری اور ذلت کا عذاب تیار ہے۔

فائدہ: اللہ کا ماننا جبھی معتبر ہے کہ اس کے سب پیغمبروں کی تصدیق کرے اور اس کا حکم وصفت بدون تصدیق نبی کے اللہ کا ماننا معتبر نہیں بلکہ ایک نبی کی تکذیب اللہ کی اور تمام رسولوں کی تکذیب بھی ہوتی ہے جیسا کہ جب نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی تو حق تعالیٰ کی اور تمام انبیاء کی تکذیب کرنے والے قرار دیئے گئے اور کافر سمجھے گئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ يُفَرِّقُوا

اور جو لوگ ایمان لائے اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر اور

بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُولَٰئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ

جدا نہ کیا ان میں سے کسی کو ان کو جلد دے گا

أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٥٢﴾

ان کے ثواب اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان

مسلمانوں کی فضیلت

یعنی اور جن لوگوں نے کسی نبی کو جدا نہیں کیا بلکہ ایمان لائے اللہ پر اور اس کے سب رسولوں پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ان کو پورا ثواب عطا فرمائے گا۔ ان سے مراد مسلمان ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سب پر ایمان لائے۔ (تفسیر عثمانی)

يَسْأَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَن تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ

تجھ سے درخواست کرتے ہیں اہل کتاب کہ تو ان پر اتار لاوے

كِتَابًا مِّنَ السَّمَاءِ ۚ فَقَدْ سَأَلُوا مُوسَىٰ

لکھی ہوئی کتاب آسمان سے سو مانگ چکے ہیں موسیٰ سے

أَكْبَرَ مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً

اس سے بھی بڑی چیز اور کہا ہم کو دکھلا دے اللہ کو بالکل سامنے

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا

سو آ پڑی ان پر بجلی ان کے گناہ کے باعث پھر بنا لیا

الْعِجْلَ مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ

بچھڑے کو بہت کچھ نشانیاں پہنچ چکنے کے بعد پھر ہم نے

فَعَفَوْنَا عَن ذَٰلِكَ

وہ بھی معاف کیا

سبب نزول: یہودیوں کے چند سرداروں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر تم پیغمبر ہو تو ایک کتاب پوری کی پوری یکبارگی آسمان سے لا دو جیسے

حضرت موسیٰ علیہ السلام تورات لائے تھے۔ [illegible] نازل کرائی۔

یہودیوں کے سوالات کے جوابات

ان تمام [illegible] سوالات کا ان کے جواب میں [illegible] ہے۔ اس نے یہ تحقیقی جواب دیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہودی جو آپ سے آسمان سے کتاب طلب کر رہے ہیں یہ ان کی بے ادبی اور سرکشی کی بات [illegible] ہے۔ [illegible] ان سے بھی بڑی سخت بات انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے طلب کی تھی کہ ہم کو اللہ تعالیٰ کو کھلا دکھاؤ [illegible] پر بجلی گر پڑی [illegible] اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے ان [illegible] عظیم الشان نشانیاں دیکھ کر بھی بچھڑے کو معبود بنا لیا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ان سے بھی درگزر فرمایا۔ [illegible] تفصیل سے [illegible] ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

وَآتَيْنَا مُوسَىٰ سُلْطَانًا مُّبِينًا

اور دیا ہم نے موسیٰ کو غلبہ صریح

موسیٰ علیہ السلام نے ان بچھڑے کی پوجا کرنے والوں [illegible] اور ان کی [illegible] کو حکم دیا کہ [illegible] والے قتل کیے گئے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّورَ بِمِيثَاقِهِمْ

اور ہم نے اٹھایا ان پر پہاڑ طور ان سے قرار لینے کے واسطے

یہود کی سرکشی:

[illegible] یہودیوں نے [illegible] تورات کے احکام قبول کرنے سے انکار کیا [illegible] سرکشی پر اتر آئے [illegible] حضرت جبرائیل [illegible] پہاڑ [illegible] حضرت موسیٰ کی قوم [illegible] پہاڑ کو معلق کر دیا [illegible] اگر [illegible] قبول نہ کرو گے تو یہ [illegible] گرا دیا جائے گا [illegible] آنکھوں سے دیکھ رہے تھے [illegible] گرا دیا گیا۔

وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

اور ہم نے کہا کہ داخل ہو دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے

سجدے کے حکم کی نافرمانی:

یہود کو حکم ہوا تھا کہ شہر میں داخل ہوتے وقت سجدہ کرتے ہوئے [illegible] انہوں نے سجدہ کے بجائے [illegible] پر گھسٹنا شروع کیا [illegible] کے قریب [illegible]

وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا فِي السَّبْتِ وَأَخَذْنَا

اور ہم نے کہا ان کو زیادتی مت کرو ہفتہ کے دن میں اور ہم نے

مِنْهُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا

ان سے لیا قول مضبوط

ہفتہ والے حکم کی نافرمانی:

یہودیوں کو حکم تھا کہ ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار نہ کریں [illegible] زیادہ مچھلیاں [illegible] یہودیوں نے [illegible] اتوار کے دن [illegible] مچھلیاں [illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] بندر بنا دیا [illegible] تفصیل سورۂ بقرہ میں گزر چکی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِم بِآيَاتِ

ان کو جو سزا ملی سو ان کی عہد شکنی پر اور منکر ہونے پر اللہ کی آیتوں سے

اللَّهِ وَقَتْلِهِمُ الْأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ

اور خون کرنے پر پیغمبروں کا ناحق اور اس کہنے پر کہ ہمارے

قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ اللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ

دل پر غلاف ہے بلکہ اللہ نے مہر کر دی ان کے دل پر کفر کے سبب

فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا

سو ایمان نہیں لاتے مگر کم

یہود پر عذاب کے اسباب

یعنی یہود نے کہ جو عہد اللہ تعالیٰ سے کیا تھا اس کو [illegible]

آیات الٰہی سے منکر ہو گئے اور انبیاء علیہم السلام کے ناحق قتل کرنے والے ہوئے اور اس کہنے پر کہ ہمارے دل غلاف میں ہیں ان پر سخت عذاب مسلط فرمائے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو ہدایت کی تو کہنے لگے ہمارے دل پردوں میں ہیں تمہاری بات وہاں تک پہنچتی ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ بات نہیں بلکہ کفر کے سبب ان کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے جس کے باعث ان کو ایمان نصیب نہیں ہوتا مگر تھوڑے لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں جیسے حضرت عبداللہ بن سلام وغیرہ مسلمان ہو گئے۔ (تفسیر [illegible])

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰي مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا

اور ان کے کفر پر اور مریم پر بڑا طوفان باندھنے پر

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى

اور ان کے اس کہنے پر کہ ہم نے قتل کیا مسیح عیسیٰ

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

مریم کے بیٹے کو جو رسول تھا اللہ کا

انکارِ عیسیٰ اور بہتان

یعنی وہ ملعون اس سبب سے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے منکر ہوئے اور ان کا انکار کیا اور حضرت مریم پر بہتان عظیم باندھا اور ان کے اس قول پر کہ فخر سے کہتے تھے کہ ہم نے عیسیٰ مریم کے بیٹے کو جو رسول اللہ تھے قتل کیا۔ ان تمام وجوہ سے ملعون اور مغضوب اور مستحق عذاب ہو گئے۔ (تفسیر [illegible])

وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ

اور انہوں نے نہ اس کو مارا اور نہ سولی پر چڑھایا لیکن وہی

شُبِّهَ لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

صورت بن گئی ان کے آگے اور جو لوگ اس میں مختلف باتیں کرتے ہیں تو وہ لوگ

لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

اس جگہ شبہ میں پڑے ہوئے ہیں کچھ نہیں ان کو اس کی خبر

اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا

صرف اٹکل پر چل رہے ہیں اور اس کو قتل نہیں کیا بیشک

بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

بلکہ اس کو اٹھا لیا اللہ نے اپنی طرف اور اللہ ہے زبردست

حَكِيْمًا

حکمت والا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا:

اللہ تعالیٰ ان کے قول کی تردید فرماتا ہے کہ یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل یا سولی پر چڑھایا۔ یہود جو مختلف باتیں اس بارے میں کہتے ہیں اٹکل پچو ہیں۔ یہ کہتے ہیں حالانکہ ان کو شبہ ہے وہ غلطی کر رہے ہیں۔ واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا اور اللہ تعالیٰ سب چیزوں پر غالب اور اپنے احکام میں حکمت والا ہے۔ قصہ یہ ہوا کہ جب یہودیوں نے حضرت مسیح کے قتل کا عزم کیا تو پہلے ایک آدمی ان کے گھر میں داخل ہوا۔ حق تعالیٰ نے ان کو تو آسمان پر اٹھا لیا اور اس شخص کی صورت حضرت مسیح علیہ السلام کی صورت کے مطابق کر دی۔ جب باقی لوگ گھر میں گھسے تو اسی کو مسیح سمجھ کر قتل کر دیا۔ پھر خیال آیا تو کہنے لگے کہ اس کا چہرہ تو مسیح کے چہرہ کے مشابہ ہے اور باقی بدن ہمارے ساتھی کا معلوم ہوتا ہے۔ کسی نے کہا کہ یہ مقتول مسیح ہے تو ہمارا آدمی کہاں گیا؟ اور یہ ہمارا آدمی ہے تو مسیح کہاں ہے؟ یہ صرف اٹکل ہے کسی نے یقین سے کہا کہ ان کو علم کسی کو بھی نہیں۔ حق یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ ہرگز مقتول نہیں ہوئے بلکہ آسمان پر اللہ تعالیٰ نے اٹھا لیا اور یہود کو شبہ میں ڈال دیا۔ (تفسیر عثمانی)

یہود کو اشتباہ کس طرح پیش آیا؟

(وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ) کی تفسیر میں امام تفسیر حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ قصہ یوں پیش آیا کہ جب یہود نے حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کیا تو آپ کے حواری ایک جگہ جمع ہوئے، حضرت مسیح علیہ السلام بھی ان کے پاس تشریف لے آئے۔ ابلیس نے یہود کے اس جتھے کو جو حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کے لئے تیار کھڑا تھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پتہ دیا اور چار ہزار آدمیوں نے مکان کا محاصرہ کر لیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص ہے جو نکلنے کے لئے آمادہ ہے کہ باہر نکلے اور قتل کر دیا جائے اور پھر جنت میں میرے ساتھ ہو؟ ان میں سے ایک آدمی نے اس غرض کے لئے اپنے آپ کو پیش کر دیا۔ آپ نے اس کو اپنا کرتہ اور عمامہ دیا پھر اس پر آپ کی مشابہت ڈال دی گئی۔

جب وہ پولُس یا ذی یہودا سے گرفتار کرکے لے گئے اور سولی پر چڑھا دیا۔ اور
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اٹھا لیا گیا۔ دیکھئے معارف القرآن میں صاحب کی
مولانا سید ابوالحسن ... صاحب ... تفسیر جاوید ص ۱۱۲ میں لکھتے ہیں
در قرآن مجید کے اس ترجمہ میں جس پر عیسائی علماء نے اپنے طور کا حاشیہ
لکھا اور پیر تنا بیٹا مشن پریس لاہور ۱۸۴۴ء کو چھاپا۔

"تفسیر جاوید" کی عبارت:

تفسیر آل عمران آیت ۵۵ میں لکھا ہے کہ زمانہ اسلام سے آگے عیسائیوں میں بالیدی ایک فرقہ تھا جو خیال کرتے تھے کہ آپ کے مصلوب شمعون قرینی (جو صلیب اٹھا کر چل رہا تھا آپ کے عوض پکڑا گیا) اور مصلوب ہی ہو۔ پھر سرنتی فرقہ، مارسیونی اور دوسیتی فرقے تھے، جو زمانہ اسلام سے پیشتر یہی عقیدہ رکھتے تھے انتہی واقعہ کی تفسیر جاوید ص ۲۴۴۔

کاپی کرتی فرقہ کا خیال:

کاپی کرتی فرقہ کے عیسائیوں کا قول تھا کہ یہ ناممکن ہے کہ وہ مادہ کے لئے قرارت اور معصیت ضرور ہے، جو مسیح مادہ سے پیدا نہیں ہوا تھا۔ اس لئے مصلوب نہیں ہو سکا کیونکہ ان کا جسم نہ تھا۔ انتہی تعلیم الایمان چھاپہ لدھیانہ ۱۸۹۷ء

کتاب تعلیم الایمان کا حوالہ:

صفحہ ۳۹ میں لکھتے ہیں کہ مسیح کے زمانہ میں ایک فرقہ نے یہ کہنا کیا کہ مسیح کا حقیقی جسم نہ تھا، وہ محض دکھاوا تھا۔ پر اس کا جسم ایک خیالی طور پر تھا جیسا کہ فرشتے اکثر اوقات انسانیت کو اختیار کرلیتے تھے، جیسا کہ روح کبوتر کی مانند اتری تھی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی تعلیم کو اختیار کرکے اپنے تابعین کو تلقین کیا کہ مسیح تو نہیں مارا گیا۔ انتہی۔

پادری اسمتھ کی گواہی:

اور مجموعہ رسائل ... چھاپہ مرزا پور ۱۸۵۷ء صفحہ ۱۹ ... دین حق کی تحقیق مصنفہ پادری اسمتھ صاحب وغیرہ مطبوعہ الٰہ آباد ... میں ۱۸۴۹ء صفحہ ۸۸ میں لکھا ہے کہ مسیح کا ... کی کس طرح وہ پیدا ہوئے میں بلا کسی کی جگہ ... اور یہودیوں کو ... کہ وہ مسیح مارا گیا، بلکہ یہوداہ اس کے عوض مصلوب ہوا۔ یہ باتیں ان کے (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے) معاصرین کے تھے۔ ... تین شخصوں نے مسیح کے پانچ چھ سو برس بعد بتایا تھا۔ انتہی۔

انجیل برنباس کی شہادت:

اور برنباس کی انجیل میں مسیح نے اپنی صلیب کا بطلان صاف بیان کردیا ہے یہ کہتے ہوئے کہ لوگ میری موت کے سبب میری تضحیک ہوجائے گی اور جو شخص یہ گمان کرے گا کہ میں صلیب پر کھینچا گیا۔ یہ بیماری ہنسی اور ... محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے تک رہے گی۔ جب وہ آئیں گے تو ہر ایک ایماندار کو اس غلطی سے آگاہ کرے گا اور یہ دھوکہ لوگوں کے دل سے اٹھا دے گا۔ (یعنی ترجمہ قرآن شریف مصنفہ ... صاحب صفحہ ۲۴۴ بھی)

تفسیر جاوید کی عبارت:

دیکھئے تفسیر جاوید ص ۲۴۲ اور مجموعہ ... الفارق ص ۹۹

اعادہ قرآن ... مطول ۱

اے نصاریٰ! خدا اور اس کے ... خدا کو بھی مجبوری لاحق ہوسکتی ہے اور کیا سولی پر چڑھ کر مرنا خدا کی شان کے شایان ہے۔

حضرت عیسیٰ خدا کا ایک بندہ تھا:

انجیل لوقا باب ۸ آیت ۲۲، ۲۳، ۲۴ میں ہے۔

پھر ایک دن ایسا ہوا کہ وہ (مسیح) اور اس کے شاگرد کشتی پر چڑھے، اور اس نے ان سے کہا کہ آؤ جھیل کے پار چلیں۔ پس وہ روانہ ہوئے مگر جب کشتی چلی جاتی تھی تو وہ سو گیا اور جھیل پر بڑی آندھی آئی اور کشتی پانی سے بھری جاتی تھی اور وہ خطرہ میں تھے۔ انہوں نے پاس آکر اسے جگایا اور کہا کہ صاحب ہم ہلاک ہوئے جاتے ہیں۔

(۱) پس مسیح اگر خدا ہوتا تو اس قدر بے خبر نہیں ہوسکتا اور نہ اس پر نیند طاری ہوسکتی تھی۔

(۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو باوجود صاحب جسم و صاحب علم ہونے کے خدا و خالق مانا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ رب عیسیٰ کا کچھ حصہ قدیم اور ازلی ہے اور کچھ حصہ مخلوق اور حادث ہے اس لئے کہ جسم اور کھانا پینا بلاشبہ مخلوق اور حادث ہے۔ اور بقول نصاریٰ خدائی روح قدیم ہے۔

(۳) نیز نصاریٰ ایک طرف تو حضرت عیسیٰ کو ساری دنیا کا خالق مانتے ہیں اور دوسری طرف یہ بھی مانتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ دنیا کا ایک جزو تھے۔ تعجب ہے بھلا کہ دنیا کا جزو خالق بھی ہے اور مخلوق بھی ہے۔

(۴) نیز انجیل سے ثابت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اپنے بدن کی کھاتے تھے اور پیتے تھے، جوڑ میں پڑکر ... ہوجاتے تھے تو نصاریٰ کے مذہب پر تعجب ہے کہ خالق ازلی کے بعض اجزا ...

زمین میں شامل ہو جانا اور پھر ان کا فنا ہو جانا سب جو نہ ہے۔

(۵) پھر عیسائی کے نزدیک یہ بھی مسلم ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پیدا ہونے کے بعد بتدریج نشوونما پایا اور ان کے جسم و عوارض میں تبدیلی ہوتی رہی جیسے سب میں ہوتی ہے۔

یہودی کس شبہ میں کیسے پڑے:

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبوت سے سرفراز فرما کر بھیجا اور آپ کے ہاتھ پر بڑے بڑے معجزے دکھلائے۔ مثلاً پیدائشی اندھوں کو بینا کرنا، کوڑھیوں کو اچھا کرنا، مردوں کو زندہ کرنا، مٹی کے پرندے بنا کر پھونک مارنا اور ان کا جاندار ہو کر اڑ جانا وغیرہ۔ تو یہودیوں کو بہت غصہ آیا اور مخالفت پر کمر بستہ ہو گئے اور ہر طرح سے ایذا رسانی شروع کر دی۔ آپ کی زندگی تنگ کر دی۔ کسی بستی میں چند دن قیام کرنا بھی آپ کو نصیب نہ ہوا۔ ساری عمر جنگلوں اور بیابانوں میں اپنی والدہ کے ساتھ سیاحت میں گزار دی۔ پھر بھی ان کو چین نہ آیا۔

بادشاہ کو حضرت عیسیٰ کے خلاف اکسایا اور کہا کہ یہ شخص بڑا مفسد ہے، لوگوں کو بہکا رہا ہے، ہر وقت نئے جھگڑے کرتا ہے، امن میں خلل ڈالتا ہے، لوگوں کو بغاوت سکھاتا ہے وغیرہ۔ بادشاہ نے اپنے گورنر کو جو بیت المقدس میں تھا، ایک فرمان لکھا کہ وہ حضرت عیسیٰ کو گرفتار کر لے اور سولی پر چڑھا کر اور اس کے سر پر کانٹوں کا تاج رکھ کر لوگوں کو اس دکھ سے نجات دلائے۔ اس فرمان شاہی کو پڑھ کر یہودیوں کے ہمراہ گورنر نے چند سپاہیوں کو ساتھ لے کر اس مکان کا محاصرہ کر لیا جس میں روح اللہ تھے۔ آپ کے ساتھ اس وقت بارہ (۱۲) یا تیرہ (۱۳) یا زیادہ سے زیادہ سترہ آدمی تھے۔ جمعہ کے دن عصر کے بعد اس نے محاصرہ کر لیا اور ہفتہ کی رات تک مکان کو گھیرے میں لئے رہا۔ جب حضرت عیسیٰ نے یہ محسوس کر لیا کہ اب یا تو وہ مکان میں گھس کر آپ کو گرفتار کریں گے یا آپ کو خود باہر نکلنا پڑے گا۔ تو آپ نے صحابہ سے فرمایا تم میں سے کون اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس پر میری مشابہت ڈال دی جائے۔ یعنی اس کی صورت ہو بہو مجھ جیسی ہو جائے اور وہ ان کے ہاتھوں گرفتار ہو اور مجھے خدا نجات دے۔ میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔ یہ سن کر ایک نوجوان نے کہا مجھے منظور ہے۔ لیکن حضرت عیسیٰ نے انہیں اس قابل نہ جانا۔ دوبارہ بھی کہا۔ تیسری دفعہ کہا مگر ہر مرتبہ صرف یہی تیار ہوئے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اب آپ نے بھی منظور فرما لیا اور دیکھتے ہی دیکھتے ان کی صورت بدل گئی۔ بالکل یہ معلوم ہونے لگا کہ حضرت عیسیٰ یہی ہیں۔ اور چھت کی طرف سوراخ نمودار ہو گیا اور حضرت عیسیٰ پر اونگھ کی سی حالت طاری ہو گئی۔ وہ اسی طرح زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے۔

یہودیوں کی جماعت نے اس بزرگ ہستی کو جس پر جناب مسیح علیہ السلام کی شبیہ ڈال دی گئی تھی مسیح سمجھ کر پکڑ لیا اور راتوں رات اسے سولی پر چڑھا کر اس کے سر پر کانٹوں کا تاج رکھ دیا۔ اب یہودی شیخیاں مارنے لگے۔

وہ لوگ جو مسیح علیہ السلام کے ساتھ اس مکان میں تھے وہ جنہیں یقینی طور پر معلوم تھا کہ مسیح آسمان پر چڑھا لئے گئے اور پھانسی پانے والا شخص تو صرف ان کی شبیہ ہو گیا، باقی عیسائی بھی یہودیوں کی ہی راگنی الاپنے لگے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نازل ہونا:

امام بخاری صحیح بخاری "کتاب ذکر الانبیاء" میں یہ حدیث لائے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ عنقریب تم میں ابن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے۔ حاکم عادل بن کر صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ ہٹا دیں گے، مال اس قدر بڑھ جائے گا کہ اسے کوئی لینا منظور نہ کرے گا، یہاں تک کہ ایک سجدہ دنیا اور دنیا کی سب چیزوں سے بہتر ہوگا۔

صحیح بخاری میں ہے اس وقت کیا حال ہوگا جب تمہارے درمیان ابن مریم علیہ السلام اتریں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا۔ ابوداؤد و مسند احمد وغیرہ میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انبیاء علیہم السلام سب ایک باپ کے بیٹے علاتی کی طرح ہیں، مائیں جدا جدا اور دین ایک۔ عیسیٰ بن مریم سے زیادہ تر تو میں قریب تر ہوں اس لئے کہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں۔ یقیناً وہ اترنے والے ہیں۔ پس تم انہیں پہچان لو! وہ میانہ قد ہیں سرخی سفیدی مائل رنگ ہے۔ وہ دو زرد کپڑے اوڑھے ہوئے ہوں گے۔ ان کے سر سے قطرے ٹپک رہے ہوں گے، گو تر نہ بھی ہو۔ صلیب توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ قبول نہ کریں گے۔ لوگوں کو اسلام کی طرف بلائیں گے۔ ان کے زمانے میں تمام ملتیں مٹ جائیں گی، صرف اسلام ہی رہ جائے گا۔ ان کے زمانے میں اللہ تعالیٰ مسیح دجال کو ہلاک کرے گا۔ پھر زمین پر امانت واقع ہو گی یہاں تک کہ کالے ناگ اونٹوں کے ساتھ، چیتے گایوں کے ساتھ اور بھیڑیے بکریوں کے ساتھ چرتے پھریں گے۔ اور بچے سانپوں سے کھیلیں گے جنہیں وہ کوئی نقصان نہ پہنچائیں گے۔ چالیس (۴۰) برس تک ٹھہریں گے، پھر فوت ہوں گے اور مسلمان آپ کے جنازے کی نماز ادا کریں گے۔

صحیح مسلم میں ہے قیامت قائم نہ ہوگی جب تک رومی اعماق یا دابق میں

حاضر ہیں۔ اور ان سے مقابلہ کے لئے بہت سے مسلمان لشکر جمع ہو جائیں گے جو اس وقت تمام دنیا کے لوگوں سے زیادہ بہتر اور اچھے ہوں گے۔

قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ ابھی وہ مال غنیمت اور تلواروں کو درختوں میں لٹکا رہے ہوں گے کہ شیطان چیخ کر کہے گا کہ تمہارے پیچھے تمہارے بال بچوں میں دجال آگیا۔ حالانکہ یہ جھوٹ ہو گا۔ مسلمان وہاں سے نکل کر ملک شام میں پہنچیں گے۔ دشمنوں سے جنگ آزما ہونے کے لئے صفیں درست کر رہے ہوں گے کہ صبح کی نماز کی اقامت ہو گی اور حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے۔ اور ان کی امامت کریں گے۔ جب دشمن خدا انہیں دیکھے گا تو اس طرح گھلنے لگے گا جس طرح نمک پانی میں گھلتا ہے۔ اگر حضرت عیسیٰ اسے یونہی چھوڑ دیں جب بھی وہ گھلتے گھلتے ختم ہو جائے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اسے آپ کے ہاتھ سے قتل کرائے گا۔ اور آپ اپنے حربے پر اس کا خون لوگوں کو دکھائیں گے۔

دجال:

ابن ماجہ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک خطبہ کا کم و بیش حصہ دجال کا حال بیان کرنے اور اس سے ڈرانے میں ہی صرف کیا۔ جس میں یہ بھی فرمایا کہ دنیا کی ابتداء سے لے کر انتہا تک کوئی فتنہ اس سے بڑا نہیں۔ تمام انبیاء اپنی اپنی امتوں کو اس سے آگاہ کرتے رہے ہیں۔ میں سب سے آخری نبی ہوں اور تم سب سے آخری امت ہو وہ یقیناً تمہیں میں آئے گا۔ اگر میری موجودگی میں آگیا تب تو میں اس سے نمٹ لوں گا۔ اور اگر بعد میں آیا تو ہر شخص اپنا آپ اس سے بچانا چاہے گا۔ میں اللہ تعالیٰ کو ہر مسلمان کا خلیفہ بناتا ہوں۔ وہ شام و عراق کے درمیان نکلے گا دائیں بائیں خوب گھومے گا۔ لوگو اے اللہ تعالیٰ کے بندو دیکھو! دیکھو! تم ثابت قدم رہنا۔ سنو! میں تمہیں اس کی ایک صفت سناتا ہوں جو کسی نبی نے اپنی امت کو نہیں سنائی۔ وہ ابتداء میں دعویٰ کرے گا کہ میں نبی ہوں۔ پس تم یاد رکھو کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ پھر وہ اس سے بھی بڑھ جائے گا اور کہے گا میں خدا ہوں۔ پس تم یاد رکھنا کہ خدا کو ان آنکھوں سے کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ ہاں مرنے کے بعد دیدار باری تعالیٰ ہو سکتا ہے۔ اور سنو! وہ کانا ہو گا اور تمہارا رب کانا نہیں۔ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان "کافر" لکھا ہوا ہو گا۔ جسے پڑھا لکھا اور ان پڑھ ہر شخص جو ایماندار ہو گا پڑھ لے گا۔ اس کے ساتھ جنت ہو گی اور آگ ہو گی۔ اس کی آگ دراصل جنت ہو گی اور اس کی جنت دراصل جہنم ہو گی۔

سنو! تم میں سے جسے وہ آگ میں ڈالے وہ اللہ سے فریاد کرے اور سورۂ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے۔ اس کی وہ آگ اس پر ٹھنڈک اور سلامتی بن جائے گی جیسے کہ خلیل اللہ پر نمرود کی آگ ہو گئی تھی۔ اس کا ایک فتنہ یہ بھی ہو گا کہ وہ ایک اعرابی سے کہے گا کہ اگر میں تیرے مرے ہوئے باپ کو زندہ کر دوں تو تو مجھے رب مان لے گا؟ وہ اقرار کرے گا اتنے میں دو شیطان اس کے ماں اور باپ کی شکل میں ظاہر ہوں گے اور اس سے کہیں گے بیٹے! یہی تیرا رب ہے تو اسے مان لے۔ اس کا ایک فتنہ یہ بھی ہو گا کہ وہ ایک شخص پر مسلط کر دیا جائے گا۔ اسے آرے سے چیر کر دو ٹکڑے کروا دے گا۔ پھر لوگوں سے کہے گا میرے اس بندے کو دیکھنا اب میں اسے زندہ کر دوں گا۔ لیکن پھر بھی یہی کہے گا کہ اس کا رب میرے سوا اور ہے۔ چنانچہ یہ اسے اٹھا کھڑا کرے گا اور یہ خبیث اس سے پوچھے گا کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب دے گا کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے اور تو اللہ کا دشمن دجال ہے۔ خدا کی قسم اب تو مجھے پہلے سے بھی بہت زیادہ یقین ہو گیا۔ اور سند سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا یہ مومن میری تمام امت سے زیادہ بلند درجہ کا جنتی ہو گا۔ حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں اس حدیث کو سن کر ہمارا خیال تھا کہ یہ شخص حضرت عمر بن خطاب ہی ہوں گے۔ آپ کی شہادت تک ہمارا یہی خیال رہا۔

دجال اور حضرت عیسیٰ کا مقابلہ:

ام شریک نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس وقت عرب کہاں ہوں گے؟ فرمایا وہ اس وقت تھوڑے ہی ہوں گے اور اکثریت ان کی بیت المقدس میں ہو گی۔ ان کا امام ایک صالح شخص ہو گا۔ جو آگے بڑھ کر صبح کی نماز پڑھا رہا ہو گا۔ جب حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے۔ یہ امام پیچھے ہٹے گا تاکہ آپ آگے بڑھ کر امامت کرائیں۔ لیکن آپ اس کی کمر پر ہاتھ رکھ کر فرمائیں گے کہ تم آگے بڑھو اور نماز پڑھاؤ۔ اقامت تمہارے لئے کہی گئی ہے۔ پس ان کا امام ہی نماز پڑھائے گا۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ فرمائیں گے کہ دروازہ کھول دو۔ پس کھول دیا جائے گا۔ ادھر دجال ستر ہزار یہودیوں کا لشکر لئے ہوئے موجود ہو گا۔ جن کے سر تاج اور جن کی تلواریں جڑاؤ ہوں گی۔ دجال آپ کو دیکھ کر اس طرح گھلنے لگے گا جس طرح نمک پانی میں گھلتا ہے۔ اور ایک دم پیٹھ پھیر کر بھاگنا شروع کر دے گا۔ لیکن آپ فرمائیں گے کہ خدا نے مقرر کر دیا ہے کہ تو میرے ہاتھ سے ایک ضرب کھائے گا تو اسے ٹال نہیں سکتا۔ چنانچہ آپ اسے مشرقی باب "لد" کے پاس پکڑ لیں گے اور وہیں اسے قتل کریں

گے۔ سب یہودی بدخوئی سے منتشر ہو کر بھاگیں گے، یہاں تک کہ انہیں کہیں سر چھپانے کو جگہ نہ ملے گی۔ یہ پتھر، یہ درخت، یہ دیوار، ہر چیز بول اٹھے گی کہ اے مسلمان! یہاں یہودی ہے، آ کر اسے قتل کر ڈال۔ ہاں غرقد کا درخت یہودیوں کا درخت ہے، یہ نہیں بولے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: دجال کا رہنا چالیس سال تک ہوگا۔ سال آدھے سال کے برابر اور سال مہینہ جمعہ کی طرح اور جمعہ جمعہ ایک دن کے برابر اور باقی دن مثل شرر ہوں گے۔ صبح کو تم میں سے کوئی شہر کے ایک دروازے سے چلے گا اور ابھی دوسرے دروازے تک نہ پہنچا ہوگا کہ شام ہو جائے گی۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان چھوٹے دنوں میں ہم نماز کیسے پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: اندازہ کر لیا کرنا، جس طرح ان لمبے دنوں میں اندازہ سے پڑھا کرتے تھے۔ حضور فرماتے ہیں: پھر عیسیٰ بن مریم میری امت میں حاکم ہوں گے، عادل ہوں گے، امام ہوں گے، انصاف ہوں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ کو ہٹا دیں گے، صدقہ چھوڑ دیا جائے گا، بکری اور اونٹ پر کوشش نہ کی جائے گی۔ حسد اور بغض بالکل جاتا رہے گا۔ ہر زہریلے جانور کا زہر دور کر دیا جائے گا۔ بچے اپنی انگلی سانپ کے منہ میں ڈالیں گے لیکن وہ انہیں کوئی ضرر نہ پہنچائے گا۔ شیر اونٹوں کے ساتھ چلیں گے، نقصان کچھ نہ ہوگا۔ بھیڑیے بکریوں کے گلے میں اس طرح رہیں گے جیسے رکھوالا کتا۔

قیامت کی دس علامتیں:

مسند میں ہے کہ عرفات سے آتے ہوئے حضور اپنے صحابہ کے ایک مجمع کے پاس سے گزرے۔ اس وقت وہاں قیامت کے ذکر اذکار ہو رہے تھے، تو آپ نے فرمایا: جب تک دس باتیں نہ ہو لیں، قیامت قائم نہ ہوگی۔ آفتاب کا مغرب کی جانب سے نکلنا، دھوئیں کا آنا، دابۃ الارض کا نکلنا، یاجوج ماجوج کا آنا، عیسیٰ بن مریم کا اترنا، دجال کا آنا، تین جگہ زمین کا دھنس جانا، مشرق میں، مغرب میں اور جزیرۂ عرب میں، عدن سے ایک آگ کا نکلنا جو لوگوں کو ہانکا کرے گی۔ وہ شب باشی بھی انہی کے ساتھ کرے گی اور جب وہ دوپہر کو آرام کریں گے، یہ آگ ان کے ساتھ وہاں رہے گی۔ یہ حدیث مسلم اور سنن میں بھی ہے۔

جامع دمشق

صبح کی نماز کی اقامت کے وقت شام کے شہر دمشق کے شرقی منارہ پر اتریں گے۔ اس زمانے میں یعنی جامع اموی کا منارہ سفید پتھر سے بہت مضبوط بنا دیا گیا ہے۔ اس لئے کہ آگ کے صدمہ سے یہ جل گیا تھا اور یہ آگ لگانے والے غالباً عیسائی تھے۔ تو عجب کیا کہ یہی وہ مینارہ ہو جس پر مسیح عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اتر رہے ہوں گے۔

معراج کی رات انبیاء سے ملاقات:

بخاری و مسلم میں ہے کہ شب معراج میں میں نے (حضرت) موسیٰ سے ملاقات کی۔ وہ درمیانہ قد، صاف بالوں والے ہیں جیسے شنوءہ قبیلے کے لوگ ہوتے ہیں اور (حضرت) عیسیٰ سے بھی ملاقات کی۔ وہ سرخ رنگ، میانہ قد ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا ابھی حمام سے نکلے ہیں۔ حضرت ابراہیم کو بھی میں نے دیکھا۔ بس وہ بالکل مجھ جیسے تھے۔ بخاری کی اور روایت میں ہے (حضرت) عیسیٰ سرخ رنگ، گھونگریالے بالوں والے، چوڑے سینے والے تھے۔ (حضرت) موسیٰ گندمی رنگ، جسیم اور سیدھے بالوں والے تھے جیسے "زط" کے لوگ ہوتے ہیں۔ اسی طرح آپ نے دجال کی شکل و صورت بھی بیان فرما دی ہے کہ اس کی داہنی آنکھ کانی ہوگی جیسے پھولا ہوا انگور۔ آپ فرماتے ہیں مجھے کعبہ کے پاس خواب میں دکھلایا گیا کہ ایک بہت گندمی رنگ والے جن کے سر کے بال کندھے تک لٹک رہے تھے، دو شخصوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے طواف کر رہے ہیں۔ میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ تو مجھے بتلایا گیا کہ یہ مسیح بن مریم ہیں۔ میں نے ان کے پیچھے ہی ایک شخص کو دیکھا جس کی داہنی آنکھ کانی تھی، ابن قطن سے بہت ملتا جلتا تھا، الجھے ہوئے بال تھے۔ وہ بھی دو شخصوں کے مونڈھوں پر ہاتھ رکھے بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا۔ میں نے کہا یہ کون ہے؟ کہا گیا کہ یہ مسیح دجال ہے۔ بخاری کی اور روایت میں حضرت عبداللہ سے مروی ہے کہ خدا کی قسم حضور نے حضرت عیسیٰ کو سرخ رنگ کا نہیں بتایا بلکہ آپ نے گندمی رنگ کا بتایا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

(وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ) اور نہ انہوں نے عیسیٰ کو قتل کیا، نہ صلیب دی، بلکہ ان کو اشتباہ ہو گیا۔

روایت میں آیا ہے کہ یہودیوں کی ایک جماعت نے حضرت عیسیٰ اور آپ کی والدہ کو گالیاں دیں، آپ نے ان کے لئے بددعا کی۔ حضرت حق تعالیٰ نے ان کی صورتیں بدل کر بندروں اور سوروں کی طرح کر دیں۔ اس پر سب یہودی آپ کے قتل پر متفق ہو گئے، مگر اللہ نے آپ کو اطلاع دی کہ تم کو آسمان کی طرف اٹھا لیا جائے گا۔

ثعلبی کی روایت سے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ یہودیوں کے سردار یہودا نے ایک شخص کو جس کا نام طیطانوس تھا مقرر کیا تھا کہ

شمعون کو حضرت عیسیٰ کی شکل بنا دیا گیا پھر اللہ نے عیسیٰ کو اٹھا لیا اور
شمعون کی صورت عیسیٰ جیسی ہو گئی۔ جب وہ باہر نکلے تو لوگوں نے
انہی کو عیسیٰ سمجھ کر گرفتار کر لیا اور صلیب دیدی۔ بعض کا قول ہے کہ یہودیوں
نے حضرت عیسیٰ کو ایک مکان میں بند کر دیا تھا اور ایک چوکیدار ان کے
نگران مقرر کر رکھا تھا اللہ نے اس چوکیدار کی صورت عیسیٰ جیسی کر دی تو
لوگوں نے اسی کو قتل کر دیا۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ
اور جتنے فرقے ہیں اہل کتاب کے سو عیسیٰ پر یقین لاویں گے
بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ
اس کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن ہو گا
عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ
ان پر گواہ

یہود و نصاریٰ ضرور اقرار کریں گے:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ موجود ہیں آسمان پر۔ جب دجال پیدا ہوگا تب اس جہان میں تشریف لا کر اسے قتل کریں گے۔ اور یہود و نصاریٰ سب ایمان لائیں گے کہ بے شک عیسیٰ زندہ ہیں مرے نہ تھے اور قیامت کے دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے حالات اور افعال کا اظہار کریں گے کہ یہود نے میری تکذیب اور مخالفت کی اور نصاریٰ نے مجھ کو خدا کا بیٹا کہا۔

نزول عیسیٰ کا قرآنی ثبوت:

بخاری و مسلم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، عنقریب تمہارے اندر ابن مریم حاکم منصف ہو کر اتریں گے، صلیب کو توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ ساقط کر دیں گے، مال بہا دیں گے کہ مال کو قبول کرنے والا کوئی نہ ہوگا۔ یہاں تک کہ اس وقت ایک سجدہ دنیا اور دنیا کی ہر چیز سے بہتر ہوگا۔ حضرت ابو ہریرہؓ حدیث بیان کرنے کے بعد فرمایا اگر تم (اس کا ثبوت) چاہتے ہو تو پڑھو وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ یعنی عیسیٰ بن مریم کے مرنے سے پہلے (ہر کتابی ان پر ایمان لے آئے گا)۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ الفاظ تین مرتبہ کہے۔ حضرت

عیسیٰ کے نزول کے سلسلہ میں حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک مرفوع حدیث بھی آئی ہے کہ عیسیٰ نازل ہوں گے پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو [illegible] اسی وقت ابن مریم نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے اور ابن عباسؓ نے اس کی تشریح یہ کی کہ کتابیوں میں سے کوئی بھی ایمان لائے بغیر نہیں مرے گا۔

ابو مالک، امام حسن بصری، امام قتادہ اور محققین مفسرین سے مروی ہے کہ مراد یہ ہے حضرت عیسیٰ کے نزول سے پہلے مریں گے وہ اپنی موت سے پہلے حضرت عیسیٰ پر ایمان لے آئیں گے۔ نیز وہ اہل کتاب حضرت عیسیٰ کے زمانہ نزول میں ہوں گے وہ تمام حضرت عیسیٰ کی موت سے پہلے ضرور ان پر ایمان لے آئیں گے۔

ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بے شک وہ وقت قریب ہے جبکہ تم میں ابن مریم نازل ہوں گے، وہ عادل حاکم اور فیصلہ کرنے والے اور خلیفہ کی حیثیت سے ہوں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کر دیں گے اور جزیہ کو ختم کر دیں گے اور مال کی پانی کی طرح ریل پیل ہو گی یہاں تک کہ کوئی اس کا لینے والا نہ ملے گا اور اس وقت ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔ پھر اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد ابو ہریرہؓ نے فرمایا قرآن سے اس حدیث کے مضمون کی تصدیق ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد ہے وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ الخ۔

یعنی کوئی ہوگا کہ قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ کا آسمان سے زمین پر نازل ہونا حق ہے اسلام کے ہر مذہب کا عقیدہ ہے، اس کا انکار بالکل باطل اور صحیح مرفوع احادیث سے ثابت ہے۔

نصاریٰ کے متعدد فرقے رفع عیسیٰ کے قائل ہیں:

یہ قرآن کریم کی شہادت ہے جو صحیح ہے اور نصاریٰ کے متعدد فرقے بھی اس کے قائل ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مقتول ہوئے نہ مصلوب بلکہ آسمان پر اٹھا لئے گئے۔ دیکھئے جاوید تاریخ ۳۹۳ (نمبر ۹)۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم آگے چل کر مفصل بحث ذکر کریں گے۔

نصاریٰ حضرت عیسیٰ کو مصلوب مانتے ہیں اور انجیل سے اس بارے میں قوال بھی نقل کرتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ وہ انجیل کے بیانات اس بارے میں مختلف اور متعارض ہیں جیسا کہ [illegible] اس اختلاف کو تفصیل کے ساتھ

بیان کیا ہے۔

یہود و نصاریٰ کے پاس کوئی وثیقہ نہیں ہے:

قرآن پاک یہ بتاتا ہے کہ یہود و نصاریٰ کے پاس اس دعویٰ کی کوئی دلیل نہیں اور نہ ان کے پاس اس واقعہ قتل کا کوئی عینی شاہد موجود ہے۔ اس لئے کہ تاریخی حیثیت سے یہ امر مسلّم ہے کہ جب یہود حضرت مسیحؑ کو گرفتار کرنے کے لئے آئے تو وہ رات کا وقت تھا اور گرفتاری کے وقت مسیحؑ سے پہلے ان تمام حواری حضرت مسیحؑ کو چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔ واقعہ کے وقت کوئی حواری موجود نہ تھا تو پھر کس طرح متیٰ، مرقس اور یوحنا اور لوقا کس بات کی شہادت دیتے ہیں؟ کیا کسی انگریزی عدالت میں ایسے شخص کی شہادت قبول کی جاسکتی ہے کہ جو واقعہ کے وقت موجود نہ ہو۔ بلکہ کہیں اور موجود تھا۔ دور سے سنی سنائی بات نقل کرنا آیا۔ وہ سنی ہوئی بات کو جو سنا گیا اور جس سے سنا جاتا ہے اس کا نام بھی معلوم نہیں۔ اس لئے کہ کسی انجیل میں کسی حواری نے کسی مستند کے ساتھ یہ واقعہ نقل نہیں کیا بلکہ قولِ مشہور سنا اور سنی سنائی بات کو یہ واقعہ بیان کیا۔

حواریوں کی بے وفائی:

غرض یہ کہ گرفتاری کے وقت حضرت مسیحؑ کو ان کے تمام شاگرد تنہا چھوڑ کر بھاگ گئے جیسا کہ انجیل متی باب ۲۶ آیت ۵۶ میں ہے۔

"سب نے بے وفائی کی حالانکہ پہلے وفاداری کا دعویٰ کرتے تھے۔" پطرس حواری نے جس کا لقب صفا ہے کہا کہ پکڑے جانے کے وقت میں حضرت مسیحؑ کے ساتھ گرفتار ہو جاؤں گا۔ یا حضرت مسیحؑ نے یہ بات کہی تھی کہ جب تک مسیحؑ کے ساتھ رہے اس وقت حضرت مسیحؑ نے یہ تاکید کی تھی کہ میرے ساتھ جاگتے رہو۔ مگر بہت غمگین ہے جیسا کہ میرے ساتھ جاگتے رہو۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۶ آیت ۳۸۔ پھر اس کے بعد حضرت تھوڑا آگے بڑھ کر سجدہ میں دعا میں مشغول ہو گئے۔ (۳۹)۔ پھر شاگردوں کے پاس آ کر انہیں سوتے پایا اور پطرس کو اس سے خاص طور پر کہا کہ کیا تم میرے ساتھ ایک گھڑی بھی نہ جاگ سکے؟ (۴۰)۔ یہ تمام واقعہ انجیل متی میں مذکور ہے۔ دیکھو انجیل متی باب ۲۶ آیت ۳۸ تا ۴۰ اور آیت ۵۶۔

افسوس کہ حضرت مسیحؑ کے ہمراہ جماعت اس قدر بے حس ہوتے ہوں اور ظاہر ہے کہ جو حواری حضرت مسیحؑ سے کچھ بھی محبت رکھتے تو ایسے وقت میں بھی ان کو نیند نہ آتی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان کی حالت ایسی تھی کہ پریشانی آ جائے تو نیند آ جاتی ہے اور

انجیل سے ثابت ہوتی ہے۔

اور یہودا اسکریوطی نے تو یہ ستم کیا کہ تیس درہم رشوت لے کر اپنے خداوند یسوع مسیح کو یہودیوں کے ہاتھ گرفتار کرا دیا۔ جیسا کہ انجیل متی باب ۲۶ آیت ۱۴ میں ہے۔ اور انجیل مرقس باب ۱۴ آیت ۱۰ میں ہے اور انجیل لوقا باب ۲۲ آیت ۳ میں مذکور ہے۔ اور پطرس جو نصاریٰ کے نزدیک معظم الحواریین ہے اس نے تو حضرت مسیحؑ کا انکار کیا کہ میں اس شخص (مسیحؑ) کو جانتا ہی نہیں۔ جیسا کہ مرقس نے انجیل مرقس کے چودھویں باب میں لکھا ہے کہ مسیحؑ کے حواریوں اور شاگردوں نے بے وفائی (یعنی حضرت مسیحؑ کو مصلوب ہونے تک) اس کی تعلیم کی حقیقت اور مطلب ہی نہیں سمجھا تھا۔ اور ان کا منصب ایمان اور دنیوی فتوحات اور دنیا کی امیدیں کا تھا۔ جب اس وقت دنیوی امیدیں ختم ہو گئیں تو سب بھاگ گئے اور بعض نے تو حضرت مسیحؑ کا انکار بھی کیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

والدہ بھی موقع پر موجود نہ تھیں:

غرض یہ کہ جب حواریوں کا حال یہ ہو کہ حضرت مسیحؑ کی گرفتاری کے وقت سب بھاگ گئے تھے ان میں سے کوئی موجود نہ تھا جو واقعہ دیکھ سکے اور نہ کوئی مشاہدہ بیان کر سکے۔ حتیٰ کہ حضرت مسیحؑ کی والدہ محترمہ حضرت مریمؑ بھی اس وقت موجود نہ تھیں جیسا کہ [illegible] بھائی کی جو بڑی گھبراہٹ اور پریشانی کی حالت تھی بھاگ گئے تھے تو والدہ کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ بالضرور دور ہی رہنا چاہئے تھا۔

یہود بے بہبود کی کور چشمی:

باقی رہے یہود بے بہبود، تو یہ قصہ قتل میں پیش کرتے ہیں۔ خود وہ اس پر نازاں ہیں کہ ہم نے مسیح کو قتل کرا دیا اور یہ فخر جتلاتے ہیں کہ ہم نے مسیح کو قتل کرا دیا جس کا مطلب یہ تھا کہ حضرت مسیحؑ کو پکڑنا تھا اور مشتبہ ہو گئے تھے کہ کس کو پکڑیں۔ اور یہودا اسکریوطی نے حضرت مسیحؑ کا پتہ بتایا اور تیس درہم رشوت لے کر بتایا کہ جس کا بوسہ لوں وہی مسیحؑ ہے۔ اور یہ رشوت دے کر شناخت کرائی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص کو پہچانتے بھی نہ تھے۔

امام ابن کثیر بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

> وَقَدْ تَوَاتَرَتِ الْاَحَادِيْثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَخْبَرَ بِنُزُوْلِ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِمَامًا عَادِلًا ... [illegible]

"اور تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس معاملے میں احادیث متواتر ہیں کہ آپ

نے قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ نازل ہونے کی خبر دی ہے۔

ان روایات متواترہ کو [illegible] حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیری نے جمع فرمایا جن کی تعداد ستر سے زیادہ ہے، حضرت استاد کے حکم پر حضرت نے ان کا مجموعہ عربی میں مرتب کیا، حضرت نے اس کا نام التصریح بما تواتر فی نزول المسیح تجویز فرمایا جو کئی زمانے میں شائع ہو چکا تھا، حال میں حلب شام کے ایک بڑے عالم علامہ عبد الفتاح ابو غدہ نے مزید شرح و حواشی کا اضافہ کر کے بیروت میں اعلیٰ کتابت کے ساتھ شائع کرایا ہے، تو قرآن کے [illegible] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا عقیدہ قطعی اور اجماعی ہے جس کا منکر کافر ہے۔ (معارف القرآن ج ۲)

حضرت مسیح علیہ السلام کی دعاء

(۱) چاروں انجیلوں سے یہ ثابت ہے کہ جب حضرت مسیح کو یہ محسوس ہوا کہ میرے قتل پر آمادہ ہیں تو بہت گھبرائے اور اللہ تعالیٰ سے بیتابانہ دعا کی کہ موت کا یہ پیالہ مجھ سے ٹل جائے۔ اور آنسو بہا بہا کر خدا سے دعا کی اور التجا کی، اور عاجزی کی وجہ سے ان کی دعا قبول ہوئی جیسا کہ پولوس کے خط عبرانیوں [illegible] باب اور [illegible] آیت میں اس کی شہادت ہے۔ دیکھو [illegible] کتاب الفارق ص ۲۸۹

پس جب ان کی دعا قبول ہوئی تو پھر گرفتاری کیسے ہو سکتی ہے؟

(۲) زبور کا باب [illegible] میں ہے۔

(۸) [illegible] کہ [illegible] راست کی آواز [illegible]

(۹) [illegible] سے خداوند [illegible] قبول کریگا۔

(۱۰) میرے سارے دشمن شرمندہ ہوں گے اور نہایت تنگ ہوں گے وہ پھریں گے اور ناگہانی ندامت کھینچیں گے۔ (زبور ۶)

تمام [illegible] کے نزدیک یہ زبور حضرت مسیح کے حق میں ہے، جس میں صراحۃً یہ مذکور ہے کہ حضرت مسیح کی دعا قبول ہوئی اور دشمن کے [illegible] شرمندہ اور رسوا ہوں گے۔

معلوم ہوا کہ دشمن حضرت مسیح کے قتل اور صلیب پر قادر نہ ہوں گے حتیٰ کہ ان کے قریب بھی نہ جا سکیں گے۔

(۳) زبور باب ۱۰۹ [illegible] (۲۶) میں ہے

(۲۶) اے خداوند میرے خدا میری مدد کر اپنی رحمت کے مطابق مجھے بچا لے۔ (۲۷) تا کہ وہ جانیں کہ [illegible] تیرا ہاتھ ہے تو نے اے خداوند یہ کیا ہے۔ (۲۸) [illegible] جب وہ اٹھیں تو شرمندہ ہوں اور تیرا بندہ شادمان ہو۔

(۲۹) میرے مدعی خجالت کی پوشاک سے ملبس ہوں اور اپنی شرمندگی کی چادر [illegible] اوڑھیں۔

(۳۰) میں اپنے منہ سے خداوند کی بہت ہی ستائش کروں گا ہاں میں جماعت کے بیچ اس کی حمد کروں گا۔

تواتر اور شہرت میں فرق

نصاریٰ کا یہ زعم ہے کہ واقعہ صلیب تواتر سے ثابت ہے۔ یہ [illegible] ہے۔ اس لئے کہ تواتر اس کو کہتے ہیں کہ [illegible] واقعہ کے [illegible] اتنے کثیر ہوں کہ ان کا متفق ہو کر جھوٹ بولنا محال ہو۔ اور جب [illegible] واقعہ کو کوئی [illegible] بعد کی شہرت [illegible] اس کو تواتر نہیں کہا جاسکتا جیسا کہ [illegible] میں یہ مشہور ہے کہ [illegible] تھے اور [illegible] تو اس [illegible] کو تواتر نہیں کہا جا سکتا۔

نصاریٰ کا دعویٰ

[illegible] حضرت مسیح علیہ السلام [illegible] قبر [illegible] کے بعد زندہ ہو گئے اور قبر سے اٹھ کر [illegible] کے پاس ان کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ [illegible] ان [illegible] حضرت مسیح کو [illegible] دیکھا [illegible] جو روایت [illegible] ہے اس میں بھی [illegible] کہ مریم نے قبر [illegible] یہ [illegible] فرشتے [illegible] حضرت مسیح کو [illegible] دیکھا [illegible] (دیکھو [illegible])

اس مضمون کی ایک دوسری بحث

(وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ) [illegible] حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اپنے احسانات [illegible] آپ [illegible] کیا کہ [illegible] اس وقت [illegible] سے روک دیا [illegible] تمہارے پاس آنے پر بھی [illegible]

خلاصۂ کلام:

یہ کہ [illegible] وقت [illegible] اور [illegible] موقع پر کوئی موجود نہ تھا۔ صرف پولیس کے چند سپاہی موجود تھے جو حضرت مسیح کو پہچانتے نہ تھے۔ ان کو معلوم نہ تھا کہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(سورۃ البقرۃ: ۸۷)

فرشتے اور روح (جبرئیل) آسمان پر ہوتے ہیں۔

(سورۃ القدر: ۴)

فرشتے اور روح (جبرئیل) آسمان سے اترتے ہیں۔

پس جس طرح روح الامین کے نزول کا ذکر اور نزول ثابت ہے اسی طرح جناب مسیح علیہ السلام جو خدا کی ایک خاص روح ہیں، اور روح الامین کے پھونک مارنے سے ظہور پذیر ہوئے ہیں ان کے لئے بھی ضرور بروز رفع الی السماء اور نزول کی ذکر ہوگا۔

نزول کے عقیدہ کا انکار سب سے پہلے سر سید علی گڑھی نے کیا۔ اور پھر اس کی تقلید میں مرزا غلام احمد قادیانی نے کیا اور وفات مسیح کو اپنی صداقت کا معیار قرار دیا۔

حالانکہ بفرض محال اگر تھوڑی دیر کے لئے حضرت مسیح کی وفات کو مان بھی لیا جائے تو اس سے مرزا کے قادیانی کی نبوت کیسے ثابت ہو سکتی ہے؟ مان لو کہ ایک بادشاہ مر گیا اور اس کا تخت بھی خالی ہے اور بادشاہت کا عہدہ بھی خالی ہو، تو کیا اس سے کسی بھنگی یا چمار کی بادشاہت ثابت ہو سکتی ہے؟ جس میں کسی قسم کی قابلیت ہے اور نہ کوئی لیاقت جبکہ اس میں وہ تمام اوصاف موجود ہیں جو منصب بادشاہی کے بالکل منافی اور مخالف ہیں۔

کس نیاید بزیر سایۂ بوم ور ہما از جہاں شود معدوم

لہٰذا

ہر مسلمان کو لازم ہے کہ جب کسی مرزائی شخص سے بحث کا موقع آ جائے تو یہ کہہ دے کہ حیات اور وفات کی بحث علاوہ پر چھوڑ دو، مرزا صاحب میں اوصاف نبوت کو ثابت کرو، خود مرزا کو اپنے مراقی اور خرابی حافظہ کا اقرار ہے۔ کیا معاذ اللہ مجنون اور مراقی بھی نبی ہو سکتا ہے۔ اور علماء اسلام نے کتابوں میں مرزا کے جھوٹ نقل کئے ہیں کیا جھوٹا بھی نبی ہو سکتا ہے؟

دعوائے نبوت سے پہلے خود مرزا کے قادیانی کا بھی عقیدہ تھا۔ چنانچہ مرزا صاحب اپنی ”الہامی“ کتاب میں لکھتے ہیں،

”اور جب مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لاویں گے تو ان کے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق اور اقطار میں پھیل جائے گا۔ براہین احمدیہ ص ۴۹۸، ۴۹۹ مصنفہ مرزا صاحب“۔ اور مرزا نے قادیانی لکھتے ہیں،

”اس بات پر تمام سلف وخلف کا اتفاق ہو چکا ہے کہ عیسیٰ جب نازل ہوگا تو امت محمدیہ میں داخل ہوگا۔ ازالۃ الاوہام ص ۵۷۶“۔

عقیدۂ تثلیث (ثالوث)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام حق جل شانہ کے رسول برحق تھے اور توحید خالص کے داعی تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین اور اولین اصحاب سب کے سب توحید اور تسبیح وتقدیس کا عقیدہ رکھتے تھے۔ توریت، انجیل میں اس عقیدہ کا کہیں نام ونشان بھی نہیں، اور نہ کسی نبی نے اس کی تعلیم دی۔ عقیدۂ ثالوث (تثلیث) چوتھی صدی کے بعد سے دین مسیحی میں داخل ہوا اور رفتہ رفتہ الوہیت مسیح اور ابنیت مسیح اور تثلیث مسیحیت کا بنیادی عقیدہ بن گیا۔ عقیدۂ تثلیث کا جب ظہور ہوا تو خود علماء نصاریٰ میں اس کے بارے طرح طرح کی بحثیں ہوئیں اور مختلف فرقے پیدا ہو گئے۔ فرقہ آریوس یہ کہتا تھا کہ خدا واحد لاشریک ہے اور حضرت مسیح تمام کائنات سے افضل اور برتر ہیں۔ اور فرقہ سابلیس یہ کہتا تھا کہ خدا اقانیم ذات واحد ہے اور باپ بیٹا اور روح القدس یہ ایک ذات واحد کی مختلف صورتیں ہیں جیسے ایک کا مختلف حیثیتوں سے ذات واحد پر اطلاق کیا جاتا ہے۔ بعد میں مجلس کی کونسل منعقدہ ۳۲۵ء اور قسطنطنیہ کی کونسل منعقدہ ۳۸۱ء نے ثالوث (تثلیث) کو مسیحی عقیدہ کی بنیاد تسلیم کر لیا اور یہ اعلان کر دیا کہ اب اور ابن اور روح القدس یہ تینوں جدا جدا اور مستقل اقنوم ہیں۔ اور یہی حق ہے جس پر ایمان لانا واجب ہے۔ اور اسی کا نام عقیدۂ ثالوث رکھا۔ جس کا متن روح المعانی اور الجواب الصحیح میں مذکور ہے۔ اور دوسرے فرقوں کے متعلق فرمان صادر کر دیا کہ جو تثلیث کا منکر ہو وہ مرتد اور بے دین ہے۔ اور عقیدۂ توحید کو بدعت قرار دیا۔ اب عام طور پر نصاریٰ کا یہی عقیدہ ہے کہ خدا تین اقنوم (اصل) ہیں۔ باپ، بیٹا، روح القدس۔ اور ان تینوں اقانیم کے مجموعی حقیقت کا نام خدا ہے اور اسی کو توحید حقیقی در تثلیث کہتے ہیں۔

اقانیم ثلاثہ یعنی اقنوم اب اور اقنوم ابن اور اقنوم روح القدس کی تمیز اور فرق حقیقی مانتے ہیں چنانچہ مفتاح الاسرار کی فصل اول، باب دوم کے آخر میں تحریر فرماتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے اگرچہ خدا کی ذات میں باپ اور بیٹے اور روح القدس کے درمیان حقیقی امتیاز ہے پھر ذات کی وحدانیت زائل نہیں ہوتی اور تثلیث کی تعلیم سے ذات کو نقصان اور قصور نہیں پہنچتا کیونکہ حقیقت میں صرف ایک خدا ہے واحد حقیقی ہے۔

اور یہ عقیدہ صدی عیسوی کے متعدد ذہنوں نے ہم سالہ سے عقیدۂ تثلیث عقل اور نقل دونوں کے خلاف ہے اور ناقابل فہم ہے مگر قومی عصبیت نے ان کو اس فاسد عقیدہ کو ترک کرنے سے باز رکھا۔

اہل اسلام کا مسیحیین کے ساتھ تثلیث کی اس صورت میں کہ جب تک

اقنوم خارجی کی حقیقت علیحدہ علیحدہ مانیں اور تینوں کو واجب الوجود بھی مانیں تو ان کے درمیان امتیاز حقیقی ہو گیا اور اگر امتیاز حقیقی کے قائل نہیں یا توحید کو مجازی یا واحد اور تثلیث دونوں کو مجازی کہیں اور اقانیم سے مختلف صفات مراد لیں۔ تینوں علیحدہ علیحدہ اور جدا [illegible] مستقل نہیں تو پھر نصاریٰ کے ساتھ اہل اسلام کا یہ نزاع نہ ہوگا کوئی اور نزاع ہوگا۔ مگر عام طور پر نصاریٰ اقانیم ثلاثہ کو محض صفات نہیں مانتے بلکہ تین شخص [illegible] اور ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ وجود [illegible] مانتے ہیں اور صفات کا وجود موصوف سے علیحدہ نہیں ہوتا۔

ابطال تثلیث

نصاریٰ کا یہ عقیدہ کہ تین ایک ہیں اور ایک تین ہیں سراسر خلاف عقل ہے (فرقہ یونی ٹیرین جو عیسائی فرقوں میں سے [illegible] ہے جس کے اب لاکھوں آدمی یورپ میں موجود ہیں وہ تثلیث کا منکر ہے اور بہت سے علماء نصاریٰ و فرنگ نے اس عقیدہ کا انکار کیا ہے۔ توریت اور انجیل میں کہیں بھی لفظ تثلیث موجود نہیں اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اور ان کے حواریوں نے کبھی عیسائیوں کو یہ تعلیم نہیں دی کہ تثلیث کا عقیدہ [illegible] نجات ممکن نہیں۔ تفصیل کیلئے دیکھو تفسیر حقانی [illegible] (۱) ص ۲۴۲ تا ص ۲۵۵ مصنفہ امام الحق [illegible] ابو محمد عبدالحق [illegible])۔

توحید اور فردیت اور وحدت اور تثلیث کا ایک [illegible] جمع ہونا عقلاء عالم کے نزدیک ایسا ہے [illegible] سے [illegible] مختصر یہ کہ نصاریٰ جو کہتے ہیں کہ یہ تینوں اقانیم اپنے وجود اور تشخص میں ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہیں یا نہیں۔ اگر یہ کہیں کہ تینوں کا تشخص اور وجود علیحدہ علیحدہ ہے تو پھر یہ تینوں [illegible] تو وحدت کہاں رہی۔ ایک کہنا غلط ہوا اور اگر یہ کہیں کہ تینوں کا وجود ایک ہے تو پھر تین کہنا غلط ہوا اور تثلیث ختم ہو گئی۔

(۲) اور تینوں کا مجموعہ یا تو ہر فرد سے مستقل ہے یا جداگانہ ہر ایک مستقل خدا ہے۔ پہلی صورت میں کوئی بھی خدا نہ رہا۔ نہ حضرت مسیح اور نہ روح القدس بلکہ خود خدا بھی خدا نہ رہا۔ اس لئے کہ خدا تو تینوں کا مجموعہ ہے جداگانہ کوئی بھی مستقل خدا نہیں۔ اور دوسری صورت میں جب ہر ایک جداگانہ مستقل خدا ہے تو توحید کہاں رہی۔

(۳) نیز ایک تین کا ثلث یعنی تہائی ہے اور ظاہر ہے کہ کوئی شے اپنے ثلث (تہائی) کا عین نہیں ہو سکتی۔ (۲۵۰)

(۴) نیز تین کل ہیں اور ایک تین کا جزو ہے۔ اور کل اور جزو کا ایک ہونا محال ہے۔ اس لئے کہ کل اور جزو کیسے ایک ہو سکتے ہیں۔

(۵) نیز جب تین ایک کا عین ہوا تو لازم آئے گا کہ ایک اپنے [illegible] کا بھی ثلث ہو اور تین اپنا ثلث ہو اور کسی شے کا اپنا ثلث ہونا بدیہی محال ہے۔

(۶) نیز ایک تین کا جزو ہونے کی وجہ سے مقدم ہے اور تین جو کل ہیں مؤخر ہیں۔ [illegible] مقدم [illegible] جز سے مؤخر ہوتا ہے۔ پس اگر ایک اور تین ایک ہوں تو مقدم کا عین مؤخر ہونا اور [illegible] کا عین مقدم ہونا لازم آئے گا جو بداہۃً باطل ہے۔

(۷) [illegible] شے کا خود اپنے سے مقدم ہونا لازم آئے گا جو بداہۃً محال ہے۔

نیز اقانیم ثلاثہ حقیقت میں ایک دوسرے سے جدا اور مختلف اور جدا ہیں۔ جدا شے واحد کا حقیقتاً ایک ہونا اور تین ہونا عقلاً محال ہے۔

(۹) نیز بعض کے نزدیک جب خدا تینوں اقنوموں کا مجموعہ ہوا اور اقنوم واجب الوجود ہو تو مجموعہ اپنے وجود خارجی میں ان تینوں [illegible] کا محتاج ہوگا۔ مجموعہ معلول ہوگا اور اقانیم [illegible] اس کی علت ہوں گے۔ اور جو کسی علت کا محتاج ہو وہ واجب الوجود نہیں ہو سکتا۔ [illegible] معلول علت سے مؤخر [illegible]۔

(۱۰) نیز حضرت عیسیٰ کو جب خدا کا بیٹا کہا جاتا ہے تو باپ بیٹے پر ضرور مقدم [illegible] ہے اور بیٹے کو تاخر زمانی۔ اور بیٹا اپنے وجود میں باپ کا محتاج [illegible] ہے اور مؤخر اور محتاج خدا نہیں ہو سکتا۔

(۱۱) امام رازی رحمۃ اللہ نے لکھا ہے کہ [illegible] نصاریٰ کے مذہب سے زیادہ کوئی مذہب رکیک اور عقل سے بعید نہیں۔ [illegible] ترجمہ قرآن [illegible] ص ۱۴۳ [illegible] عیسائیوں [illegible] مسلمانوں کے سامنے [illegible] بیان [illegible] خلاف عقل [illegible] نہیں [illegible]۔ دیکھو اظہار الحق ص ۲۴ ج ۱۔

حکایت

کسی زمانہ میں ایک پادری صاحب نے چین کے ملک میں جا کر بڑی کوشش سے تین آدمیوں کو عیسائی بنایا [illegible] تثلیث کا [illegible] پادری صاحب کا ایک [illegible] آیا [illegible] پوچھا

[illegible]

[illegible]

ذکر عقیدۂ امانت سراپا خیانت

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مسئلہ عقیدۂ امامت سراپا خیانت

[illegible]

[illegible]

اگر اور عیسائی یہی خلاصی اور چھٹکارے کے لئے آسمان سے اترا اور روح القدس اور مریم سے مجسم ہو کر انسان بن گیا اور روح القدس سے اس کا حمل قرار پایا اور مریم کے بطن سے پیدا ہوا اور خود وہی خدا تھے اور پیلاطس کے ایام حکومت میں سولی پر لٹکایا گیا۔ اور پھر تیسرے روز مردوں میں سے جی اٹھا جیسا کہ نوشتوں میں تھا۔ پھر آسمان پر چڑھ گیا اور باپ کے دائیں جانب جا کر بیٹھ گیا۔ اور وہ دوبارہ آنے کے لئے تیار ہے تاکہ مردوں اور زندوں کے درمیان فیصلہ کرے اور ہم روح القدس پر بھی ایمان لاتے ہیں جو اکیلا ہے اور روح حق ہے جو باپ سے نکلی ہے۔ اور ہم ایمان لاتے ہیں کہ بپتسمہ ایک ہے جو گناہوں کی مغفرت کے لئے کافی ہے۔ اور اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ کلیسا کی جماعت پاک اور مقدس جماعت ہے (جس نے یہ عقیدہ امانت ایجاد کیا ہے)۔ اور ہم ہمیشہ ہمیشہ کی زندگی پر ایمان لاتے ہیں جو ابدالآباد تک رہے گی۔ (عقیدہ امانت کا ترجمہ ختم ہوا)۔

۱- نیز ان نادانوں کو یہ علم نہیں کہ جسم انسانی گوشت و پوست اور عناصر اربعہ سے مرکب ہے۔ جن سے خداوند قدوس پاک اور منزہ ہے۔ پس ایک ابن آدم اور ابن مریم کا حلول جوہر خداوند قدوس کے اصل جوہر کے ساتھ کیسے متحد ہو سکتا ہے۔

۲- نیز تمام عقلاء عالم کا اس پر اتفاق ہے کہ حادث اور قدیم کی حقیقت جدا جدا ہے۔ پس خداوند قدیم اور ایک غیر خداوند کی حقیقت ایک کیسے ہو سکتی ہے۔ جسم اور روح کی حقیقت ایک نہیں تو قدیم اور حادث کی حقیقت ایک کیسے ہو سکتی ہے۔

۳- نیز اگر ایک الٰہ حق سے دوسرا الٰہ حق پیدا ہو سکتا ہے تو دوسرے الٰہ سے تیسرا الٰہ اور تیسرے الٰہ سے چوتھے الٰہ کا اور چوتھے الٰہ سے پانچویں الٰہ کا پیدا ہونا بھی ممکن ہوگا (بلکہ ایسے ہی ضروری ہے) تو خداؤں کا پیدا ہونا ممکن ہوگا۔ اس لئے کہ جس انسان سے ایک بیٹے کا پیدا ہونا ممکن ہے اسی سے دس بیٹوں کا پیدا ہونا بھی بے شبہ ممکن ہے۔ خداوند قدوس کی صفات کمال تو غیر محدود اور غیر متناہی ہیں۔ تو اگر بفرض محال بقول نصاریٰ ولادت خداوند قدوس کی صفت ہو سکتی ہے تو یہ غیر متناہی ہونی چاہئے۔ ایک بیٹے پر اس کو ختم کر دینا مناسب نہیں۔

۴- نیز عقیدہ امانت میں یہ کہنا کہ مسیح کے ہاتھ سے ہر چیز پیدا ہوئی اس سے لازم آتا ہے کہ ان کی والدہ ماجدہ مریم صدیقہ بھی ان کی مخلوق ہوں۔ جو ان کے پیدا ہونے سے پہلے موجود تھیں کیونکہ ہر چیز میں وہ بھی داخل ہیں اور معاذ اللہ بیٹا والدہ کا خالق کیسے ہو سکتا ہے۔

۵- نیز نصاریٰ یہ کہتے ہیں کہ باپ کی طرح بیٹے نے بھی تمام کائنات کو پیدا کیا۔ گویا کہ کائنات کے دو خالق ہو گئے۔ ایک باپ اور ایک بیٹا۔ اگر باپ تمام کائنات کا خالق ہے تو بیٹے کے لئے کیا باقی رہا؟ اور اگر بیٹا خالق کائنات ہے تو باپ کے لئے کیا باقی رہا؟

۶- نیز عقیدہ امانت میں یہ کہنا کہ خدا آسمان سے نازل ہوا اور مجسم ہو کر کنواری کے پیٹ سے پیدا ہوا تاکہ عالم کی خلاصی اور نجات کا سبب بنے۔ سو یہ امر سراسر غیر معقول ہے اور ایسا بے عقل قبول نہیں۔ اول تو یہ کہ یہ الوہیت سے یکسر منافی اور اس کے برگزیدہ بندہ مسیح بن مریم پر صریح بہتان اور افتراء ہے۔ اور الوہیت اور ربوبیت کی تحقیر اور تذلیل کی ایک عجیب و غریب من گھڑت داستان ہے جس کو کوئی عقل سلیم بھی ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اور اگر بفرض محال تھوڑی دیر کے لئے یہ تسلیم کر لیا جائے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا نزول اور تجسم عالم کی خلاصی اور نجات کے لئے ہوا تھا تو علماء نصرانیت اور عقلاء مسیحیت یہ بتلائیں کہ تمہارے زعم کے مطابق حضرت مسیح نے جو مصیبت اور ذلت تمہاری خلاصی اور نجات کے لئے اختیار فرمائی وہ تمہاری کس مصیبت اور ذلت سے نجات دینے کے لئے اختیار فرمائی۔ اگر یہ کہیں کہ مسیح نے ہم کو دنیا کی تکالیف اور مصائب و آلام اور امراض و اسقام اور موت سے نجات دلائی تو مشاہدہ اس کی تکذیب کرے گا۔ کوئی فرد بشر دنیا میں ایسا نہیں کہ جو طلب معاش میں ہر قسم کی تکالیف اور رنج و غم اور بیماری اور موت سے نجات پا گیا ہو۔ اور اگر یہ کہیں کہ نفس و شیطان کے پنجے سے ہم کو نجات دلائی تو یہ بھی مشاہدہ کے خلاف ہے۔ نصاریٰ کی جس مجلس میں چاہے چلے جاؤ اور آنکھ سے دیکھ لو کہ نفس اور شیطان نے نصاریٰ کو کس طرح کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے۔ نصرانیت سے جدا ہو کر کوئی تو نفس و شیطان کی اسیر نہیں۔ اور اگر یہ کہیں کہ خلاصی اور نجات سے ہماری مراد یہ ہے کہ ہم دنیا میں احکام خداوندی کی بجا آوری اور پابندی سے خلاصی پا گئے اور آزاد ہو گئے اور نماز اور روزہ ہم پر ضروری اور فرض نہیں رہا اور ہم جو چاہیں کریں۔ خدا کا ہم پر کوئی مواخذہ نہیں۔ تو حضرت مسیح اور ان کے حواریین کے اقوال اس کی تکذیب کریں گے۔ جو خدا تعالیٰ کی اطاعت اور اس کی عبادت کے متعلق ان سے انجیل میں منقول ہیں۔ اور اگر یہ کہیں کہ خلاصی اور نجات سے ہماری مراد یہ ہے کہ ہم آخرت کے احکام سے خلاص ہو گئے اور نجات پا گئے یعنی دنیا میں چاہیں چوری کریں یا زنا اور بدکاری اور شراب نوشی کریں اور قتل و غارت گری کریں۔ غرض یہ کہ جو چاہیں نفس و شیطان کے مطابق کام کریں۔ آخرت

خلاصۂ کلام

[illegible] ...لا حول ولا قوة إلا بالله ... [illegible]

تمین عیسائی فرقے ملکانیہ، یعقوبیہ، نسطوریہ

[illegible]

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا

سو یہود کے گناہوں کی وجہ سے ہم نے حرام کیں

عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ

ان پر بہت سی پاک چیزیں جو ان پر حلال تھیں اور ان کے [illegible]

عَن سَبِيلِ اللَّهِ كَثِيرًا ﴿١٦٠﴾ وَأَخْذِهِمُ

روکنے سے اللہ کی راہ سے بہت اور ان کے

الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ أَمْوَالَ

سود لینے کے [illegible]

النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ

لوگوں کا مال کھانے کی وجہ سے ناحق اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کے لئے

مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦١﴾

ان میں سے عذاب دردناک

یہود پر تحریم کی وجہ

[illegible]

شریعت محمدیہ اور شریعت موسوی میں چیزوں کی حرمت کی علت

[illegible]

لَّٰكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ

لیکن جو پختہ ہیں علم میں ان میں سے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

اور ایمان والے مانتے ہیں اس کو جو نازل ہوا تجھ پر اور

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ

جو نازل ہوا تجھ سے پہلے اور آفرین ہے نماز پر قائم رہنے والوں کو

وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اور جو دینے والے ہیں زکوٰۃ کے اور یقین رکھنے والے اللہ پر اور

الْاٰخِرِ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا

اور قیامت کے دن پر سو ایسوں کو ہم دیں گے بڑا ثواب

یہود کے اہل حق

یعنی یہود میں جن کا علم پختہ ہے جیسے عبداللہ بن سلامؓ اور ان کے ساتھی اور [illegible] صاحب [illegible] ہیں وہ قرآن [illegible] اور [illegible] سب کو اور نماز و زکوٰۃ کو قائم رکھنے والوں کا [illegible] اور [illegible] کے [illegible] ایمان رکھنے والے اللہ پر اور قیامت پر ایسے لوگوں کو ہم دیں گے اجر و ثواب بخلاف اول الذکر کے کہ ان کے لئے عذاب [illegible] موجود ہے۔

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

ہم نے وحی بھیجی تیری طرف

صداقت قرآن

اہل کتاب اور مشرکین کو محمد ﷺ اور قرآن مجید کی حقانیت و صداقت میں [illegible] سے [illegible] شبہ [illegible] [illegible] کہ [illegible] جیسا کہ [illegible] اترا [illegible] کی ایک کتاب آسمان سے [illegible] کو [illegible] کے جدا جدا [illegible] تعالیٰ نے [illegible] [illegible] حقیقت [illegible] حقیقت کا [illegible] اور [illegible] سب خیالات اور شبہات [illegible] اور [illegible] کی حقانیت اور قرآن مجید کی صداقت کو [illegible] کے ساتھ بیان فرما کر [illegible] کا [illegible] سب [illegible] کا [illegible] نہیں [illegible] کے [illegible] اب یہاں سے [illegible] [illegible] [illegible]

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ

جیسے وحی بھیجی ہم نے نوح پر اور ان نبیوں پر

مِنْۢ بَعْدِهٖ

جو اس کے بعد ہوئے

یعنی اس سے معلوم ہو گیا کہ [illegible] اللہ کا حکم [illegible] پیغمبروں پر بھیجا جاتا ہے اور پیغمبروں پر جیسے وحی [illegible] ویسے ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر [illegible] جس نے ان [illegible] کی [illegible] [illegible] حضرت نوح علیہ السلام [illegible] علیہ السلام اور ان سے پہلوں کے [illegible] حضرت آدم کے وقت سے جو وحی شروع ہوئی [illegible] حالت تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام [illegible] [illegible] حالت تھی حضرت نوح علیہ السلام [illegible] [illegible] [illegible] نوح علیہ السلام [illegible] عذاب حضرت نوح علیہ السلام کے وقت [illegible] [illegible] [illegible] حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ میں [illegible] تعلیم [illegible] [illegible] عذاب [illegible] حضرت [illegible] [illegible] کے بعد حضرت ہود حضرت صالح حضرت شعیب علیہم السلام وغیرہ [illegible] عذاب [illegible] حضرت نوح علیہ السلام اور ان سے پچھلوں کی [illegible] [illegible] [illegible] قرآن [illegible] عذاب [illegible]

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ

اور وحی بھیجی ابراہیم اور اسماعیل اور

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى

اسحاق اور یعقوب اور اس کی اولاد اور عیسیٰ

وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ

اور ایوب پر اور یونس پر اور ہارون پر اور سلیمان پر

وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ

اور ہم نے دی داؤد کو زبور اور بھیجے ایسے رسول کہ جن کا احوال ہم نے

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

سنایا تجھ کو اس سے پہلے اور ایسے رسول جن کا احوال نہیں سنایا

عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۝

تجھ کو اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے بول کر

یہود کی جہالت، حضرت نوح علیہ السلام کے بعد جو انبیاء ہوئے ان سب کا اجمال ذکر فرما کر پھر ان میں اولوالعزم ہیں اور جو مشہور اور جلیل القدر ہیں ان کو تخصیص اور تفصیل کے ساتھ ذکر فرما دیا جس سے خوب معلوم ہو گیا کہ آپ کے اوپر جو وحی نازل ہوئی اس کا حق ہونا اور اس کا ایمان ضروری ہے جیسا تمام اولوالعزم اور مشاہیر انبیاء کی وحی کو اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ انبیاء پر جو وحی آتی ہے کبھی فرشتہ پیغام لیکر آتا ہے کبھی کتاب لکھی ہوئی مل جاتی ہے کبھی بغیر پیغام اور بدون واسطے کے خود اللہ تعالیٰ اپنے رسول سے بات کرتا ہے مگر ان سب صورتوں میں مقصود اللہ کا حکم ہے کسی امر کا حکم ہو تو بندوں پر اس کی اطاعت یکساں فرض ہے بندوں تک پہنچنے کا طریق خواہ تحریر ہو خواہ تقریر ہو خواہ پیغام ہو تو اب یہود کا یہ کہنا کہ توریت کی طرح پوری کتاب ایک دفعہ کیوں نہیں آسمان سے لاؤ گے تو ہم تم کو سچا جانیں گے محض ان کی بے ہودگی اور حماقت ہے جب وحی کا حکم آگیا ہے اور اس کے نازل ہونے کی صورتیں البتہ متعدد ہیں تو پھر کسی صورت میں آئے اس کے ماننے میں تردد اور انکار کرنا یا یہ کہنا کہ فلاں خاص طریقے سے آئے گی تو مانیں گے اور نہیں سراسر حماقت اور کمال جہالت و گمراہی ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام:

(وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا) اور ہم نے داؤد کو زبور عطا کی۔ زبور اس کتاب کا نام ہے جو حضرت داؤد پر اتاری گئی تھی۔ بغوی نے لکھا ہے کہ زبور میں اللہ کی حمد و ثنا اور تمجید کا بیان تھا۔ حضرت داؤد شہر سے باہر جنگل میں جا کر کھڑے ہو کر زبور کی تلاوت کرتے تھے اس وقت علماء بنی اسرائیل آپ کے پیچھے صف بستہ ہو جاتے تھے اور علماء کے پیچھے دوسرے لوگ ہوتے اور

آدمیوں کے پیچھے جنات۔ جب تلاوت شروع کرتے ہوتے تھے پہاڑی جانور بھی آپ کے سامنے آ کر کھڑے ہو جاتے اور تعجب سے تلاوت کو سنتے تھے اور پرندے بازو پھیلائے لوگوں کے سروں پر سایہ کرتے تھے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے کاش تم مجھے دیکھتے جب میں تمہاری قرآت سن رہا تھا۔ تم کو داؤد کی بانسریوں میں سے ایک بانسری دی گئی ہے۔ ابوموسیٰ نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ سن رہے ہیں تو خدا کی قسم میں خوب اچھی طرح سے کام لیتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جب حضرت ابوموسیٰ سے ملاقات ہوتی تو آپ فرماتے ابوموسیٰ! ہم کو نصیحت کرو (یعنی قرآن پڑھ کر سناؤ تاکہ ہم کو نصیحت حاصل ہو)۔ حضرت ابوموسیٰ پڑھ کر سناتے۔

حضرت ابوذر نے فرمایا جب میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے کون پیغمبر تھا؟ فرمایا آدم۔ میں نے عرض کیا وہ نبی تھے؟ فرمایا ہاں نبی تھے جن سے کلام کیا گیا تھا۔

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول کتنے ہوئے؟ فرمایا تین سو اور کچھ اوپر دس ایک بڑی جماعت۔

حضرت ابوامامہ کی روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ انبیاء کی پوری گنتی کتنی تھی؟ فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار جن میں تین سو پندرہ کی ایک بڑی جماعت رسولوں کی ہوئی۔ رواہ احمد و ابن ابی حاتم۔ حاکم نے ضعیف سند سے اور ابویعلیٰ نے اور طبرانی نے بیان کیا کہ حضرت انس کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے آٹھ ہزار انبیاء مبعوث فرمائے۔ چار ہزار بنی اسرائیل میں سے اور چار ہزار باقی لوگوں میں سے۔

ہم کلامی کا انتہائی درجہ:

(وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا) "اور اللہ نے موسیٰ سے یقینا کلام کیا"

اللہ کا کلام کرنا وحی کا انتہائی درجہ ہے یہ فضیلت اللہ نے تمام پیغمبروں میں سے حضرت موسیٰ کو عطا فرمائی تھی مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بھی بڑھ کر فضیلت عطا کی اور آپ سے روبرو بات چیت کی۔ فرمایا (ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى)۔

سب سے زیادہ باغیرت اور عذر قبول کرنے والا:

حضرت مغیرہ کی روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ نے کہا اگر میں کسی کو اپنی بیوی کے پاس دیکھوں تو تلوار کی دھار سے اس کی گردن مار کر قتل کر دوں۔ اس قول کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی تو فرمایا کیا تم سعد کی غیرت سے تعجب کرتے ہو۔ خدا کی قسم میں اس سے زیادہ غیرت مند ہوں

اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت والا ہے۔ اللہ کی اسی غیرت کا تقاضا ہے کہ اس نے کھلی چھپی فحش کاریاں حرام کر دی ہیں۔ اور اللہ سے زیادہ کسی کو (گناہ گاروں کی) معذرت قبول کرنا پسند نہیں۔ اسی لئے اس نے ڈرانے والے اور بشارت دینے والے پیغمبر بھیجے اور اللہ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں۔ اسی لئے اللہ نے جنت کا وعدہ کیا ہے۔ (رواہ البخاری)۔ تفسیر مظہری۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ
بھیجے پیغمبر خوشخبری اور ڈر سنانے والے تاکہ باقی نہ رہے
لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ
لوگوں کو اللہ پر الزام کا موقع رسولوں کے بعد اور
اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝
اللہ زبردست ہے حکمت والا

پیغمبروں کی بعثت کا مقصد۔

اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کو برابر بھیجا کہ وہ مومنوں کو خوشخبری سنائیں اور کافروں کو ڈرائیں تاکہ لوگوں کو قیامت کے دن اس عذر کی گنجائش نہ رہے کہ ہم کو تو یہ معلوم ہی نہ تھا کہ اللہ کی مرضی اور غیر مرضی کیا ہے۔ معلوم ہوتی تو ضرور اس پر چلتے۔ سو جب اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کو بھیج دیا تو پیغمبروں نے اللہ تعالیٰ کے احکام بیان کر دئیے تو اب کسی کا کوئی عذر نہیں رہا، اللہ کی ایک ہی حجت ہے کہ اس کے رو برو کوئی حجت نہیں چل سکتی۔ وہ سب حجتیں قطع ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنی حکمت اور تدبیر سے جو کچھ کرے اس کو کون روک سکتا ہے۔ فرمانے والا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

انبیاء و رُسُل کی تفصیل:

مشہور حدیث حضرت ابوذر کی ہے جو تفسیر ابن مردویہ میں ہے۔ آپ نے پوچھا یا رسول اللہ انبیا کتنے ہیں؟ فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار۔ میں نے پوچھا ان میں سے رسول کتنے ہیں؟ فرمایا تین سو تیرہ کی بہت بڑی جماعت۔ میں نے دریافت کیا سب سے پہلے کون ہے؟ فرمایا آدم۔ میں نے کہا کیا وہ بھی رسول تھے؟ فرمایا ہاں، اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے ہاتھ سے پیدا کیا۔ پھر ان میں اپنی روح پھونکی۔ پھر درست اور ٹھیک ٹھاک کیا۔ پھر فرمایا اے ابوذر! چار سریانی ہیں آدم، شیث، نوح اور خنوخ جن کا مشہور نام ادریس ہے۔ انہی نے پہلے قلم سے خط لکھا۔ چار عربی ہیں ہود، صالح، شعیب اور تمہارے نبی۔ اے ابوذر! بنو اسرائیل کے پہلے نبی (حضرت) موسیٰ ہیں اور آخری (حضرت) عیسیٰ ہیں۔ تمام نبیوں میں سب سے پہلے نبی (حضرت) آدم ہیں۔ اور سب سے آخری نبی تمہارے نبی ہیں۔ اس پوری حدیث کو جو بہت طویل ہے حافظ ابو حاتم نے اپنی کتاب الانواع والتقاسیم میں روایت کیا ہے، جس پر صحت کا نشان دیا ہے۔

انبیائے کرام جن کے اسماء قرآن میں مذکور ہیں

جن انبیاء و رسل کے نام قرآن کے لفظوں میں آ گئے ہیں یہ ہیں۔ آدم علیہ السلام، ادریس علیہ السلام، نوح علیہ السلام، ہود علیہ السلام، صالح علیہ السلام، ابراہیم علیہ السلام، لوط علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام، اسحاق علیہ السلام، یعقوب علیہ السلام، یوسف علیہ السلام، شعیب علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام، ہارون علیہ السلام، یونس علیہ السلام، داؤد علیہ السلام، سلیمان علیہ السلام، الیسع علیہ السلام، زکریا علیہ السلام، یحییٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام، اور بقول اکثر مفسرین ذوالکفل (اور ایوب اور الیاس علیہم السلام) اور ان سب کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بہت سے ایسے رسول بھی ہیں جن کا ذکر قرآن میں نہیں کیا گیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ
لیکن اللہ شاہد ہے اس پر جو تجھ پر نازل کیا کہ یہ نازل کیا ہے
بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۚ وَكَفٰى
اپنے علم کے ساتھ اور فرشتے بھی گواہ ہیں اور اللہ کافی ہے
بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝
حق کا ظاہر کرنے والا

قرآن کریم کی خصوصیت۔

یعنی اللہ کا پیغمبر ہونا اور اس پر قرآن کا نازل ہونا گو یہ سب کو معلوم ہے لیکن اس قرآن میں اللہ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ اس کی گواہی دیتا ہے کہ جو سمجھ رکھنے والے جانتے ہیں کہ جو علوم اور حقائق قرآن مجید میں سے حاصل ہوئے اور ہو رہے ہیں وہ کسی کتاب سے نہیں ہوئے اور جس قدر مضامین اس میں ہیں حضرت موسیٰ کی تفصیلی علم سے ہیں اور کسی سے نہیں نکلے۔ (تفسیر عثمانی)

(اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ) اللہ نے یہ کتاب اپنے خاص علم کے ساتھ اتاری ہے (یعنی یہ کتاب اللہ کے علم خاص کی حامل ہے اور علم خاص سے مراد ہے وہ علم جو آنکھوں کے غائب ہونے کا علم۔ قرآن کی عبارت کا نظم جس کی نظیر اور مثال کسی طرح بھی کوئی عبارت نہیں پیش کی جا سکتی۔ اس امر کو جاننا بہت

کا اظہار ہوتا ہے اور جس پر کتاب نازل کی جا سکے۔ اور اس بات کو جانتا ہے کہ لوگوں کی ہدایت و اصلاح اور درستگی کے لئے کس چیز کی ضرورت ہے۔

خدائی شہادت:

(وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا) اور اللہ کی شہادت کافی ہے یعنی آپ کی نبوت کے جو دلائل اللہ نے قائم کر دیئے ہیں ان کی موجودگی میں کسی دوسرے کی شہادت طلب کرنے کی ضرورت نہیں۔ یا یہ مراد ہے کہ منکروں اور کافروں کو بدلہ دینا قیامت کے دن خدا ہی کے ہاتھ میں ہوگا لہٰذا اسی کی شہادت کافی ہے۔ منصف حاکم کو اگر واقعہ کا علم ہو اور وہ خود شاہد ہو تو پھر کسی دوسرے کی شہادت کی ضرورت نہیں رہتی۔ (تفسیر حقانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
جو لوگ کافر ہوئے اور روکا اللہ کی راہ سے
اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا اِنَّ الَّذِيْنَ
وہ بہک کر دور جا پڑے جو لوگ
كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ
کافر ہوئے اور حق دبا رکھا ہرگز اللہ بخشنے والا نہیں ان کو
وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ
اور نہ دکھلاوے گا ان کو سیدھی راہ مگر راہ دوزخ کی
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى
رہا کریں اس میں ہمیشہ اور یہ اللہ پر
اللّٰهِ يَسِيْرًا
آسان ہے

ہدایت و گمراہی کا معیار

قرآن مجید اور حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی صحت اور درستگی کے معلوم ہونے کے بعد جو لوگ آپ سے منکر ہوئے اور توریت میں جو آپ کے اوصاف اور علامات موجود تھے ان کو چھپا لیا اور لوگوں پر کچھ کا کچھ ظاہر کر کے ان کو بھی دین حق سے باز رکھا سو ایسوں کو مغفرت نصیب نہ ہوگی اور ہدایت جس سے خوب واضح ہو گیا کہ ہدایت آپ کی متابعت میں منحصر ہے اور گمراہی آپ کی مخالفت کا نام ہے جس سے یہود کو پوری سرزنش ہوگئی اور ان کے خیالات کی تغلیط واضح ہوگئی۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ
اے لوگو تمہارے پاس رسول آ چکا ٹھیک بات لے کر
مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ
تمہارے رب کی سو مان لو تاکہ بھلا ہو تمہارا اور اگر نہ
تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
مانو گے تو اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں
وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِــيْمًا حَكِـيْمًا
اور زمین میں اور ہے اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا

صدائے عام

آپ کی اور آپ کی کتاب کی تصدیق اور آپ کے مخالفین کی تکذیب کی تفصیل بیان فرما کر اب عام سب لوگوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اے لوگو ہمارا رسول سچی کتاب اور سچا دین لے کر تمہارے پاس آ گیا سو اب تمہارا خیر اسی میں ہے کہ اس کی بات مانو اور ایمان لاؤ خوب سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور تمہارے تمام احوال و افعال سے خبردار ہے تمہارے اعمال کا پورا حساب کتاب ہو کر اس کا بدلہ ملے گا۔ اس سے یہ بھی صاف معلوم ہو گیا کہ جو پیغمبر کا منکر ہے وہ اللہ کا منکر ہے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا
اے کتاب والو مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں اور مت کہو
عَلَي اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى
اللہ کی شان میں مگر پکی بات بیشک مسیح جو ہے عیسیٰ
ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ
مریم کا بیٹا وہ رسول ہے اللہ کا اور اس کا کلام ہے جس کو ڈالا
اِلٰي مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۡ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ
مریم کی طرف اور روح ہے اس کے ہاں کی سو مانو اللہ کو

وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۚ اِنْتَهُوْا خَيْرًا

اور اس کے رسولوں پر اور مت کہو کہ خدا تین ہیں۔ اس بات کو چھوڑو بہتر ہوگا

لَّكُمْ ۚ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ

تمہارے واسطے بے شک اللہ معبود ہے اکیلا اس کے لائق نہیں ہے

يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ

کہ اس کے اولاد ہو

یہودیوں کی مبالغہ آرائی:

اے اہل کتاب اپنے دین کی تعریف میں غلو سے (حد سے) بڑھتے اور حد سے نکل جانے سے اللہ تعالیٰ کا جو تمہیں منع فرماتا ہے کہ دین کی بات میں مبالغہ مت کرو اور کسی سے اعتقاد میں اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھ جاؤ۔ جتنی بات جس کی ہے، جیسا کہ ہر حق تعلق کی شان ہے اتنی ہی بات کہو اور نہ اپنی طرف سے بڑھاؤ۔ یہود نے تو حضرت عیسیٰ کو جو کہ روح اللہ ہیں اور اللہ کے حکم سے پیدا ہوئے تھے خواہ مخواہ خلاف کیا اور نصاریٰ نے خدا کا بیٹا کہہ دیا اور تین خدا کے معتقد ہو گئے، ایک خدا دوسرے حضرت عیسیٰ تیسرے حضرت مریم۔ ان باتوں سے باز آؤ، اللہ تعالیٰ واحد ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے، اس کی ذات پاک اس سے منزہ اور مقدس ہے۔ یہ تم کو لازم ہے کہ تم نے جو کی اطاعت اور پابندی نہ کی اور ان کی متابعت کرتے تو جادہ حق سے ہٹائے نہ جاتے اور تین خدا کے قائل ہو کر مرتکب شرک نہ ہوتے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سید المرسلین اور قرآن مجید افضل الکتب کی تکذیب کر کے کافر نہ ہوتے۔

دو گمراہ گروہ:

فائدہ: اہل کتاب کے ایک فریق نے تو حضرت عیسیٰ کو رسول بھی نہ مانا اور تحقیر کرنا پسند کیا، جس کا ذکر پہلے ہو چکا اور دوسرے فریق نے ان کو خدا کا بیٹا کہا، دونوں کافر ہو گئے۔ دونوں فریق کی گمراہی کا سبب یہی ہوا کہ رسولوں کا خلاف کیا۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ نجات رسول کی متابعت میں منحصر ہے۔ (تفسیر حقانی)

صحیح عقیدہ:

صحیح عقیدہ یہی ہے جس نے اللہ کے ایک اور لاشریک ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عبد و رسول ہونے کی اور حق کے معبود برحق ہونے کی گواہی دی اور یہ مانا کہ آپ خدا تعالیٰ کے کلمہ سے تھے جو حضرت مریم کی طرف ڈالا گیا تھا اور خدا کی پھونکی ہوئی روح تھے اور جس نے جنت دوزخ کو برحق مانا اور قیامت کو مانا تو جیسے بھی اعمال ہوں اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے جنت میں لے جائے اور روایت میں اتنی زیادتی بھی ہے کہ جنت کے آٹھوں دروازوں میں سے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔

حضرت عیسیٰ کو ”روح اللہ“ کہنا:

آپ کا روح اللہ بتایا ایسا ہی ہے جیسے ناقۃ اللہ اور بیت اللہ کہا جاتا ہے یعنی صرف شرافت کے اظہار کے لئے اپنی طرف نسبت کی۔ حدیث میں بھی ہے کہ میں جاؤں گا اپنے پروردگار کے گھر میں جب وہ مجھے اجازت دے گا۔

حضرت عبادہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ کے لاشریک ہونے کی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بندے اور رسالت کی شہادت دی اور یہ بھی اقرار کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے اور اس کا کلمہ تھا جو حضرت مریم کو پہنچایا تھا اور اللہ کی طرف سے بھیجا ہوا روح اور یہ بھی یقین رکھا کہ جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے تو اس کے (آخرکار) اسے جنت میں لے جائے گا خواہ اعمال اس کے کیسے ہی ہوں۔ وہ اللہ کا پسندیدہ ہے۔

اللہ اولاد سے پاک ہے:

(سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ) وہ ذات اس امر سے پاک ہے کہ اس کی کوئی اولاد ہو۔ اولاد ہونے کا تصور تو وہاں ہو سکتا ہے جہاں اصل کی جنس ہو سکے اور نقص کا تصور کیا جا سکتا ہو۔ (اللہ کا تو کوئی ہمسر ہے نہ وہ ناقص ہے) اسی لئے اللہ نے اپنے لئے صاحب اولاد ہونے کے قول کو گالی قرار دیا۔

ابن آدم کی گمراہی:

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے فرمایا ابن آدم نے میری تکذیب کی اور اس کے لئے یہ جائز نہ تھا اس نے مجھے گالی دی اور اس کے لئے یہ بھی درست نہ تھا۔ میری تکذیب تو اس کا یہ قول ہے کہ اللہ نے جس طرح مجھے پہلی بار پیدا کیا دوبارہ پیدا نہیں کرے گا حالانکہ اول تخلیق دوبارہ تخلیق سے میرے لئے آسان نہیں اور گالی اس کا یہ قول ہے کہ اللہ نے بیٹا بنا لیا حالانکہ میں ایک ہوں بے احتیاج ہوں، نہ میری اولاد ہے نہ میں کسی کی اولاد ہوں نہ میرا کوئی ہمسر ہے۔ حضرت ابن عباس کی روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا میری گالی اور ہمسری اولاد سے ہے بیوی سے پاک ہوں۔ (رواہ البخاری تفسیر مظہری)

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۗ

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

اور کافی ہے اللہ کارساز

اللہ تعالیٰ کیلئے شریک اور اولاد نہ ہونے کی دلیل

یعنی آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اسی کی مخلوق اور اسی کی مملوک اور اسی کے بندے ہیں، پھر کیسے اس کا کوئی شریک یا اس کا بیٹا کون اور کیونکر ہو سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کام بنانے والا ہے اور سب کی کارسازی کیلئے وہی کافی اور بس ہے کسی دوسرے کی حاجت نہیں پھر بتلائیے اس کا شریک یا بیٹا کس حاجت کیلئے ہو سکتا ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ کسی مخلوق میں یہ کمال نہیں جسے شرکت کی قابلیت اور لیاقت ہو اور اس کی ذات پاک میں کوئی کمی اور احتیاج نہیں کہ کسی کی حاجت ہو۔ جس سے معلوم ہوا کہ مخلوقات میں سے کسی کو خدا تعالیٰ کا شریک یا بیٹا کہنا اس کا کام ہے جو ایمان اور عقل دونوں سے محروم ہو۔

فائدہ: اس مضمون پر نظر کرنے سے یہ بات سمجھ میں آگئی کہ جو لوگ حق تعالیٰ کے لئے کسی کو بیٹا یا شریک مانتے ہیں وہ حقیقت میں تمام موجودات کا خالق اور باری تعالیٰ کو خالق جملہ موجودات نہیں مانتا اور نیز حق تعالیٰ کو سب کی حاجت روائی اور کارسازی کے لئے کافی نہیں جانتا گویا خدا کو صفات کمال سے خالی کر کے محتاجات اور مخلوقات میں داخل کر دیا تو آپ ارشاد (سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ) میں جس نالائقی کی طرف اشارہ تھا اس کا پتہ چل گیا اور قرآن مجید کی ہر ترکیب کی اور ظاہری معنی میں وہ پاکی چونکہ بالکل موجود ہے تو خوب سمجھ میں آگیا کہ اس کی ذات قدس جیسے اس سے پاک ہے کہ اس کے بیٹا پیدا ہو ایسے ہی اس سے بھی پاک اور برتر ہے کہ اپنی مخلوق میں سے کسی کو بیٹا بنائے۔ و تفسیر حقانی

افراط کی ممانعت:

مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے تم ایسا نہ بڑھاؤ جیسے نصاریٰ نے عیسیٰ بن مریم کو بڑھایا۔ میں تو صرف ایک بندہ ہوں پس تم مجھے عبد اللہ اور رسول اللہ کہو۔ (ابن کثیر)

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ

مسیح کو اس سے ہرگز عار نہیں کہ وہ

عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ

بندہ ہو اللہ کا اور نہ فرشتوں کو جو مقرب ہیں

اعلیٰ درجہ کی شرافت

یعنی اللہ کا بندہ ہونا اور اس کی عبادت کرنا ایسی چیز نہیں جس سے عار کی جائے بلکہ یہ تو اعلیٰ درجہ کی شرافت و عزت ہے حضرت مسیح علیہ السلام اور ملائکہ مقربین سے اس شرافت کی قدر اور عزت پوچھئے کہ اس کو اپنے لیے فخر اور باعث کمال جانتے ہیں اور الوہیت تو ان کو تو خیال بھی نہیں جیسے نصاریٰ نے حضرت مسیح کو ابن اللہ اور معبود بنا لیا اور مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں مان کر ان کی عبادت کرنے لگے سو ان کے لئے ہمیشہ کا عذاب اور ذلت ہے۔ و تفسیر

وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

اور جس کو عار آوے اللہ کی بندگی سے اور تکبر کرے

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

سو وہ جمع کرے گا ان سب کو اپنے پاس اکٹھا پھر جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ

ایمان لائے اور عمل کئے انہوں نے اچھے ان کو پورا دے گا ان کا ثواب

وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

اور زیادہ دے گا اپنے فضل سے اور جنہوں نے

اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

عار کی اور تکبر کیا سو ان کو عذاب دیگا عذاب

اَلِيْمًا ڏ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ

دردناک اور نہ پاویں گے اپنے واسطے اللہ کے

اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝

سوا کوئی حمایتی اور نہ مددگار

مومن و منکر کا ضرور فیصلہ ہوگا:

یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی بندگی سے عار کرے گا اور سرکشی کرے گا تو وہ یونہی نہ چھوڑ دیا جائے گا۔ بلکہ یہ سب اللہ کے سامنے جمع ہوں گے اور حساب ہوگا سو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے یعنی اللہ کی بندگی بجا لائے ان کو ان کے کاموں کا پورا ثواب ملے گا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ

فضل سے بڑی بڑی نعمتیں ان کے ثواب سے زیادہ بھی ان کو عنایت ہوں گی اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی بندگی سے عار کیا اور تکبر کیا تو ان کو عذاب عظیم میں گرفتار کریں گے اور کوئی ان کا حمایتی و مددگار نہ ہوگا جن کو اللہ تعالیٰ کی بندگی میں شریک کر کے عذاب سے بچنے کا وہم رکھتے تھے اب نصاریٰ خوب سمجھ لیں کہ ان دونوں صورتوں میں ... حضرت مسیح علیہ السلام کے موافق شان کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
اے لوگو تمہارے پاس کھلی دلیل تمہارے رب کی طرف سے آ چکی ہے
وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۞ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
اور اتاری ہم نے تم پر روشنی واضح سو جو لوگ
اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ
ایمان لائے اللہ پر اور اس کو مضبوط پکڑا تو ان کو داخل کرے گا
فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَّيَهْدِيْهِمْ
اپنی رحمت اور فضل میں اور پہنچا دے گا
اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۞
ان کو اپنی طرف سیدھے راستہ پر

اسی بات کی تاکید:

پہلے سے وحی الٰہی اور بالخصوص قرآن مجید کی عظمت اور اس کی حقانیت کا بیان اور اس کی حقیقت اور اتباع کی تاکید تھی اور نصاریٰ کے زعم میں حضرت مسیح علیہ السلام کی الوہیت اور ان کے ابن اللہ ہونے کا ردّ کیا تھا جس میں دلائل ضروری تھے ... اور ... کے بعد سب آخر میں پھر اسی ضروری بات کی سب کو تاکید فرمائی جاتی ہے کہ اے لوگو تمہارے پاس رب العالمین کی طرف سے حجت کامل اور روشنی (یعنی) ہدایت کے لئے کافی ہے وافی ... یعنی قرآن مجید سب کو کامل اور بے نقص ... کی کتاب ہے سو جو کوئی اللہ پر ایمان لائے گا اور اس کو مضبوط پکڑے گا وہ اس کی رحمت اور فضل میں داخل ہوگا اور ... اس تک پہنچے گا اور جو اس کے خلاف کرے گا اس کی گمراہی اور تباہی کی ... سمجھ لیجئے۔ (تفسیر عثمانی)

برہان سے کیا مراد ہے؟

(قولہ تعالیٰ) قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ برہان سے ... نے بتایا ... سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔ (روح)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کو برہان سے اس لئے تعبیر فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کریمانہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اور آپ پر کتاب کا نزول یہ سب چیزیں آپ کی نبوت کی ... صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے کھلے ہوئے دلائل ہیں جن کو دیکھنے کے بعد کسی دوسری دلیل کی ضرورت باقی نہیں رہتی گویا یوں سمجھنا چاہئے کہ آپ کی ذات خود ایک مجسم دلیل ہے۔

نور سے کیا مراد ہے؟

اور نور سے مراد قرآن مجید (روح) جیسا کہ سورۂ مائدہ کی اس آیت سے بھی معلوم ہوتا ہے قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ یعنی تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک روشن چیز آئی ہے اور وہ ایک کتاب واضح یعنی قرآن ہے۔ (بیان القرآن) اس آیت میں اگر نور کہا جائے تو آگے کی کتاب مبین کی ... یہاں ... کیا جائے کہ ... یعنی نور اور کتاب ایک چیز نہیں ہو سکتے۔ اس سے ... کا ... ہے اگرچہ مصداق اور عنوان الگ الگ ہے۔ (روح)

اور نور سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہے اور کتاب سے مراد قرآن مجید ہو تو بھی ... ہے (روح) لیکن اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا نور مجسم ہونا ثابت نہیں ... جو بشریت ... (معارف القرآن ...)

يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ
حکم پوچھتے ہیں تجھ سے سو کہہ دے اللہ حکم بتاتا ہے تم کو کلالہ کا

جس کا باپ اور اولاد موجود نہ ہو:

شروع سورت میں آیت میراث میں کلالہ کی میراث کا ذکر ہو چکا ہے اس کے بعد جو بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کے متعلق زیادہ تفصیل پوچھنی چاہی تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ کلالہ کے کئی معنی ... ضعیف ... یہاں وہ شخص مراد ہے جس کے وارثوں میں باپ اور اولاد میں سے کوئی نہ ہو جیسا کہ پہلے بیان ہوا کیونکہ اسی ... جس ... کے متعلق بھائی بہن کو ... کا ذکر ہے اور ...

[illegible]

شان نزول

[illegible]

حضرت عمرؓ کا قول

[illegible]

إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ

[illegible]

فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ

[illegible]

وَهُوَ يَرِثُهَا إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ

اور وہ بھائی وارث ہے اس بہن کا اگر نہ ہو اسکے بیٹا

[illegible]

بغوی نے اہل تفسیر کی روایت سے لکھا ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعظ فرمایا اور قیامت کا تذکرہ کیا جس کو سن کر لوگوں کے دلوں میں رقت پیدا ہوئی اور رونے لگے اور حضرت عثمان بن مظعون کے مکان میں دس صحابہ جمع ہوئے۔ عثمان بن مظعون، ابوبکر صدیق، علی بن ابی طالب، عبد اللہ بن مسعود، عبد اللہ بن عمر، ابوذر غفاری، ابو حذیفہ کے آزاد کردہ سالم، مقداد بن اسود، سلمان فارسی، معقل بن مقرن رضی اللہ عنہم اور سب نے بالاتفاق طے پایا کہ سب ترک الدنیا ہو کر ٹاٹ کا لباس پہنیں گے اور دن کے روزے رکھیں گے اور رات کو (عبادت میں) کھڑے رہیں گے، بستروں پر نہیں سوئیں گے، گوشت اور چکنائی نہیں کھائیں گے، عورتوں کے اور خوشبو کے پاس بھی نہیں جائیں گے اور سیاحت میں بسر کریں گے جب اس کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم عثمان بن مظعون کے مکان پر تشریف لے گئے۔ عثمان سے ملاقات نہیں ہوئی عثمان کی بیوی ام حکیم بنت ابی امیہ موجود تھیں حولا عطرساز تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا کہ مجھے تمہارے شوہر کے متعلق جو اطلاع ملی ہے کیا وہ صحیح ہے۔ خولہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ بولنا نہیں چاہتی تھیں اور شوہر کا راز فاش کرنا مناسب بھی نہیں سمجھتی تھیں اس لئے کہنے لگیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر عثمان نے یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہی ہے تو صحیح کہا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے آئے۔ حضرت ابن مظعون جب گھر پہنچے تو بیوی نے اطلاع دی۔ فوراً عثمان اور ان کے ساتھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم لوگوں کا فلاں فلاں باتوں پر اتفاق ہو گیا ہے کیا یہ صحیح نہیں ہے۔ ابن مظعون نے کہا بے شک صحیح ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا مقصود صرف نیکی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا ہے پھر فرمایا تم پر تمہاری جانوں کا بھی حق ہے روزے رکھو اور ناغہ بھی کیا کرو قیام (رات کی عبادت) کرو اور نیند بھی لو (رات کے کچھ حصہ میں) اٹھتا ہوں (یعنی نماز پڑھتا ہوں) اور (کچھ حصہ میں) سوتا بھی ہوں۔ روزے بھی رکھتا ہوں اور ناغہ بھی کرتا ہوں گوشت اور چکنائی بھی کھاتا ہوں اور عورتوں سے قربت بھی کرتا ہوں جو میرے طریقہ سے اعراض کرے گا وہ مجھ سے (متعلق) نہ ہوگا۔ پھر لوگوں کو جمع کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خطبہ دیا اور فرمایا کیا بات ہے کہ کچھ لوگوں نے عورتوں کو اور کھانے کو اور خوشبو کو اور نیند کو اور دنیوی خواہشات کو بالکل حرام قرار دے رکھا ہے میں تم کو راہب اور سیاح بن جانے کا حکم نہیں دیتا میرے دین میں گوشت اور عورتوں کو ترک کر دینے اور صومعہ نشین بن جانے کا حکم نہیں ہے میری امت کی سیاحت روزہ ہے اور ان کی رہبانیت صرف جہاد ہے۔ اللہ کی عبادت کرو کسی چیز کو اس کا ساجھی نہ قرار دو، حج کرو، عمرہ کرو، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو۔ سیدھی چال چلو تمہارے لئے امور درست ہو جائیں گے۔ تم سے پہلے والے لوگ شدت پسندی کی وجہ سے تباہ ہوئے انہوں نے اپنے اوپر خود سختیاں عائد کیں تو اللہ نے بھی ان پر سختی کر دی یہ گرجاؤں اور عبادت خانوں میں بیٹھے ہوئے لوگ انہی کے باقی ماندہ (نشانات) ہیں۔ اس پر مندرجہ آیت مذکورہ نازل فرمائی۔

اپنے اوپر سختیاں نہ ڈالو

ابو داؤد نے حضرت انس کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے خود اپنے اوپر سختیاں نہ ڈالو ورنہ اللہ تم پر سختیاں ڈال دے گا جن لوگوں نے خود شدت پسندی کی اللہ نے بھی ان پر شدت ڈال دی یہ باقی ماندہ لوگ انہی کے ہیں اور عیسائی گرجاؤں والے انہی کی بچی کھچی (آثار) ہیں (خدا فرماتا ہے) رہبانیت خود ان کی ایجاد کردہ تھی ہم نے

ان پر ہماری بہت زیادہ مہربانی کی۔

صحیحین میں حضرت عائشہؓ کا بیان منقول ہے کہ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی کام کیا اور لوگوں کو بھی اس کی اجازت دے دی لیکن کچھ لوگوں نے اس کام سے پرہیز رکھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (لوگوں کو جمع کر کے) ایک تقریر کی اور اللہ تعالیٰ کی حمد کے بعد فرمایا کیا حال ہے کہ کچھ لوگ اس کام سے بچتے ہیں جو میں کرتا ہوں، خدا کی قسم میں ان سے زیادہ خدا کو جانتا بھی ہوں اور اللہ کا خوف بھی ان سے زیادہ رکھتا ہوں۔

بغوی نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ شیرینی اور شہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرغوب تر تھے۔ رواہ البخاری۔

حضرت انس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب سالن کدو تھا اور اسے پسند فرماتے تھے۔ ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا روزہ دار کی طرح ہے۔ رواہ الترمذی ابن ماجہ والدارمی نے یہ حدیث سنان بن سنہ کی روایت سے بیان کی ہے۔ بغوی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے لکھا ہے کہ جب آیت لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم ان قسموں کا کیا کریں جو حلال چیزوں کے متعلق ہم کھا چکے ہیں، صحابہ نے گویا (ترک) امور دنیا کرنے کے متعلق آپس میں قسم معاہدہ کرلیا تھا۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيٓ اَيْمَانِكُمْ
نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری بیہودہ قسموں پر

بیہودہ قسموں کا کفارہ نہیں ہے:

یعنی ان پر اللہ کفارہ نہیں جیسے کہ یمین منعقدہ پر واجب ہے۔ بیہودہ قسموں سے مراد گزشتہ واقعہ پر بے ارادہ قسم ہے، اس کا ذکر اور اس سے متعلق قسم لغو کے احکام بیان کئے جاتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قسم کھانے کی چند صورتیں اور ان سے متعلق احکام:

اس آیت میں قسم کھانے کی چند صورتوں کا بیان ہے جن کی کچھ تفصیل سورۂ بقرہ میں بھی گزر چکی ہے اور خلاصہ سب کا یہ ہے کہ اگر کسی گزشتہ واقعہ پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائے، اس کو اصطلاح فقہاء میں یمین غموس کہتے ہیں، مثلاً ایک شخص نے کوئی کام کرلیا ہے، اور وہ جانتا ہے کہ میں نے یہ کام کیا ہے پھر وہ جان بوجھ کر قسم کھائے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا، یہ جھوٹی قسم سخت گناہ کبیرہ اور موجب وبال دنیا و آخرت ہے، مگر اس پر کوئی کفارہ واجب نہیں ہوتا، توبہ و استغفار لازم ہے۔ اسی لئے اس کو اصطلاح فقہاء میں یمین غموس کہا جاتا ہے، کیونکہ غموس کے معنی ڈبو دینے والے کے ہیں، یہ قسم انسان کو گناہ اور وبال میں غرق کر دینے والی ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کسی گزشتہ واقعہ پر اپنے نزدیک سچا سمجھ کر قسم کھائے اور واقع میں وہ غلط ہو، مثلاً کسی ذریعہ سے یہ معلوم ہوا کہ فلاں شخص آ گیا ہے، اس پر اعتماد کر کے اس نے قسم کھالی کہ وہ آ گیا ہے، پھر معلوم ہوا کہ یہ واقعہ کے خلاف ہے، اس کو یمین لغو کہتے ہیں، اسی طرح بلا قصد زبان سے لفظ قسم نکل جائے تو اس کو بھی یمین لغو کہا جاتا ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ نہ اس پر کفارہ ہے نہ گناہ۔

تیسری صورت قسم کی یہ ہے کہ آئندہ زمانہ میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھائے، اس کو یمین منعقدہ کہا جاتا ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اس قسم کو توڑنے کی صورت میں کفارہ واجب ہوتا ہے اور بعض صورتوں میں توڑنا واجب بھی ہوتا ہے، بعض میں گناہ نہیں ہوتا۔

اس جگہ قرآن کریم کی آیت مذکورہ میں لغو سے مراد وہ قسم ہے جس پر کفارہ نہیں خواہ گناہ ہو یا نہ ہو، کیونکہ بالمقابل عقدتم الایمان فرمایا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ یہاں لغو سے مراد وہ ہے جس پر مواخذہ نہیں، جو کفارہ کی صورت میں ہوتا ہے۔

مسئلہ: جمہور علماء اور ائمہ کے نزدیک اللہ کی قسم کے لئے حروف قسم ضروری ہیں، چاہے خواہ لفظوں میں کہا جائے یا محذوف ہو، پھر حرف قسم ہو اللہ کے کسی نام کے ساتھ یا کسی صفت کے ساتھ تو یہ بھی ضروری ہے کہ اللہ کی ذات پر دلالت کرے، جیسے قسم ہے اللہ کی یا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یا پھیر دینے والے کی قسم ہے۔

بعض علماء کے نزدیک قسم میں کچھ الفاظ کے ساتھ تصریح ضروری ہے۔ ان سب کے نزدیک قرآن کی قسم کا کفارہ واجب ہے اس کے خلاف کوئی قول قابل اعتبار نہیں۔

مسئلہ: اگر کسی نے قسم کھائی تو اس پر اس کا ادا کرنا واجب ہے، علماء کے نزدیک قسم میں نیت کا اعتبار ہے، جمہور کا قول یہی ہے۔

خلاف بات معروف ہے … قسم … ہو جاتی۔ (تفسیر مظہری)

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ

لیکن مؤاخذہ ہے اس پر جس قسم کو تم نے مضبوط باندھا

فَكَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ

سو اس کا کفارہ کھانا دینا ہے دس محتاجوں کو

اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ

اوسط درجہ کا کھانا جو دیتے ہو اپنے گھر والوں کو

قسم کا کفارہ

یعنی قسم توڑنے کے بعد یہ کفارہ دینا ہوگا۔ کھانا دینے میں اختیار ہے خواہ دس مسکینوں کو بطور … کھانا کھلا دے یا صدقہ الفطر کی مقدار ہر مسکین کو دے دے یا اس کی قیمت ادا کر دے۔ (تفسیر مظہری)

اللہ کے سوا کسی اور کی قسم

(صحیحین) ابو داؤد نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔ حضرت ابن مسعودؓ کا قول … منقول ہے اللہ کی جھوٹی قسم کھانا میرے نزدیک کسی اور کی سچی قسم کھانے سے بہتر ہے۔

مسئلہ۔ صاحب ہدایہ نے لکھا ہے … اگر کسی نے کہا … رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے … اور … یا … تو … اس کو قسم مانا جائے گا کیونکہ … شریعت نے … کو اس نے خود قرار دے دیا … واجب ہے لہٰذا اس کو قسم مانا جائے گا … دوسری صورتوں میں (یعنی قسم … کی صورت میں) بھی حکم قرار دیا گیا ہے مثلاً کسی حلال چیز کو کسی نے اپنے لئے حرام بنا لیا تو یہ قسم ہو جائے گی۔ البتہ امام شافعیؒ کے نزدیک … قسم نہیں ہے … رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم … حضرت … رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک … کو … اپنے لئے حرام کر لیا تھا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ

(رواہ الشیخین اس کی تفصیل سورۂ تحریم میں … آئے گی)

مسئلہ۔ اگر کسی نے ایسا … قسم … الفاظ … کہے جن … وقت سے متعلق … بالارادہ جھوٹی قسم ہے (اگر اس نے … یہ … کہا) … تو امام صاحبؒ کے نزدیک اس قسم سے کافر نہیں ہو جائے گا کیونکہ مستقبل کے متعلق … استعمال کر سکتا اور … ایسا … سے … ہو … اور … اس … مستقبل پر … نہیں جائے گا۔

… کافر ہونے کے قائل ہیں … اس نے … اوپر … صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ … والا اس قول (یعنی قسم) … کافر ہو گیا … اس … سے … کافر ہو جائے گا۔ … اس … کفر … لئے … حضرت … کی روایت سے … رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا … اسلام سے الگ … جھوٹا ہے (اور اگر سچا ہو تب بھی) اسلام کی طرف … اپنے قول کے مطابق ہو جائے گا … سالم نہیں لوٹے گا۔ … (رواہ …)

ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے کہ … کی تفسیر میں حضرت علی بن ابی طالبؓ نے فرمایا مسکینوں کو صبح شام کا کھانا … روٹی گوشت ہو یا روٹی اور … روٹی اور گھی یا روٹی اور کھجوریں۔

مسئلہ۔ … مسکینوں میں … ایک … دو وقت …

… (کھانا) … ہے۔

مسئلہ۔ اگر گیہوں کی روٹی … ہو تو … بھی … کافی ہے تاکہ پیٹ بھر … گیہوں کی روٹی … شرط نہیں ہے بشرطیکہ … گیہوں کی روٹی … کھانا ہو۔

مسئلہ۔ امام صاحبؒ کے نزدیک ایک ہی مسکین کو دس دن کھانا دیا جانا ہے جیسا کہ ایک ہی شخص کو دس مرتبہ … دیا جائے … ہے … کہ دس مسکینوں … دس مرتبہ کھانا … کافی نہیں ہے لیکن ایک دن میں دس مرتبہ کھانا دینا (یعنی دس مرتبہ … دس … ایک ہی دن میں … صدقہ دینا) جائز ہے … امام ابو حنیفہؒ نے … سے استدلال کیا ہے … حضرت … بن صامت کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تھا۔ دس مسکینوں کو تین صاع کھانا دے دے۔ انہوں نے عرض کیا میرے پاس تو یہ بھی نہیں ہے اگر آپ مدد نہ فرمائیں تو کیا ہو سکتا ہے پھر تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پندرہ صاع کی مدد دی اور باقی دوسرے لوگوں نے اعانت کر دی تو تیس صاع ہو گئے (آیت میں کفارہ کا ذکر ہے مگر ہر مسکین کو نصف صاع کے حساب سے ساٹھ مسکینوں کو کھلانا ہو تو تیس صاع چاہئیں)۔

ابو داؤد نے سلمہ بن صخر بیاضی کے قصہ میں بیان کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ساٹھ مسکینوں کو ایک وسق چھوارے دے دو اس شخص (یعنی سلمہ بن صخر) نے عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو برحق بھیجا ہے ہم دونوں رات کو بھوکے رہے ہمارے پاس کھانے کو کچھ نہ تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو بنی زریق کی زکوٰۃ وصول کرنے والے عامل کے پاس چلے جاؤ وہ تجھے دے دے گا اس میں سے ایک وسق کھجور تو ساٹھ مسکینوں کو دے دینا اور باقی تو اور تیرے بال بچے کھا لیں۔ الحدیث اخرجہ احمد وابو داؤد۔

مسکینوں کو کیسا کھانا کھلائے:

مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ متوسط درجہ کا جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو۔ یعنی عام حالت میں آدمی اپنے گھر والوں کو جو کھانا کھلاتا ہو اس پر لازم ہے کہ مسکینوں کو بھی وہی کھلائے جو خود اپنے گھر والوں کو کھلاتا ہو۔ آیت مذکورہ امام ابو حنیفہ کے قول کی تائید کر رہی ہے کہ فقیروں کو کھانے کی اجازت دے دینا (یعنی صبح و شام پیٹ بھر کھانے کی اجازت دے دینا) جائز ہے۔

مسئلہ: اگر اللہ تعالیٰ کے نام یا اس کی کسی صفت کے ذکر کے ساتھ بصیغہ ماضی قسم کھائی مثلاً قسمت باللہ یا حلفت باللہ یا شہدت باللہ یا عزمت باللہ کہا تو بالاتفاق علماء یہ قسم ہو گی اور اگر بصیغہ مضارع قسم کھائی مثلاً اقسم باللہ یا احلف باللہ یا اشہد باللہ یا اعزم باللہ کہا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک (مضارع کا صیغہ حال کا سمجھا جائے گا)۔

مسئلہ: اگر خدا کا نام اور صفت ذکر نہیں کی بلکہ صرف اقسمت یا حلفت یا احلف کہا (یعنی میں نے قسم کھائی ہے یا قسم کھاتا ہوں) تو امام اعظم کے نزدیک یہ قسم ہو گی قسم کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔

ہم کہتے ہیں اللہ کی قسم ہی مسلمانوں کا دستور اور مشروع ہے اللہ کے سوا دوسرے کی قسم کھانا ممنوع ہے اس لئے نیت غیر مشروع نہ ہونے کی صورت میں مشروع ہی کی طرف کلام کو لوٹایا جائے گا (اس کا ثبوت حدیث میں آیا ہے) حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ ایک شخص نے خواب دیکھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے میں اس کی تعبیر دوں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی اور حضرت ابوبکرؓ نے تعبیر دی پھر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں نے صحیح تعبیر دی فرمایا کچھ صحیح دی اور کچھ غلط دی۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قسم کھاتا ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم (میری غلطی) مجھے بتا دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس طرح قسم نہ کھاؤ۔ امام احمد کی روایت میں اس حدیث کے علاوہ اسی طرح آیا ہے اور صحیحین میں یہ الفاظ ہیں (حضرت ابوبکرؓ نے کہا) اللہ کی قسم آپ ضرور مجھے بتائیں گے کہ میں نے کیا غلطی کی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم نہ کھاؤ۔ واللہ اعلم۔

کھانا کھلانا یا کھانے کا مالک بنا دینا:

اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ "دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے" علماء کھانے پر قادر بنا دینا خواہ اس طرح ہو کہ کسی کو کھانے کا مالک بنا دے یا اس طرح ہو کہ اس کو کھانے کی اجازت دے دے۔ اسی لئے امام ابو حنیفہ نے فرمایا اگر صبح شام دو وقت پیٹ بھر کر کھلا دیا اور مالک نہیں بنایا (یعنی کھانا اس طرح نہ دیا کہ چاہے وہ گھر لے جائے اور چاہے خود وہیں کھائے) تو جائز ہے خواہ انہوں نے تھوڑا کھایا ہو یا بہت (یعنی مقدار طعام پر شرط نہیں بلکہ پیٹ بھر کر کھلا دینا کافی ہے)۔

ہم کہتے ہیں زکوٰۃ کے لئے لفظ "ایتاء" آیا ہے اور صدقہ فطر کے لئے بھی لفظ ادا استعمال کیا گیا ہے اور ادا ہونا یا دونوں کا حقیقی معنی مالک بنا دینا (ہر قسم کے تصرف کا کامل حق دے دینا) ہی ہے مگر اطعام کا حقیقی معنی کھانا دینا نہیں ہے بلکہ کھانے پر قادر بنا دینا ہے (یعنی کھانا کھلانا اطعام کا حقیقی مفہوم ہے) واللہ اعلم۔

اَوْ كِسْوَتُهُمْ

یا کپڑا پہنا دینا دس مسکینوں کو

کپڑے دینا:

اتنی مقدار جس سے بدن کا اکثر حصہ ڈھک جائے۔ مثلاً کرتہ اور پاجامہ یا لنگی اور چادر۔

ابن مردویہ نے لکھا ہے کہ حضرت حذیفہ نے فرمایا ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَوْ كِسْوَتُهُمْ سے کیا مراد ہے فرمایا عبا (سب مسکینوں کے لئے ایک عبا) طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کیا ہے کہ ہر مسکین کے لئے ایک عبا (ہونا چاہئے)

اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ

یا ایک گردن آزاد کرنی

غلام آزاد کرنا:

تیسری ایک صورت غلام آزاد کرنا، اس میں مومن ہونا شرط نہیں۔

"او تحریر رقبة" یعنی گردن آزاد کرنا، رقبة (گردن کو کہتے ہیں مراد ہے) انسان (مرد ہو یا عورت) امام اعظم کے نزدیک قسم اور ظہار کے کفارہ میں کافر غلام یا باندی آزاد کرنا جائز ہے کیونکہ نص میں رقبة کا لفظ مطلق ہے۔ امام [illegible]

[illegible]

مسئلہ: [illegible]

[illegible]

فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ

پھر جس کو میسر نہ ہو تو روزے رکھنے ہیں تین دن کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَیْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ

یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب قسم کھا بیٹھو

وَاحْفَظُوْۤا اَیْمَانَكُمْ

اور حفاظت کرو اپنی قسموں کی

قسموں کی حفاظت

[illegible]

كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے اپنے حکم تاکہ تم احسان مانو

[illegible]

مسئلہ: [illegible]

مسئلہ: [illegible]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ ادا کرنے کا مسئلہ دریافت کیا جب کہ ادا کا وقت آیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی۔ (رواہ ابو داؤد والترمذی وابن ماجہ والدارمی) قسم شکنی سے پہلے کفارہ دینے کے جواز میں حضرت کی روایت بھی پیش کی گئی ہے عوف بن مالک کے والد کا بیان ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا ایک چچا کا بیٹا ہے میں اس کے پاس کچھ مانگنے جاتا ہوں تو وہ کچھ نہیں دیتا اور مجھ سے سلوک قرابت نہیں کرتا پھر جب وہ محتاج ہوتا ہے تو میرے پاس مانگنے آتا ہے۔ میں نے قسم کھا لی ہے کہ اس کو کچھ نہیں دوں گا اور سلوک قرابت کروں گا آپ مجھے کوئی نیک بات بتا دیجئے جو بہتر ہو میں اپنی قسم کا کفارہ دے دوں گا۔ رواہ النسائی وابن ماجہ۔ ابو داؤد کی روایت اس طرح ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا چچا کا بیٹا میرے پاس آتا ہے اور میں قسم کھا چکا ہوں کہ اس کو کچھ نہیں دوں گا اور سلوک قرابت نہیں کروں گا فرمایا اپنی قسم کا کفارہ دے دو۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی قسم اگر میں کسی بات کی قسم کھا لوں اور پھر اس سے بہتر کام مجھے دکھائی دے جائے تو ان شاء اللہ ضرور قسم کا کفارہ دے دوں گا اور اس بہتر کام کو کر لوں گا۔ (متفق علیہ) حضرت عبد الرحمن بن سمرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو قسم کھا لے اور پھر اس سے بہتر کام تجھے نظر آئے تو اپنی قسم کا کفارہ دے دے اور اس بہتر کام کو کر لے۔ ایک روایت اس طرح ہے اس بہتر کام کو کر لے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی کسی بات کی قسم کھا لے اور پھر اس سے بہتر بات اس کو نظر آ جائے تو قسم کا کفارہ دے دے اور وہ کام کر لے۔ رواہ مسلم۔

اگر کوئی گناہ کرنے پر قسم کھائے تو قسم توڑنا اور کفارہ دینا واجب ہے کیونکہ قسم توڑنے کا گناہ تو کفارہ دینے سے دور ہو سکتا ہے اور اگر گناہ کیا تو اس کے ازالہ کی کوئی شکل نہیں۔

اگر امر مستحب کو ترک کرنے کی قسم کھائی تو قسم توڑ کر کفارہ ادا کرنا اولیٰ ہے اللہ نے فرمایا ہے: وَلَا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِأَيْمَانِكُمْ اپنی قسموں کو نیکیوں سے مانع اور رکاوٹ نہ بناؤ۔

حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا میں قسم کھا لیتا ہوں کہ کچھ لوگوں کو کچھ نہیں دوں گا۔ پھر میری رائے دینے کی ہو جاتی ہے تو (دے دیتا ہوں) اور کفارہ میں دس مسکینوں کو (ایک ایک) صاع جو یا کھجور دے دیتا ہوں یا (...) تو دس صاع کھجوریں دے دیتا ہوں۔

منت کا کفارہ:

حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق قسم کھا کر کبھی اس کی خلاف ورزی نہیں کرتے تھے تا وقتیکہ جب آیت کفارہ نازل ہوئی تو آپ نے فرمایا میں اللہ کی عطا کی ہوئی اجازت قبول کرتا ہوں اب اگر کسی قسم کھاؤں گا اور کوئی بات قسم کے خلاف مجھے بہتر نظر آئی تو وہ کر لوں گا جو بہتر ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ عبد الرزاق البخاری ابن مردویہ۔

حضرت عائشہ کی حدیث ہے لا نذر فی معصیۃ (گناہ کی نذر نہیں) اور اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔ رواہ احمد والترمذی والنسائی۔ نسائی نے عمران بن حصین کی روایت سے بھی ایسی ہی حدیث نقل کی ہے۔

حضرت ابن عباس کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نذر کچھ متعین نہیں کی اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے اور جس نے گناہ کی نذر مانی اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے اور جس نے ایسی نذر مانی جس کو پورا کرنے کی طاقت نہیں تو اس کا کفارہ بھی قسم کا کفارہ ہے اور جس نے قابل برداشت نذر مانی تو اس کو ضرور پورا کرے۔ رواہ ابو داؤد وابن ماجہ۔ بعض علماء نے اس کو حضرت ابن عباس کا قول قرار دیا ہے۔ حضرت عقبہ بن عامر کی روایت ہے کہ عقبہ بن عامر کی بہن نے ننگے پاؤں ننگے سر پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانی تھی۔ اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو حکم دو کہ دوپٹہ اوڑھ لے اور سوار ہو جائے اور تین روزے رکھ لے۔ رواہ اصحاب السنن الاربعہ والدارمی۔

مسئلہ: جس نے قسم کے ساتھ ان شاء اللہ کہہ دیا تو قسم منعقد نہیں ہوئی اگر قسم کے خلاف کرے گا تو قسم شکنی نہیں ہوگی۔ حضرت ابن عمر کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قسم کھائی اور ان شاء اللہ بھی کہہ دیا تو اس پر قسم شکنی نہیں ہوتی۔ رواہ اصحاب السنن الاربعہ والدارمی۔ ترمذی نے لکھا ہے کہ ایک جماعت نے اس کو حضرت ابن عمر کا قول قرار دیا ہے (...)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ

اے ایمان والو یہ جو ہے شراب اور جوا

وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ

اور بت اور پانسے

"انصاب" "ازلام" کی تفسیر اسی سورت کی ابتداء میں وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ کے تحت میں گزر چکی۔

حضرت عمرؓ کی دعا:

ترمذی نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے دعا کی اے اللہ شراب کے متعلق ہمارے لئے کوئی تسکین بخش بیان نازل فرما تو سورۂ بقرہ والی آیت يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ الخ نازل ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے پھر دعا کی اے اللہ شراب کے متعلق ہمارے لئے کوئی تسلی بخش حکم نازل فرما دے اس پر سورۃ النساء والی آیت يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى نازل ہوئی۔ حضرت عمرؓ کو بلا کر یہ آیت سنائی گئی۔ آپ نے پھر دعا کی کہ شراب کے متعلق ہمارے لئے کوئی بیان شافی نازل فرما دے تو سورۃ المائدہ والی آیت:

إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ
وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ

تک شراب اور قمار کے متعلق نازل ہوئی اور حضرت عمرؓ کے سامنے یہ آیت پڑھی گئی حضرت عمرؓ نے کہا ہم باز آئے ہم باز آئے (یعنی شراب و قمار سے باز آئے)۔

شراب برائیوں کی جڑ ہے:

عبدالرحمن بن حارث کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عثمان بن عفانؓ کو فرماتے سنا شراب سے بچو یہ تمام بری باتوں کی جڑ ہے پچھلے زمانہ میں ایک عابد تھا ایک بدچلن عورت اس پر فریفتہ ہو گئی جس نے عابد کو بلانے کے لئے اپنی باندی کو بھیجا باندی نے آ کر عابد سے کہا ہم گواہی کے لئے آپ کو بلانے آئے ہیں۔ عابد باندی کے ساتھ چل دیا (باندی) ایک محل سرائے کے دروازے میں داخل ہوئی اور ایک دروازہ کے بعد دوسرے دروازے میں اور دوسرے کے بعد تیسرے میں داخل ہوتی چلی گئی جس دروازے سے گذرتی اس کو بند کرتی چلی جاتی تھی آخر ایک خوبصورت عورت کے سامنے پہنچ گئی عورت کے پاس ایک بچہ تھا اور شراب رکھی ہوئی تھی عابد سے کہنے لگی میں نے تم کو گواہی کے لئے نہیں بلوایا بلکہ تم کو تین کاموں میں سے ایک کام کرنا ہوگا یا مجھ سے قربت کرو یا شراب پیو یا اس بچہ کو قتل کرو عابد نے کہا (جب کوئی صورت نجات کی نہیں) تو مجھے شراب پلا دے عورت نے ایک جام پلا دیا عابد نے جام پیا اور کہا اور دو، آخر کار جب کچھ نشہ چڑھا تو اس نے عورت سے قربت بھی کی اور بچہ کو بھی قتل کر دیا۔ لہٰذا تم لوگ شراب سے پرہیز رکھو خدا کی قسم ایمان اور شراب خواری کی عادت ایک جگہ جمع نہیں ہوتی۔ ایک کے آنے سے دوسرے کا نکل جانا ضروری ہے۔ (رواہ النسائی)

شرابیوں کو سزا:

حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں شرابیوں کو ہاتھوں، جوتوں اور لاٹھیوں سے پیٹا جاتا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے شرابیوں کی سزا مقرر کردی چنانچہ آپ عہد رسالت کی سزا کو دیکھ کر چالیس کوڑوں کی سزا مقرر کی اور چالیس کوڑے مارنے لگے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی وفات کے بعد حضرت عمرؓ نے بھی چالیس کوڑے لگوائے۔

نکتہ: دو مرتبہ شراب وقمار اور انکی خرابیوں کو خصوصیت کے ساتھ ذکر کرنے سے اس امر پر تنبیہ ہوتی ہے کہ آیت میں الْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ کا ذکر تو ضمنی طور پر کر دیا گیا ہے اصل مقصود شراب اور جوئے کا بیان ہے وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ کا ضمنی ذکر کرنے سے بتانا غرض ہے کہ ان کی حرمت بھی شراب وقمار کی طرح ہے۔ (تفسیر مظہری)

رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ
سب گندے کام ہیں شیطان کے سو ان سے
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ
بچتے رہو تاکہ تم نجات پاؤ

شراب وغیرہ کے حرام ہونے کی تاکید

اس آیت سے پہلے بھی بعض آیات خمر (شراب) کے بارہ میں نازل ہو چکی تھیں۔ اول یہ آیت نازل ہوئی۔

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ
وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا

(بقرہ رکوع ۲۷) گو اس سے نہایت واضح اشارہ تحریم خمر کی طرف کیا گیا تھا مگر چونکہ صاف طور پر منع نہیں کیا تھا اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہی دعا کی اللھم بین لنا بیانا شافیا اس کے بعد دوسری آیت آئی يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى الخ (نساء رکوع ۷) اس میں بھی تحریم خمر کی تصریح نہ تھی گو نشہ کی حالت میں نماز کی ممانعت ہوئی اور یہ قرینہ اس کا تھا کہ عنقریب کلی حرام ہونے

قطعی ہے۔ مگر چونکہ عرب میں شراب کا رواج انتہا کو پہنچا ہوا تھا اور اس کا دفعۃً چھڑانا ان لوگوں کے لئے بے حد مشکل تھا اس لئے نہایت حکیمانہ تدریج سے اولاً شراب میں اس کی نفرت دلانے کی غرض سے بتدریج حکم تحریم صادر کیا گیا۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے اس دوسری آیت کو سن کر پھر یہی دعا کی "اللھم بین لنا بیانا شافیا" آخر کار "فاجتنبوہ" کی یہ آیتیں جو اس وقت ہمارے سامنے ہیں "یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا" سے "فَھَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَھُوْنَ" تک نازل کی گئیں جس میں صاف صاف بت پرستی کی طرح اس گندی چیز سے بھی اجتناب کرنے کی ہدایت کی۔ چنانچہ حضرت عمرؓ "فَھَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَھُوْنَ" سنتے ہی بول اٹھے "انتھینا انتھینا" لوگوں نے شراب کے مٹکے توڑ ڈالے خم خانے برباد کر دیئے۔ مدینہ کی گلی کوچوں میں شراب پانی کی طرح بہتی پھرتی تھی۔ سارا عرب اس گندی شراب کو چھوڑ کر معرفت ربانی اور محبت و اطاعت نبوی کی شراب طہور سے مخمور ہو گیا اور ام الخبائث کے مقابلہ پر حضور کا یہ جہاد ایسا کامیاب ہوا جس کی نظیر تاریخ میں نہیں مل سکتی۔ خدا کی قدرت دیکھو کہ جس چیز کو قرآن کریم نے اتنا پہلے اتنی شدت سے روکا تھا آج سب سے بڑے شراب خوار ملک امریکہ وغیرہ اس کی خرابیوں اور نقصانات کو محسوس کر کے اس کے خلاف بیڑے اٹھا رہے ہیں۔ فللہ الحمد۔ (تفسیر عثمانی)

شراب پینے کی آخرت میں سزا:

حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے جو بندہ دنیا میں اس کو پئے گا اللہ کا قطعی فیصلہ ہے کہ (قیامت کے دن) اس کو طینۃ الخبال پلائے گا۔ تم جانتے بھی ہو طینۃ الخبال کیا چیز ہوگی دوزخیوں کا پسینہ۔ رواہ الطبرانی۔

حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دنیا میں شراب پی پھر توبہ نہیں کی (یونہی مر گیا) اللہ اس کو آخرت کی شراب سے محروم کر دے گا۔ (رواہ البخاری)

شراب کی وجہ سے لعنت:

حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا میں شہادت دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ کی لعنت شراب پر، شراب پینے والے پر، پلانے والے پر، بیچنے والے پر، خریدنے والے پر، نچوڑنے والے پر، نچڑوانے والے پر، اٹھا کر لے جانے والے پر اور اس پر جس کے لئے اٹھا کر لے جائی جائے اور شراب کی قیمت کھانے والے پر۔ رواہ ابن ماجہ۔ ابوداؤد کی روایت میں شراب کی قیمت کھانے والے کا ذکر نہیں ہے اس بحث کی روایت حضرت انس بن مالک سے بھی آئی ہے۔

توبہ توڑ کر بار بار شراب پینا:

ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور حاکم نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے اسی بحث کی احادیث بیان کی ہیں۔ حضرت ابن مسعودؓ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے شراب پی اللہ اس کی چالیس صبح تک نماز قبول نہیں فرماتا اس کے بعد اگر وہ توبہ کرتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ پھر دوبارہ اگر وہ شراب خوری کرتا ہے تو چالیس صبح (چالیس دن) تک نماز قبول نہیں فرماتا اس کے بعد اگر توبہ کر لیتا ہے تو اللہ توبہ قبول فرما لیتا ہے پھر (تیسری بار) اگر لوٹ کر پہلی حرکت کرتا ہے تو چالیس دن کی نماز قبول نہیں فرماتا لیکن اگر پھر توبہ کر لیتا ہے تو توبہ قبول فرما لیتا ہے چوتھی مرتبہ میں چالیس دن کی نماز قبول نہیں فرماتا اور اگر توبہ کرتا ہے تو توبہ بھی قبول نہیں کرتا اور نہر خبال (کا پانی) اس کو پلائے گا۔ رواہ الترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت سے یہ حدیث بیان کی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں نہیں جائے گا ماں باپ کا نافرمان، نہ جواری، نہ دائمی شراب خور۔ رواہ الدارمی۔

ایک گھونٹ شراب پینا:

حضرت ابو امامہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے مجھے جہان کے لئے رحمت اور ہدایت بنا کر بھیجا ہے میرے رب نے مجھے ساز باجے، بت، صلیب اور امور جاہلیت کو مٹانے کا حکم دیا ہے اور میرے رب نے قسم کھا کر فرمایا ہے قسم ہے اپنی عزت کی کہ جو بندہ ایک گھونٹ شراب کا پئے گا میں اتنا ہی اس کو پیپ پلاؤں گا اور جو بندہ میرے خوف سے شراب چھوڑ دے گا میں اس کو قدس کے حوضوں سے (شراب طہور) پلاؤں گا رواہ احمد۔ حضرت ابن عمرؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں جن پر اللہ نے جنت حرام کر دی ہے۔ دائمی شراب خوار، ماں باپ کا نافرمان اور دیوث۔ رواہ احمد والنسائی۔

جو لوگ شراب کے حرام ہونے سے پہلے فوت ہوئے:

حضرت ابو موسیٰ اشعری کی روایت میں آیا ہے دائمی شراب خوار اور قطع رحمی کرنے والا اور جادو کی تصدیق کرنے والا۔ رواہ احمد۔ سورۂ بقرہ میں امام احمد کے حوالے سے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہم نے نقل کر دی

ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو لوگ شراب پیا کرتے تھے۔ الخ یعنی اس حدیث کے آخر میں ہے پھر اس سے بھی زیادہ سخت آیت نازل ہوئی یعنی یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ فَھَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَھُوْنَ تک۔ یہ حکم سن کر صحابہؓ نے کہا کہ اے ہمارے رب ہم باز آئے۔ بعض لوگ کہنے لگے کہ جو لوگ شراب پیتے اور جوے کی کمائی کھایا کرتے تھے اور وہ اللہ کی راہ میں مارے گئے یا اپنے بستر پر مر گئے ان کا کیا ہوگا؟ اللہ نے تو شراب اور جوے کو گندگی اور عمل شیطان قرار دیا ہے۔ اس پر آیت لَیْسَ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا آخر تک نازل ہوئی۔

شان نزول:

نسائی اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ انصار کے دو قبیلوں کے معاملہ میں شراب کی حرمت ہوئی تھی۔ ان لوگوں نے شراب پی تھی اور نشہ میں مست ہو کر آپس میں گتھم گتھا کی تھی جب نشہ اترا تو چہروں، سروں اور داڑھیوں کی حالت دیکھ کر کہنے لگے یہ حرکت فلاں بھائی کی ہے اگر اس کو میرا پاس (لحاظ) ہوتا تو ایسی حرکت نہ کرتا۔ انصار سب بھائی بھائی تھے کسی کے دل میں کسی کی طرف سے کینہ نہ تھا لیکن اس شراب نوشی سے ان کے دلوں میں کینے پڑ گئے اس پر آیت یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

شراب کے جسمانی نقصانات

شرابی کا معدہ تیزاب سے متعرف ہو جاتا ہے اور صحت بدنی میں فرق آ جاتا ہے اور اس کی تمام جسمانی قوتیں کمزور پڑ جاتی ہیں اس لئے کہ شراب میں غذائیت نہیں ہے کہ وہ ہضم ہو سکے تو شراب چونکہ معدہ میں جا کر تحلیل نہیں ہوتی اس لئے وہ معدہ کو کمزور کر دیتی ہے اور [illegible] کا مرض لگ جاتا ہے اور قلت غذا کی وجہ سے بدن میں نیا خون پیدا نہیں ہوتا کہ جو تقویت بدن کا باعث بن سکے اور جس قدر خون پیدا ہوتا ہے اس میں شراب کی حدت موجود ہوتی ہے جو جلد کو اور چہرے کو سرخ رکھتی ہے اور تمام جسم میں فرق آ جاتا ہے عضلات اور عروق بھی بگڑتے جاتے ہیں پھیپھڑا گلنے لگتا ہے اور کھانسی اور سل شروع ہو جاتی ہے اطبا کا بیان ہے کہ اگرچہ سل کی بیماری بغیر شراب پینے کے بھی ہو جاتی ہے لیکن ۹۵ فیصدی مریض سل کے شرابی ہی ہوتے ہیں ورنہ شاذ و نادر ہی بچتے ہیں۔

چونکہ شرابی قویٰ کے ضعیف ہونے کی وجہ سے اکثر کام کاج سے جی چرانے لگتا ہے اور بغیر نشہ کے کام نہیں کر سکتا۔ کام کرنے کے لئے بھی اسے شراب پینی پڑتی ہے یہاں تک کہ اس کے قویٰ بالکل جواب دے جاتے ہیں۔ ([illegible])

اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ
شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ ڈالے تم میں
الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ
دشمنی اور بیر بذریعہ شراب اور جوے کے
وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ
اور روکے تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے سو اب بھی
اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ
تم باز آؤ گے

شراب اور جوا وغیرہ کے معاشرتی نقصانات

شراب پینے کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ عقل جاتی رہتی ہے جو بعض وقت فوراً بالکل آپس میں لڑتے ہیں۔ حتیٰ کہ نشہ اترنے کے بعد بھی جس کا اثر باقی رہتا ہے اور باہمی عداوتیں قائم ہو جاتی ہیں۔ یہی حال بلکہ کچھ بڑھ کر جوئے کا ہے۔ اس میں ہار جیت پر سخت جھگڑے اور فساد برپا ہوتے ہیں جس سے شیطان کا مقصد پورا ہوتا ہے۔ یہ تو ظاہری خرابی ہوئی اور باطنی نقصان یہ ہے کہ ان چیزوں میں مشغول ہو کر انسان خدا کی یاد اور عبادت الٰہی سے بالکل غافل ہو جاتا ہے۔ [illegible] مشاہدہ اور تجربہ ہے شطرنج کھیلنے والوں کو دیکھو کہ ان کو کھانے پینے اور گھر بار کی بھی خبر نہیں رہتی۔ جب یہ چیزیں ایسے ظاہری و باطنی نقصانات پر مشتمل ہیں تو کیا ایک مسلمان [illegible] (تفسیر عثمانی)

چوسر کھیلنا: عبد الرحمنؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے سنا کہ حضرت علیؓ منبر پر فرماتے تھے کہ جو چوسر کھیل کر نماز پڑھنے کھڑا ہو اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی پیپ اور خنزیر کے خون سے وضو کر کے نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو۔

الانصاب: ابن عباسؓ اور دوسرے بہت سے صحابہؓ کہتے ہیں کہ انصاب ان پتھروں کو کہتے ہیں کہ جن پر مشرکین قربانیاں کرتے تھے۔ ازلام بھی ان پانسوں کو کہتے تھے جن سے تقسیم کر کے فال لی جاتی تھی۔

حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ شطرنج بھی ایک قسم کا جوا ہے۔

شراب کی حرمت تین دفعہ آئی ہے:

ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ شراب کی حرمت تین دفعہ آئی۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو اس وقت لوگ شراب پیتے تھے اور جوئے کا مال کھاتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں سوال کیا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی "تم سے شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں تو کہہ دو کہ ان میں بڑا گناہ ہے لیکن بہت کم منافع کے مقابلے میں نقصان بہت زیادہ ہے۔" تو لوگوں نے کہا کہ وہ تو کم اور زیادہ نقصان بتایا گیا ہے حرام نہیں کی گئی ہے چنانچہ شراب پیتے رہے حتیٰ کہ ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ ایک مہاجر صحابی مغرب میں قرآن پڑھتے وقت نشے کے عالم میں قرآن کو غلط سلط اور خلط ملط کر دیا۔ چنانچہ یہ آیت اتری کہ "اے مومنو! نشے کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ۔"

ہر قسم کی شراب اور نشہ آور چیز حرام ہے:

شعبیؒ سے روایت ہے کہ عمر بن الخطابؓ نے منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ "لوگو! شراب حرام ہوئی ہے اور ان پانچ چیزوں میں سے کسی سے بھی بنائی جائے وہ شراب ہے: انگور، کھجور، شہد، گیہوں اور جو۔ اور خمر کا لفظ عام ہے ہر نشے کی چیز پر جو عقل کو ڈھانک دے۔" ابن عمر کہتے ہیں کہ تحریم کے وقت انگوری شراب چالو نہیں تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود مشکیزے چیرے:

نافعؒ کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمرؓ سے شراب کی قیمت کے بارے میں پوچھا تو کہا سنو، میں مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگائے بیٹھے تھے فرمانے لگے جس کے پاس شراب ہو لے آئے۔ لوگ لانے لگے۔ کوئی مٹکا لایا کسی نے مشکیزہ کسی نے کچھ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "ساری شراب میدان بقیع میں جمع کر کے مجھے اطلاع دو۔" ایسا ہی کیا گیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے تو میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں طرف تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر سہارا لیے ہوئے تھے۔ اتنے میں ابو بکرؓ آن پہنچے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکرؓ کو میری جگہ لے لیا اور مجھے بائیں طرف کر دیا۔ پھر چلتے میں عمرؓ ملے۔ عمرؓ کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بائیں طرف کر لیا اور مجھے پیچھے کر دیا۔ جب آپ شراب کے ذخیرے پر پہنچے اور لوگوں سے کہا جانتے ہو یہ کیا ہے؟ جواب دیا۔ ہاں یا رسول اللہ یہ شراب ہے۔ فرمایا تم سچ کہتے ہو۔ پھر شراب کے دس متعلقات پر لعنت بھیجی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چھری منگوائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھری تیز کرائی پھر سارے مشکیزے چیر دیے۔ لوگوں نے کہا کہ ان میں منفعت بھی تھی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں مگر یہ خدا تعالیٰ کے غضب سے ہے۔ یا فرمایا ہاں شراب تمہیں خدا کی ناراضگی ہے۔ عمرؓ نے کہا یا رسول اللہ میں سب مشکیزے چیر دوں؟ تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں خود ان کو ضائع کروں گا۔

شراب کی ممانعت کے حکم پر صحابہ کا عمل:

انسؓ کہتے ہیں کہ میں شراب پلا رہا تھا۔ لوگ بیٹھے ہوئے تھے کہ منادی نے شراب کی حرمت منادی کی تو ہر آنے جانے والے نے اپنی شراب بہا دی، مٹکے توڑ دیے۔ بعض نے وضو کیا اور بعض نے غسل کیا۔ بعض نے ام سلیم کے پاس سے خوشبو لگائی پھر مسجد آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حرمت شراب کی آیت سنائی۔

حضرت ابن کیسان کا شراب تجارت کو ضائع کر دینا:

ابن کیسان کا باپ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں شراب کی تجارت کرتا تھا۔ چنانچہ وہ تجارت کے لیے شام سے شراب لے کر آیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھی ایک مٹکا لا کر کہنے لگا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے لئے بڑی عمدہ شراب لے آیا ہوں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے کیسان! اب تو یہ تیرے پیچھے حرام ہو گئی ہے۔ تو اس نے پوچھا کہ حضرت! کیا میں اسے فروخت کر دوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی قیمت بھی حرام ہے۔ تو کیسانؓ نے مشکوں کو لے جا کر پاؤں سے ٹھوکر مار کر ساری تجارت کی شراب بہا دی۔

ورثہ کی شراب بہا دی:

ابو طلحہؓ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ میرے زیر پرورش یتیم ہیں کہ ورثہ میں جن کو شراب ملی ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہا دو۔ جب ابو طلحہؓ نے کہا ہم اس کا سرکہ بنا لیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ مسلم، ابوداؤد، ترمذی سب نے اس کی تخریج کی ہے۔

شراب کے دس متعلقات پر لعنت:

ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت نے فرمایا کہ شراب کے دس متعلقات پر لعنت ہے: خود شراب پر لعنت، پینے والے اور پلانے والے پر لعنت، بیچنے والے اور خریدنے والے پر لعنت، شراب کشید کرنے والے، شراب بنانے

نے شراب نچوڑنے والے، اٹھانے والے، جس کی طرف لے جائی جائے، پلانے والے اور شراب کی قیمت کھانے والے ان سب پر لعنت فرمائی۔

بازار میں شراب ضائع کرنا:

ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو لے کر مدینے کے بازار میں گئے وہاں شراب کے مشکیزے لدے ہوئے تھے جو شام سے لائے گئے تھے۔ آپ نے چھری منگوائی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھری لی، پھر جتنے مشکیزے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے سب کو چیر دیا، پھر وہ چھری اپنے اصحاب کو دی اور فرمایا ان کے ساتھ جاؤ اور مجھے حکم دیا کہ بازار میں کوئی مشکیزہ نہ چھوڑو، پھر کوئی مشکیزہ باقی نہ رہا جو چیر نہ دیا گیا ہو۔

نشہ کی وجہ سے نماز چھوڑنا:

عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے مروی ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے نشہ کی وجہ سے ایک وقت کی نماز چھوڑی تو گویا اس کے پاس دنیا اور دنیا کی ساری چیزیں تھیں اور چھن گئیں اور جس نے نشہ کی وجہ سے چار وقت کی نماز چھوڑی تو اللہ پر حق ہے کہ اسے طینۃ الخبال پلائے۔ پوچھا گیا طینۃ الخبال کیا چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنمیوں کے جسم سے نچڑی ہوئی گندگی۔

سبب نزول:

صحیح بخاری میں جابرؓ سے روایت ہے کہ جب احد کی جنگ ہوئی تو بعض لوگوں نے شراب پی تھی اور لڑائی میں شہید ہو گئے۔ یہ حرمت سے پہلے کی بات ہے تو بعض یہودی کہنے لگے کہ جو لوگ قتل ہو گئے ان کے پیٹوں میں شراب تھی تو یہ آیت نازل ہوئی کہ ایسے ایمان والے مومنین پر کوئی گناہ نہیں جنہوں نے حرمت سے پہلے شراب پی ہو۔

شیطان کا مقصد:

فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ (شراب، قمار میں پڑ کر) شیطان تمہارے درمیان دشمنی پیدا کرنا چاہتا ہے، جب آدمی شراب پیتا اور جوا کھیلتا ہے تو شیطان اس کو اللہ کی یاد سے غافل کر دیتا ہے اور نماز سے روک دیتا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے ہاں کا واقعہ ہے کہ شراب پی اور نماز پڑھنے کو کھڑے ہوئے تو یہ آیت نازل ہوئی لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنتُمْ سُكَارَىٰ۔ یہ قصہ پہلے گذر چکا ہے۔

گو حرمت سے پہلے شراب پینے والوں پر گناہ نہیں لیکن اللہ نے شراب اور جوئے کو شیطان کا عمل قرار دیا ہے۔ [illegible] شیطان کا مقصد یہ ہے کہ تمہارے درمیان بغض و عداوت پیدا کرے اور تمہیں اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے۔ [illegible] (حرمت شراب سے پہلے کی) نمازوں کا ذکر ہے۔

حضرت جابرؓ کی روایت سے مسلم میں [illegible] بیان ہو چکا ہے [illegible]۔

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا

اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور بچتے رہو

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ

پھر اگر تم پھر جاؤ گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ صرف پہنچا

الْمُبِينُ ﴿٩٢﴾

دینا ہے کھول کر

نفع نقصان کا خیال نہ کرو صرف اللہ کی اطاعت کرو:

اگر تم کسی چیز کے نفع نقصان کا خیال کر کے اس کو چھوڑو تب بھی خدا اور رسول کے احکام کا اتباع کرو اور قرآن کی مخالفت سے بچتے رہو۔ [illegible] اگر تم نے ان کا حکم نہ مانا تو ہمارے رسول کا کام تو صرف پہنچا دینا ہے [illegible]۔

لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے ان پر گناہ نہیں

جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوا وَّآمَنُوا

اس میں جو کچھ پہلے کھا چکے جبکہ آئندہ کو ڈر گئے اور ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوا وَّآمَنُوا ثُمَّ اتَّقَوا

اور عمل نیک کئے پھر ڈرتے رہے اور یقین کیا پھر ڈرتے رہے

وَّأَحْسَنُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿٩٣﴾

اور نیکی کی اور اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو

سببِ نزول:

نہایت صحیح و قوی احادیث میں ہے کہ جب تحریمِ خمر کی آیات نازل ہوئیں تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ! ان مسلمانوں کا کیا حال ہوگا جنہوں نے تحریم آنے سے پہلے شراب پی اور اسی حالت انتقال کر گئے۔ مثلاً بعض صحابہ جو جنگ احد میں شراب پی کر شریک ہوئے اور اسی حالت میں شہید ہوگئے کیونکہ شراب اس وقت حلال تھی، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔

خلاصہ مطلب:

عموم الفاظ اور دوسری روایات کو دیکھتے ہوئے ان آیات کا مطلب یہ ہے کہ زندہ ہوں یا مردہ جو لوگ ایمان اور عمل صالح رکھتے ہیں ان کے لئے کسی مباح چیز کے بوقت اباحت کھا لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ خصوصاً جب کہ وہ لوگ عام احوال میں تقویٰ اور ایمان کی خصال سے متصف ہوں۔ پھر ان خصال میں برابر ترقی کرتے رہے ہوں حتیٰ کہ عام تقویٰ و ایمان میں ترقی کرتے کرتے مرتبہ احسان تک پہنچ چکے ہوں، جو ایک مومن کے لئے روحانی ترقی کا انتہائی مقام ہو سکتا ہے۔ جہاں پہنچ کر حق تعالیٰ اپنے بندے کے ساتھ خصوصی محبت کرتا ہے (اور حدیث جبرئیل الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ) پس جو پاکباز صحابہ ایمان و تقویٰ میں عمر گذار کر اور نسبت احسان حاصل کر کے خدا کی راہ میں شہید ہو چکے تھے ان کی نسبت اس طرح کے خیالات و توہمات پیدا کرنے کی قطعاً گنجائش نہیں کہ وہ ایک ایسی چیز کا استعمال کرتے ہوئے دنیا سے رخصت ہوئے ہیں جو اس وقت حرام نہیں تھی مگر بعد کو حرام ہوئی۔ محققین نے لکھا ہے کہ تقویٰ (یعنی مضار دینی سے مجتنب ہونے کے) کئی درجے ہیں۔ اور ایمان و یقین کے مراتب بھی بلحاظ قوت و ضعف متفاوت ہیں تجربہ اور نصوص شرعیہ سے ثابت ہے کہ جس قدر آدمی ذکر و فکر، عمل صالح اور جہاد فی سبیل اللہ میں ترقی کرتا ہے اسی قدر خدا کے خوف اور اس کی عظمت و جلال کے تصور سے قلب معمور اور ایمان و یقین مضبوط و مستحکم ہوتا رہتا ہے۔ مراتب سیر الی اللہ کی اسی ترقی و عروج کی طرف اس آیت میں تقویٰ اور ایمان کی تکرار سے اشارہ فرمایا اور سلوک کے آخری مقام "احسان" اور اس کے ثمرہ پر بھی تنبیہ فرما دی۔ اور جن حضرات صحابہ کے متعلق سوال کیا گیا تھا اس کا جواب ایک عام و تام ضابطہ بیان فرما کر ایسے عنوان سے دیا گیا جس میں ان مرحومین کی فضیلت و منقبت کی طرف بھی لطیف اشارہ ہو گیا۔ ذخیرہ احادیث صحیحہ میں دو موقع ایسے ہیں جہاں صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس قسم کا سوال کیا ہے۔ ایک موقع تو یہی "تحریم خمر" کے متعلق ہے اور دوسرا تحویل قبلہ کے وقت سوال کیا گیا تھا کہ یا رسول اللہ جو لوگ حکم تحویل سے پہلے وفات پا گئے اور ایک نماز بھی کعبہ کی طرف نہیں پڑھی ان کی نمازوں کا کیا حال ہوگا۔ اس پر آیت وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ نازل ہوئی۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہی دو مسئلے ایسے تھے جن میں صاف صاف قطعی حکم نازل ہونے سے پہلے بہت سے واضح آثار و قرائن پہلے سے موجود تھے جن کو دیکھ کر صحابہ رضی اللہ عنہم قرآن کے نزول حکم صریح کا انتظار کر رہے تھے۔ خمر کے متعلق تو ابھی چند ورق پہلے ہم ایسی روایات نقل کر چکے ہیں جن سے ہمارے اس دعوے کا کافی وافی ثبوت ملتا ہے اور "تحویل قبلہ" کے باب میں قرآن کریم کی آیات قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاۗءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا جو مقدمہ کے شروع میں آ چکی ہیں خبر دے رہی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت منتظر تھے کب تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ ایسے واضح علامات صحابہ سے بھی مخفی نہیں رہ سکتے تھے۔ اسی لئے تحویل قبلہ کا حکم جب ایک آدمی نے کسی محلہ کی مسجد میں جا کر سنایا تو سارے نمازی محض خبر واحد کو سن کر بیت المقدس سے کعبہ کی طرف پھر گئے۔ حالانکہ بیت المقدس کا استقبال قطعی طور پر انہیں معلوم تھا اور خبر واحد حکم قطعی کے لئے ناسخ نہیں بن سکتی اس لئے ہم نے اصول میں تصریح کی ہے کہ یہ خبر واحد محفوف بالقرائن ہونے کی وجہ سے قطعی سمجھی گئی تھی۔ جو قرائن و آثار کی وجہ سے پہلے سے معلوم تھے کہ "تحریم خمر" یا "تحویل قبلہ" کا حکم عنقریب آیا چاہتا ہے۔ گویا ایک طرح سے صحابہ کرام اس حکم سے پہلے مرضی الٰہی پر علی الاجمال مطلع ہو رہے تھے اسی لئے ان دو مسئلوں میں نزول حکم سے قبل کی حالت کے متعلق سوال کرنا کچھ مستبعد نہیں ہو سکتا۔ خصوصاً تحریم خمر کی نسبت جس کی ممانعت کے نہایت واضح اشارات وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا وغیرہ میں موجود تھے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ

اے ایمان والو البتہ تم کو آزماوے گا اللہ ایک بات سے اس شکار

مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

میں سے جس پر پہنچتے ہیں ہاتھ تمہارے اور نیزے تمہارے

ربطِ آیات:

پچھلے رکوع میں تحریم طیبات اور اعتداء سے منع فرما کر بعض چیزوں

سے اجتناب کا حکم دیا تھا جو رائج صورت پر حرام ہیں۔ اس طرح بعض ایسی اشیاء کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہے جن کی حرمت دائمی نہیں۔

امتحان:

یعنی بعض احوال وواقعات سے تمہاری یعنی بحالت احرام شکار کر کے۔ مطلب یہ ہے کہ خدا کی طرف سے مطیع وفرمانبردار بندوں کا یہ امتحان ہے کہ وہ حالت احرام میں جب کہ شکار ان کے سامنے ہو اور خصوصیت سے اس کے مارنے یا پکڑنے پر بھی قادر ہوں۔ کون ہے جو ان دیکھے خدا سے ڈر کر اس کے حکم کا امتثال کرتا اور اعتداء (احکام خداوندی سے تجاوز کرنے) کی خدائی سزا سے خوف کرتا ہے۔ "اصحاب سبت" کا قصہ سورۂ بقرہ میں گزرا۔ چونکہ ان کو حق تعالیٰ نے خاص ہفتہ کے دن مچھلی کے شکار کی ممانعت فرمائی تھی۔ مگر انہوں نے مکاری اور حیلہ بازی سے اس حکم کی مخالفت کی اور حد سے تجاوز کر گئے۔ خدا نے ان پر لعنت ومسخ کا عذاب نازل فرمایا۔ اسی طرح حق تعالیٰ نے امت محمدیہ کو تھوڑا سا امتحان اس مسئلہ میں لیا کہ حالت احرام میں شکار نہ کریں۔ حدیبیہ کے موقع پر جب یہ حکم بھیجا گیا تو شکار اس قدر کثیر اور قریب تھا کہ ہاتھوں اور نیزوں سے مار سکتے تھے مگر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت کر دکھایا کہ خدا کے امتحان میں ان کے مقابلہ دنیا کی کوئی قوم کامیاب نہیں ہو سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

جن چیزوں کا قتل احرام میں جائز ہے:

صحیحین میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ چیزیں فاسق ہیں احرام میں بھی ان کو قتل کیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ تکلیف پہنچانے والے موذی ہیں: کوا، چیل، بچھو، چوہا اور کاٹنے والا کتا۔ ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان پانچ کو قتل کرنا محرم کے لئے گناہ نہیں۔

حالت احرام میں شکار کا کفارہ:

ابن ابی حاتم کی حدیث ہے کہ ایک اعرابی حضرت ابوبکرؓ کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے بحالت احرام ایک شکار کر لیا ہے اب مجھ پر کیا جزا ہے۔ آپ نے ابی بن کعب سے جو پاس ہی بیٹھے ہوئے تھے پوچھا کہ تم کیا فیصلہ کرتے ہو؟ تو اعرابی نے کہا کہ میں تو تمہارے پاس آیا کہ تم خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو لیکن تم خود دوسرے سے پوچھتے ہو۔ تو ابوبکرؓ نے کہا کہ تم کیوں اعتراض کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے خود کہا ہے کہ دو عادل مسلمان مل کر کوئی حکم کریں چنانچہ میں نے اپنے ساتھی سے مشورہ کیا۔ ہم دونوں جس بات پر متفق ہو جائیں گے تجھ کو اپنا فیصلہ سنا دیں گے۔ یہاں اسی بات کا احتمال تھا چنانچہ صدیقؓ نے جب دیکھا کہ اعرابی جاہل ہے اور عادلین کے مسئلہ سے واقف نہیں تو نرمی اور ملاطفت سے اسے سمجھا دیا کیونکہ جاہل کی دوا تعلیم ہے۔

ابن جریر کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حالت احرام میں ایک ہرن کا شکار کر لیا۔ حضرت عمرؓ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اپنے دو ساتھیوں کو لاؤ تاکہ وہ دونوں تم پر اپنا فیصلہ صادر کریں۔ میں عبدالرحمٰن اور سعد کو لے آیا۔ انہوں نے یہ فیصلہ صادر کیا کہ ایک موٹا تازہ بکرا قربان کر دو۔ ابن جریر کہتے ہیں کہ طارق نے ایک ہرن کو حالت احرام میں مار کر قتل کر دیا۔ پھر حضرت عمرؓ کے پاس فیصلہ لینے کے لئے آیا تو عمرؓ نے کہا کہ ہر دو حضرات فیصلے کے لئے ایک اور حکم تجویز کیا جائے چنانچہ ان دونوں نے ایک بکری تجویز کی جو کہ کفارے میں قربانی ہو گھر کا پلا اور چارہ کھا کر خوب تازہ ہو گئی ہو۔ پھر عمرؓ نے عادلین والی آیت پڑھی۔ یہ واقعہ اس بات کے جواز پر دلالت کرتا ہے کہ قاتل خود حکمین عادلین میں سے ایک ہو سکتا ہے جیسا کہ شافعی اور احمد کا مذہب ہے۔

اور جس شے میں صحابہ کا کوئی حکم موجود نہ ہو تو پھر اپنے زمانے کے عادلین کی طرف رجوع کریں۔ مالک اور ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ حکم اپنے اپنے زمانے کے ہر ہر فرد پر الگ الگ لگے گا اور اپنے زمانے ہی کے عادل قرار پائیں گے خواہ صحابہ کا کوئی حکم اور فتویٰ موجود ہو کیونکہ اللہ پاک نے حکم کا اطلاق کیا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ

تاکہ معلوم کرے اللہ کون اس سے ڈرتا ہے بن دیکھے

لیعلم اللہ کے لفظ سے جو حدوث علم باری کا وہم گزرتا ہے اس کے ازالہ کے لئے پہلے سورۂ بقرہ کے دوسرے پارہ کے شروع میں الا لنعلم من یتبع الرسول کا فائدہ ملاحظہ کر لو۔ (تفسیر عثمانی)

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

پھر جس نے زیادتی کی اس کے بعد تو اس کیلئے عذاب دردناک ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ

اے ایمان والو نہ مارو شکار جس وقت تم ہو

حُرُمٌ

احرام میں

اس کے متعلق بعض احکام سورۂ مائدہ کے شروع میں گزر چکے۔ (تفسیر جلالین)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساحل کی طرف ایک لشکر بھیجا۔ ابو عبیدہ بن الجراحؓ کو ان کا امیر بنایا۔ یہ تین سو آدمی تھے میں بھی شامل تھا۔ ہم راستے ہی میں تھے کہ زادِ راہ ختم ہو گیا۔ تو ابو عبیدہؓ نے حکم دیا کہ سارے لشکر میں سے سب کا زادِ راہ جمع کر دیں۔ میرے پاس کھجور زادِ راہ تھی۔ ہم اس میں سے ہر روز تھوڑا تھوڑا کھاتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ بھی ختم ہو گیا اور روزانہ کے طور پر ہم کو صرف ایک کھجور ملتی تھی۔ ہم لوگ قریب مرنے کے قریب ہو گئے لیکن سمندر تک آ پہنچے تھے۔ ساحل پر دیکھا کہ ایک مچھلی ٹیلے کے مانند پڑی ہوئی ہے۔ اٹھارہ روز سارے لشکر نے اس کو تیرہ دن تک کھایا۔ ابو عبیدہؓ نے اس مچھلی کی دو پسلیوں کو کھڑا کر کے کمان بنانے کا حکم دیا۔ اس کمان کے نیچے سے ایک اونٹنی سوار گزر گیا اور اس کے بالائی حصے کو چھو نہ سکا۔ ابو عبیدہؓ نے اس کی آنکھ کے گڑھے میں تیرہ آدمیوں کو بٹھایا تھا۔ اس کی ایک پسلی لے کر صورت یہ کی کہ سب سے بڑا اونٹ جو ہے اس کے نیچے سے نکل گیا۔ غرض یہ کہ وہ مچھلی اس قدر بڑی تھی۔ پھر ہم نے اس کا گوشت سکھا کر زادِ راہ بنا لیا۔ جب مدینے پہنچے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا کہ یہ تمہارے لئے خدا کا رزق تھا جو تمہارے ساتھ ہو۔ بچا ہوا ہمیں بھی کھلاؤ! ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھی بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تناول فرمایا۔

مینڈک کو نہ مارو:

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈک کو مارنے کی ممانعت کی ہے اور فرمایا کہ اس کی آواز خدا کی تسبیح ہے۔

دوبارہ جرم کرنے کی سزا:

امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ ایک صاحبِ احرام نے شکار کیا اس پر فدیہ کی سزا عائد کی گئی۔ اس نے دوبارہ یہ جرم کیا تو آسمان سے آگ اتری جل کر اس کو راکھ بنا دیا۔ یہی معنی وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ کے ہیں۔ اللہ اپنی سلطنت میں غالب ہے کوئی اس کو مغلوب نہیں کر سکتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اللہ نے آزمودہ امتحان کی پہلے سے اطلاع دو حرمتوں کی اطاعت کے طور پر دی تاکہ تم نافرمانی سے کامل طور پر بچتے رہیں۔

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ اس (امتحان و اطلاع) کے بعد جو شخص زیادتی کرے گا یعنی شکار کرے گا۔

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اس کو خصوصیت کے ساتھ دردناک عذاب ہوگا کیونکہ حقیر چیز سے جب وہ اپنے نفس کو نہ روک سکا اور اللہ سے غیب کا ڈر اس نے پاس لحاظ نہیں کیا تو بڑی چیز میں سے اپنے کو کیسے روک سکے گا جس کی طرف طبعی میلان بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ (آیت مذکورہ کے نزول کے بعد) ایک شخص نے جس کو ابو الیسر کہا جاتا تھا (احرام کی حالت میں) ایک گورخر پر حملہ کر کے قتل کر دیا اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ

"اے مسلمانو! بحالتِ احرام شکار کو نہ مارو۔"

شکار کی تعریف

نہیں بچا رہا اور اسی بنا پر بعض سلف نے کہا ہے کہ جن ٹوٹی ہوئی تختیوں میں ہدایت اور رحمت کے احکام درج تھے یعنی تفصیل سے متعلق احکام ضائع ہو گئے گمان کیا گیا ہے کہ اسرائیلی بادشاہوں کے خزانوں میں اسلام کے زمانے تک وہ کچھ موجود تھے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

تختیوں کے ٹوٹنے کا کفارہ:

حضرت ابن عباس اور عمرو بن ابی الدنیا کا قول ہے کہ موسیٰ کے پھینکنے سے وہ تختیاں تو ٹوٹ گئیں (تاکہ دوبارہ قابل قرأت ہو سکیں) پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چالیس دن روزے رکھے تو وہ تختیاں پھر لکھی ہوئی تورات دوبارہ عطا کی گئی۔

ستر آدمی معافی کیلئے گئے تھے:

روایت میں آیا ہے کہ اللہ نے حضرت موسیٰ کو حکم دیا کہ اپنی قوم میں سے ستر آدمیوں کو منتخب کر لو اور بچھڑے کی پوجا کی معذرت پیش کرو۔ [illegible] آپ نے [illegible] آدمی چھانٹے [illegible] ستر آدمی [illegible] آپ نے فرمایا جو آدمی ساتھ [illegible] بڑا ثواب [illegible] پہاڑ کے قریب پہنچے تو موسیٰ علیہ السلام اور سب [illegible] اپنی قوم میں سے [illegible] موسیٰ علیہ السلام [illegible] موسیٰ علیہ السلام [illegible] ہم کو آپ کی باتوں کا یقین نہیں آئے گا [illegible]

بعض [illegible] کا یہ مطلب ہے [illegible]

لیتے اور پھر بھی تہمت تراشی نہ کرتے۔

ان ستر آدمیوں کا جرم:

محمد بن [illegible] کہ ان لوگوں کا قصہ [illegible] سامری کے وقت یہ لوگ [illegible] پرستوں سے [illegible] تھے (الٰہی کی معاشرت میں لگے تھے۔ [illegible]) [illegible] اسی جرم کی وجہ سے عذاب میں پکڑے گئے۔

حضرت ہارون کی معذرت اور قوم کی ندامت [illegible] حضرت موسیٰ کا غصہ فرو ہوا۔ (تفسیر مظہری)

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَ
[illegible]
فِي الْآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ قَالَ عَذَابِي
[illegible]
أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ
[illegible]
كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ
[illegible]
الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ
زکوٰۃ اور جو ہماری باتوں پر یقین رکھتے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا اور جواب

حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں "شاید حضرت موسیٰ نے اپنی امت کے حق میں دنیا اور آخرت کی بھلائی جو دعا مانگی تھی سب امتوں پر مقدم [illegible] آخرت میں [illegible] تعالیٰ نے فرمایا کہ میرا عذاب و رحمت کی قوم پر مخصوص نہیں۔ عذاب تو اسی پر ہے جس کو میں چاہوں اور رحمت عامہ سب مخلوق و شامل ہے لیکن وہ رحمت خاص جس کو تم طلب کر رہے ہو انہی کے نصیب میں ہو گا [illegible] ہیں [illegible] اور خدا کی ساری باتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ یعنی آخری امت [illegible] [illegible] حضرت موسیٰ کی امت میں سے جو [illegible] کتاب پر یقین [illegible] وہ بھی اس رحمت [illegible] حضرت موسیٰ کی دعا [illegible]

رحمت کے وسیع ہونے کا معنی:

[illegible] شاہ صاحب نے [illegible] رحمت

[illegible]

اللہ کی رحمت کے سو حصے ہیں

[illegible]

شیطان رحمت سے مایوس ہے

[illegible]

یہود و نصاریٰ بھی محروم ہو گئے

[illegible]

[illegible]

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ

[illegible]

نبی اُمّی

[illegible]

منکر جنت میں نہ جا سکے گا

[illegible]

قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو [illegible] کے لقب سے پکارا جائے گا

[illegible]

قلاعہ کرے تیری شفاعت قبول کی جائے گی۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اللہ امت کی طرف منسوب ہے، ای نے جو پیغمبر اپنے کو امتی سمجھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی اللہ ای کی خصوصیت اس سے ہے کہ نبی کو کسی امت پیغمبر کی امت ہونا ... نبی ہادی امت والا)

یہودی مسلمان ہو گیا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت ہے کہ فلاں یہودی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ اشرفیاں قرض تھیں۔ اس نے حضور سے تقاضا کیا۔ حضور نے فرمایا میرے پاس (اس وقت) کچھ نہیں ہے جو تم کو دوں۔ یہودی بولا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جب تک ادا نہ کرو گے میں تم کو نہیں چھوڑوں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو میں تمہارے پاس بیٹھا رہوں گا۔ چنانچہ آپ اس کے پاس بیٹھ گئے اور (وہیں) حضور صلی اللہ علیہ وسلم ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی نمازیں پڑھیں۔ صحابہ اس یہودی کو دھمکانے لگے اور ڈرانے دھمکانے لگے۔ صحابہ کی اس حرکت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمجھ گئے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک یہودی آپ کو روکے ہوئے ہے (ہم سے یہ بات برداشت نہیں ہوتی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے میرے رب نے ظلم کرنے سے منع فرمایا ہے۔ جب دن چڑھ گیا تو (وہ یہودی) کہنے لگا میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ بے شک اللہ کے رسول ہیں اور میرا آدھا مال اللہ کے لئے (وقف) ہے۔ خدا کی قسم میں نے جو معاملہ آپ کے ساتھ کیا وہ صرف اس وجہ سے کیا کہ میں نے توریت میں پڑھا تھا محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیدائش مکہ میں ہوگی اور طیبہ ان کا مقام ہجرت ہوگا۔ ان کی حکومت شام تک ہوگی۔ وہ تند خو، سخت دل نہ ہوگا۔ بازاروں میں چیخ پکار نہ کرے گا۔ فحش کلام اور بے حیائی کی باتیں نہیں کرے گا۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ یہ میرا مال حاضر ہے، اللہ کے حکم کے مطابق اس میں تصرف کیجئے۔

یہ یہودی بڑا مالدار تھا۔ مذکورہ بالا روایت بیہقی نے دلائل النبوۃ میں بیان کی ہے۔

توریت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف:

حضرت عبداللہ بن سلام سے قریب قریب توریت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اوصاف لکھے ہوئے ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ عیسیٰ بن مریم ان کے ساتھ دفن ہوں گے۔ ... اور اس روضہ میں ایک قبر کی جگہ خالی رہ گئی ہے۔

حضرت کعب احبار نے توریت سے نقل کیا ہے کہ ہم نے توریت میں (اس طرح) لکھا پایا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے برگزیدہ بندے ہیں نہ تند خو ہیں نہ سخت دل، نہ بازاروں میں شور مچانے والے نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے بلکہ معاف کر دینے والے اور بخش دینے والے۔ ان کی پیدائش مکہ میں ہجرت طیبہ میں اور حکومت شام تک ہوگی۔ ان کی امت بکثرت حمد کرنے والی ہوگی وہ ہر حال میں اللہ کی حمد کریں گے۔ ہر بلندی پر تکبیر کہیں گے۔ سورج کے طلوع و غروب پر نظر رکھیں گے، نماز کا وقت آ جائے تو نماز پڑھیں گے۔ جب نماز کا وقت آئے گا تو نماز پڑھیں گے اپنی کمر پر تہبند باندھیں گے اور اپنے اعضاء کا وضو کریں گے (یعنی ہاتھ پاؤں دھوئیں گے) ان کا منادی آسمان کی فضا میں آواز دے گا۔ میدان جنگ میں ان کی صف اور نماز میں ان کی صف ایک ہی جیسی ہوگی۔ رات کو ان کی آواز ایسی ہوگی جیسے شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔ ... دارمی اور ابن سعد نے بھی یہ حدیث کچھ تغیر کے ساتھ نقل کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي

جس (کے اوصاف) کو وہ اپنے پاس لکھا ہوا پاتے ہیں

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ

توریت اور انجیل میں

توریت اور انجیل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ اور اوصاف

یعنی آپ کی تشریف آوری کی بشارات اور نعوت و صفات کتب سابقہ میں مذکور ہیں۔ حتیٰ کہ اس وقت سے لے کر آج تک متعدد تحریف و تبدیل کے باوجود بھی موجودہ انجیل میں بہت سی بشارات و اشارات پائے جاتے ہیں۔ جن کو زمانہ کے علماء اہل کتاب بھی لکھ چکے ہیں۔ مثلاً ... (تفسیر مظہری)

یہودی نوجوان کی گواہی:

حضرت انس سے مروی ہے کہ ایک یہودی نوجوان بیمار ہو گیا ... رسول اللہ

علیہ السلام کے تو اس نے مکہ میں اس کو پہنچنے کے لئے روانہ کیا۔ تجارت سے فارغ ہونے کے بعد میں نے مدینہ کا قصد کیا (حضرت کعب احبار سے) کہ میں ان سے کچھ باتیں سنوں۔ میں نے دیکھا کہ آپ ابوبکر و عمرؓ کے ساتھ جا رہے ہیں۔ میں بھی پیچھے ہو لیا۔ یہ تینوں ایک یہودی کے گھر پہنچے جو تورات پڑھ رہا تھا۔ اس کا لڑکا قریب الموت تھا جو جوان اور خوبصورت تھا۔ اس کے پاس بیٹھا تورات اپنے نفس کی خاطر پڑھ رہا تھا۔ حضرت اس یہودی سے باتیں کرنے لگے اور کہا کہ تمہیں تورات نازل کرنے والے کی قسم ہے کیا اس میں میرا ذکر اور میری امت کی خبر بھی ہے کہ نہیں۔ اس نے سر سے کہا "نہیں" تو اس کا قریب الموت نوجوان لڑکا بول اٹھا کہ تورات کو نازل کرنے والے کی قسم کہ ہم اپنی کتاب میں آپ کی صفت اور بعثت کی خبر پاتے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اس کے بعد وہ مر گیا تو آپ نے کہا کہ یہ مسلمان ہے۔ یہودیوں کو یہاں سے ہٹا دو۔ پھر آپ نے اس کے کفن اور نماز کا انتظام کیا۔ یہ حدیث جید اور قوی ہے اور صحیح بخاری میں انسؓ سے مروی ہے۔

روم کے بادشاہ نے تمام نبیوں کی تصویریں دکھائیں

ہشام بن العاصؓ سے روایت ہے کہ ہرقل شاہ روم کے پاس تبلیغ اسلام کے لئے میں اور ایک آدمی بھیجے گئے۔ ہم چلے اور غوطہ دمشق تک پہنچے، جبلہ بن الایہم الغسانی کے ہاں گئے۔ وہ صاحب تخت تھا۔ ہمارے پاس ایک شخص کو بھیجا کہ بات کرے کہ کیا کہتے ہو۔ ہم نے کہا ہم تم سے بات چیت نہیں کریں گے۔ ہم بادشاہ سے بات کرنے کے لئے بھیجے گئے ہیں۔ اگر وہ اجازت دے تو ہم اس سے بات کریں گے۔ ہمیں تم سے کچھ کہنا نہیں ہے۔ اس نے جا کر بادشاہ کو خبر کی۔ اس نے بلا لیا اور کہنے لگا: بولو کیا کہنا چاہتے ہو۔ ہشام بن العاصؓ نے اس سے گفتگو کی اور اسلام کی دعوت دی۔ وہ سیاہ کپڑے پہنے تھا۔ ہشام نے کہا سیاہ کپڑے کیوں پہنے ہیں؟ جبلہ نے کہا میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ یہ سیاہ لباس نہ اتاروں گا جب تک کہ تم لوگوں کو شام سے نکال نہ دوں۔ ہم نے کہا خدا کی قسم ہم یہ تخت تم سے چھین لینے والے ہیں اور عنقریب ان شاء اللہ ہمارے قبضہ میں آ جائے گا۔ ہمارے نبی نے اس کی پیش گوئی فرمائی ہے۔ اس نے کہا تم وہ لوگ نہیں ہو۔ وہ ایسے لوگ ہوں گے کہ دن میں روزہ رکھتے ہیں اور رات کو نماز پڑھتے ہیں۔ تم بتاؤ تمہارا روزہ کیسا ہے۔ ہم نے روزے کا حال بتا دیا تو اس کے چہرے پر سیاہی دوڑ گئی۔ اس نے کہا جاؤ بادشاہ سے ملو اور ہمارے ساتھ ایک رہبر کر دیا۔ ہم اس کی رہنمائی میں چلے اور جب ہم شہر کے قریب پہنچے تو ہمارے رہبر نے ہم سے کہا کہ تم ان سواریوں اور اونٹوں پر اس شہر میں داخل نہیں ہو سکتے۔ تم چاہو تو ہم تمہارے لئے گھوڑے اور خچر مہیا کر دیں۔ ہم نے کہا خدا کی قسم ہم تو انہی پر سوار ہو کر داخل ہوں گے۔ اس نے بادشاہ کو لکھ بھیجا کہ انہوں نے دوسری سواری پر بیٹھنے سے انکار کر دیا ہے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ انہیں انہی سواریوں پر آنے دو۔ ہم اپنی تلواریں لٹکائے بادشاہ کے محل تک پہنچے۔ اپنی سواریاں وہاں بٹھا دیں۔ بادشاہ اپنے محل کے بالاخانے سے ہمیں دیکھ رہا تھا۔ ہم نے لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر کہا۔ خدا جانتا ہے کہ ہماری آواز تکبیر سے سارا محل لرز اٹھا، گویا کہ درخت نے جھٹکا کھایا ہو۔ بادشاہ نے بلا بھیجا کہ تمہیں اس طرح بلند آواز سے اپنے دین کا اظہار نہیں کرنا چاہئے۔ پھر ہمیں بلا بھیجا۔ ہم داخل ہوئے۔ وہ اپنی مسند پر بیٹھا ہوا تھا۔ پاس ہی رومی امراء اور حکام سلطنت اس کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اس کی مجلس کی ہر چیز سرخ تھی۔ سارا محل سرخ، اس کے کپڑے سرخ۔ ہم اس کے قریب گئے۔ وہ ہنسا اور کہنے لگا کہ تم آپس میں جس طرح سلام کیا کرتے ہو، مجھے کیوں نہیں کیا؟ اس کے پاس ایک فصیح عربی جاننے والا ترجمان موجود تھا۔ ہم نے اس سے ترجمہ کرایا کہ ہم جو سلام آپس میں کرتے ہیں وہ آپ سے کرنا جائز نہیں اور آپ کا جو طریقہ ادب و سلام ہے وہ ہمارے لئے جائز نہیں کہ وہ طریقہ تعظیم ہم آپ کے لئے برتیں۔ اس نے کہا تمہارا آپس میں سلام کیا ہے؟ ہم نے کہا السلام علیک۔ اس نے پوچھا تم اپنے بادشاہ کو کس طرح سلام کرتے ہو؟ ہم نے کہا انہیں بھی یہی۔ اس نے پوچھا کہ وہ کس طرح جواب دیتے ہیں؟ ہم نے کہا وہ بھی یہی الفاظ دہراتے ہیں۔ اس نے پوچھا تمہارا سب سے بڑا کلمہ کیا ہے؟ ہم نے کہا لا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔ جب ہم نے یہ کلمہ کہا تو سارا محل لرز گیا حتیٰ کہ اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔ پھر کہنے لگا کیا یہ وہی کلمہ ہے جو تم نے ابھی کہا تھا کہ مکان لرز گیا؟ اور جب کبھی تم اپنے گھروں میں کہتے ہو تو تمہارے گھر بھی کانپ اٹھتے ہیں؟ ہم نے کہا نہیں، ہم نے ایسا کبھی نہیں دیکھا، آج آپ کے محل میں۔ کہا یہ اچھا ہوتا کہ جب بھی تم یہ کلمہ کہتے تمہاری ہر چیز گر پڑتی اور یہ کلمہ میری آدھی سلطنت کے بدلے میں ہوتا اور آدھا رہ جاتا۔ ہم نے پوچھا ایسا کیوں؟ تو کہا یہ اس بات سے کہ امر نبوت کا حکم ہے۔ تم لوگ... پھر ہم سے آنے کی غرض پوچھی۔ ہم نے مقصد بتلا دیا۔ پوچھا تمہارا نماز روزہ کیسا ہے؟ ہم نے معلوم کرا دیا۔ اس نے اب ہمیں رخصت کیا۔ ہمیں بہت عزت سے

میں ٹھہرایا۔ ہماری مہمانی کی۔ ہم وہاں تین دن ٹھہرے۔ پھر ایک رات ہمیں بلا بھیجا۔ ہم گئے پھر ہم سے دریافت کیا۔ پھر ہم نے اپنا مقصد دہرایا۔ اب اس نے ایک بہت بڑی چیز سونے چاندی سے جڑاؤ منگوائی۔ اس میں چھوٹے چھوٹے خانے بنے ہوئے تھے اس میں دروازے لگے ہوئے تھے اس نے ایک خانے کا قفل کھولا اور اس میں سے ایک سیاہ ریشمی کپڑا نکالا اس میں ایک سرخ تصویر بنی ہوئی تھی۔ ایک آدمی کی تصویر تھی جس کی بڑی بڑی آنکھیں تھیں، موٹی، گردن لمبی، داڑھی نہیں تھی، سر کے بال دو حصوں میں نہایت خوبصورت اور لمبے لمبے۔ کہنے لگا کیا اس کو جانتے ہو۔ ہم نے کہا نہیں۔ کہنے لگا یہ آدم ہیں ان کے جسم کے پر بہت بال تھے۔ پھر اور ایک دروازے کا قفل کھولا۔ اس میں سے بھی ایک سیاہ ریشمی کپڑا نکالا۔ اس میں ایک گورے رنگ کے آدمی کی تصویر بنی ہوئی تھی۔ گھونگھر والے بال، سرخ آنکھیں، بڑا سا سر، خوبصورت داڑھی۔ کہنے لگا یہ نوح علیہ السلام ہیں۔ پھر اور ایک ڈبے میں سے ایک اور تصویر نکالی۔ بہت ہی گورا رنگ، خوبصورت آنکھیں، کشادہ پیشانی، لمبا چہرہ، سفید داڑھی، ہنس مکھ صورت۔ کہا جانتے ہو کہ کون ہیں؟ یہ ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ پھر ایک اور دیکھا۔ ایک روشن اور گندمی رنگ کی تصویر تھی اور وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی۔ پوچھا کیا تم ان کو جانتے ہو ہم نے کہا ہاں یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تصویر دیکھ کر ہم پر رقت طاری ہو گئی۔ وہ کہنے لگا کہ اللہ ہی جانتا ہے کہ یہ ہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر وہ کھڑا ہو گیا پھر بیٹھ گیا اور کہنے لگا کہ خدا کی قسم کیا یہ وہی ہیں؟ ہم نے کہا ہاں یہ وہی ہیں اس تصویر کو کہ گویا تم ان کو دیکھ رہے ہو۔ پھر تھوڑی دیر تک اس صورت کو دیکھتا رہا۔ پھر کہا یہ آخری تھا۔ لیکن میں نے اس کو سب سے آخر میں نکالا [illegible] دوسروں سے پہلے [illegible] درمیان میں نکالا تاکہ تمہاری سچائی کا امتحان کروں۔ پھر اور ایک نکالی جو گندم گوں اور نرم صورت تھی۔ گھونگھر والے بال، اندر کو دھنسی ہوئی آنکھیں، تیز نظر، غصیلا چہرہ جڑے ہوئے دانت، ہونٹ سخت ہوئے۔ کہنے لگا یہ موسیٰ علیہ السلام کی تصویر ہے۔ اس کے متصل ایک اور تصویر تھی شکل و صورت میں اس سے مشابہت رکھتی تھی۔ مگر یہ کہ بالوں میں تیل پڑا ہوا کنگھی کی ہوئی کشادہ پیشانی، آنکھیں بڑی۔ کہنے لگا یہ ہارون بن عمران ہیں۔ پھر ایک ڈبہ میں سے ایک تصویر نکالی گندمی رنگ، میانہ قامت، سیدھے بال والا۔ چہرے سے غضب آثار۔ کہنے لگا یہ لوط علیہ السلام ہیں۔ پھر ایک سفید رنگ کا ریشمی کپڑا نکالا۔ ایک گورے رنگ کا آدمی جس کی ناک اونچی تھی، رخسار

جھکے تھے چہرہ خوبصورت تھا۔ کہا یہ حضرت اسحٰق علیہ السلام ہیں۔ پھر ایک اور دروازہ کھولا اس میں سفید ریشمی کپڑا نکال کر ہمیں دکھایا اس کی شکل اسحٰق کی تصویر سے بہت مشابہ تھی مگر اس کے ہونٹ پر تل تھا۔ کہا یہ یعقوب ہیں۔ پھر ایک سیاہ کپڑے پر کی تصویر نکالی۔ گورا رنگ بہت خوبصورت چہرہ چہرے پر نور اور انابت و خشوع کے آثار نمایاں۔ رنگ سرخی مائل کہا یہ اسمٰعیل ہیں۔ پھر اور ایک ڈبہ میں سے سفید ریشمی کپڑا نکالا۔ جس کے اندر کی تصویر آدم علیہ السلام کی تصویر سے ملتی جلتی تھی۔ چہرہ پر آفتاب چمک رہا تھا کہا یہ یوسف علیہ السلام ہیں۔ پھر اور ایک تصویر نکالی۔ سرخ رنگ، پتلی پنڈلیاں، چھوٹی آنکھیں، بڑا پیٹ، [illegible] کہا یہ داؤد علیہ السلام ہیں۔ پھر اور ایک تصویر نکالی۔ موٹی رانیں، لمبے پاؤں، گھوڑے پر سوار۔ کہا یہ سلیمان علیہ السلام ہیں۔ پھر ایک اور تصویر نکالی جوان، سیاہ داڑھی، گھنے بال، خوبصورت آنکھیں، خوبصورت چہرہ کہا یہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ہیں۔ ہم نے کہا یہ تصویریں آپ کو کہاں سے ملیں۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ تصویریں ضرور انبیاء کی ہوں گی کیونکہ ہم نے اپنے نبی کی تصویر بھی ٹھیک پائی ہے۔ پھر کہنے لگا کہ آدم علیہ السلام نے خود سے سوال کیا تھا کہ میری اولاد کے انبیاء کو مجھے دکھا تو اللہ نے ان انبیاء کی تصویریں حضرت آدم کو دیں وہ ان کو آدم [illegible] مغرب کے ملک میں رکھوا دیں۔ ذوالقرنین نے ان کو نکالا اور دانیال علیہ السلام کے سپرد کیں۔ پھر کہنے لگا کہ میرا جی تو یہ چاہتا تھا کہ اپنا ملک چھوڑ دوں اور تم میں سے کسی کمتر کا غلام ہو رہوں۔ حتیٰ کہ مجھے موت آ جائے۔

اب ہمیں رخصت کر دیا۔ انعام و اکرام دیا جو ضروریات کے لیے کافی تھے [illegible] کر دیئے۔ جب ہم ابوبکر صدیق کے پاس آئے ان سے یہ قصہ بیان کیا تو رو دیئے اور کہا اگر خدا اس کو توفیق دیتا تو وہ ضرور ایسا کرتا۔ پھر فرمایا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی ہے کہ یہود اپنی کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات پاتے ہیں۔

تورات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی:

عطاء بن یسار کہتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمرو سے میں نے ملاقات کی اور تورات میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق پیش گوئی دریافت کی۔ کہا تو کہا ہاں خدا کی قسم تورات میں بھی آپ کا ایسا ہی ذکر ہے جیسے قرآن میں ہے کہ اے نبی! ہم نے تم کو امت کا گواہ بنایا اور جنت کی خوشخبری دینے والا اور دوزخ سے ڈرانے والا اور عوام کا پشت پناہ بنایا ہے۔ تم میرے بندے اور رسول ہو تمہارا نام متوکل ہے۔ تم نہ تند خو ہو نہ سنگ دل، تم کو

اس وقت تک اللہ تعالیٰ ان کو نہ اٹھائے گا جب تک کہ ان کے ذریعہ ٹیڑھے دین کو سیدھا نہ کر دے اور جب تک وہ ایمان نہ لے آئیں اور ان کے دلوں سے پردے نہ اٹھا دیئے جائیں اور کان سننے اور آنکھیں دیکھنے نہ لگیں۔ پھر عطاءؒ کی ملاقات حضرت کعبؓ سے ہوئی تو یہی سوال ان سے کیا تو جواب میں ایک حرف کا بھی اختلاف نہ پایا سوائے اس کے کہ وہ اپنی زبان میں غلفا کو غلوفیا اور صما کو صمومیا اور عمیا کو عمومیا کہتے تھے۔ لیکن یہ کہنا بجا ہے کہ وہ بازاروں میں شور و شغب نہ کریں گے، وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے ہیں اور درگزر کرتے ہیں۔ اور عبداللہ ابن عمروؓ کی حدیث کا ذکر کیا پھر کہا کہ سلف کے کلام میں توراۃ کا اطلاق عموماً کتب اہل کتاب پر ہوتا ہے اور کتب احادیث میں بھی ایسا ہی وارد ہے۔ واللہ اعلم

ایک اہل کتاب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر دکھائی

جبیر ابن مطعمؓ سے روایت ہے کہ میں شام کی طرف تجارت کی غرض سے نکلا۔ جب میں شام کے قریب پہنچا تو اہل کتاب میں سے ایک آدمی سے ملاقات ہوئی۔ اس نے پوچھا کیا تمہارے ملک میں کوئی نبی آیا ہوا ہے؟ میں نے کہا ہاں۔ کہا کیا تم اس کی تصویر پہچان سکتے ہو؟ میں نے کہا ہاں۔ تو وہ مجھے ایک گھر میں لے گیا جس میں تصویریں تھیں مگر میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر نہیں دیکھی۔ ہم اسی گفتگو میں تھے کہ ایک اور شخص آیا۔ اس نے کہا کیا بات ہے؟ ہم نے خبر دی تو وہ ہمیں اپنے گھر لے گیا۔ گھر میں داخل ہوتے ہی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر دیکھی اور یہ بھی کہ تصویر میں ایک شخص آپ کی شبیہ کے پیچھے کھڑا ہوا ہے۔ میں نے کہا یہ کون ہے جو ان کے پیچھے ہاتھ تھامے کھڑا ہے؟ اس نے کہا یہ وہ نبی ہے کہ اس کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور یہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ لیکن یہ ان کا جانشین ہوگا۔

مردِ آہنی امیر شدید:

اقرع مؤذن عمر کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے مجھے ایک پادری کو بلانے کے لئے بھیجا۔ میں بلا لایا۔ پس حضرت عمرؓ نے پوچھا کیا تم کتاب میں میرا بھی ذکر پاتے ہو؟ اس نے کہا ہاں کتاب میں آپ کو قرن کہا گیا ہے۔ آپ نے اپنا درہ اٹھا کر کہا قرن کیا بات ہے؟ اس نے کہا اس سے مراد ہے "مرد آہنی امیر شدید"۔ پھر عمرؓ نے پوچھا میرے بعد کیا ہوگا؟ کہا ایک نیک خلیفہ ہوگا لیکن وہ اپنے قرابت داروں کو ترجیح دے گا۔ تو عمرؓ نے کہا "اللہ عثمانؓ پر رحم کرے" تین بار کہا۔ پھر پوچھا اس کے بعد؟ کہا پارہ آہن کی طرح ایک شخص۔ عمرؓ ہائے افسوس کرتے تھے۔ آپ نے اپنا سر پکڑ کر ہائے افسوس کرتے تھے۔ اس نے کہا یا امیر المومنین وہ خلیفہ صالح ہے لیکن وہ اس وقت خلیفہ ہوگا جب کہ تلواریں سونت لی گئی ہوں گی اور خون بہہ رہا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ نبی نیک باتوں کا حکم کرتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہے جو کتب سابقہ میں مندرج ہے اور یہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت تھی کہ خیر ہی کا حکم کرتے اور شر سے منع فرماتے اور اسی بات سے روکتے جو شر کی ہوتی۔ عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جب تم قرآن میں یہ پڑھو یا ایھا الذین آمنوا تو کان لگا کر سنو کیونکہ یا تو کسی خیر کا حکم ہوگا یا کسی شر سے روکا جائے گا۔ اور سب سے اہم چیز جس کا اللہ نے حکم دیا ہے یہ ہے کہ اللہ کی عبادت کرو جس کا کوئی شریک نہیں۔ تمام انبیاء اسی مقصد کے تحت بھیجے گئے تھے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہم نے ہر قوم کے اندر پیغمبر بھیجے ہیں کہ عبادت صرف خدا کی کرو اور طاغوت کی پرستش سے بچو۔

ابو اسیدؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم مجھ سے مروی کوئی حدیث سنو جس کو تمہارے دل پہچانیں تمہارے شعور اس سے نرم ہو جائیں اور تم یہ محسوس کرو کہ یہ بات تمہاری ذہنیت سے قریب تر ہے تو سمجھ لو کہ تمہاری بہ نسبت میری ذہنیت اس سے قریب تر ہوگی۔ یعنی وہ میری حدیث ہو سکتی ہے اور اگر تمہارے دل اس حدیث کا انکار کریں اور وہ بات تمہاری ذہنیت سے دور ہو تو سمجھو کہ تمہاری بہ نسبت میری ذہنیت سے وہ دور تر ہوگی اور وہ میری حدیث نہ ہوگی۔ علیؓ سے مروی ہے کہ جب تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث سنو تو اس کے بارے میں یہی گمان کرو کہ وہ زیادہ صحیح گمان ہے، وہ زیادہ ہدایت ہے اور زیادہ تقویٰ ہے۔ اللہ کا قول ہے کہ اس نے طیبات ان کے لئے حلال کر دیئے ہیں اور خبائث حرام کر دیئے ہیں۔ جیسے بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام وغیرہ جو حلال ہیں لیکن انہوں نے حرام کر رکھے تھے۔ اس سے تنگی پیدا ہو گئی تھی اور جو خبائث اللہ تعالیٰ نے حرام کئے ہیں جیسے گوشت خنزیر، سود اور کھانے کی چیزیں جو اللہ تعالیٰ نے حرام کر دی تھیں انہوں نے حلال بنا لیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو چیز حلال کر دی ہے اس کا کھانا بدن کو نفع بخش ہے اور دین کے لئے مفید ہے اور جس کو اللہ نے حرام کر دیا وہ جسم اور دین دونوں کے لئے مضر ہے۔

ابوالدرداء کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر و عمر میں کچھ تیز گفتگو ہوگئی۔ ابو بکر نے عمر کو ناراض کردیا۔ عمر غصہ میں واپس ہوگئے۔ ابوبکر کو احساس ہوا اور وہ عمر سے معافی مانگنے کے لئے ان کے پیچھے چلے گئے لیکن عمر نے گھر کا دروازہ نہیں کھولا اور ... ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے ابوالدرداء کہتے ہیں کہ ہم بھی اس وقت بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا تمہارے ان ساتھی نے ... عمر کو بھی ندامت ہوئی کہ گھر میں آنے کی اجازت نہ دی ... ہوئی وہ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ سلام کر کے بیٹھ گئے اور واقعہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کیا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عمر پر غصہ آگیا۔ ابوبکر ڈر گئے اور کہنے لگے کہ "یا رسول اللہ زیادتی میری ہی طرف سے تھی"۔ لیکن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ "کیا تم لوگ میرے دوست اور ساتھی کو چھوڑ دینا چاہتے ہو۔ میں نے تم لوگوں سے کہا تھا کہ میں تمہاری طرف رسول بن کر آیا ہوں تو تم کہتے تھے کہ جھوٹ کہتے ہو اور ابوبکر نے میری تصدیق کردی تھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک میں رات کی نماز پڑھ رہے تھے تو آپ کے بعض اصحاب آپ کی حفاظت و نگرانی کرنے لگے۔ نماز پڑھ چکنے کے بعد آپ ان کی طرف متوجہ ہوگئے اور فرمایا کہ "آج کی رات پانچ چیزیں خصوصیت کے ساتھ مجھے دی گئی ہیں۔ مجھ سے پہلے یہ خصوصی عنایتیں کسی اور پیغمبر کو نہیں دی گئی تھیں (۱) یہ کہ میں دنیا جہان کے لوگوں کی طرف پیغمبر بن کر آیا ہوں اور اس سے پہلے کوئی رسول صرف اپنی قوم ہی کی طرف رسول ہوکر آتا رہا۔ (۲) مجھے صرف رعب ہی سے دشمن پر نصرت حاصل ہوتی ہے اگرچہ میرے اور ان کے درمیان ایک مہینہ بھر کی مسافت کی دوری ہو، مگر ان پر میرا رعب چھا جاتا ہے۔ (۳) مال غنیمت میرے اور میری امت کے لئے حلال کردیا گیا ہے۔ حالانکہ مجھ سے پہلے مال غنیمت کو کھانا گناہ کبیرہ تھی اس کو جلا دیا جاتا تھا۔ (۴) روئے زمین میرے لئے پاک ہے اور مسجد ہے۔ جہاں کہیں نماز کا وقت ہوا اسی مٹی سے مسح کیا اور وہیں پر نماز پڑھ لی۔ مجھ سے پہلے کے لوگ صرف اپنے گرجاؤں، کنیسوں اور مندروں ہی میں عبادت کرتے تھے۔ (۵) پانچویں یہ کہ مجھ سے کہا گیا کہ آپ درخواست کی اجازت ہے مانگ لو۔ ہر نبی نے مانگ لیا۔ میں نے اپنا سوال روز قیامت پر اٹھا رکھا اور وہ تمہارے لئے ہے اور لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دینے والے کے لئے۔

(درمنثور۔ تفسیر ابن کثیر)

تورات کی عبارت:

مولانا مودودی نے ابن سعد ... سے ... عطاء بن یسار سے نقل کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ تورات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ لکھا ہوا ہے کہ "محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول اور منتخب بندے ہیں۔ وہ نہ سخت مزاج ہیں نہ سنگدل، نہ بازاروں میں شور کرنے والے، وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے۔ بلکہ معاف فرمادیتے ہیں ... آپ کی جائے ولادت مکہ میں اور ہجرت طیبہ میں ہوگی، اور آپ کا ملک شام ہوگا۔ امت آپ کی حمادون ہوں گی یعنی راحت و کلفت ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی حمد و شکر کرنے والی ہوگی، ہر بلندی پر چڑھنے کے وقت وہ تکبیر کہا کرے گی۔

"وہ آفتاب کے ساتھی ہوں گے ... جب نماز کا وقت آ جائے گا نماز ادا کریں گے ... تہبند استعمال کریں گے اور اپنے ہاتھ پاؤں کو وضو سے پاک رکھیں گے۔ ان کا مؤذن فضا میں آواز بلند کرے گا، جنگ میں ان کی صفیں ایسی ہوں گی جیسے نماز جماعت میں، رات کو ان کی تلاوت اور ذکر کی آواز یوں اس طرح گونجتی ہوگی جیسے شہد کی مکھیوں کا شور ہوتا ہے" (دارمی)

انجیل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات

ابن سعد اور ابن عساکر نے حضرت سہل مولیٰ خیثمہ سے سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ حضرت سہل نے فرمایا کہ میں نے خود انجیل میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صفات پڑھی ہیں کہ "وہ نہ پست قد ہوں گے نہ بہت دراز قد، سفید رنگ دو زلفوں والے ہوں گے۔ ان کے دونوں شانوں کے درمیان ایک مہر نبوت ہوگی، صدقہ قبول نہ کریں گے۔ گدھے اور اونٹ پر سوار ہوں گے، بکریوں کا دودھ خود دوہ لیا کریں گے، پیوند لگے کپڑے استعمال فرمائیں گے، اور جو ایسا کرتا ہے وہ تکبر سے بری ہوتا ہے۔ وہ اسماعیل علیہ السلام کی ذریت میں ہوں گے ان کا نام احمد ہوگا۔"

تورات کے الفاظ:

ابن سعد نے طبقات میں اور دارمی نے اپنے مسند میں بیہقی نے دلائل نبوت میں حضرت عبداللہ بن سلام سے روایت نقل کی ہے جو یہود کے سب سے بڑے عالم اور تورات کے ماہر مشہور تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ تورات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ الفاظ مذکور ہیں "اے نبی ہم نے آپ کو بھیجا ہے سب امتوں پر گواہ بنا کر اور نیک عمل کرنے والوں کو بشارت دینے والا ... اور کفر کرنے والوں کو ڈرانے والا

اور اُمّیین یعنی عرب کی حفاظت کرنے والا ہو گا، آپ میرے بندے اور رسول ہیں، میں نے آپ کا نام متوکل رکھا ہے، وہ آپ سخت مزاج نہیں نہ جھگڑالو اور نہ بازاروں میں شور کرنے والے، برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے بلکہ معاف کر دیتے ہیں اور درگزر کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو اس وقت تک وفات نہ دیں گے جب تک ان کے ذریعہ ٹیڑھی قوم کو سیدھا نہ کر لیں یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کے قائل ہو جائیں، اور اندھی آنکھوں کو کھول دیں، اور بہرے کانوں کو سننے کے قابل بنا دیں اور بند دلوں کو کھول دیں۔"

اس مضمون کی ایک روایت بخاری میں بروایت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ بھی مذکور ہے۔

زبور کی پیش گوئی:

اور کتب سابقہ کے ایک ماہر عالم حضرت وہب بن منبہ سے بیہقی نے دلائل النبوۃ میں نقل کیا ہے:

"اللہ تعالیٰ نے زبور میں حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف یہ وحی فرمائی کہ اے داؤد! آپ کے بعد ایک نبی آئیں گے جن کا نام احمد ہوگا، میں ان پر کبھی ناراض نہ ہوں گا اور وہ کبھی میری نافرمانی نہ کریں گے اور میں نے ان کے سب اگلے پچھلے خطا معاف کر دیئے ہیں، ان کی امت امت مرحومہ ہے، میں نے ان کو وہ نوافل دیئے ہیں جو انبیاء کو عطا کئے اور ان پر وہ فرائض عائد کئے ہیں جو پچھلے انبیاء پر لازم کئے گئے تھے۔ یہاں تک کہ وہ محشر میں میرے سامنے اس حالت میں آئیں گے کہ ان کا نور انبیاء علیہم السلام کے نور کی مانند ہوگا۔ اے داؤد میں نے محمد اور ان کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت دی ہے، میں نے ان کو چھ چیزیں خصوصی طور پر عطا کی ہیں جو دوسری امتوں کو نہیں دی تھیں، اول یہ کہ خطا و نسیان پر ان کو عذاب نہ ہوگا، جو گناہ ان سے بغیر قصد کے صادر ہو جائے اگر وہ اس کی مغفرت مجھ سے طلب کریں تو میں معاف کر دوں گا اور جو مال وہ اللہ کی راہ میں طیب خاطر خرچ کریں گے تو میں دنیا میں ان کو اس سے بہت بڑھا دوں گا، اور جب ان پر کوئی مصیبت پڑے اور وہ إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہیں تو میں ان پر اس مصیبت کو صلوٰۃ و رحمت اور جنت کی طرف ہدایت بنا دوں گا، وہ جو دعا کریں گے میں قبول کروں گا کبھی اس طرح کہ جو مانگا ہے وہی دے دوں، اور کبھی اس طرح کہ اس کو ان کی آخرت کا سامان بنا دوں۔" (روح المعانی)

بیشتر ان میں سے یہ چند روایات تورات و انجیل وغیرہ کے حوالہ سے نقل کی گئی ہیں، پوری روایت ورنہ بیہقی نے مستقل کتابوں میں جمع کیا ہے۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب اظہار الحق میں اس کو بڑے عمدہ انداز اور تفصیل و تحقیق کے ساتھ جمع فرمایا ہے (معارف القرآن مفتی اعظم)

يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ
وہ حکم کرتا ہے ان کو نیک کام کا اور منع کرتا ہے
الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ
برے کام سے اور حلال کرتا ہے ان کے لئے سب پاک چیزیں اور حرام
عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ
کرتا ہے ان پر ناپاک چیزیں اور اتارتا ہے ان پر سے ان کے بوجھ
وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ
اور وہ قیدیں جو ان پر تھیں

یعنی یہود پر جو سخت احکام تھے اور کھانے کی چیزوں میں ان کی شرارت کی وجہ سے بھی جو حرام کی گئی تھیں فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ (النساء) اس دین میں وہ سب چیزیں آسان ہو گئیں۔ اور جو ناپاک چیزیں تھیں مثلاً خون، مردار، خنزیر وغیرہ جنہیں انہوں نے حلال کر رکھا تھا، ان کی حرمت آپ نے ظاہر فرمائی۔ غرض ان سے بہت سے بوجھ اتر گئے اور بہت سی قیدیں اٹھ گئیں جیسا کہ حدیث میں فرمایا "بعثت بالحنيفية السمحة"۔ (عثمانی)

قید اور بوجھ کا مطلب:

قتادہ کے نزدیک وہ سخت عہد مراد ہے جس کے وہ پابند کئے گئے تھے۔ وَالْأَغْلَالَ میں وہ ساری باتیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں تھیں جیسے توبہ قبول ہونے کے لئے قتل کئے جانے کا حکم، کپڑا کاٹنے والے عضو کو کاٹ ڈالنے کا حکم، چیز سے نجاست لگ جائے تو اس کو قینچی سے قطع کر دینے کا حکم، قتل کرنے والے کے لئے بہر حال قصاص کا وجوبی حکم اور خطا یا قصداً کی تفریق کئے بغیر، ہفتہ کے دن کوئی دنیوی کام نہ کرنے کا حکم، گرجا کے علاوہ کہیں اور نماز نہ پڑھنے کا حکم وغیرہ ان کے علاوہ دوسرے سخت احکام تھے جو طوق کی طرح ان کی گردنوں میں پڑے ہوئے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اصر اور اغلال یعنی بار گراں اور قید سے مراد اس آیت میں وہ احکام شاقہ اور شدید واجبات ہیں جو اصل دین میں مقصود نہ تھے بلکہ بنی اسرائیل پر بطور سزا کے لازم کر دیئے گئے تھے، مثلاً کپڑا ناپاک ہو جائے تو پانی سے دھو دینا بنی اسرائیل کے لئے کافی نہ تھا بلکہ یہ واجب تھا کہ جس جگہ نجاست لگی ہے اس کو کاٹ دیا جائے اور کفار سے جہاد کر کے جو مال غنیمت ان کو ہاتھ آئے وہ ان کے لئے حلال نہیں تھا بلکہ آسمان سے ایک آگ آ کر اس کو جلا دیتی تھی، ہفتہ کے دن شکار کھیلنا ان کے لئے حرام تھا، جن اعضاء سے کوئی گناہ صادر ہو ان اعضاء کو کاٹ دینا واجب تھا، کسی کا قتل خواہ عمداً ہو یا خطاء دونوں صورتوں میں قصاص یعنی قاتل کا قتل کرنا واجب تھا، خون بہا دینے کا قانون نہ تھا۔ (معارف القرآن مفتی محمد شفیع)

فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا
سو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور اس کی رفاقت کی اور اس کی مدد کی اور تابع
النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ
ہوئے اس نور کے جو اس کے ساتھ اترا ہے

نور سے مراد وحی ہے متلو ہو یا غیر متلو یعنی قرآن و حدیث۔ (تفسیر عثمانی)

جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت واطاعت کریں گے کامیاب ہوں گے

مراد یہ ہے کہ وہ لوگ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و محبت کے ساتھ آپ کی تائید و حمایت اور مخالفین کے مقابلہ میں آپ کی مدد کریں وہ مکمل فلاح پانے والے ہیں، یہ تائید و نصرت جیسے حیات نبوت کے ساتھ متعلق تھی اور آپ کی وفات کے بعد آپ کی شریعت اور آپ کے دین کی تائید و نصرت بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید و نصرت کا مصداق ہے۔

قرآن کریم نور ہے:

قرآن کریم کو اس آیت میں نور سے تعبیر کیا گیا ہے، وجہ یہ ہے کہ جس طرح نور کا نور ہونا خود بخود ظاہر ہوتا ہے کسی دلیل کی ضرورت نہیں، نور خود اپنے وجود کی دلیل ہوتا ہے اسی طرح قرآن کریم خود اپنے کلام ربانی اور کلام حق ہونے کی دلیل ہے کہ ایک امی محض کی زبان سے ایسا اعلیٰ و ارفع کلام آیا جس کی مثال لانے سے ساری دنیا عاجز ہوگئی، یہ خود قرآن کریم کے کلام اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ نیز جس طرح نور خود بھی روشن ہوتا ہے اور دوسری اندھیریوں میں بھی روشنی کر دیتا ہے اسی طرح قرآن کریم نے اندھیریوں میں بھٹکی ہوئی دنیا کو تاریکیوں سے نکالا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کاملیت:

ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں سب خوبیاں اور کمالات جمع پائی جاتی ہیں اس لئے امت پر لازم ہے کہ ہر شان کا حق ادا کریں، بحیثیت رسول کے ان پر ایمان لائیں، بحیثیت امیر و حاکم کے ان کے احکام کی پیروی کریں، بحیثیت محبوب ہونے کے ان کے ساتھ گہری محبت رکھیں اور بحیثیت کمالات نبوت ان کی تعظیم و تکریم بجا لائیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور اتباع تو امت پر فرض ہونا ہی چاہیے تھا کیونکہ انبیاء کے بھیجنے کا مقصد ہی اس کے بغیر پورا نہیں ہوتا، لیکن حق تعالیٰ نے ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں صرف اسی پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ امت پر آپ کی تعظیم و توقیر اور احترام و ادب بھی لازم قرار دیا ہے اور قرآن کریم میں جابجا اس کے آداب سکھائے گئے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کرنے کا ادب:

حضرت سہل بن عبداللہ نے اس آیت کے معنی یہ بتلائے ہیں کہ آپ سے پہلے نہ بولیں اور جب آپ کلام کریں تو سب خاموش ہو کر سنیں۔

ایک آیت قرآن میں اس کی ہدایت فرمائی گئی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارنے کے وقت ادب کا لحاظ رکھیں اس طرح نہ پکاریں جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو پکارا کرتے ہیں لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا آخر آیت میں اس پر متنبہ کیا گیا ہے کہ اس کے خلاف کوئی کام بے ادبی کا کیا گیا تو سارے اعمال حبط اور برباد ہو جائیں گے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی احتیاط:

یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین باوجودیکہ ہر وقت ہر حال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شریک کار رہتے تھے اور ایسی حالت میں احترام و تعظیم کے آداب کو ملحوظ رکھنا بہت مشکل ہوتا ہے لیکن ان کا یہ حال تھا کہ آیت مذکورہ کے نازل ہونے کے بعد حضرت صدیق اکبر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ عرض کرتے تو اس طرح بولتے تھے جیسے کوئی پوشیدہ بات آہستہ کہا کرتا ہے، یہی حال حضرت فاروق اعظم کا تھا۔ (شفاء)

حضرت مغیرہ بن شعبہ کی حدیث میں ہے کہ جب آپ تشریف فرما ہوتے تھے تو صحابہ کرام ادب سے آواز دیتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو

پاؤ۔ بنا دیا گیا تھے ... تک بھی صف ... رہتے تھے اور
زیادہ بہتر کا اور حضرت ... (تفسیر ابن کثیر)

حضرت عمرو بن العاص فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی مجھے دنیا میں محبوب نہ تھا اور میرا یہ حال تھا کہ میں آپ کی طرف نظر بھر کر دیکھ بھی نہ سکتا تھا، اور اگر کوئی مجھ سے آپ کا حلیہ مبارک دریافت کرے تو میں بیان کرنے پر قادر نہیں، کیونکہ میں نے کبھی آپ کو نظر بھر کر دیکھا ہی نہیں۔

ترمذی نے حضرت انس سے نقل کیا ہے کہ مجلس صحابہ میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تھے تو سب نیچی نظریں کر کے بیٹھے تھے، صرف صدیق اکبر اور فاروق اعظم آپ کی طرف نظر کرتے اور آپ ان کی طرف نظر فرما کر تبسم فرماتے تھے۔

عروہ بن مسعود کے تاثرات:

عروہ بن مسعود ثقفی کو مکہ والوں نے جاسوس بنا کر مسلمانوں کا حال معلوم کرنے کے لئے مدینہ بھیجا، اس نے صحابہ کرام کو پروانہ وار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نثار ہوتا ہوا دیکھ کر واپسی میں یہ رپورٹ دی کہ میں نے کسریٰ و قیصر کے دربار بھی دیکھے ہیں اور ملک نجاشی سے بھی ملا ہوں مگر جو حال میں نے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دیکھا وہ کہیں نہیں دیکھا، میرا خیال یہ ہے کہ تم لوگ ان کے مقابلہ میں ہرگز کامیاب نہ ہوگے۔

أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۙ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ
وہی لوگ پہنچے اپنی مراد کو۔ تو کہہ اے لوگو میں
إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ
رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف جس کی حکومت ہے
مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
آسمانوں اور زمین میں کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا، وہی
يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ
جلاتا ہے اور مارتا ہے سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے بھیجے ہوئے نبی
الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَكَلِمَاتِهِ
امی پر جو کہ یقین رکھتا ہے اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر

وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٨﴾
اور اس کی پیروی کرو تاکہ تم راہ پاؤ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تمام دنیا اور قیامت تک کیلئے ہے

یعنی آپ کی بعثت تمام دنیا کے لوگوں کو عام ہے۔ عرب کے علاوہ یہود و نصاریٰ تک محدود نہیں، جس طرح خداوند تعالیٰ شہنشاہ مطلق ہے، آپ اس کے رسول مطلق ہیں۔ ایسے ہدایت و کامیابی کی صورت یہ ہے کہ ان کے ... کو اس چاہئے ... لہٰذا اب صداقت کی پیروی کی جائے جو آپ لے کر آئے ہیں۔ یہی خیر میں ... انبیاء و مرسلین اور تمام کتب سابقہ پر ایمان لانے کا اعتراف ہے ...

ختم نبوت:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تمام عالم کیلئے تاقیامت ہے۔ اسی لئے آپ پر نبوت ختم ہے۔

یہی اصلی راز ہے مسئلہ ختم نبوت کا۔ کیونکہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت قیامت تک آنے والی سب نسلوں کے لئے عام ہے تو پھر کسی دوسرے رسول اور نبی کے مبعوث ہونے کی نہ ضرورت ہے نہ گنجائش، اور یہی راز ہے امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس خصوصیت کا جس میں ارشاد نبوی کے مطابق ہمیشہ ایک جماعت قائم رہے گی جو دین میں پیدا ہونے والے سارے فتنوں کو مٹاتی اور دینی معاملات میں پیدا ہونے والے سارے رخنوں کا انسداد کرتی رہے گی۔ آپ کی امت کی یہ خصوصیت ہے ... علمی راسخین ... جماعت اس کو کبھی ... اور حق تعالیٰ کی خاص نصرت وامداد اس جماعت کو حاصل ہوگی جس سے سب پر غالب آکر رہے گی، کیونکہ درحقیقت یہ جماعت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرائض رسالت ادا کرے گی ... آپ کی قائم مقام ہوگی۔

ہر دور میں سچوں کی جماعت ہوگی:

امام رازی نے آیت وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ کے تحت تحریر فرمایا ہے کہ اس آیت میں یہ اشارہ موجود ہے کہ اس امت میں سچے علماء کی ایک جماعت ضرور باقی رہے گی ورنہ سچوں کی معیت کا حکم نہ ہوتا اور اسی سے امام رازی نے ہر دور میں اجماع امت کا حجت ہونا ثابت کیا ہے، کیونکہ صادقین کی معیت کے حکم ...

بات ہی کہ آپ سب کا رسول ہوں انتہائی ممکن نہ ہو سکے۔

امام ابن کثیر نے فرمایا کہ اس آیت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین اور آخری پیغمبر ہونے کی طرف اشارہ ہے کیونکہ جب آپ کی بعثت و رسالت قیامت تک آنے والی نسلوں کے لئے پورے عالم کے لئے عام ہوئی تو اب کسی دوسرے جدید نبی و رسول کی ضرورت باقی نہیں رہتی اسی لئے آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے تو وہ بھی اپنی جداگانہ نبوت پر برقرار ہونے کے باوجود شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کریں گے، جیسا کہ صحیح روایات حدیث سے ثابت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات۔

حدیث مسلم میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو چند ایسی چیزیں عنایت کی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں فرمائی گئیں۔

۱- ہر نبی خاص اپنی قوم کی ہدایت کے لئے بھیجا جاتا تھا مجھ کو اللہ نے ہر سیاہ و سفید یعنی عرب و عجم کے لئے بھیجا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ میں تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

۲- مجھ پر نبوت ختم ہو گئی یعنی میرے بعد کسی کو منصب نبوت عطا نہیں ہوگا۔ اور عیسیٰ علیہ السلام جو آخر زمانہ میں آسمان سے نازل ہوں گے ان کو منصب نبوت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے چھ سو سال پہلے مل چکا ہے۔ ان کا نزول ختم نبوت کے منافی نہیں۔

۳- مجھ کو شفاعت کا مقام عطا کیا گیا کہ قیامت کے دن اولین اور آخرین کی شفاعت کروں گا۔

۴- میرے لئے غنیمتیں حلال کر دی گئیں مجھ سے پہلے کسی نبی کے لئے حلال نہیں کی گئیں۔

۵- تمام روئے زمین میرے لئے پاک اور موضع صلوٰۃ قرار دے دی گئی میری امت کو جہاں نماز کا وقت ہو جائے وہیں نماز پڑھ لے۔

۶- ایک مہینے کی راہ کے فاصلہ پر میرے دشمنوں کے دلوں میں میرا رعب ڈال دیا گیا۔

۷- اور مجھ کو جوامع الکلم عطا کئے گئے ایسے جامع کلمات کہ جن کے الفاظ تو بہت تھوڑے اور معنی بہت ہیں جیسا کہ بخاری و مسلم کی روایتوں سے ثابت ہے۔ (معارف القرآن، ۴)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی فضیلت:

امام احمد کی ایک روایت حضرت ابو موسیٰ اشعری سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص میری بعثت کی خبر سنے خواہ میری امت میں ہو یا یہودی نصرانی ہو اگر وہ مجھ پر ایمان نہیں لائے گا تو جہنم میں جائے گا۔

اور صحیح بخاری میں اسی آیت کے تحت میں ابو الدرداء سے نقل کیا ہے کہ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان کسی بات میں اختلاف ہوا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہو کر چلے گئے، یہ دیکھ کر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ بھی ان کو منانے کے لئے چلے مگر حضرت عمر نے نہ مانا، یہاں تک کہ اپنے گھر میں پہنچ کر دروازہ بند کر لیا، مجبوراً صدیق اکبر واپس ہو گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ ادھر کچھ دیر کے بعد حضرت عمر اپنے اس فعل پر ندامت ہوئی وہ بھی گھر سے نکل کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور اپنا واقعہ عرض کیا، ابو الدرداء کا بیان ہے کہ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہو گئے، جب صدیق اکبر نے دیکھا کہ حضرت عمر پر عتاب ہونے لگا تو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ قصور میرا ہی تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ میرے ایک ساتھی کو اپنی ایذاؤں سے چھوڑ دو، کیا تم نہیں جانتے کہ جب میں نے باذن خداوندی یہ کہا کہ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا

تو تم سب نے مجھے جھٹلایا صرف ابو بکر ہی تھے جنہوں نے پہلے پہل میری تصدیق کی۔

اللہ کے کلمات سے مراد اللہ تعالیٰ کی کتابیں تورات، انجیل، قرآن وغیرہ ہیں، یہاں یہ فقرہ کے بعد ہدایت کا مدار ختم ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ محض ایمان لانا یا زبانی تصدیق کرنا آپ کی شریعت کا اتباع کرنے کے بغیر ہدایت کے لئے کافی نہیں۔

حضرت جنید بغدادی نے فرمایا کہ مخلوق پر اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچنے کے کل راستے بند ہیں بجز اس راستے کے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام انسانوں کے لئے بلکہ جنات کے لئے بھی ہوئی تھی جبکہ دوسرے انبیاء اپنی اپنی قوم کے لئے مخصوص ہوا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے پانچ باتوں کی وجہ سے انبیاء پر برتری عطا فرمائی گئی۔ مجھے جوامع الکلم عطا کئے گئے (یعنی تھوڑے الفاظ کو ادا کرنے والے مختصر زبان اللہ نے مجھے کلام عطا فرمایا گیا) میرا رعب ڈال کر میری مدد کی گئی (دشمنوں پر) دور تک میرا رعب ڈالا گیا میرے لئے مال غنیمت حلال کر دیا گیا، میرے لئے (تمام) زمین کو

[illegible]

وَمِنْ قَوْمِ مُوسَىٰٓ أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ

[illegible]

وَبِهِۦ يَعْدِلُونَ

[illegible]

بعض حق پرست یہودی

[illegible]

وَقَطَّعْنَٰهُمُ ٱثْنَتَىْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا

[illegible]

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ ٱثْنَىْ عَشَرَ نَقِيبًا

وَأَوْحَيْنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ إِذِ ٱسْتَسْقَىٰهُ قَوْمُهُۥٓ

[illegible]

أَنِ ٱضْرِب بِّعَصَاكَ ٱلْحَجَرَ فَٱنۢبَجَسَتْ

[illegible]

مِنْهُ ٱثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ

[illegible]

أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ ٱلْغَمَٰمَ

[illegible]

وَأَنزَلْنَا عَلَيْهِمُ ٱلْمَنَّ وَٱلسَّلْوَىٰ كُلُوا۟

[illegible]

مِن طَيِّبَٰتِ مَا رَزَقْنَٰكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِن

[illegible]

كَانُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ وَإِذْ قِيلَ لَهُمُ

[illegible]

ٱسْكُنُوا۟ هَٰذِهِ ٱلْقَرْيَةَ

[illegible]

[illegible]

وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُوا
اور کھاؤ اس میں جہاں سے چاہو اور کہو
حِطَّةٌ وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ
[illegible]
لَكُمْ خَطِيٓـٰٔتِكُمْ ۚ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ
تمہاری خطائیں بخش دیں گے عنقریب ہم نیکی کرنے والوں کو اور ☆

[illegible]

فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ
تو بدل ڈالا ظالموں نے ان میں سے بات کو [illegible]
الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ
[illegible]
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوا يَظْلِمُونَ
[illegible]

[illegible]

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ
[illegible]

شہر "ایلہ" والوں کا حال:

[illegible]

إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيهِمْ
[illegible]
حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا
[illegible]
يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ
[illegible]
نَبْلُوهُم بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿١٦٣﴾
[illegible]

ہفتہ کو مچھلی کی ممانعت

[illegible]

اللہ کے حکم کی نافرمانی:

[illegible]

[illegible]

وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ

[illegible]

قَوْمًا اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

[illegible]

شَدِيدًا

[illegible]

شہر والوں کے مختلف گروہ

[illegible]

قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

[illegible]

نیک لوگوں کی نجات

[illegible]

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ

[illegible]

عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا

[illegible]

بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ

[illegible]

نافرمانوں پر عذاب

[illegible]

فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا

[illegible]

قِرَدَةً خَاسِئِينَ

[illegible]

سب بندر بن گئے

[illegible]

[illegible] حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ مسخ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ رونے لگے:

عکرمہ کہتے ہیں کہ ایک دن میں ابن عباسؓ کے پاس آیا تو وہ رو رہے تھے اور مصحف ان کی گود میں تھا۔ میں اس بات کو اہم جان کر ان کے پاس گیا آگے بڑھا ان کے پاس بیٹھ گیا اور پوچھا آپ کیوں رو رہے ہیں۔ [illegible] سورۂ اعراف [illegible] [illegible] مچھلیوں [illegible]

[illegible]

[illegible] حیلہ کی ابتداء [illegible] مچھلیاں [illegible]

[illegible]

کرتے تھے، چنانچہ رات ہی رات میں ان کی صورتیں مسخ ہو گئیں، اپنے [illegible] بھائی جو ان کی بستی کے اطراف میں رہتے تھے اور صبح طلب معاش میں شہر کے اندر آتے تھے دروازے کو بند پایا، آوازیں دیں، جواب نہ ملا، دیوار پر چڑھ کر دیکھا تو وہ سب بندر بن چکے تھے۔ نزدیک آ کر اپنے [illegible] لوگوں سے [illegible] سورۂ بقرہ میں اس کی تفصیل ہم [illegible] ہیں، وہاں دیکھ لینا کافی ہے۔

صرف منع کرنے والے محفوظ رہے:

اور قول ایک یہ بھی ہے کہ سکوت کرنے والے لوگ بھی عذاب میں مبتلا ہو گئے تھے۔ کیونکہ یہ لوگ اگرچہ [illegible] منع نہیں کرتے تھے، صرف ایک بار منع کر دینا کافی سمجھ لیا [illegible] ان کا یہ عمل [illegible] پر تشدید کیا جانے لگا تو ان بعض لوگوں نے کہا کہ جن لوگوں کو منع کرتے ہو ان پر بھی عذاب شدید سے سابقہ پڑنے والا ہے، ہم تو ان سے [illegible] ہیں۔ [illegible] کہتے ہیں کہ یہ تین فریق تھے ان میں سے صرف منع کرنے والے ہی بچے، باقی دونوں جماعتیں عذاب [illegible] کے بعد [illegible] اپنے [illegible] وجہ [illegible] اور اس قول سے قریب [illegible] قول یہ ہے کہ سکوت اختیار کرنے والے لوگ بھی بچ گئے تھے۔ اور قول باری تعالیٰ أَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَئِيسٍ سے یہ بات پیدا ہوتی ہے [illegible] تیسری قسم کے [illegible] نجات [illegible] کے [illegible] ہونے [illegible] اعلم [illegible] سب [illegible] ہیں [illegible]

نصیحت کرنے والوں کی علیحدگی:

روایت میں آیا ہے کہ جب واقعہ کا [illegible] ہو گئے تو نصیحت کرنے والوں کے ساتھ [illegible] یعنی [illegible] مسلمانوں کی آبادی کا دروازہ الگ ہو گیا اور مجرموں کی آبادی کا دروازہ الگ ہو گیا اور دونوں آبادیوں میں دیوار حائل ہو گئی اور حضرت داؤد نے مجرموں کے [illegible] ایک روز صبح کو جب [illegible] دروازہ [illegible] کوئی [illegible] نہیں [illegible] کیا [illegible] ضرور [illegible] ہوئی ہے چنانچہ [illegible] اندر جا کر دیکھا تو سب بندر نظر آئے یہ لوگ اپنے قرابت داروں کو پہچان سکتے تھے مگر بندروں نے ان کو پہچان لیا اور پاس

کہ ان سے پچھلے دیکھنے لگے روتے تھے اور ان کے آس پاس [illegible] پھرتے تھے [illegible] تم کو منع نہیں کرتے تھے [illegible] مگر [illegible] تک اسی حالت میں [illegible] ان کو [illegible] وقت [illegible]

فَاِذۡ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبۡعَثَنَّ عَلَيۡهِمۡ اِلٰى يَوۡمِ

اور اس وقت کو یاد کرو جب خبر کر دی تیرے رب نے کہ [illegible] بھیجتا رہے گا

الۡقِيٰمَةِ مَنۡ يَّسُوۡمُهُمۡ سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ ؕ

یہود پر قیامت کے دن تک ایسے شخص کو کہ دیا کرے ان کو برا عذاب

یہودیوں کی غلامانہ زندگی:

یعنی خدا کی طرف سے [illegible] قیامت تک [illegible] ان پر ایسے لوگ مسلط کرتا رہے گا جو ان کو سخت عذاب میں مبتلا رکھیں گے۔ یہ عذاب [illegible] غلامانہ زندگی [illegible] چنانچہ قوم یہود کی [illegible] بادشاہوں کے زیر حکومت رہی۔ [illegible] بخت نصر [illegible] تک [illegible] کہ [illegible] علیہ وسلم کے عہد مبارک تک [illegible] اسلامی لشکر ان [illegible] مسلط فرما دیا [illegible] وقت سے آج تک ان کی [illegible] حضرت داؤد [illegible] کی زندگی [illegible] نہیں ہوئی [illegible] جہاں [illegible] طرف [illegible] کی طرف سے [illegible] ذلت [illegible] سے [illegible] جب ان کو [illegible] دولت [illegible] حکومت [illegible] سے نجات نہ [illegible] اور قیامت تک دے گی، آخر میں [illegible] مسیح علیہ السلام کے مسلمان [illegible] کے ہاتھوں سے [illegible] ہو چکے گا۔ [illegible]

[illegible] آیت میں [illegible] قیامت تک اللہ تعالیٰ ان پر [illegible] مسلط کرتا رہے گا جو [illegible] سخت [illegible] ان کو [illegible] رہنے کا [illegible] تک [illegible] اسرائیلی حکومت [illegible] حقیقت [illegible] اسرائیل کی [illegible] حکومت [illegible] اور [illegible] ایک [illegible]

انہیں کے غلام و محکوم ہیں، جس دن جس وقت یہ دونوں اس کی امداد سے اپنا ہاتھ کھینچ لیں اسی روز اسرائیل کا وجود دنیا سے ختم ہو سکتا ہے۔

یہودیوں پر ایک اور سزا:

دوسری آیت میں یہودیوں پر ایک اور سزا کا ذکر ہے، جو کہ دنیا میں ان کو دی گئی اور وہ یہ کہ ان کی آبادی دنیا کے مختلف حصوں میں منتشر اور متفرق ہو گئی، کسی جگہ ایک ملک میں ان کا اجتماع نہ رہا۔ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا کا یہی مطلب ہے۔ قطعنا، مصدر تقطیع سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ امم امت کی جمع ہے جس کے معنی ہیں، ایک جماعت یا ایک فرقہ، مطلب یہ ہے کہ ہم نے یہود کی قوم کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے زمین کے مختلف حصوں میں متفرق کر دیے۔

اس سے معلوم ہوا کہ کسی قوم کا ایک جگہ اجتماع اور اکثریت حق تعالیٰ کا انعام و احسان ہے اور ان کا مختلف جگہوں میں منتشر ہو جانا ایک طرح کا عذاب الٰہی۔ مسلمانوں پر حق تعالیٰ کا یہ انعام ہمیشہ رہا ہے اور ان شاء اللہ تا قیامت رہے گا کہ وہ جس جگہ رہے ان کی ایک زبردست اجتماعی قوت وہاں پیدا ہو گئی۔ مدینہ طیبہ سے یہ سلسلہ شروع ہوا اور مشرق و مغرب میں اسی کیفیت کے ساتھ حیرت انگیز طریقے پر پھیلا۔ مشرق بعید میں پاکستان، انڈونیشیا وغیرہ مستقل اسلامی حکومتیں اس کے نتیجہ میں بنیں۔ اس کے بالمقابل یہودیوں کا حال ہمیشہ یہ رہا کہ مختلف ملکوں میں منتشر رہے، مالدار کتنے بھی ہوں مگر اقتدار و اختیار ان کے ہاتھ نہ آیا۔

اسرائیل کی حکومت:

چند سال سے فلسطین کے ایک حصہ میں ان کے اجتماع اور مصنوعی اقتدار سے جو دھوکہ کھایا جائے، اجتماع تو ان کا اس جگہ میں آخری زمانہ میں ہونا ہی چاہئے تھا کیونکہ صادق مصدوق، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ میں قرب قیامت کے لئے یہ خبر دی گئی ہے کہ آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے، نصاریٰ سب مسلمان ہو جائیں گے اور یہودیوں سے جہاد کر کے ان کو قتل کریں گے، اللہ کا حکم ہوا اور نہیں بچیں گے، یہ چونکہ کرشمہ قدرت ہے کہ یہ لوگ اسباب اپنے جمع کر رہے ہیں کہ یہ لوگ اپنے پاؤں چل کر ہزاروں کی کوششیں کر کے اپنی قتل گاہ پر پہنچ گئے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ملک شام دمشق میں ہونے والا ہے، یہودیوں کے ساتھ معرکہ بھی وہیں ہونا ہے تا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے لئے ان کو قتل کرنا آسان ہو، قدرت نے دنیا کی پوری عمر میں تو یہودیوں کو مختلف ملکوں میں منتشر رہ کر محکومیت اور بے آبروئی کا عذاب چکھایا، اور آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آسانی کے لئے ان کو ان کے مقتل میں جمع فرمایا اس لئے یہ اجتماع اس عذاب کے منافی نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

یہود پر یہ عذاب مسلط کیا گیا کہ وہ ہمیشہ مقہور اور محکوم رہیں گے۔ چنانچہ ابتداء میں یہودی بابلی اور کلدانی کے بادشاہوں کے محکوم رہے اور بعد میں بخت نصر کے مظالم کا تختہ مشق بنے۔ آخر میں نبی آخر صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد تک مجوسیوں کے باجگزار رہے اور اب بیس سال سے جو فلسطین میں برائے نام اسرائیل کے نام سے حکومت قائم ہوئی ہے وہ یہودیوں کی حکومت نہیں بلکہ امریکہ اور برطانیہ کی ایک چھاؤنی ہے اور اس مختصر رقبے کے یہودی باشندے امریکہ اور برطانیہ کے سہارے سے زندہ ہیں۔ اور امریکی حکومت کے غلام ہیں۔ اور عجب نہیں کہ فلسطین میں یہودیوں کا یہ اجتماع خروج دجال اور نزول عیسیٰ بن مریم کا پیش خیمہ ہو کیونکہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ دجال قوم یہود سے ہو گا اور جب وہ ظاہر ہو گا تو یہودی اس کے مددگار ہو جائیں گے۔ اس وقت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور دجال کو قتل کریں گے اور تمام یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مسلمان ساتھیوں کے ہاتھوں تہ تیغ کئے جائیں گے جیسا کہ یہ مضمون احادیث متواترہ سے ثابت ہے جس میں نہ کسی شک اور شبہ کی گنجائش ہے اور نہ کسی تاویل کی گنجائش ہے۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

یہودیوں کی غلامی کے مختلف ادوار ہیں:

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ سوء عذاب سے مراد ہے قتل کرنا، قید کرنا، جزیہ لینا۔ چنانچہ اول اللہ نے حضرت سلیمانؑ کو یہودیوں پر مسلط کیا۔ پھر بخت نصر کو۔ بخت نصر نے ان کی بستیوں کی اینٹ سے اینٹ بجا دی، ان کو قتل کیا، عورتوں اور بچوں کو باندی غلام بنایا، جزیہ کی رسم ان پر مقرر کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک مجوسیوں کو جزیہ دیتے رہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی قریظہ کو قتل کرایا، ان کی عورتوں اور بچوں کو گرفتار کیا اور بنی قینقاع اور بنی نضیر کو مدینہ سے نکال دیا۔ پھر حضرت عمرؓ نے خیبر اور فدک سے بھی ان کو نکالا، ہر گروہ پامال ہوا اور قیامت تک کے لئے حکم ہو گیا کہ یہودیوں سے اس وقت تک جزیہ وصول کی جائے جب تک اسلام کے سامنے وہ جزیہ کا اقرار کریں۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ
بے شک تیرا رب جلد عذاب کرنے والا ہے اور وہ بخشنے والا

غَفُورٌ رَّحِيمٌ

[illegible]

[illegible]

وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا

اور متفرق کر دیا ہم نے ان کو ملک میں فرقے فرقے

یہودیوں کا انتشار

[illegible]

مِنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ ذَٰلِكَ

[illegible]

وَبَلَوْنَاهُمْ بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ

[illegible]

يَرْجِعُونَ

[illegible]

آزمائشوں سے سبق سیکھو

[illegible]

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُوا الْكِتَابَ

[illegible]

يَأْخُذُونَ عَرَضَ هَٰذَا الْأَدْنَىٰ وَيَقُولُونَ

[illegible]

سَيُغْفَرُ لَنَا وَإِنْ يَأْتِهِمْ عَرَضٌ مِثْلُهُ

[illegible]

يَأْخُذُوهُ

[illegible]

بعد والے یہودیوں کا حال:

[illegible]

[illegible]

أَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِيثَاقُ الْكِتَابِ أَنْ

[illegible]

لَا يَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوا

[illegible]

مَا فِيهِ وَالدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِينَ

[illegible]

يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

ڈرنے والوں کے لیے کیا تم سمجھتے نہیں

یہودیوں نے دین کو بیچ ڈالا

یعنی تورات میں جو عہد لیا گیا تھا کہ خدا کی طرف حق کے سوا کسی چیز کی نسبت نہ کریں گے یہ وہ انہیں معلوم ہے جو اس کی کتاب اور احکام میں آچکا ہے پھر کرتے اس پر افترا نہ کرتے حالانکہ کتاب اللہ (تورات) کو یہ لوگ پڑھتے پڑھاتے ہیں پھر کیسے ایسا ہو سکتا ہے۔ کیا اس کا مضمون انہیں معلوم نہیں یا ان کی سمجھ۔ حقیقت وہی ہے کہ دنیا کی فانی متاع کے عوض انہوں نے دین و ایمان بیچ ڈالا اور آخرت کی تکلیف و راحت سے آنکھیں بند کر لیں۔ اور جو لوگ خدا سے ڈرتے اور تقویٰ کی راہ اختیار کرتے ہیں ان کے لیے آخرت کا گھر اور وہاں کی نعمتیں دنیا کی فانی چیزوں سے کہیں بہتر اور فائق ہیں۔ اتنی بات بھی انہیں عقل میں نہیں آتی۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا

اور جو لوگ خوب پکڑے رہتے ہیں کتاب کو اور قائم رکھتے ہیں

الصَّلَاةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ

نماز کو بے شک ہم ضائع نہ کریں گے ثواب نیکی والوں کا

قرآن پر عمل کرو:

یعنی توبہ اور اصلاح حال کا دروازہ اب بھی کھلا ہے جو لوگ یہودیوں کی راہ چھوڑ کر تورات کی اصلی ہدایات کو تھامے رہیں اور نبی کی ہدایت و پیشین گوئی کے موافق اس وقت قرآن کریم کو مضبوط پکڑ لیں اور خدا کی بندگی (نماز وغیرہ) کا حق ٹھیک ٹھیک ادا کریں۔ غرض اپنی اور دوسروں کی اصلاح پر متوجہ ہوں۔ خدا ان کی محنت ضائع نہ کرے گا وہ اپنی محنت کا اچھا پھل پائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عبداللہ بن سلامؓ:

مجاہد نے کہا اس سے مراد حضرت عبداللہ بن سلامؓ اور ان کے ساتھی دوسرے مومنین اہل کتاب ہیں جو تورات پر بھی ایمان لائے تھے اور تورات میں جو حق بات تھی اس پر عمل کرتے تھے اور اس کے ذریعہ سے وہ قرآن کی طرف بھی ہدایت پا گئے تو یہ لوگ تورات پر عمل کرتے تھے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو آپ پر بھی ایمان لائے۔

آپ کا اتباع کیا حالانکہ ان سے مراد عبداللہ بن سلام وغیرہ ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ

اور جس وقت اٹھایا ہم نے پہاڑ ان کے اوپر مثل سائبان کے

وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ

اور ڈرے کہ وہ ان پر گرے گا ہم نے کہا پکڑو جو ہم نے تم کو دیا

بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

زور سے اور یاد رکھو جو اس میں ہے تاکہ تم بچتے رہو

یہودیوں نے پختہ عہد بھلا دیا

یعنی جو "میثاق الکتاب" (عہد و قرار) اوپر مذکور ہوا اس کا حال یہ تھا کہ بڑی شدت سے لیا گیا تھا کہ پہاڑ ان کے سروں پر اٹھا دیا گیا، پھر کہا گیا کہ جو کتاب (تورات) ہم نے دی ہے اس کو مضبوطی سے تھامو اور جو احکام اس میں ہیں ان کو یاد رکھو اور عمل کرو۔ اس وقت بصورت انکار مجبوراً تم پر یہ پہاڑ گرا دیا جائے گا۔ اس قدر اہتمام اور تاکید سے جو قول و قرار لیا گیا تھا افسوس ہے وہ بالکل فراموش کر دیا گیا۔ پہاڑ اٹھانے کا قصہ سورۃ بقرہ میں پہلے پارہ میں گزر چکا ہے ملاحظہ فرما لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ

اور جب نکالا تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے

ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ

ان کی اولاد کو اور اقرار کرایا ان سے ان کی جانوں پر کیا میں نہیں ہوں

بِرَبِّكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَا ۛ أَنْ تَقُولُوا

تمہارا رب بولے ہاں ہم اقرار کرتے ہیں کبھی کہنے لگو

يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا

قیامت کے دن ہم کو تو اس کی خبر نہ تھی

غَافِلِينَ ۝ أَوْ تَقُولُوا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا

یا کہنے لگو کہ شرک تو نکالا تھا ہمارے

مِّنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ ۚ

باپ دادوں نے ہم سے پہلے اور ہم ہوئے ان کی اولاد ان کے پیچھے

أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ۝

(تو کیا تو ہم کو ہلاک کرتا ہے اس کام پر جو کیا گمراہوں نے)

دین کا سنگ بنیاد

"میثاق خاص" کے بعد یہاں سے "میثاق عام" کا ذکر کرتے ہیں۔ تمام مذاہب کے حقائق اور ادیان سماویہ کا بنیادی پتھر یہ ہے کہ انسان خدا کی ہستی اور ربوبیت عامہ پر اعتقاد رکھے۔ مذہب کی ساری عمارت اسی بنیاد پر کھڑی ہوتی ہے۔ جب تک یہ اعتقاد نہ ہو مذہبی میدان میں عقل و فکر کی رہنمائی اور انبیاء و مرسلین کی ہدایات کارآمد نہیں ہو سکتیں۔ اگر پوری غور و تامل سے دیکھا جائے تو "سماوی مذہب" کے تمام اصول و فروع بالآخر "خدا کی ربوبیت عامہ" کے اسی عقیدہ پر مبنی ہوتے اور اسی کی شرح بنے ہوئے ہیں۔ عقل سلیم اور وحی والہام اسی اجمال کی شرح کرتے ہیں۔ پس ضروری تھا کہ یہ تخم جو سماوی تعلیمات کا مبدا و منتہی اور تمام ہدایات ربانیہ کا خلاصہ کہا جا سکے، ہم توفیق کے ساتھ تخم ہدایت کے قلوب انسانی کے تخم زار میں بویا جائے تاکہ ہر آدمی عقل و فہم اور وحی والہام کی آبیاری سے اس تخم کو شجرہ ایمان و توحید کے درجہ تک پہنچا سکے۔ اگر قدرت کی طرف سے قلوب بنی آدم میں ابتداءً یہ تخم ریزی نہ ہوتی اور اس سب سے زیادہ اساسی و بنیادی عقیدہ کو محض عقل و فکر کے سپرد کر دیا جاتا تو یقیناً یہ مسئلہ بھی منطقی استدلال کی بھول بھلیوں میں پھنس کر ایک نظری مسئلہ بن کر رہ جاتا۔ جیسے بہت سے نظریات ہیں جن پر عقلاء بھی متفق نہیں ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ فکر و استدلال کی بنا پر نتائج میں اکثر اتفاق سے زیادہ اختلاف پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے قدرت نے جہاں فطری قوت فکر اور وحی والہام سے قبول حق کی دستگیری تمام افراد بنی آدم میں ودیعت فرمائی، وہیں اس اساسی عقیدہ کی تعلیم سے ان کو فطرۃً بہرہ ور کیا جس کے اجمال میں کل آسمانی ہدایات کی تفصیل منطوی اور مندرج تھی۔ اور جس سے ہدایت مذہب کی عمارت کا کوئی ستون کھڑا نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ اسی ازلی اور فطری تعلیم کا اثر ہے کہ آدم کی اولاد ہر قرن اور ہر گوشہ میں کسی نہ کسی خدا کی ربوبیت عامہ کے عقیدہ پر کسی نہ کسی حد تک متفق رہی ہے، اور بجز معدود افراد کے جن کی عقل و روحانی بیماری کی وجہ سے اس ساری فطری احساس کے خلاف آواز بلند کی ہے، وجدانی مکابرہ دنیا کے سامنے قبول نہیں کیا، گو کہ ٹھیک اسی طرح جیسے کہ ثابت ہو گئے جیسے ایک نقطہ لیرہ کا مریض مٹھاس اور خوشبو ادراک سے انکاری اور مرچ کو کھٹاس میں محسوس کرتا ہے۔ بہرحال بتا دینے کی غرض ہے کہ آدمی تک یہ عقیدہ ایک فطری شہادت ہے اسی کے ساتھ انسانوں کا خدا کی ربوبیت پر عام اتفاق و اجماع اس کی بین شہادت ہے کہ یہ عقیدہ دلائل و براہین سے پہلے ہی فاطر حقیقی کی طرف سے انسانی جوہر میں ڈال دیا گیا، ورنہ استدلال کے راستہ سے ایسا اتفاق پیدا ہو جانا ممکن نہ تھا۔

قرآن کی امتیازی خصوصیت

قرآن کریم کی یہ امتیازی خصوصیت ہے کہ اس نے آیات مذکورہ میں عقیدہ کی اس فطری تعلیم کے اصل ماخذ پر روشنی ڈالی۔ یعنی ہم کو بتلا دیا کہ اس بنیادی عقیدہ کی تعلیم کب اور کس طرح اور کس حال میں دی گئی۔ جس طرح ایک پتھر اور نگینہ پر کندہ کرنے والا یقینی ہے اسی طرح ہر قوم سے پوچھا کہ کس نے کس کو یہ الفاظ سکھلائے تھے، جس سے ترقی کرتے کرتے یہاں تک پہنچا کہ چند نقوش سکھلانے والا اور سکھلانے کا وقت، مکان اور دیگر خصوصیات معلوم نہ تھیں سکھلانے کا پتہ نہیں۔ ہم سمجھ سکتے ہیں کہ یہ ایک واقع ہوا ہے۔ اسی طرح بنی نوع انسان کا کلی اتفاق "اقوام و الاجیال" عقیدہ ربوبیت الٰہیہ پر متفق ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ پہلے فطرت میں کوئی معلم نے یہ سبق دیا ہے۔ قرآن کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کو ظاہر کر کے انسانوں کی تعلیم میں ملا دیا، جس سے یہ فطری تعلیم جس کا علم اب تک انسانی سرشت میں موجود چلا آتا ہے، ہر انسان کو وجدانی حجت کے سامنے ملزم کر دیتا ہے، جس طرح اپنے باپ دادوں کی کوئی بات قبول کرنے کے لئے تقلید کو مقدم رکھتے ہیں، بے ثبوت باپ دادوں کی اندھی تقلید کو عذر کرتا ہے۔ یہی اس مقام پر بعض محققین نے لکھا ہے اور اسی کی طرف توجہ دلائی ہے، بطور تمثیل کے کسی کی بات سے سمجھ کی بات کہی ہے۔ حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ان کی اولاد اور ان سے ان کی اولاد نکالی۔ سب سے اقرار لیا اپنی ربوبیت کا جو یاد رکھنے کی اصل بنیاد ہے ..... جیسے کہ خدا کے سب سے مطلق ایک ہونا خود آپ کو معلوم ہو تا ہے۔ یا ہر کسی کو پوچھا چاہیئے، اور باپ سمجھتا ہے کہ بیٹے کو ایمان یاد رہے اور کسی کو شک نہ ہو، وہ ہم کو یاد ہیں ہی، یہ کسی ایک ماں کا ساتھ جو سب کے دل میں سچ ہو اور ہر ایک کو یاد ہو۔ سب کے ساتھ اللہ نے عہد لیا جان پہچان کا، جو کسی نے بھلا دیا ہو تو

بنے سوائی نفس کے عمل سے مگر آپ ہی کی جنبش ہوتا ہے۔" (تفسیر حقانی)

ایک شفیقانہ نظام:

جیسے کہ تشبیہ کے کوئی شفیق باپ اپنے گھر کے معاملات کو درست رکھنے اور بچوں و عیال کو تہذیب و ادب سکھانے کے لئے کوئی گھریلو قانون اور ضابطہ بناتا ہے کہ جو شخص اس کے خلاف کرے گا اس کو سزا ملے گی مگر اس کی شفقت و رحمت اس کو بھی آمادہ کرتی ہے کہ ایسا نہ ہو [illegible] کے سبب ان میں سے [illegible] ضابطے کے مطابق چلیں بچے کے لئے [illegible] اس کے خلاف کرنے پر [illegible] کرتا ہے کہ بچہ اس کام کے لئے وقت سے پہلے ہی تیار ہو جائے۔

روایات حدیث میں اس عہد ازلی کی مزید تفصیلات آتی ہیں۔

جنتیوں اور دوزخیوں کی پیدائش:

امام مالک، ابوداؤد، ترمذی اور امام احمد نے [illegible] روایت مسلم بن یسار سے نقل کیا ہے کہ کچھ لوگوں نے حضرت فاروق اعظمؓ سے اس آیت کا مطلب پوچھا، آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کا مطلب پوچھا گیا تھا آپ سے جو جواب میں نے سنا ہے وہ یہ ہے کہ:

"اللہ تعالیٰ نے پہلے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، پھر اپنا دست قدرت ان کی پشت پر پھیرا تو ان کی پشت سے جو نیک انسان پیدا ہونے والے تھے ان کو نکالا اور فرمایا کہ ان کو میں نے جنت کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ جنت ہی کے کام کریں گے۔ پھر دوسری مرتبہ ان کی پشت پر دست قدرت پھیرا تو جتنے گناہگار بدکار انسان ان کی نسل سے پیدا ہونے والے تھے ان کو نکالا اور فرمایا کہ ان کو میں نے دوزخ کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ دوزخ میں جانے کے کام کریں گے۔"

صحابہ میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب پہلے ہی جنتی اور دوزخی متعین کر دیے گئے تو پھر عمل کس مقصد کے لئے کرایا جاتا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو جنت کے لئے پیدا فرماتے ہیں تو وہ اہل جنت ہی کے کام کرنے لگتا ہے یہاں تک کہ اس کا خاتمہ کسی ایسے ہی عمل پر ہوتا ہے جو اہل جنت کا کام ہے، اور جب اللہ کسی کو دوزخ کے لئے پیدا فرماتے ہیں تو وہ دوزخ ہی کے کام میں لگ جاتا ہے یہاں تک کہ اس کا خاتمہ بھی کسی ایسے ہی عمل پر ہوتا ہے جو اہل جہنم کا کام ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں کہ [illegible] انسانی [illegible] دو قسم کے اجزاء [illegible] ہیں

کیونکہ یہ امر مشاہدہ اور حدیث سے ثابت ہے کہ انسان ابتداء سے لے کر آخر عمر تک بدن کے اندر [illegible] تحلیل ہوتی رہتی ہے ابتداء ولادت کے وقت [illegible] آخر عمر تک [illegible] قریب ہوتا ہے [illegible] ولادت کے وقت [illegible] باقی رہتے ہیں [illegible]

[illegible]

حکمت جدیدہ [illegible]

[illegible]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible]

آدم علیہ السلام کو جنت سے زمین پر اتارا گیا اور مقام اس اقرار کا وادیٔ نعمان ہے جو میدانِ عرفات کے نام سے مشہور ہے۔ (تفسیر طبری)

مجھے وہ عہد یاد ہے:

حضرت ذوالنون مصری نے فرمایا کہ یہ عہد و میثاق مجھے ایسا یاد ہے گویا اس وقت سن رہا ہوں اور بعض نے تو یہاں تک کہا ہے کہ مجھے یہ بھی یاد ہے کہ جس وقت یہ اقرار لیا گیا میرے آس پاس میں کون کون لوگ موجود تھے۔ (ماخوذ۔ معارف القرآن مفتی اعظم)

حضرت آدم کی عمر کے چالیس سال:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے آدم کو پیدا کرنے کے بعد ان کی پشت پر ہاتھ پھیرا تو ہر وہ انسان جو ان کی نسل سے قیامت تک پیدا ہونے والا تھا وہ برآمد ہو گیا اور اللہ نے ہر انسان کی دونوں آنکھوں کے درمیان نور کی ایک چمک پیدا کر دی، پھر سب کو آدم کے روبرو پیش کیا آدم نے عرض کیا اے میرے رب یہ کون ہیں اللہ نے فرمایا یہ تیری اولاد ہیں۔ آدم نے ان میں سے ایک شخص کی دونوں آنکھوں کے درمیان چمک دیکھی تو ان کو بہت بھلی معلوم ہوئی اور عرض کیا پروردگار یہ کون ہے اللہ نے فرمایا یہ داؤد ہے آدم نے عرض کیا پروردگار تو نے اس کی عمر کتنی مقرر کی ہے اللہ نے فرمایا ساٹھ سال عرض کیا پروردگار میری عمر میں سے اس کو چالیس برس اور عطا فرما دے چنانچہ حضرت آدم کی عمر جب پوری ہو گئی وہی چالیس برس رہ گئے جو انہوں نے حضرت داؤد کو دیے تھے تو موت کا فرشتہ آ گیا آدم نے کہا ابھی تو میری عمر کے چالیس برس باقی ہیں ملک الموت نے کہا کیا آپ نے اپنے بیٹے داؤد کو چالیس برس نہیں دے دیے تھے آدم نے انکار کیا اسی لئے ان کی اولاد بھی (کئے ہوئے وعدہ) سے منکر ہو جاتی ہے اور آدم نے (اللہ کے حکم کو) بھول کر (ممنوعہ درخت کا) پھل کھا لیا تھا اسی لئے ان کی اولاد بھی بھولتی ہے اور آدم نے خطا کی تھی اسی لئے ان کی اولاد خطا کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے:

ترمذی نے اس حدیث کو حضرت ابوالدرداء کی روایت سے اس طرح نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے آدم کو جس وقت پیدا کیا تو ان کے داہنے شانہ پر ہاتھ مارا جس سے چھوٹی چیونٹیوں کی طرح ان کی (سفید) گوری نسل نکل پڑی اور بائیں شانہ پر ہاتھ مارا تو کوئلے کی طرح سیاہ نسل نکل پڑی دائیں طرف والوں کے متعلق اللہ نے فرمایا یہ جنت کی طرف (جانے والے) ہیں اور مجھے (ان کی بد عملی کی) پروا نہیں اور بائیں شانہ والوں کے متعلق فرمایا یہ دوزخ کی طرف (جانے والے) ہیں اور مجھے (ان کی نافرمانی کی) پرواہ نہیں۔ رواہ احمد۔

سب سے عہد لیا:

حضرت ابی بن کعب کا بیان ہے کہ اللہ نے سب (اولاد آدم) کو جمع کیا پھر ان کی قسمیں جدا جدا بنائیں، پھر ان کو صورتیں عطا کیں پھر ان کو گویا بنا دیا چنانچہ سب نے کلام کیا پھر ان سے عہد و میثاق لیا اور ان سے خود انہی پر اقرار لیا اور فرمایا کیا میں تمہارا رب نہیں (سب نے کہا کیوں نہیں) اللہ نے فرمایا میں (تمہارے اس اقرار پر) ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کو شاہد بناتا ہوں اور تمہارے باپ آدم کو بھی گواہ بناتا ہوں تاکہ قیامت کے دن تم یہ نہ کہنے لگو کہ ہم کو اس (توحید) کا علم بھی نہ تھا خوب سمجھ لو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں میرا کسی کو شریک نہ بنانا میں تمہارے پاس اپنے پیغمبر بھیجوں گا جو تم کو میرے اس عہد و میثاق کی یاد دہانی کریں گے اور تم پر اپنی کتابیں نازل کروں گا۔ سب نے جواب دیا ہم شہادت دیتے ہیں کہ تو ہی ہمارا رب ہے ہمارا معبود ہے تیرے سوا ہمارا کوئی رب ہے نہ کوئی معبود۔ اس کے بعد ان کو حضرت آدم کے سامنے لایا گیا حضرت آدم نے ان کو دیکھا تو ان میں خوش حال اور بد حال، خوبصورت بدصورت سب نظر آئے۔ آدم نے عرض کیا پروردگار تو نے اپنے بندوں کو یکساں کیوں نہیں بنا دیا اللہ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ میرا شکر ادا کیا جائے (اور یہ تبھی ہو سکتا ہے کہ شکر ادا کرنے والا بدحال اور بدصورت کو دیکھے)۔ حضرت آدم نے اپنی اولاد میں انبیاء کو چراغوں کی طرح نورانی دیکھا انبیاء سے خاص طور پر رسالت و نبوت کے متعلق ایک میثاق علیحدہ لیا گیا اسی میثاق کی بابت اللہ نے فرمایا ہے وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ سے وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ تک۔ عیسیٰ بن مریم بھی انہی ارواح میں شامل تھے جن کو اللہ نے مریم علیہا السلام کی طرف بھیجا تھا۔ حضرت ابی بن کعب کا قول روایت میں آیا ہے کہ عیسیٰ منہ کی راہ سے ان کے اندر داخل ہوئے۔ رواہ

بغوی نے لکھا ہے کہ اس آیت کا مطلب ہے کہ اللہ نے ہر ایک سے اس کی ربوبیت کا اقرار لیا تھا اہل سعادت نے بخوشی اور اہل شقاوت نے بکراہت اطاعت کی تھی۔ آیت وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا کا بھی یہی مطلب ہے۔ (تفسیر مظہری)

نکتہ: حضرت آدم نے حضرت داؤد کی پیشانی میں جو نور دیکھا اور

خلافت الٰہیہ کا ہوگا۔ جو حضرت آدم کی خلافت سے حاصل ہوگا۔ (انتہیٰ)

حضرت علی سہیلؒ

نفحات میں مذکور ہے کہ علی سہل اصفہانی قدس سرہ سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کو روز میثاق یاد ہے تو فرمایا کیوں نہیں۔ مجھے تو ایسا یاد ہے جیسے کل گزشتہ۔ کسی نے یہ کلام شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری سے کہا تو فرمایا کہ اس جواب میں نقصان ہے جو کل گزر گئی وہ کل آنے کی اس سے صوفی اور درویش کو کیا مطلب اس روز کی تو ابھی شام بھی نہیں ہوئی صوفی اور درویش تو ابھی اسی دن میں ہے۔

ما ہمہ مست الست اے صوفی و شاہ ــــ کے بود فردائی و دی فرقہ شاں
آنکہ از حق صحبت عالی یکنفس ــــ حجرہ مستقبل ماضی است و بس

(معارف القرآن کاندھلوی)

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ

اور یوں ہم کھول کر بیان کرتے ہیں باتیں تاکہ وہ پھر آئیں

موضح القرآن میں ہے کہ "یہ قصہ سنا دیا کہ وہ اپنی عہد سے پھرے ہیں جیسے مشرک پھرتے ہیں"

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا

اور سنا دے ان کو حال اس شخص کا جس کو ہم نے دی تھیں

فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ

اپنی آیتیں پھر وہ ان کو چھوڑ نکلا پھر اس کے پیچھے لگا شیطان تو وہ ہو

مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا

گیا گمراہوں میں۔ اور ہم چاہتے تو بلند کرتے اس کا رتبہ ان آیتوں کی

وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ

بدولت لیکن وہ تو ہو رہا زمین کا اور پیچھے ہو لیا

هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ

اپنی خواہش کے تو اس کا حال جیسے کتا اس پر تو

عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ

بوجھ لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے یہ

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ

سو بیان کر یہ احوال تاکہ وہ دھیان کریں

بلعم بن باعوراء کی گمراہی

اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیات بلعم بن باعوراء کے حق میں نازل ہوئیں جو ایک عالم اور ایک صاحب درویش تھا۔ بعدہ اللہ کی آیات و ہدایات کو چھوڑ کر عورت کے اغوا اور دولت کے لالچ سے حضرت موسیٰ کے مقابلہ میں اپنے تصرفات چلانے اور ناپاک تدبیریں بتلانے کے لئے تیار ہو گیا۔ آخر موسیٰ علیہ السلام کا تو کچھ بگاڑ نہ سکا خود مردود ابدی ہو گیا۔ آیات کا علم جو دیا گیا تھا اگر خدا چاہتا تو اسے ذریعہ سے بہت بلند مراتب پر اس کو فائز کر دیتا۔ جب کہ وہ ملکہ تھا کہ اسے اپنے علم پر چلنے اور آیات اللہ کا اتباع کرنے کی توفیق ہوتی۔ لیکن جب اس نے دنیا کی برکات و آیات سے منہ موڑ کر زمین کی پست اور فانی لذات کی طرف جھک پڑا اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چل رہا تو اور شیطان اس کے پیچھے (تعاقب) کرتا رہا یا اتحاد کرکے گمراہوں اور تباہ ہونے والوں کی قطار میں جا شامل ہوا اس وقت اس کا حال ایسا ہو گیا جیسے کتے کا ہوتا ہے جو برابر ہانپتا رہتا ہے اگر اس پر بوجھ لادو یا ہانکو یا نہ ہانکو ہر حالت میں زبان لٹکائے رہتا ہے۔ کیونکہ طبعی طور پر دل کی کمزوری کی وجہ سے گرم ہوا کے باہر پھینکنے اور ٹھنڈی ہوا کے اندر کھینچنے پر مستقل قادر نہیں۔ اسی طرح یہ خواہشات نفس کا مارا ہوا کتے کا حال ہو گیا اخلاقی کمزوری کی وجہ سے آیات اللہ کا دیا جانا اور نہ دیا جانا برابر ہے۔ حالانکہ دونوں حالتیں اس کے حق میں برابر ہیں۔ سَوَاۗءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ جس طرح دنیا کی حرص و طمع بڑی اور قرب آیات کی نحوست سے ہر حال اور پریشان خاطر ہاتھ پیر مار رہا ہے جو کتے کی حالت میں ظاہر ہوا۔ محض جسم کی باطنی نجاست ظاہر کرنے کے لئے صرف ایک مثال کے طور پر مطلب إِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ فرمایا گیا۔ اور مطلب نے ادا کیا کہ جس طرح کتے کے لئے ہر حال میں زبان لٹکانا ہے ویسی ہی حالت اس مردود کی ہے ہر حال میں پریشان اور ...

خوف زدہ آدمی کی طرح ہانپتا ہے۔ حیوۃ الحیوان۔ آیات کی شان نزول کچھ ہو، مگر مقصد ایسے علماء سوء کا انجام بتلایا گیا ہے جو حق کے قبول کرنے یا پوری طرح سمجھ لینے کے بعد محض دنیوی طمع اور نفسانی خواہشات کی پیروی میں احکام الٰہیہ کو چھوڑ کر شیطان کے اشاروں پر چلنے لگیں۔ اور خدا کے عہد و میثاق کی ذرہ پرواہ نہ کریں۔ گویا یہود کو بھی متنبہ فرما دیا کہ صرف کتاب کا علم کچھ نافع نہیں ہو سکتا جب تک صحیح معنی میں اس کا اتباع نہ ہو مثلہ کمثل الحمار یحمل اسفارا مثل الذین حملوا التوراۃ ثم لم یحملوھا کمثل الحمار الخ اس آیۃ کے سوا دوسرے مواقع میں بھی اسی آیات کی تفسیر کی گئی ہے مگر ہم یہاں کرتے ہیں (تفسیر عثمانی)

بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا بلعم بن باعوراء اس کا بیٹا جو بڑا نامور اسم اعظم جانتا تھا۔ یہودی علماء کے ساتھ بیت المقدس میں رہتا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ انہی میں سے تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی نشانیاں اور کرامتیں دی تھیں۔ جیسی اس نے کہ وہ مستجاب الدعوات تھا۔ اس کی دعا قبول ہو جاتی تھی۔ لوگ مصیبتوں کے وقت اس سے دعا مانگنے کے لئے اسی کے پاس آتے تھے۔

بلعم کی دعا:

ابن عباس کہتے ہیں کہ موسیٰ جب شہر جبارین میں آئے تو بلعام کے پاس اس کے لوگ آئے اور کہا کہ موسیٰ ایک مرد تیز ہے اس کے ساتھ بڑی فوج ہے اگر وہ ہم پر غالب آ جائے تو ہم سب ہلاک ہو جائیں گے۔ خدا سے دعا کرو کہ موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کی مصیبت ہم سے دور ہو جائے۔ اس نے کہا کہ اگر میں ایسی دعا کروں تو میرا دین اور دنیا دونوں تباہ ہو جائیں گے۔ لیکن لوگ اس کو منت سماجت کرتے رہے یہاں تک کہ اس نے ان کی درخواست مان لی اور کر ڈالی۔ سب اسی سے مجھتے تھے۔ یہ خدا نے تحریر فرمایا فانسلخ منھا فاتبعہ الشیطن (تفسیر ابن کثیر)

جب عرفۃ کا زمانہ آیا بعد فتح مصر کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو قوم جبارین سے جہاد کرنے کا حکم ملا جب جبارین نے دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کا لشکر لے کر پہنچ گئے اور ان کے مقابلہ کی طاقت کا ان میں حوصلہ نہیں تو پہلے ہی سے معلوم ہو چکا تھا ان کو کچھ موسیٰ اور جمع ہو کر بلعم بن باعوراء کے پاس آئے اور کہا کہ موسیٰ علیہ السلام بہت تیز آدمی ہیں اور ان کے ساتھ بہت سے لشکر ہیں اور وہ اس لئے آئے ہیں کہ ہم کو ہمارے ملک سے نکال دیں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے بد دعا کریں کہ ان کو ہمارے مقابلہ سے واپس کر دیں۔ وجہ یہ تھی کہ بلعم بن باعوراء کو اسم اعظم معلوم تھا جس کے ذریعہ جو دعا کرتا تھا قبول ہوتی تھی۔

بلعم نے کہا افسوس ہے تم کیسی بات کہتے ہو۔ وہ تو اللہ کے نبی ہیں ان کے ساتھ اللہ کے فرشتے ہیں میں ان کے خلاف بددعا کیسے کر سکتا ہوں حالانکہ ان کا مقام جو اللہ کے نزدیک ہے وہ بھی میں جانتا ہوں اگر میں ایسا کروں گا تو میرا دین اور دنیا دونوں تباہ ہو جائیں گے۔

ان لوگوں نے اصرار کیا اور زیادہ اس پر زور دیا۔ اس نے کہا کہ اچھا میں اپنے رب سے اس معاملہ میں معلوم کر لوں کہ ایسی دعا کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔ اس نے اپنے معمول کے مطابق معلوم کرنے کے لئے کچھ عمل کیا خواب میں اس کو بتلایا گیا کہ ہرگز ایسا نہ کرنا۔ اس نے قوم کو بتلایا کہ مجھے بددعا کرنے سے منع کر دیا ہے۔ اس وقت قوم جبارین نے بلعم کو کوئی بڑا ہدیہ پیش کیا جو درحقیقت رشوت تھی۔ اس نے ہدیہ قبول کر لیا تو پھر اس قوم کے لوگ اس کے پیچھے پڑ گئے کہ آپ ضرور یہ کام کر دو۔ اور اس کی بیوی نے بھی اصرار کیا۔ بعض روایات میں ہے کہ اس کی بیوی نے مشورہ دیا کہ یہ رشوت قبول کر لیں اور ان کا کام کر دیں۔ اس وقت بیوی کی رضا جوئی اور مال کی محبت نے اس کو اندھا کر دیا تھا۔ اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کے خلاف بددعا کرنا شروع کی۔

اس وقت قدرت الٰہیہ کا عجیب کرشمہ یہ ظاہر ہوا کہ وہ جو کلمات بددعا کے حضرت موسیٰ اور ان کی قوم کے لئے کہنا چاہتا تھا اس کی زبان سے وہ کلمات بددعا خود اپنی قوم جبارین کے لئے نکلے۔ وہ چلا اٹھے کہ تم تو ہمارے لئے بددعا کر رہے ہو۔ بلعم نے جواب دیا کہ یہ میرے اختیار سے باہر ہے میری زبان اس کے خلاف پر قادر نہیں۔

نتیجہ یہ ہوا کہ اس قوم پر بھی تباہی نازل ہوئی اور بلعم کو یہ سزا ملی کہ اس کی زبان اس کے سینہ پر لٹک گئی۔

ایک چال:

اور اب اس نے اپنی قوم سے کہا کہ میری تو دنیا و آخرت تباہ ہو گئی اب دعا تو میری چلتی نہیں لیکن میں تمہیں ایک چال بتاتا ہوں جس کے ذریعہ تم موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر غالب آ سکتے ہو۔

وہ یہ ہے کہ تم اپنی حسین لڑکیوں کو مزین کر کے بنی اسرائیل کے لشکر میں بھیج دو اور ان کو یہ تاکید کر دو کہ بنی اسرائیل کے لوگ ان کے ساتھ جو کچھ کرنا چاہیں کرنے دیں رکاوٹ نہ بنیں یہ لوگ مسافر ہیں اپنے گھروں سے مدت کے نکلے ہوئے ہیں اس تدبیر سے ممکن ہے کہ یہ لوگ حرام کاری میں مبتلا ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک حرام کاری انتہائی مبغوض چیز

ہے جس قوم میں یہ ہو اس پر ضرور قہر و عذاب نازل ہوتا ہے وہ فتح و کامران نہیں ہو سکتی۔ بلعم کی یہ شیطانی چال ان کی سمجھ میں آ گئی اس پر عمل کیا گیا، بنی اسرائیل کا ایک بڑا آدمی اس بلا کا شکار ہو گیا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کو اس بلا سے روکا مگر وہ باز نہ آیا اور شیطانی چال میں مبتلا ہو گیا۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

قصہ کی ایک اور تفصیل:

حضرت ابن عباس، محمد بن اسحٰق اور سدی وغیرہ نے اس کا قصہ حسب تفصیل ذیل بیان کیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب عمالقہ سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا اور ملک شام میں علاقہ کنعان میں جا کر قیام کیا تو بلعم (کنعان کے) آدمی بلعم کے پاس گئے کیونکہ بلعم کو اسم اعظم معلوم تھا اور اس سے کہا موسیٰ تیز مزاج آدمی ہیں ان کے پاس لشکر بھی بہت ہے وہ اس لئے ہمارے ملک میں آئے ہیں کہ ہم کو ہماری بستیوں سے نکال دیں اور ہم کو قتل کر دیں اور ہماری جگہ بنی اسرائیل کو آباد کر دیں آپ کی دعا قبول ہوتی ہے ہمارے لئے آپ بددعا کر دیجئے کہ اللہ بنی اسرائیل کو ہماری طرف سے پھیر دے بلعم نے جواب دیا ارے کم بخت موسیٰ نبی ہیں ان کے ساتھ فرشتے اور مومن ہیں میں ان کے خلاف کس طرح بددعا کر سکتا ہوں اللہ کی طرف سے جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے اگر میں تمہارے کہنے کے مطابق بددعا کروں گا تو دنیا اور آخرت دونوں میری تباہ ہو جائیں گی۔ لوگوں نے پھر اصرار کیا اور بہت زاری کی تو بلعم نے کہا اچھا میں اپنے رب سے استخارہ کر لوں۔ بلعم کا قاعدہ تھا کہ جب تک خواب میں کسی بات کی اجازت اس کو نہیں مل جاتی تھی وہ دعا نہیں کرتا تھا چنانچہ بنی اسرائیل کے خلاف بددعا کرنے کے معاملہ میں بھی اس نے استخارہ کیا مگر خواب میں اس کو بددعا نہ کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ بیدار ہو کر اس نے قوم والوں سے کہہ دیا کہ میں نے استخارہ کیا تو مجھے بددعا کرنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ یہ انکاری جواب سن کر لوگوں نے اس کو کچھ تحفے ہدیے پیش کئے اس نے قبول کر لئے تو لوگوں نے پھر بددعا کرنے کی درخواست کی اور بلعم نے حسب سابق جواب دیا کہ میں اپنے رب سے استخارہ کر لوں چنانچہ اس نے استخارہ کیا مگر اس مرتبہ اس کو کوئی جواب نہیں ملا بیدار ہو کر اس نے قوم سے کہہ دیا کہ میں نے استخارہ کیا تھا مگر مجھے کوئی جواب نہیں ملا لوگوں نے کہا اگر آپ کو بددعا کرنا اللہ کو پسند نہ ہوتا تو وہ ضرور اول مرتبہ کی طرح ممانعت فرما دیتا اور اس مرتبہ اس نے ممانعت نہیں فرمائی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو بددعا کرنا ناپسند نہیں ہے لہٰذا آپ بنی اسرائیل کے لئے بددعا کر دیجئے لوگ اپنی درخواست پر برابر اصرار کرتے رہے اور انتہائی زاری اور عاجزی کی کہ بلعم فریب کھا گیا اور قوم والے سب کے سب کامیاب ہو گئے چنانچہ بلعم ایک گدھی پر سوار ہو کر کوہ حسبان کی طرف گیا تاکہ وہاں پہنچ کر بنی اسرائیل کے لشکر کا معائنہ کرے مگر پہاڑ پر تھوڑی ہی چڑھا تھا کہ گدھی بیٹھ گئی بلعم نے اتر کر گدھی کو مارا تب اللہ نے گدھی کو بات کرنے کی طاقت عنایت کر دی اور گدھی نے اللہ کی طرف سے حجت تمام کرتے ہوئے کہا کم بخت بلعم تو کہاں جا رہا ہے کیا تجھے میرے سامنے ملائکہ نظر نہیں آتے جو مجھے لوٹا رہے ہیں تو اللہ کے نبی اور مومنوں کے خلاف بددعا کرنے جا رہا ہے بلعم نے پھر بھی گدھی کو نہیں چھوڑا اور اس پر سوار ہو کر اس کوہ حسبان کے اوپر بددعا کرنے کے لئے پہنچ گیا لیکن بددعا کا جو کلمہ زبان سے نکالتا تھا وہ قوم کے لئے نکلتا تھا اور خیر کی دعا جو اپنی قوم کے لئے کرنے کا ارادہ کرتا تھا اس وقت زبان بنی اسرائیل کی طرف پھر جاتی تھی۔ (گویا بنی اسرائیل کا لفظ زبان سے نکالنا چاہتا تھا مگر اپنی قوم کا نام زبان سے نکلتا تھا اور اپنی قوم کا نام زبان سے لیتا تو بنی اسرائیل کا لفظ زبان پر آ جاتا تھا) قوم والوں نے کہا بلعم آپ کو معلوم بھی ہے آپ کیا کر رہے ہیں۔

بنی اسرائیل کے لئے دعا اور ہمارے لئے بددعا کر رہے ہیں بلعم نے جواب دیا اس پر میرا کچھ اختیار نہیں یہ تو اللہ ہی کی طرف سے کیا جا رہا ہے میں مجبور ہوں (بددعا کرنے کے وبال میں) بلعم کی زبان نکل کر سینے پر لٹک آئی کہنے لگا تو کو اب میری دنیا اور آخرت دونوں تباہ ہو گئیں اب سوائے چالبازی اور مکاری کے تمہارے کام کا اور کوئی راستہ نہیں رہا اب مجھے تمہارے لئے مکاری سے کام لینا پڑے گا تم عورتوں کو بنا سنوار کر ان کو تجارتی سامان ان کے ہاتھوں میں دے کر بنی اسرائیل کے لشکر میں بیچنے کے لئے بھیج دو اور حکم دے دو کہ بنی اسرائیل میں سے کوئی شخص اگر تمہاری طرف دست درازی کرے تو وہ انکار نہ کریں کیونکہ اگر ان میں سے کسی ایک نے بھی زنا کر لیا تو پھر سب لشکر کے مقابلہ میں تم کو کامیابی ہو جائے گی لوگوں نے اس مشورہ کو مان لیا۔ جب عورتیں لشکر میں پہنچیں تو ایک کنعانی عورت جس کا نام کسبی بنت صور تھا ایک سردار کی طرف سے گزری اس سردار کا نام زمری بن شلوم تھا یہ شمعون کا سردار تھا تو عورت کے حسن پر ریجھ گیا اور اٹھ کر اس نے عورت کا ہاتھ پکڑ لیا اور عورت کو لے جا کر حضرت موسیٰ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا میرا خیال ہے کہ آپ یہی کہیں گے کہ یہ عورت تیرے لئے حرام ہے۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا ہاں یہ تیرے لئے حرام ہے تو

اس سے قریب بھی نہ ہو۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] ہو گئے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible] واتل علیہم نبا الذی آتیناہ آیاتنا الخ نازل فرمائی۔

پھر فرمایا اس کی ذلت کی حالت ایسی ہے۔ کمثل الکلب [illegible]

[illegible] (تفسیر طبری)

سَآءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

بری مثال ہے ان لوگوں کی کہ جھٹلایا انہوں نے ہماری آیتوں کو

وَأَنفُسَهُمْ كَانُوا يَظْلِمُونَ

اور وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے

مشرکین کی بے بسی

[illegible]

مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ وَمَن يُضْلِلْ

جس کو اللہ راستہ دے وہی ہے راہ پانے والا اور جس کو وہ

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ

بھٹکا دے سو وہی ہیں ٹوٹے میں

غور و فکر کرو خدا سے ہدایت مانگو

[illegible]

[illegible] خطبہ [illegible]:

إن الحمد لله نحمده ونستعينه ونستهديه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ومن سيئات أعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادي له وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله [illegible]

[illegible]

شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

مجوسی عالم کی غلط فہمی:

مقام جابیہ میں حضرت عمر بن خطاب نے ایک روز خطبہ دیا اور حمد و ثنا کے بعد فرمایا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ کوئی عیسائی یا یہودی یا مجوسی مذہبی عالم سامنے بیٹھا تھا اس نے [illegible] حضرت عمر نے مترجم سے پوچھا یہ کیا کہتا ہے؟ [illegible] کہ خدا کسی کو گمراہ نہیں کرتا۔ حضرت عمر نے فرمایا اے دشمن خدا تو جھوٹا ہے۔ اللہ ہی نے تجھے پیدا کیا اور تجھے گمراہ کیا اور [illegible] اگر تیرا معاہدہ نہ ہوتا تو میں تیری گردن مار دیتا۔ [illegible] (ابن جریر)

مختصر یہ کہ [illegible] اور [illegible] آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک سب انبیاء علیہم السلام کا طریق رہا ہے [illegible] اس لئے حق کی پیروی کرنے والے [illegible] سب ایک ہیں۔

ہدایت و توفیق بہت بڑی نعمت ہے:

[illegible] حکومت و سلطنت [illegible] کہہ دے کہ تم ہمارے مقرب ہو ہم تمہاری بات سنیں گے [illegible] اس سے بڑا کوئی عہدہ و منصب یا کوئی دولت اس کے لئے نہیں ہو سکتی۔

اسی طرح جب اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کو ہدایت و توفیق دی [illegible] اس کو دین و دنیا کی ساری نعمتیں حاصل ہو گئیں [illegible] اللہ تعالیٰ کا ذکر و عبادت [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] مشغول ہے [illegible] آخرت و جنت کا انعام دوسری نعمت ہے [illegible] قرآن کریم کی اس آیت [illegible]

[illegible]

[illegible]

(الاعراف: ۱۷۹)

> وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ
>
> اور ہم نے پیدا کئے دوزخ کے واسطے بہت سے جن اور انسان
>
> [illegible]

مقصود عبادت ہے:

یہ آیت بظاہر آیت وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ کے معارض معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے بعض مفسرین نے یہاں لیعبدون میں لام غایت [illegible] یہاں لجہنم میں [illegible] کما فی قولہ تعالیٰ فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا [illegible] لیعبدون میں غایت [illegible] اور یہاں لجہنم میں غایت [illegible]

آخر کار [illegible]

حضرت عائشہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے جنت پیدا کی اور اس کے مستحق بھی پیدا کئے [illegible] باپوں کی پشت میں ہی تھے (یعنی حضرت آدم کی پشت میں) اور دوزخ پیدا کی اور اس کے مستحق بھی پیدا کئے جبکہ وہ اپنے باپوں کی پشت میں تھے [illegible]

حدیث اور گذر گئی جس میں حضرت آدم کی پشت سے سب کا برآمد ہونا بیان کیا گیا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص راوی ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو تحریریں دونوں ہاتھوں میں لئے ہوئے برآمد ہوئے اور فرمایا جانتے ہو یہ دو تحریریں کیسی ہیں؟ ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تو کچھ معلوم نہیں آپ بیان فرما دیں تو معلوم ہو جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ والی تحریر کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ رب العلمین کی طرف سے تحریر ہے اس میں جنتیوں کے اور ان کے باپ دادا اور قبائل کے نام درج ہیں اور آخر میں میزان کو ختم کر دیا گیا ہے آئندہ کبھی اس میں کمی ہوگی نہ بیشی۔ پھر بائیں ہاتھ والی تحریر کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ رب العلمین کی طرف سے تحریر ہے اس میں تمام دوزخیوں کے اور ان کے باپوں کے اور قبائل کے نام درج ہیں اور آخر میں میزان کو ختم کر دیا گیا آئندہ کبھی اس میں اضافہ ہوگا نہ کمی۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر عمل کس غرض سے ہے جب کہ یہ معاملہ طے شدہ اور ختم ہو چکا۔ فرمایا سیدھی چال چلتے رہو۔ جنتی کا خاتمہ اہل جنت کے عمل پر ہوگا خواہ اس نے زندگی میں کوئی عمل کیا ہو اور دوزخی کا خاتمہ دوزخیوں کے عمل پر ہوگا خواہ اس نے (زندگی میں) کیسا ہی عمل کیا ہو۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا اور دونوں (تحریروں) کو (گویا) پھینک دیا پھر فرمایا تمہارا رب بندوں (کے فیصلہ) سے فارغ ہو گیا ایک گروہ جنت میں اور ایک گروہ دوزخ میں ڈال دیا گیا۔ رواہ الترمذی (تفسیر مظہری)

لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ
ان کے دل ہیں کہ ان سے سمجھتے نہیں اور
أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ
آنکھیں ہیں کہ ان سے دیکھتے نہیں اور کان ہیں
لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ
کہ ان سے سنتے نہیں وہ ایسے ہیں جیسے چوپائے بلکہ
هُمْ أَضَلُّ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٧٩﴾
ان سے بھی زیادہ بے راہ وہی لوگ ہیں غافل

نافرمان جانوروں سے بھی بدتر ہیں

یعنی دل، کان، آنکھ سب کچھ موجود ہیں۔ لیکن نہ دل سے "آیات اللہ" میں غور کرتے ہیں۔ نہ قدرت کے نشانات کو نظر تحقیق و اعتبار سے مطالعہ کرتے ہیں اور نہ نصائح و تعلیمات کو سمع قبول سے سنتے ہیں۔ جس طرح چوپائے جانوروں کے تمام ادراکات صرف کھانے پینے اور جنسی خواہشات کے دائرہ میں محدود ہوتے ہیں یہی حال ان کا ہے کہ دل، دماغ، آنکھ، کان، غرض خدا کی دی ہوئی سب قوتیں محض حیوانی لذائذ اور مادی خواہشات کی تحصیل و تکمیل کیلئے وقف ہیں۔ انسانی کمالات اور ملکوتی خصائص کے اکتساب سے کوئی سروکار نہیں بلکہ غور کیا جائے تو ان کا حال ایک طرح چوپائے جانوروں سے بھی بدتر ہے۔ جانور اپنے مالک کے بلانے پر چلا آتا ہے ہانکنے سے ہٹ جاتا ہے یہ کبھی مالک حقیقی کی آواز پر کان نہیں دھرتے۔ پھر جانور اپنی فطری قوتوں سے وہی کام لیتے ہیں جو قدرت نے ان کیلئے مقرر کر دیا ہے۔ زیادہ کی ان میں استعداد ہی نہیں لیکن ان لوگوں میں روحانی و عرفانی ترقیات کی جو فطری قوت و استعداد ودیعت کی گئی تھی۔ اسے بے پناہ غفلت اور بے راہ روی سے خود اپنے ہاتھوں ضائع و معطل کر دیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا
اور اللہ کے لئے ہیں سب نام اچھے سو اس کو پکارو وہی نام کہہ کر
وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ
اور چھوڑ دو ان کو جو کج راہ چلتے ہیں اس کے ناموں میں
سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٨٠﴾
وہ بدلہ پا رہیں گے اپنے کئے کا ☆۲

اللہ کو اچھے ناموں سے پکارو:

غافلین کا حال ذکر کرکے مومنین کو متنبہ فرمایا ہے کہ تم غفلت اختیار نہ کرو۔ غفلت دور کرنے والی چیز خدا کی یاد ہے۔ سو تم ہمیشہ اس کو اچھے ناموں سے پکارو اور اچھی صفات سے یاد کرو۔ جو لوگ اس کے اسماء و صفات کے بارہ میں کج روی اختیار کرتے ہیں انکو چھوڑ دو وہ جیسا کر رہے ہیں ایسا بھگتیں گے۔ خدا کے ناموں اور صفتوں کے متعلق کجروی یہ ہے کہ خدا پر ایسے نام یا صفت کا اطلاق کرے جس کی شریعت نے اجازت نہیں دی اور جو حق تعالیٰ کی تعظیم و اجلال کے لائق نہیں یا اسکے مخصوص نام اور صفت کا اطلاق غیر اللہ پر کرے یا ان کے معانی بیان کرنے میں

بے اصول تاویلیں اور تحریف بیان کرنے یا ان کو صفت (مثلاً مکر وغیرہ) کے مواقع میں استعمال کرنے لگے۔ یہ سب [illegible]

رنج و غم کا علاج:

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جسے کبھی کوئی غم و رنج پہنچے اور وہ یہ دعا کرے۔

اللهم إني عبدك ابن عبدك ابن أمتك ناصيتي بيدك ماض في حكمك عدل في قضاؤك أسألك بكل اسم هو لك سميت به نفسك أو أنزلته في كتابك أو علمته أحدا من خلقك أو استأثرت به في علم الغيب عندك أن تجعل القرآن العظيم ربيع قلبي ونور صدري وجلاء حزني وذهاب همي۔ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم اسے سیکھ لیں؟ آپ نے فرمایا بلکہ ہر سننے والے کو چاہئے کہ یاد کر لے۔ [illegible] قرآن [illegible]

[illegible]

الحاد [illegible]

اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام:

صحیحین میں ہے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں جو انہیں یاد کر لے گا جنت میں جائے گا۔ [illegible]

[illegible] المعوذ میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو انہیں یاد کر لے گا جنت میں جائے گا۔ هو الله الذي لا إله إلا هو الرحمن الرحيم الملك القدوس السلام المؤمن المهيمن العزيز الجبار المتكبر الخالق البارئ المصور الغفار الوهاب الرزاق الفتاح العليم القابض الباسط الخافض الرافع المعز المذل السميع البصير الحكم العدل اللطيف الخبير الحليم العظيم الغفور الشكور العلي الكبير الحفيظ المقيت الحسيب الجليل الكريم الرقيب المجيب الواسع الحكيم الودود المجيد الباعث الشهيد الحق الوكيل القوي المتين الولي الحميد المحصي المبدئ المعيد المحيي المميت الحي القيوم الواجد الماجد الواحد الصمد القادر المقتدر المقدم المؤخر الأول الآخر الظاهر الباطن الوالي المتعالي البر التواب المنتقم العفو الرؤوف مالك الملك ذو الجلال والإكرام المقسط الجامع الغني المغني المانع الضار النافع النور الهادي البديع الباقي الوارث الرشيد الصبور۔

[illegible]

ایسے نام جو قرآن میں آئے ہیں

ترمذی [illegible]

[illegible] القاهر [illegible] المحصي [illegible] ذو الجلال والإكرام ذي الجلال والإكرام [illegible] المقسط المغني المانع [illegible] الرشيد الصبور

[illegible]

[illegible] الرب [illegible] الأعلى الأكرم [illegible] القريب [illegible]

الموسع الملیک الکافی فاطر السمٰوت و الارض القائم بالقسط غافر الذنب قابل التوب شدید العقاب ہو المولیٰ الغالب علی امرہ سریع الحساب . فالق الحب و النوی فالق الاصباح جعل اللیل سکنا علام الغیوب عالم الغیب و الشہادۃ ذوالطول ذوالطَول رفیع الدرجات ذو العرش ذوالمعارج ذوالفضل العظیم ذوالقوۃ ذو المغفرۃ جامع الناس لیوم لاریب فیہ متم نعمتہ متم نورہ عدو للکافرین ولی المؤمنین القاہر فوق عبادہ اسرع الحاسبین مخرج الحب من الحی محی الموتیٰ ارحم الراحمین . احکم الحاکمین خیر الرازقین خیر الماکرین خیر الفاتحین مخزی الکافرین موہن کید الکافرین فعال لما یرید المستعان نور السمٰوات والارض اہل التقویٰ اہل المغفرۃ نعم الماہدون رب الناس ملک الناس الٰہ الناس اقرب الیہ من حبل الورید القائم علی کل نفس بما کسبت احق ان تخشاہ الذی ہو اغنیٰ و اقنیٰ و الذی ہو امات و احییٰ و الذی ہو اضحک و ابکیٰ و الذی خلق الزوجین الذکر و الانثیٰ و الذی اہلک عاد ن الاولیٰ الذی لم یکن لہ (لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد) ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولیٌّ من الذل الذی انزل علی عبدہ الکتاب الذی بیدہ ملکوت کل شئ الذی یبسط الرزق لمن یشاء و یقدر الذی بدا الخلق ثم یعیدہ الذی بیدہ الملک الذی بعث فی الامیین رسولاً لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین. اس حدیث کو حدیث میں اللہ اسم اعظم فرمایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن مجید میں اللہ کی صفات اور بھی بیان کی گئی ہیں۔

بعض دیگر نام مبارک:

بعض اسماء ایسے بھی دوسری احادیث میں آئے ہیں جو نہ قرآن مجید میں مذکور ہیں نہ ترمذی کی روایت مذکورہ میں، مثلاً الحنان المنان الجواد الاجود الفرد الوتر الصادق الجمیل القدیم البار الوافی العادل المعطی المحسن الطیب الطاہر المبارک خالق الشمس و القمر المنیر رازق الطفل الصغیر جابر العظم الکبیر کل کبیر الذی عسی بیدہ وغیرہ۔ پھر یہ بھی کہنا ہے کہ اللہ کے جتنے نام قرآن مجید اور احادیث میں آئے ہیں بس یہی اللہ کے نام ہیں۔ ان کے علاوہ اور کوئی نام اللہ کا نہیں ہے کیونکہ روایت میں آیا ہے کہ اللہ نے توریت میں اپنے ایک ہزار نام نازل فرمائے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی دعا کیا کرتے تھے اللھم انی اسئلک بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک و انزلتہ فی کتابک او علمتہ احدا من خلقک او استاثرت بہ فی علم الغیب عندک اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں تیرے ہر نام کے ساتھ جو تو نے اپنی ذات کا مقرر کیا ہے اور اس کو کتاب میں نازل کر دیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب میں تو نے خاص طور پر محفوظ رکھا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اللہ کے تمام ناموں پر جو اللہ کو معلوم ہیں اجمالی ایمان رکھا جائے۔

نام مبارک لینے کا ادب:

اللہ کا نام جواد ہے سخی نہیں، عالم ہے عاقل نہیں، حکیم ہے، طبیب نہیں۔ اللہ نے فرمایا ہے یخادعون اللہ و ھو خادعھم دوسری آیت ہے مکروا و مکر اللہ و اللہ خیر الماکرین مگر اللہ کو خادع اور ماکر نہیں کہا جا سکتا۔ یا قائم بالقسط کہا جا سکتا ہے قائم نہیں کہا جا سکتا۔ یا خالق کہا جا سکتا ہے خالق القردۃ والخنازیر (بندروں اور سوروں کے خالق) کے نام سے موسوم نہیں کیا جا سکتا۔ زید اگرچہ شاہ بادشاہوں سے بڑا بادشاہ ہو مگر اللہ کو کبھی کوئی زید نہیں کہہ سکتے۔

مشکلات کے حل کی دعاء:

امام بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی کی صحیح احادیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو کوئی فکر یا کوئی اہم کام پیش آئے اس کو چاہئے کہ یہ کلمات پڑھے، سب مشکلات آسان ہو جائیں گی وہ کلمات یہ ہیں۔

لا الٰہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الٰہ الا اللہ رب العرش العظیم

لا الٰہ الا اللہ رب السمٰوات والارض و رب العرش الکریم

اور مستدرک حاکم میں بروایت انس رضی اللہ عنہ مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہراؓ سے فرمایا کہ تمہارے لئے اس سے کیا چیز مانع ہے کہ تم میری وصیت کو سن لو (اور اس پر عمل کیا کرو)، وہ وصیت یہ ہے کہ صبح شام یہ دعا کرلیا کرو:

"یاحی یا قیوم برحمتک استغیث اصلح لی شانی کلہ ولا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین"

یہ دعا ہی تمام حاجات و مشکلات کے لئے اکسیر ہے۔

بخاری و مسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو شخص ان کو محفوظ کر لے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ یہ ننانوے نام ترمذی اور حاکم نے تفصیل کے ساتھ بتلائے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے یہ ننانوے نام پڑھ کر جس مقصد کے لئے دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ یعنی تم مجھے پکارو تو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ حاجات و مشکلات کے لئے دعا سے بڑھ کر کوئی تدبیر ایسی نہیں جس میں کسی ضرر کا خطرہ نہ ہو اور نفع یقینی ہو۔ اپنی حاجات کے لئے اللہ جل شانہ سے دعا کرنے میں کسی نقصان کا کوئی احتمال ہی نہیں، اور ایک نقد نفع یہ ہے کہ دعا ایک عبادت ہے اس کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ حدیث میں ہے الدعاء مخ العبادۃ یعنی دعا کرنا عبادت کا مغز ہے۔

اپنے اختیارات سے اللہ کا کوئی نام نہیں رکھا جا سکتا

علماء حق کا اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام اور صفات میں کسی کو یہ اختیار نہیں کہ جو چاہے نام رکھ دے یا جس صفت کے ساتھ چاہے اس کی حمد و ثناء کرے، بلکہ صرف وہی الفاظ ہونا ضروری ہیں جو قرآن و سنت میں اللہ تعالیٰ کے لئے بطور نام یا صفت کے ذکر کئے گئے ہیں، مثلاً اللہ تعالیٰ کو کریم کہہ سکتے ہیں، سخی نہیں کہہ سکتے، نور کہہ سکتے ہیں، ابیض نہیں کہہ سکتے، شافی کہہ سکتے ہیں طبیب نہیں کہہ سکتے، کیونکہ یہ دوسرے الفاظ منقول نہیں اگرچہ انہی الفاظ کے ہم معنی ہیں۔

دوسری صورت الحاد فی الاسماء کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جو نام قرآن و سنت سے ثابت ہیں ان میں سے کسی نام کو نامناسب سمجھ کر چھوڑ دے، اس کا بے ادبی ہونا ظاہر ہے۔

کسی شخص کو اللہ تعالیٰ کے مخصوص نام سے موسوم یا مخاطب کرنا جائز نہیں۔ تیسری صورت یہ کہ اللہ تعالیٰ کے مخصوص ناموں کو کسی دوسرے شخص کے لئے استعمال کرے، مگر اس میں یہ تفصیل ہے کہ اسماء حسنیٰ میں سے بعض نام ایسے بھی ہیں جن کو خود قرآن و حدیث میں دوسرے لوگوں کے لئے بھی استعمال کیا گیا ہے اور بعض وہ ہیں جن کو سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کے لئے استعمال کرنا قرآن و حدیث سے ثابت نہیں، تو جن ناموں کا استعمال غیر اللہ کے لئے قرآن و حدیث سے ثابت ہے وہ نام تو اوروں کے لئے بھی استعمال ہو سکتے ہیں جیسے رحیم، رشید، علی، کریم، عزیز وغیرہ، اور اسماء حسنیٰ میں سے وہ نام ہیں جن کا غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا قرآن و حدیث سے ثابت نہیں وہ صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہیں ان کو غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا الحاد مذکور میں داخل اور ناجائز و حرام ہے۔ مثلاً رحمٰن، سبحان، رزاق، خالق، غفار، قدوس وغیرہ۔

پھر ان مخصوص ناموں کو غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا اگر کسی غلط عقیدہ کی بناء پر ہے کہ اس کو ہی خالق و رزاق سمجھ کر ان الفاظ سے خطاب کر رہا ہے تب تو ایسا کہنا کفر ہے اور اگر عقیدہ غلط نہیں محض بے فکری یا بے سمجھی سے کسی کو خالق، رزاق یا رحمٰن، سبحان کہہ دیا تو اگرچہ کفر نہیں مگر مشرکانہ الفاظ ہونے کی وجہ سے گناہ شدید ہے۔

مسلمان اسلامی نام رکھیں:

افسوس ہے کہ آج کل عام مسلمان اس غلطی میں مبتلا ہیں، کچھ لوگ تو وہ ہیں جنہوں نے اسلامی نام ہی رکھنا چھوڑ دیئے، ان کی صورت و سیرت سے تو پہلے بھی مسلمان سمجھنا ان کا مشکل تھا، نام سے پتہ چل جاتا تھا اب نئے نام انگریزی طرز کے رکھے جانے لگے، لڑکیوں کے نام خواتین اسلام کے طرز کے خلاف خدیجہ، عائشہ، فاطمہ کے بجائے نسیم، شمیم، شہناز، نجمہ، پروین ہونے لگے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ
اور ان لوگوں میں کہ جن کو ہم نے پیدا کیا ہے ایک جماعت ہے جو حق
يَعْدِلُوْنَ ۞
بتلاتے ہیں ٹھیک اسی کے موافق انصاف کرتے ہیں۔

معتدل امت: یہ جماعت امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ہے جس نے ہر قسم کی افراط و تفریط اور کج روی سے علیحدہ ہو کر پاکی اور انصاف و اعتدال کا طریقہ اختیار کیا۔ وہ اسی کی طرف دوسروں کو دعوت دیتی ہے۔ آگے اس امت کے مخالفین اور حق کی تکذیب کرنے والوں کا ذکر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

